إِنَّ هٰذَا الْعِلْمَ دِيْنٌ فَانْظُرُوْا عَمَّنْ تَاخُذُوْنَ دِيْنَكُمْ

بے شک یہ علم دین ہے، پس خوب سوچ لو کہ تم اپنا دین کس سے حاصل کر رہے ہو؟

# تفہیم المسائل

پروفیسر مفتی منیب الرحمٰن

جلد چہارم

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

لاہور • کراچی • پاکستان

Marfat.com

إِنَّ هٰذَا الْعِلْمَ دِيْنٌ فَانْظُرُوْا عَمَّنْ تَأْخُذُوْنَ دِيْنَكُمْ (مسلم)

بے شک یہ علم دین ہے پس خوب سوچ لو کہ تم اپنا دین کس سے حاصل کر رہے ہو؟

# تفہیم المسائل

جلد چہارم

روزمرہ زندگی کے قدیم و جدید فقہی، علمی اور عقلی مسائل کا اسلامی حل

پروفیسر مفتی منیب الرحمٰن

ضیاء القرآن پبلی کیشنز
لاہور ـ کراچی ـ پاکستان

Marfat.com

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

| | |
|---|---|
| نام کتاب | تفہیم المسائل (جلد چہارم) |
| مصنف | پروفیسر مفتی منیب الرحمٰن |
| تصحیح | مولانا حافظ محمد ابراہیم فیضی |
| | مولانا فیصل ندیم احمد قادری (ایم اے، ایل ایل بی، بی ایڈ) |
| طبع بار | سوم، فروری 2010ء |
| ناشر | ضیاء القرآن پبلی کیشنز |
| تعداد | ایک ہزار |
| کمپیوٹر کوڈ | FQ7 |
| قیمت | -/375 روپے |

ملنے کے پتے

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

داتا دربار روڈ، لاہور۔ 37221953 فیکس:۔ 042-37238010

9۔ الکریم مارکیٹ، اردو بازار، لاہور۔ 37225085-37247350

14۔ انفال سنٹر، اردو بازار، کراچی

فون: 021-32212011-32630411۔ فیکس:۔ 021-32210212

e-mail:- info@zia-ul-quran.com

Visit our website:- www.zia-ul-quran.com

Marfat.com

مضمون | صفحہ نمبر

انتساب 13
آغازِ تکلّم 15
## کتاب العقائد 18
کلمۂ کفر 19
توہینِ نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم 20
نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والدین کے ایمان کے بارے میں 21
اہانتِ معاویہ 28
نومسلم کے ایمان کی غیر یقینی کیفیت 29
غیر مسلموں سے معاملات اور ان کی عبادت گاہوں میں جا کر ان کے
طریقے سے عبادت کرنا 32
آثارِ قیامت میں ''تقارُبِ زمانی'' کا مفہوم 38
زمانے کو برا کہنے کی ممانعت 41
## کتاب الطہارت 45
غسل کے بعد وضو 47
بچے کی پیدائش کے بعد زچہ اور بچہ کا غسل 48
## کتاب الصلوٰۃ 51
طلوعِ آفتاب سے پہلے نمازِ عید 53
تارکِ صلوٰۃ کا شرعی حکم 55
ظہر کے پہلے کی چار سنتیں چھوٹ جائیں تو کب پڑھے؟ 59

Marfat.com

| | |
|---|---|
| جہاں زمین کے نیچے سیوریج لائن گزر رہی ہے، اس جگہ پر نماز پڑھنا | 62 |
| مسجد میں اپنے لئے اور دوسرے کے لئے جگہ مختص کرنا یا کپڑا رکھ کر محفوظ کرنا | 63 |
| نماز میں اقامت کہنے والے کا امام بننا یا امام کا خود ہی اقامت کہہ دینا | 64 |
| امام یا مؤذن کا غیر شادی شدہ ہونا | 67 |
| تراویح کی امامت کا استحقاق | 68 |
| جسمانی نقص سے امامت میں فرق | 69 |
| نابینا کی امامت | 71 |
| امام صاحب کی رہائش | 73 |
| نماز میں خلافِ ترتیب قراءت کا حکم | 74 |
| قراءت کی غلطی سے فسادِ نماز | 77 |
| قراءت میں تشابہ لگنا اور یاد آنے پر واپسی اسی جگہ سے پڑھنا | 78 |
| ریڈیو، ٹی وی پر آیت سجدہ سن کر سجدۂ تلاوت کرنے کا حکم | 79 |
| مسجد میں جماعتِ ثانی | 80 |
| خواتین کے مخصوص ایام کی نمازوں کی قضا نہیں، صرف روزوں کی قضا ہے | 84 |
| نمازِ قصر میں وطن کی اصطلاح | 86 |
| اذانِ جمعہ اور نماز کی سعی | 89 |
| خطبۂ جمعہ کے دوران بیٹھنے کی ہیئت | 93 |
| نمازِ جمعہ کے بعد طویل دعا | 97 |
| کپڑا لٹکا کر چلنے یا گھسیٹے ہوئے چلنے کا حکم، نماز میں ''کفِ ثوب''، جرِ ثوب اور اسبالِ ازار'' کا حکم | 100 |
| تسبیحات فرض کے فوراً بعد پڑھی جائیں یا سُنَن ونوافل کے بعد؟ | 112 |


Marfat.com

## کتاب المساجد 119

مسجد کی چھت پر بالغ طالبات کے مدرسے کا حکم 121

مسجد کے قیام کے بعد اس کی حیثیت کو تبدیل کرنا 125

منبر نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سڑھیاں 127

مسجد کی بالائی منزل پر جماعت 129

فنائے مسجد کا حکم 130

چندہ جس مقصد کے لئے جمع کیا گیا ہے، اسے اس کے بجائے دوسرے
مصارف پر صرف کرنا 132

مسجد کا استعمال شدہ سامان کسی دوسری مسجد میں دینا 135

خزانچی کے گھر سے مسجد کی رقم کی چوری 136

مسجد اور مسلک 137

مسجد میں نمازِ جنازہ پڑھنے کی کراہت اور عذر کی بنا پر جواز کی صورتیں 139

نامکمل وقف 144

## کتاب الجنائز 147

غسل میت سے پہلے ایصالِ ثواب یا قرآن خوانی 149

مصنوعی دانتوں کے ساتھ تدفین 150

پوسٹ مارٹم کی شرعی حیثیت 153

جھوٹی قبر بنانا اور اس کی تعظیم کرنا 158

مردہ پیدا ہونے والے بچے کے کفن دفن کا طریقہ 159

## کتاب الزکوٰۃ 163

زکوٰۃ کی رقم سے قرض کی ادائی 165

Marfat.com

زکوٰۃ کی رقم سے نادار کے قرض کی ادائی/زکوٰۃ کی رقم ھبہ یا قرض کہہ کر دینا 165

ادھار کی رقم سے زکوٰۃ کی ادائیگی 167

اسپتال کے لئے زکوٰۃ کی رقم سے آلاتِ طب کی خریداری 168

زکوٰۃ کی رقم سے مقامی بچوں کے لئے تعلیم القرآن کا مدرسہ چلانا 168

ترکے کی تقسیم سے پہلے کی مدت پر زکوٰۃ واجب نہیں 169

زکوٰۃ کی رقم سے ڈائلیسس مشین کی خریداری 172

مقامی مدارس میں زکوٰۃ اور نفلی صدقات کا استعمال 174

زکوٰۃ کی ادائیگی میں تملیک کی شرط 175

زکوٰۃ کا استحقاق 176

## ﴿کتاب الصوم﴾ 179

دودھ پلانے والی ماں کے لئے روزے کا حکم 181

عذر کی بنا پر روزے چھوڑنا 183

غسل واجب ہو اور صبح صادق 183

## ﴿کتاب الحج﴾ 187

فلسفہ وروحِ حج 189

قرعہ اندازی اسکیم پر حج 194

اسقاطِ فرض کے لئے حجِ بدل سے متعلق ایک اہم مسئلہ 196

حجِ قران میں جنایت پر صورت مسئلہ کے مطابق ایک دم یا ایک صدقہ
لازم آئے گا یا دو دو 197

دم کی ادائیگی حدودِ حرم میں 199

احرام کی حالت میں دانت سے خون آنا یا بواسیر کا خون اور اس کا حکم 200


Marfat.com

دورانِ حج ناپاکی 202
حج وعمرہ کے مسائل 203
عمرے کی ادائیگی کے لئے محرم 227
حج سے تمام گناہوں کا معاف ہوجانا 228

## ﴿کتاب النکاح﴾ 231

حرمتِ رضاعت 233
ثبوتِ رضاعت 235
خالہ کے نکاح میں رہتے ہوئے اس کی بھانجی سے نکاح حرام ہے 236
حرمتِ مصاہرت 239
حرمتِ مصاہرت ثابت نہیں 244
شادی اور تقریبات پر فائرنگ اور آتش بازی 246
جبری نکاح کا حکم 248
جعلی نکاح نامے کی حیثیت 250
غیر رجسٹرڈ نکاح کی شرعی حیثیت 251
میاں بیوی کے ایک دوسرے پر الزامات لگانے سے از خود نکاح باطل نہیں ہوتا 252
حرمتِ نکاح 258
حقیقی بھائی کی رضاعی بہن سے نکاح 259
لاعلمی میں بہن بھائی کا نکاح 260
تحلیلِ شرعی کے لئے زوجِ غیر کے ساتھ نکاحِ صحیح ضروری ہے 261
عنین کا حکم 264
حرمتِ مصاہرت زنا سے بھی ثابت ہوتی ہے 266

Marfat.com

## ﴿کتاب الطلاق﴾


| | |
|---|---|
| ’’دلالتِ حال‘‘ نسبت طلاق کے لئے کافی ہے | 271 |
| ازدواجی تعلقات میں کشیدگی اور طلاق | 273 |
| طلاقِ ثلاثہ کے بعد شوہر اول سے نکاح کا حکم | 275 |
| الفاظِ طلاق | 278 |
| مذاکرۂ طلاق | 279 |
| تین طلاق کا حکم | 281 |
| طلاق میں اضافت | 284 |
| بیوی کو مشروط طلاق دینا | 287 |
| خلع اور حقِ حضانت | 290 |
| طلاقِ بائن | 291 |
| ’’تم تو میری بیوی نہیں ہو‘‘، الفاظِ طلاق نہیں | 293 |
| مسئلۂ طلاق | 295 |
| مشروط طلاق | 295 |
| طلاق معلق بالشرط | 297 |
| خلع | 299 |
| زوجِ مفقود الخبر | 300 |
| تحریری طلاق نامہ لڑکی کو نہ ملے تب بھی طلاق واقع ہو جاتی ہے | 301 |
| طلاقِ مغلظہ کے بعد تعلقات | 306 |
| ثبوتِ طلاق کے طریقے | 307 |
| طلاقِ غیر مدخولہ | 309 |
| | 311 |


Marfat.com

تحلیلِ شرعی کے لئے شخصِ غیر کی قید 312
طلاق ہوئی یا نہیں؟ 313
جبری طلاق کی ایک صورت 314
مطلقہ غیر مدخولہ کا مہر (1) 318
مطلقہ غیر مدخولہ کا مہر (2) 319
امام شافعی کے نزدیک تین طلاق کا حکم 321
انکارِ طلاق کی صورت میں شرعاً کیا حکم ہے 322
طلاقِ مدہوش 326
فیملی کورٹس کے فاضل جج صاحبان کی خدمت میں مؤدبانہ گذارشات 328
ماں کا حقِ نگہداشت ساقط ہونے کی صورتیں 335
بچوں کی کفالت 338
کتاب العدت 341
عدت 343
کیا میں دورانِ عدتِ طلاق گھر سے باہر جا سکتی ہوں؟ 344
عدتِ وفات 345
مدّتِ عدت 347
ازدواجی تعلقات نہ ہوں تب بھی عدت ضروری ہے 349
دورانِ عدت جنازے میں شرکت 350
کتاب الفرائض 353
ترکہ کی تقسیم 355
ایک یا دو اشخاص کا دیگر ورثاء کی موجودگی میں تمام جائیداد پر قابض ہو جانا 358

Marfat.com

| | |
|---|---|
| لاوصیۃ لوارث | 359 |
| تقسیمِ ترکہ میں مقدم کون؟ | 361 |
| تقسیم ترکہ اور برٹش لاء | 365 |
| لاولد چچا کے ترکے میں بھتیجے اور بھتیجیوں کا حقِ وراثت | 367 |
| لاولد پھوپھی کے ترکے میں مقدم سگے یا سوتیلے بھتیجے | 369 |
| مسلمان اور غیر مسلم کے درمیان وراثت | 370 |
| تقسیمِ وراثت سے متعلق چند اہم اصولی امور کی وضاحت | 373 |
| شوہر اور بیوی کی مشترکہ کمائی سے بنائی ہوئی جائیداد اور تقسیمِ ترکہ | 375 |
| بیوی کا واجب الادا قرضہ کس کے ذمے ہوگا؟ | 376 |
| زندگی میں وراثت تقسیم نہیں ہوتی | 377 |
| کیا سوتیلا بیٹا اکیلا وارث بن سکتا ہے | 377 |
| ترکے کی تقسیم موجودہ قیمت کے مطابق | 379 |
| غیر وارث کو ترکے سے حصہ | 379 |
| تقسیمِ ترکہ | 382 |
| Inheritance | 383 |
| ترکے میں سوتیلی اولاد کا حصہ نہیں | 384 |
| پنشن ترکے میں شامل نہیں | 384 |
| مرحوم کے بہن بھائی محروم رہیں گے | 386 |
| **حلال وحرام، جائز وناجائز** | 389 |
| قتلِ خطا | 391 |
| قتلِ شبہِ عمد | 394 |


Marfat.com

غیر مسلم کا چیف جسٹس یا قائم مقام بننا 397
محافلِ میلاد کے بارے میں یہ کہنا کہ ''اس میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تشریف
لائے ہوئے ہیں اوراس میں وحدہٗ لاشریک بھی شریک ہوتا ہے'' 400
خاتون مبلغہ کا غیر شرعی طرزِ عمل 406
مرد پر ریشم کا لباس حرام ہے 414
مالک کو بتائے بغیر بھی حقوق ادا کرنے سے انسان بری الذمہ ہو جاتا ہے 415
شرعاً قسم منعقد نہیں ہوئی 420
پرائز بانڈز اور شیئرز کا شرعی حکم 421
ٹریفک سگنل توڑنے کا شرعی حکم 422
کامرس یا اکاؤنٹنگ کی تعلیم میں سودی اندراج 423
بجلی کی چوری 423
انجکشن کے ذریعے جانوروں کی افزائشِ نسل کا جواز 426
روحانی علاج کی شرعی حیثیت 426
متفرق 429
والدین کی خدمت کے وسیلے سے دعا کرنے پر اجرِ آخرت باطل نہیں ہوتا 431
پرائیویٹ اسکولوں / کالجوں میں ایامِ تعطیلات کی فیس کا شرعی حکم قوم کا
اصل مسئلہ طبقاتی نظامِ تعلیم ہے 433
استخارہ کا مفہوم، شرعی حیثیت اور استخارہ کے نام پر ماضی کے احوال بتانا 435
قیامِ تعظیمی کا شرعی حکم 440
نیاز کا مفہوم اور جواز 446
رجب کے کونڈے اور ''تبارک'' کی روٹیاں 448

Marfat.com

| | |
|---|---|
| قیامت کے دن اعمال کا وزن کس طرح ہوگا | 452 |
| ایصالِ ثواب کا کھانا اور صدقۂ جاریہ | 457 |
| یومِ میلاد النبی ﷺ کی صحیح تاریخ کا تعین | 463 |
| محافلِ میلاد میں مخلوط اجتماعات | 469 |
| تبرکات انبیاء کرام کا احترام | 470 |
| عوام کا یہ کہنا کہ ہم سب اللہ کے سامنے غریب ہیں | 474 |
| نمازِ تراویح کی امامت کا معیار | 475 |
| مدرسے کی سالانہ رپورٹ میں تصاویر کی اشاعت | 476 |

Marfat.com

# ☆انتساب☆

میں اپنی اس ناچیز علمی کاوش کو اپنے ایک جدِّ اعلیٰ حضرت قبلہ قاضی عبدالرحمٰن رحمہ اللہ تعالیٰ وقدس اللہ سرہ العزیز کے نام سے منسوب کرنے کو اپنے لئے باعثِ سعادت سمجھتا ہوں، جو اپنے عہد کے ایک عالمِ اجلّ، جامع العلوم، صاحب ورع وتقویٰ اور ولی کامل تھے۔

6،نومبر 2007ء

العبد الضعیف

منیب الرحمن

Marfat.com

مفتی منیب الرحمٰن
صدر تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان
مہتمم: دارالعلوم نعیمیہ کراچی


بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس

حوالہ نمبر ____________
تاریخ ____________

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدﷲ رب العٰلمین، والصلوٰۃُ والسلام علٰی رحمۃ للعٰلمین، سیدنا ومولانا محمدٍوّعلٰی اٰلہ الطیبین الطاھرین وعلٰی صحابتہ الصدیقین الکاملین، وعلٰی اولیاءِ امتہ وعلماءِ ملتہ من الفقھاء المجتھدین والمحدثین والمفسرین اجمعین

## آغازِ تکلّم

تفہیم المسائل کی جلد چہارم پیشِ خدمت ہے۔ بنیادی طور پر یہ سوال وجواب روزنامہ ایکسپریس میں شائع ہوتے رہے ہیں، کچھ ایسے سوال وجواب ہیں، جو اخبار میں شاملِ اشاعت نہ ہوسکے، وہ بھی اس جلد میں شامل ہیں۔ بعض اوقات ایک جیسے سوال مختلف سائلین کی جانب سے آتے ہیں، اس لئے نفسِ مسئلہ اور جواب میں درج مواد کا تکرار ہوجاتا ہے۔ اس مرتبہ میں نے کتاب کو مرتب کرنے کے بعد اشاعت سے پہلے نظرِ ثانی کے لئے اپنے دارالعلوم کے استاذِ حدیث وصدر مدرّس علامہ احمد علی سعیدی صاحب زید مجدھم کو دیا، انہوں نے کافی محنت سے پڑھا، جہاں ضروری عربی عبارات شامل ہونے سے رہ گئی تھیں، وہ شامل کرائیں اور مکرّرات کو حذف کرایا۔ حتمی مراحل میں تصحیح کے لئے فاضل مصنّف وصاحب طرز ادیب علامہ محمد اعظم سعدی نے سرسری مطالعہ کیا اور جو فروگزاشت رہ گئی


مرکزی دفتر
تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان
نعیمیہ ... علامہ اقبال روڈ گڑھی شاہو لاہور
Ph: 042-6372489, Fax: 042-6372029

رابطہ دفتر
دارالعلوم نعیمیہ
بلاک 15 فیڈرل بی ایریا کراچی
Ph: 92 21 6314800　Fax: 92 21 6374080
www.naeemia.com　mufti@naeemia.com


Marfat.com

ہیں، ان کی نشاندہی فرمائی۔ اس کتاب میں شامل مسائل کے حل میں میرے معاون مفتی عبدالرزاق نقشبندی زیدمجدہٗ کا علمی تعاون شامل حال رہا ہے۔ کمپوزنگ اور بار بار تصحیح میں عزیزم یاسر رحمٰن نے مسلسل محنت کی، میں ان تمام حضرات کا تہ دل سے ممنون و مُتشکّر ہوں۔
ہم تمام درپیش مسائل میں اپنے دارالعلوم کے شیخ الحدیث، امام المفسرین والمحدّثین فی العصر علامہ غلام رسول سعیدی مُدَّظِلُّہم سے مشاورت بھی کرتے رہتے ہیں اور تمام متعلقہ مقامات پر ''تبیان القرآن'' اور ''شرح صحیح مسلم'' سے بھی استفادہ کرتے رہتے ہیں۔ الحمدللہ علیٰ احسانہٖ علامہ صاحب کی ''نِعمۃُ الباری'' شرح صحیح بخاری کی چوتھی جلد پر کام ہو رہا ہے اور ''کتاب الصِّیام'' کے نصف تک مکمل ہو چکی ہے۔ پہلی جلد جو ''کتاب التیمُّم'' پر مکمل ہوئی ہے، ان شاء اللہ العزیز عیدالاضحیٰ کے موقع پر طبع ہو کر مارکیٹ میں آجائے گی اور اہلِ علم ''شرح صحیح مسلم'' کے انداز سے ہٹ کر ایک منفرد طرز میں اسے پائیں گے۔ اللہ عزّوجلّ کی بارگاہ میں دعا ہے کہ وہ تمام تر علمی، فکری اور جسمانی قُویٰ کی سلامتی کے ساتھ انہیں اس عظیم کام کی تکمیل کی توفیق و سعادت نصیب فرمائے، ممکنہ طور پر یہ شرح بارہ مُجلّدات میں مکمل ہو گی۔ ہم نے اپنی بشری استطاعت کی حد تک اس کتاب کی لفظی و معنوی صحت کی سعی کی ہے، لیکن ہماری سعی میں خطا اور لغزش کا امکان موجود ہے، بلکہ ہم جیسے کم علم اور خطاکار انسانوں سے ایسی خطاؤں کا وقوع بھی ہو جاتا ہے، اللہ تعالیٰ ہماری خطاؤں کو معاف فرمائے۔ اہلِ علم سے گزارش ہے کہ ہماری کسی خطا پر آگاہ ہوں تو ضرور مُطّلع فرمائیں، ہم ان کے شکرگزار ہوں گے۔ دعا ہے کہ اللہ جلّ شانہٗ اپنے حبیبِ کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام کے طفیل اس عاجزانہ سعی کو قبول فرمائے، اور اسے سابقہ مجلّدات کی طرح قبول عام عطا فرمائے، آمین بجاہِ سید المرسلین علیہ وعلیٰ الہ وصحبہٖ افضلُ الصَّلوٰۃِ و التَّسلیمات۔

**العبدالضعیف**

**منیب الرحمٰن**

Marfat.com

# کتاب العقائد

Marfat.com

## کلمۂ کفر

**سوال:1**

زید اور بکر میں کسی فقہی مسئلے کی وجہ سے بحث ہوئی اور جبکہ زید طالب علم ہے، اور زید نے کہا کہ فلاں مسئلے کے بارے میں فلاں فلاں علماء کرام وفقہاء عظام نے یہ یہ فرمایا ہے کہ جبکہ تمہاری بات ان کے خلاف جاتی ہے، تو اس پر بکر سے کچھ جواب نہ بنا اور بکر نے یہ کہا کہ "میں اپنے مرشد کے فرمان کے آگے (معاذ اللہ) تمام عالموں اور مفتیوں کے فتوؤں کو جوتے کی نوک پر اڑاتا ہوں"۔ آیا بکر کا یہ جو جملہ ہے کہ "میں ان کے فتوؤں کو جوتے کی نوک پر اڑاتا ہوں"۔ بکر کا یہ قول کہنا کیسا ہے، جواب عنایت فرمائیں۔

(محمد راحیل قادری، ملیر سٹی، کراچی)

**جواب:**

اللہ اور رسول کے علاوہ دوسرے کسی بھی شخص کا قول وعمل مطلقاً واجب العمل اور حجت نہیں ہے، کسی شخص کا اپنے پیر ومرشد یا استاد کا یا کسی دوسرے معظم شخص کے بارے میں یہ نظریہ رکھنا کہ ان کا فرمان میرے لئے مطلقاً واجب العمل ہے، غلو یعنی مبالغہ آرائی اور گمراہی ہے، متبع سنت عالم دین پیر ومرشد سے عقیدت رکھنا اور ان کی تعلیمات پر عمل کرنا فعل مستحسن ہے، لیکن اس کے نتیجے میں علماء دین اور ان کے شرعی فتوؤں کی حقارت کرنا یہ کفر ہے۔ استفتاء میں مذکور خط کشیدہ الفاظ میں مذکور فی السوال شخص نے علم اور علماء کی بالقصد والارادہ توہین کی ہے اور فقہاء کرام کی تصریحات کی رو سے شرعی فتاویٰ اور بغیر کسی دنیاوی عداوت کے علماء کی تذلیل وتحقیر کفر ہے، لہٰذا مذکورہ فی السوال شخص اپنے ان کفریہ الفاظ کی وجہ سے کافر ہوا، اس پر توبہ کرکے تجدید ایمان اگر شادی شدہ ہے، تو تجدید نکاح فرض ہے، علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

رجل عرض علیه خصمه فتوی الائمة فردها وقال چه بارنام فتویٰ آوردهٔ قیل

Marfat.com

یکفر و کذا لولم یقل شیئاً ولکن القی الفتویٰ علیٰ الارض وقال این چه شرع است۔

ترجمہ: ''ایک شخص پراس کے فریقِ مخالف نے ائمۂ فقہاءِ کرام کا فتویٰ پیش کیا، اس نے جواباً کہا کتنی بار فتویٰ کا نام لوگے، ایک قول کے مطابق وہ کافر ہوجائے گا، اسی طرح اگر اس نے زبان سے تو کچھ نہ کہا، لیکن فتویٰ زمین پر پھینک دیا اور کہا کہ یہ کہاں کی شریعت ہے''۔

(فتاویٰ عالمگیری، جلد 2، ص: 272، مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)

## توہینِ نبی ﷺ

**سوال**: 2

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اور مفتیانِ شرع اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک شخص یہ کہتا ہے کہ ''میرے باپ کی بات کا درجہ میرے نزدیک نبی کی بات سے کم نہیں''، اس شخص کے بارے میں کیا حکم ہے اور اس کا مذکورہ جملہ کیا معنیٰ رکھتا ہے؟، (محمد قاسم، بہاول نگر)۔

**جواب**:

جس شخص نے یہ جملہ کہا العیاذ باللہ وہ کافر ہوگیا اور اس پر لازم ہے کہ وہ اس بات سے رجوع کرے اور دوبارہ کلمہ پڑھے اور اگر شادی شدہ ہے تو دوبارہ نکاح کرے، کیونکہ اس کلام سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ وہ اپنے باپ کو نبی ﷺ کے برابر قرار دیتا ہے اور اس میں نبی ﷺ کا استخفاف ظاہر ہے اور اس سے یہ مفہوم بھی نکلتا ہے کہ جب وہ اپنے باپ کی بات کو نبی ﷺ کی بات کے برابر سمجھتا ہے تو وہ اپنے باپ کو معاذ اللہ نبی ﷺ کے برابر سمجھتا ہے۔

نبی ﷺ کی بات کے متعلق اللہ تعالیٰ یہ ارشاد فرماتا ہے: وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْھَوٰی ۝ اِنْ ھُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی ۝

ترجمہ: ''اور وہ اپنی خواہش سے کلام نہیں فرماتے، نہیں ہوتا ان کا فرمانا، مگر وحی جو (ان کی طرف) کی جاتی ہے، (النجم: 3,4)''۔

آیت مبارک میں اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کے قول کو اپنا قول فرمایا ہے۔ اور مذکورہ

Marfat.com

شخص کا یہ جملہ کفریہ ہے، لہٰذا وہ اپنی بات سے رجوع کرے اور کلمہ پڑھے، شادی شدہ ہے، تو دوبارہ نکاح کرے، علامہ امجد علی اعظمی ایک سوال کے جواب میں درمختار کے حوالے سے لکھتے ہیں: ما یکون کفرا اتفاقا یبطل العمل والنکاح واولادہ اولاد زنا وما فیہ خلاف یؤمر بالاستغفار والتوبۃ وتجدید النکاح۔

ترجمہ: ''جس نے کفر پر اتفاق کیا اس کا عمل اور نکاح باطل ہوگیا اور اس کو توبہ واستغفار اور تجدید نکاح کا حکم دیا جائے گا اگر وہ ایسا نہ کرے تو اس کے بعد جو اولاد پیدا ہوگی وہ ولد الزناء ہوگی، (فتاویٰ امجدیہ جلد چہارم ص:399 مکتبۂ رضویہ آرام باغ کراچی)''۔

## نبی کریم ﷺ کے والدین کے ایمان کے بارے میں

**سوال**:3

ایک صاحب کا کہنا ہے کہ معاذ اللہ! رسول اللہ کے والدین کریمین جہنمی ہیں اور وہ اپنے دعوے کے ثبوت میں مندرجہ ذیل دو حدیثیں پیش کرتے ہیں:

(1): ''حضرت ابن مسعود سے روایت ہے کہ مُلَیکہ کے دو بیٹے نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور کہا: ہماری ماں شوہر کا احترام کرتی تھی، اولاد پر مہربان تھی، اور مہمان (کے ساتھ حسن سلوک کا بھی) ذکر کیا، سوائے اس کے کہ اس نے زمانۂ جاہلیت میں بچی کو زندہ درگور کردیا تھا، (تو نبی کریم ﷺ نے) فرمایا: تم دونوں کی ماں جہنم میں ہے، وہ پلٹ کر جانے لگے اور ناگواری ان کے چہرے پر واضح نظر آرہی تھی، پھر (نبی کریم ﷺ) نے ان دونوں کو واپس بُلوایا، وہ دونوں لوٹ کر آئے اور ان دونوں کے چہروں سے اس امید پر مسرت جھلکنے لگی کہ (شاید کوئی امید افزا) صورتِ حال پیدا ہوگئی ہے، تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''میری ماں بھی تم دونوں کی ماں کے ساتھ ہے'' (آگے حدیث طویل ہے)، مسند احمد، رقم الحدیث: 3787)''۔

(2): ''حضرت انس سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! میرے (وفات یافتہ) باپ کہاں ہیں؟، آپ ﷺ نے فرمایا: جہنم میں، جب وہ لوٹ کر

Marfat.com

(جانے لگا) تو آپ ﷺ نے اسے بلایا اور فرمایا: ''بیشک میرا اور تمہارا باپ (دونوں) جہنم میں ہیں، (صحیح مسلم، رقم الحدیث: 490)''۔ان احادیث کی روشنی میں رسول اللہ ﷺ کے والدین کریمین کے ایمان کی بابت شرعی موقف واضح کیجئے، (علی حسن نقوی)۔

**جواب:**

یہ احادیث ان دونوں کتب احادیث میں موجود ہیں۔ مسند احمد کے حاشیے پر اس حدیث کی متعدد توجیہات بیان کی گئی ہیں، جو یہ ہیں: (1) سند کے لحاظ سے یہ حدیث ضعیف ہے، اور حدیث ضعیف پر عقیدے کی بنیاد نہیں رکھی جاسکتی۔ اس کے ایک راوی عثمان بن عمیر کو، جس کی کنیت ابوالیقظان ہے، امام دارقطنی کے حوالے سے ذھبی نے ضعیف قرار دیا ہے۔

امام ہیثمی نے ''المجمع'' میں اسے روایت کر کے تبصرہ کیا ہے کہ اسے امام احمد، امام بزار اور امام طبرانی نے روایت کیا ہے اور ان سب کی اسناد میں عثمان بن عمیر ہے اور وہ ضعیف ہے۔ ایک توجیہ یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جو یہ فرمایا کہ ''امی مع امکما''، ''یعنی میری ماں تم دونوں کی ماں کے ساتھ ہے'' اس سے مراد یہ کہ دونوں عالم برزخ میں ہیں، یہ کلمات آپ نے ''توریہ'' کے طور پر فرمائے تاکہ سائل کو کم از کم وقتی طور پر ذہنی اذیت سے نجات مل جائے۔ ''توریہ'' سے مراد ایسا ذو معنی کلمہ استعمال کرنا جو دو معانی کا حامل ہو، ایک معنی قریب جو متبادر الی الفہم ہو (یعنی فوراً سامع کے ذہن میں آجائے) اور دوسرا دور کا معنی ہو، قائل کی اصل مراد دور کا معنی ہو لیکن مخاطب قریب کا معنی مراد لے اور ایسا دین کی کسی حکمت کے تحت کرنا جائز ہے۔ یا اس کی ایک توجیہ یہ ہوسکتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ کو آپ کے ابوین کی اس وقت تک بذریعہ وحی خبر نہیں دی گئی تھی، اور یہ مفہوم حدیث کے آخری کلمات سے مستفاد ہوتا ہے کہ ''میں نے ان کی بابت اپنے رب سے دریافت نہیں کیا'' یعنی اس وقت تک رسول اللہ ﷺ اور آپ کے رب کے درمیان اس مسئلے میں مراجعت نہیں ہوئی، بعد میں ہوگئی اور آپ کو اپنے ابوین کریمین کا جنتی ہونا بذریعہ وحی بتا

Marfat.com

دیا گیا۔

**چند احادیث ملاحظہ فرمائیں:**

عن انس بن مالک قال فخطب رسول اللّٰہ ﷺ فقال:"انا محمد بن عبداللّٰہ بن عبدالمُطّلب بن هاشم بن عبدمناف بن قُصَی بن کِلاب بن مُرَّة بن کَعب بن لُؤَی بن غالب بن فِهر بن مالک بن نَضربن کِنانةبن خُزَیمة بن مُدرِکَةبن الیاس بن مُضَربن نَزار"۔ وَمَا افترق النّاس فرقتین الا جعَلنی اللّٰه فی خیرهمافاُخرِجتُ مِن بَین اَبوَین، فلم یُصِبنی شَیءٌ من عَهدالجاهِلیّة۔ وخَرَجتُ من نکاحٍ، ولم اُخرَج من سَفاحٍ، من لَّدُن آدمَ حَتّٰی اِنتهیتُ الیٰ ابی واُمّی فانا خیرکم نَفسا، وخیرکم اباً۔

ترجمہ:''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ اپنی سند کے ساتھ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے خطبہ دیتے ہوئے فرمایا:''میں محمد بن عبداللہ بن عبدالمُطّلب بن ہاشم بن عبدمُناف ابن قُصَیّ بن کِلاب بن مُرَّة بن کَعب ،بن لُؤی بن غالب بن فِہر بن مالک بن نَضر بن کِنانہ بن خُزیمہ بن مُدرِکہ بن الیاس بن مُضَر بن نَزار ہوں۔ جب بھی لوگوں کے دو گروہ ہوئے، مجھے اللہ تعالیٰ نے ان میں سے سب سے بہتر گروہ میں رکھا۔ پس میرا اپنے ماں باپ سے ظہور ہوا تو مجھے زمانۂ جاہلیت کی بدکاریوں میں سے کسی چیز نے نہیں چھوا تھا اور میں نکاح کے ذریعہ پیدا ہوا اور میں بدکاری کے ذریعہ پیدا نہیں ہوا، حتیٰ کہ حضرت آدم سے لے کر میں اپنے ماں باپ تک پہنچا، پس میں بھی تم سے خیر اور بہتر ہوں اور میرے باپ بھی تم سب سے خیر اور افضل ہیں،(دلائل النبوت للبیہقی، جلد:1،ص: 174,175،مطبوعہ:دارالکتب العلمیہ، بیروت)''۔

عن علی ابن ابی طالب اَنّ النبی ﷺ قال خَرَجتُ مِن نکاح ولم اُخرَ ج مِن سَفاح مِن لَدُن آدمَ اِلیٰ اَن وَلَدَنِی اَبِی وَاُمِّی، لَم یُصِبنِی مِن سَفاحِ الجاهِلِیّة شَئی۔

ترجمہ:''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: میں نکاح سے

Marfat.com

پیدا ہوا ہوں، میری ولادت ناجائز طریقے سے نہیں ہوئی، آدم علیہ السلام سے لیکر اس وقت تک جب کہ میرے والد اور والدہ نے مجھے جنا، مجھے زمانۂ جاہلیت کی کسی غلط چیز نے نہیں چھوا، (دلائل النبوت لابی نعیم، جلد: 1، ص: 11، بیروت)"۔

علامہ ابن جوزی متوفی 579ھ لکھتے ہیں:

عن ابن عباس قال قلتُ :یارسول اللہ ﷺ! اَینَ کُنتَ وآدمُ فِی الجنّة؟ قال: کُنتُ فِی صُلبِهٖ واُھبطَ الی الارض واَنَا فِی صُلبِهٖ، ورکِبتُ السفینة وفی صلب ابی نوح وقُذِفتُ فِی النّار فی صُلب ابی ابراھیم لم یَلتق لی اَبوان قَطُّ عَلی سَفَاحٍ لم یَزَل یَنقُلُنی من الاَصلاب الطّاھِرَةِ الی الاَرحامِ النَقِیَّة مُھَذّباً۔

ترجمہ: "حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں میں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! تب آپ کہاں تھے؟، جب آدم علیہ السلام جنت میں تھے، آپ ﷺ نے فرمایا: میں ان کی صلب (پشت) میں تھا اور جس وقت انہیں زمین پر اتارا گیا اس وقت بھی میں ان کی صلب میں تھا، اور مجھے اپنے باپ نوح کے صلب میں کشتی میں سوار کیا گیا، اور مجھے اپنے باپ ابراہیم کی پشت میں آگ میں ڈالا گیا، اور میرے والدین کبھی بھی برائی پر نہیں ملے میں پاک اور طاہر پشتوں سے پاکیزہ رحموں میں منتقل ہوتا رہا ہوں"۔

(الوفا باحوال المصطفیٰ، جلد: 1، ص: 28، مطبوعہ: دارالکتب العلمیہ، بیروت)

حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے ابوین کریمین یعنی حضرت عبداللہ و آمنہ رضی اللہ عنہما سے لے کر حضرت آدم و حوا علیہما السلام تک آپ کے تمام آباء واجداد اور اُمّہات وجدات کے بارے میں امت کا اجماعِ اکثری اور علماءِ حق کا موقف یہ ہے:

1۔ ان میں سے بعض انبیاءِ کرام و رُسُلِ عظام علیہم الصلاۃ والسلام تھے۔

2۔ دیگر جنہوں نے کسی نبی یا رسول کے عہد، تعلیمات اور شریعت کے احکام کو صحیح اور غیر تحریف شدہ شکل میں پایا، وہ اس عہد کے مومنین کاملین تھے۔

3۔ دیگر جنہوں نے کسی نبی یا رسول کے عہد، تعلیمات اور شریعت کے احکام کو صحیح اور غیر

Marfat.com

تحریف شدہ شکل میں نہیں پایا، بلکہ ایک نبی کے وصال فرمانے کے بعد جب طویل عرصہ گزر گیا،تو ان کی تعلیمات فراموش کردی گئیں یا ان میں تحریف کردی گئی اور مسخ کردیا گیا۔اس دور کو زمانۂ فَترۃِ وحی اور زمانۂ انقطاعِ وحی (Gap Period of Revealation) کہاجاتا ہے،ایسے دور میں لوگ تفصیلی شرعی احکام کے مُکلّف نہیں ہوتے بلکہ دین فطرت اور توحید کے مکلّف (Accountable) ہوتے ہیں۔اللہ تعالیٰ کی ہستی (Existence of God) اور اَحَدِیّتِ باری تعالیٰ (ONENESSO of God) کے پابند ہوتے ہیں۔امت کا اجماعِ اکثری اور علماءِ حق کی رائے یہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے وہ آباء واجداد، جو زمانۂ ''فَترۃِ وحی'' میں گزرے، ان میں سے کوئی بھی مشرک، کافر اور ملحد نہیں تھا، سب کے سب دینِ فطرت اور دینِ توحید پر قائم رہے۔آپ ﷺ کے اجداد عالی نسب، حضرت کعب بن لُؤَیّ، حضرت قُصَیّ، حضرت عبدالمُطَّلب، وغیرہم کے جو خطبات اور ارشادات تاریخ کے ریکارڈ میں محفوظ ہیں، وہ اس امر کا واضح ثبوت ہیں۔

4۔رسول اللہ ﷺ کے آباء واجداد میں کوئی مشرک اس لئے بھی نہیں ہوسکتا کہ آپ کا فرمان ہے: لم ازل انقل من اصلاب الطاھرین الی الارحام الطاھرات والمشرکون نَجَسٌ۔

ترجمہ:''میرا (نورِ نبوت اور جوہرِ وجود ہر دور میں میرے آباء واجداد کی) پاک پشتوں سے (میری اُمّہات وجدّات کے) پاک رحموں میں منتقل ہوتا رہا اور مشرک تو ہوتے ہی ناپاک ہیں''۔اور سورۂ توبہ آیت نمبر:28 میں اللہ تعالیٰ کا بھی یہی ارشاد ہے کہ:''اِنَّمَا الْمُشْرِکُوْنَ نَجَسٌ'' کہ مشرک تو ناپاک ہی ہوتے ہیں''۔لہٰذا رسول اللہ ﷺ نے جو اپنے ان تمام آباء واجداد اور اُمّہات وجدّات کو طاہرین وطاہرات قرار دیا ہے اس سے دونوں طرح کی طہارت مراد ہے، ایک سِفاحت سے پاکیزگی کہ سب کا تعلق باقاعدہ نکاح سے قائم ہوا، غیر اخلاقی اور غیر شرعی طریقے سے نہیں، اور دوسرا شرک اور عقائدِ باطلہ سے پاکیزگی۔

5۔پس جن آیات واحادیث میں آپ ﷺ کے باپ کے مشرک ہونے یا جہنم کے

Marfat.com

عذاب میں مبتلا ہونے کا ذکر ہے، ان مقامات پر آپ کے حقیقی والد مراد نہیں بلکہ مجازی باپ یعنی چچا مراد ہے، جیسے وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِیْمُ لِاَبِیْهِ اٰزَرَ اَتَتَّخِذُ اَصْنَامًا اٰلِهَةً۔ ترجمہ: ''اور (اے رسول! اس وقت کو یاد کیجئے) جب آپ کے (جدِّ اعلیٰ) ابراہیم علیہ السلام نے اپنے (مجازی) باپ آزر سے کہا کہ آپ (اپنے خود ساختہ) بتوں کو خدا مان رہے ہیں، (الانعام:75)''۔ سوال میں جس حدیث کا ذکر کیا گیا ہے، بر سبیل تسلیم اس کی بھی یہی تاویل کی جائے گی۔ اور عربی زبان میں چچا پر باپ (اَب) کا اطلاق کیا جاتا ہے، ہمارے ہاں اردو میں بھی ''تایا ابو'' وغیرہ کا استعمال عام ہے۔ اور حدیث مبارک میں بھی ہے: فَاِنَّمَا عَمُّ الرَّجُلِ صِنوُ ابیہ۔ ترجمہ: ''بیشک ایک شخص کا چچا اس کے باپ ہی کے مرتبے میں ہوتا ہے، (ترمذی، بحوالہ مشکوٰۃ، باب مناقب اہل البیت)''۔

المنجد میں صِنوُ اور صَنوٌ کے معنیٰ ہیں: سگا بھائی، چچا یا ایک اصل سے پھوٹنے والی دو شاخیں۔ ماضی قریب کے ایک عالم مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی نے اپنی تصنیف قصص القرآن میں آزر کو ابراہیم علیہ السلام کا حقیقی باپ قرار دیتے ہوئے استدلال کیا ہے کہ جب حقیقی معنیٰ مراد لیا جا سکتا ہو تو مجازی معنیٰ کی طرف عدول کرنے کی کیا ضرورت ہے اور کونسا قرینہ ہے؟۔ ہم کہتے ہیں کہ جب ہم نے عقلی و نقلی دلائل کی روشنی میں ایک اصول طے کر لیا ہے کہ حضور کے آباءِ کرام میں کوئی بھی کافر و مشرک نہیں گزرا تو یہی مجاز کی طرف عدول کا قرینہ بن جائے گا۔ یہی وجہ ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام والدین کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مغفرت کی دعا کرتے ہیں، تو عرض کرتے ہیں: رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ۔ ترجمہ: ''اے ہمارے پروردگار! تو مجھے اور میرے والدین کو بخش دے''، (ابراہیم:41)''۔ ''اب'' کا اطلاق مجازاً چچا پر ہو سکتا ہے، لیکن ''والد'' کا اطلاق صرف حقیقی باپ پر ہی ہو سکتا ہے، جس کے نسب سے وہ پیدا ہوا ہے، چنانچہ علامہ قاضی ثناء اللہ مظہری لکھتے ہیں: فھذہ الآیۃ تَدُلُّ عَلیٰ اَنَّ وَالِدَیْہِ علیہ السلامُ کانا مسلمَیْنِ واِنَّما کَانَ آزَرُ عَمًّا لہٗ و کان اسمُ اَبِ ابراھیم تَارِخ ولاَجْلِ دَفْعِ تَوَھُّم آزر قال وَالِدَیَّ

Marfat.com

یعنی مَنْ وَلَدَ انی حقیقۃً ولم یَقُل اَبَوَیَّ لِاَنَّ الاَبَ یُطلق علی العَمِّ مَجازاً۔

ترجمہ: ''یہ آیت اس امر پر دلالت کرتی ہے کہ آپ کے والدین مسلمان تھے اور آزر آپ کا چچا تھا اور آپ کے والد کا نام تارِخ تھا۔ اور اس وہم کو دور کرنے کے لئے کہ باپ سے مراد چچا ہے آپ نے دعا میں ''وَالِدَیَّ'' کا لفظ استعمال کیا، یعنی جنہوں نے مجھے حقیقت میں جنا ہے اور ''اَبَوَیَّ'' کا لفظ استعمال نہیں کیا کیونکہ اب کا لفظ بطور مجاز چچا کے لئے بھی استعمال ہوتا رہتا ہے، (تفسیر مظہری)''۔ واضح ہو کہ رسول اللہ ﷺ کے تمام چچا مومن نہیں تھے، ایک چچا عبدالعزیٰ ابولہب تو رئیس المشرکین تھا، بلکہ یہ واحد مشرک تھا جس کی مذمت میں قرآن مجید کی ایک مکمل سورت ''اَللَّھَبُ'' نازل ہوئی۔ ایک روایت یہ بھی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنے ''اَبَوَین کریمین'' کو اللہ تعالیٰ کے دیئے اختیار سے زندہ کیا، ان پر ایمان (توحید ورسالت) کی دعوت پیش کی، انہوں نے اسلام قبول فرمالیا اور پھر ان کا ایمان پر وصال ہوا۔ شیخ عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہیں: لیکن متاخرین میں علماء نے حضور ﷺ کے والدین کریمین، بلکہ حضرت آدم علیہ السلام تک آپ کے تمام آباء واُمّہات کا ایمان ثابت کیا ہے، اس اثبات کے لئے انہوں نے تین طریقے اختیار کئے ہیں۔ ایک یہ کہ یہ سب حضرات حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین پر تھے۔ دوسرا یہ کہ ان حضرات کو دعوتِ اسلام نہ پہنچی، بلکہ یہ حضرات زمانۂ فترۃ میں ہی انتقال کر چکے تھے، ان کو حضور ﷺ کی نبوت کا زمانہ نہ ملا۔ تیسرا طریقہ یہ ہے کہ آپ کے والدین کریمین کو خدا تعالیٰ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کی دعا سے آپ کے دستِ اقدس پر دوبارہ زندگی عطا فرمائی اور وہ آپ پر ایمان لائے۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے والدین کے زندہ کرنے کی حدیث اگرچہ اپنی حدذات میں ضعیف ہے، لیکن متعدد طریق سے اس کی تصحیح اور تحسین کر دی گئی ہے اور یہ بات گویا متقدمین سے پوشیدہ رہی۔ اللہ تعالیٰ نے یہ حقیقت متاخرین علماء پر کھول دی۔ ''واللہ یختص برحمتہ من یشاء'' اس بارے میں رسائل تصنیف کئے اور دلائل سے اس مسئلے کا اثبات فرمایا، مخالفین کے شبہات کے جوابات دیئے۔ ان دلائل اور جوابات کو اگر یہاں نقل

Marfat.com

کیا جائے تو بات لمبی ہو جائے گی۔ان کے رسائل میں دیکھ لیا جائے ، واللہ اعلم“۔
(اشعۃ اللمعات ،جلد :1 ،ص:718 ،مطبوعہ مطبع: تیج کمار، لکھنؤ)
علامہ غلام رسول سعیدی نے ”تبیان القرآن“ جلد سوم میں اس موضوع پر تفصیلی بحث کی ہے، اہلِ ذوق اس کا مطالعہ فرمائیں۔

## اہانتِ معاویہ

**سوال:** 4
میں اسلامیات کی کتاب کا ایک صفحہ منسلک کر رہا ہوں جو saint josiph اسکول کے O-Level میں پڑھائی جا رہی ہے۔اس میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں کئی گستاخیاں کی گئی ہیں۔آپ سے گزارش ہے کہ اس سلسلے میں فتویٰ جاری کریں تاکہ مصنف ، اسکول اور پبلشر کے خلاف مقدمہ قائم کیا جا سکے۔

نوٹ :انگلش عبارت کا ترجمہ درجِ ذیل ہے:
21 رمضان کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو چالیس ہزار افراد کی رضامندی سے خلیفہ بنایا گیا۔لیکن حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو خلیفہ نہیں بنانا چاہتے تھے انہوں نے جاسوس کوفہ بھیجے تاکہ وہاں کے حالات کا پتہ چل سکے۔حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو اس بات کا پتہ چلا تو انہوں نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خط لکھا اور اپنی خلافت کا حق بتایا۔مگر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے مزید جاسوس بھیجے اور اس شخص کیلئے جو حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو قتل کرے دو ہزار درہم اور اپنی بیٹی نکاح میں دینے کا انعام مقرر کیا۔
آخر میں ایک صلح نامہ ہوا جس کے بعد حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ مسجد میں آئے اور اعلان کیا کہ خون خرابے سے بچنے کیلئے وہ خلافت چھوڑ دیتے ہیں۔
حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو اس بات سے تسلی نہ ہوئی اور وہ امام حسن رضی اللہ عنہ کو مارنا چاہتے تھے انہوں نے امام حسن رضی اللہ عنہ کی زوجہ سے کہا کہ اگر وہ حضرت امام حسن

Marfat.com

رضی اللہ عنہ کو زہر دے تو وہ اس کو دو ہزار درہم، دس جوڑے کپڑے سونے کی کشیدہ کاری کیے ہوئے اور کوفہ کی زیتون کے تیل کی تمام پیداوار انعام میں دیں گے اور اس کا نکاح اپنے بیٹے سے کریں گے، (محمد سلیم خمیسہ، شہیدِ ملّت روڈ، کراچی)۔

**جواب:**

استفتاء میں جس نصابی عبارت کی نشاندہی کی گئی ہے، یہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی اہانت پر مشتمل ہے اور ان کے کردار کو مسخ کر کے پیش کیا گیا ہے، حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ جلیل القدر صحابی ہیں، کاتبِ وحی ہیں ایسی عبارات کو نصابی کتب میں شامل کرنا قوم کی بچوں کے عقائد کو مسخ کرنے اور انہیں گمراہ کرنے کی سازش ہے، اس کے ذمہ داروں کو قومی اور دینی مجرم قرار دے کر ان کے خلاف مقدمات قائم کرنا چاہئیں۔
وفاقی و صوبائی وزارتِ تعلیم کیلئے ضروری ہے کہ ایسی نصابی کتاب کو فوراً منسوخ کرے، بازار میں موجود اس کے تمام نسخے ضبط کئے جائیں اور مصنف، تابع اور ناشر کے خلاف کارروائی کی جائے۔ صحابہ کرام ہماری تمام وراثتِ دینی کے امین ہیں، قرآن وسنت کی حقانیت و حجیت کا مدار صحابہ کرام کی صداقت، عدالت اور امانت کو تسلیم کیئے جانے پر ہے، ورنہ ہمارے پاس تمام دینی سرمایہ جس میں کتاب وسنت، عقائد و ایمانیات، ارکانِ اسلام اور جملہ ضروریات و تفصیلاتِ دین شامل ہیں، غیر مستند، غیر معتبر اور ناقابلِ اعتبار قرار پائے گا۔
صحابۂ کرام کو سب وشتم کرنا، ان کا استخفاف و توہین کرنا حرام ہے، جمہور فقہائے امت کے نزدیک موجبِ کفر ہے اور ایسے شخص کی ضلالت، فسق و فجور اور مبتدع ہونے پر سب کا اتفاق ہے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

## نومسلم کے ایمان کی غیر یقینی کیفیت

**سوال:5**

(ا): اگر غیر مسلم کلمہ پڑھ کر پھر بھی غیر مسلم کے طور طریقوں کو نہ چھوڑے، اور دین کو نہ سیکھے۔ فرائض وواجبات کی ادائیگی کا پاس نہ رکھے۔ غرض اپنا چال چلن اور طور

Marfat.com

طریقے نہ بدلے تو شرع میں کیا حکم ہے؟

**سوال:6**

کوئی غیر مسلم یوں کہتا ہے کہ میں کلمہ تو پڑھ لوں یا جیسے آپ بہتر سمجھتے ہیں (یعنی کلمہ پڑھادیں یا نہ پڑھائیں)، یعنی غیر مسلم تذبذب کے ملے جلے جذبات رکھتا ہے؟ دلائل وبراہین قرآن وسنت کی روشنی میں اس عقدہ کو حل فرمادیں، (حافظ غلام فرید، کراچی)۔

**جواب:**

ایمان کی حقیقت یہ ہے کہ دل کی سچائی سے ضروریاتِ دین جیسے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، حضرت محمد ﷺ کی نبوت ورسالت، کتب الٰہی، آخرت اور دیگر تمام ضروریاتِ دین پر، جو قطعی الثبوت اور قطعی الدلالت ہیں، کامل یقین رکھنا اور زبان سے ان کا اقرار کرنا۔ ایمان اقرار باللسان اور تصدیق بالقلب کا نام ہے جو شخص دل سے ضروریات دین کا قائل ہو وہ مسلمان اور مؤمن ہے، اور جس کا دل تصدیق سے خالی ہو وہ کافر ہے۔ دوسرے مسلمانوں کی دینی ذمہ داری ہے کہ وہ اس نومسلم کو احکامِ شرع کی تعلیم دیں فرائض وواجبات کی ادائیگی کی تعلیم وتلقین کریں پھر بھی اگر وہ اپنی غیر مسلمانہ روش ترک نہ کرے تو محض اس کا دعویٰ مسلمانی قابلِ قبول نہ ہوگا۔ اعمال صالحہ مثلاً نماز، روزہ وغیرہ کا تارک اور محرمات کا مرتکب فاسق اور گنہگار ہے مگر دائرہ اسلام سے خارج نہیں سمجھا جائیگا۔ اسی طرح جھوٹ بولنے والا شخص اور شراب پینے والا اور دوسری برائیوں کا مرتکب شخص گنہگار کہلائے گا۔ بدعمل مسلمان کو یا اپنی بدعملی کی وجہ سے خود کو کافر کہنے کی بجائے اپنی اصلاح کرنی چاہیے اور دوسرے مسلمانوں کو بھی اصلاح کی طرف راغب کرنا چاہیے، اپنے کفر کا اقرار کفر ہے، لہٰذا جو شخص خود کو کسی غیر مسلم فرقے سے ظاہر کرے، وہ کافر ہے۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖۤ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَ قَلْبُهٗ مُطْمَىٕنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ وَ لٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۰۶﴾

Marfat.com

ترجمہ: ''جس نے اللہ پر ایمان لانے کے بعد کفر کیا سوا، اس کے جس کو کفر پر مجبور کیا جائے اور اس کا دل ایمان کے ساتھ مطمئن ہو بلکہ وہ لوگ جو کھلے دل کے ساتھ کفر کریں تو ان پر اللہ کا غضب ہے اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے، (النحل:106)''۔

لَا تَعْتَذِرُوْا قَدْ كَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ ط

ترجمہ: ''اب عذر نہ پیش کرو، بے شک تم اپنے ایمان کے اظہار کے بعد کفر کر چکے ہو، (التوبہ:66)''۔وفی المحیط من قال فانا کافرا وفاکفر قال ابوالقاسم ھو کافر من ساعتہ۔

ترجمہ: ''اور محیط میں ہے کہ جو کہتا ہے کہ میں کافر ہوں یا میں کفر کروں گا، ابو القاسم نے کہا: وہ اسی وقت کافر ہو گیا، (شرح فقہ اکبر ص ۱۸۳)''۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: ومن یرضیٰ یکفر نفسہٖ فقد کفر

ترجمہ: ''اور جو شخص اپنے کفر پر راضی ہو جائے تو وہ کافر ہو جائے گا، (فتاوٰی عالمگیری، جلد: دوم، ص: ۲۵۷، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)''۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں: (ویکفر فیھما) لرضاہ بالکفر۔

ترجمہ: ''کفر پر راضی ہونا بھی کفر ہے، (ردالمحتار علی الدر المختار جلد 5 ص: 393 داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

مذکورہ بالا حوالہ جات کی رو سے اقرارِ کفر، بھی کفر ہے، تمام تصریحات کا خلاصہ یہ ہے کہ ایمان محض زبان سے کلمہ پڑھ لینے کا نام نہیں بلکہ دل کی سچائی سے تمام ضروریاتِ دین جیسے اللہ تعالیٰ کی وحدانیت، حضرت محمد ﷺ کی نبوت ورسالت، کتب الٰہی، آخرت اور دیگر تمام ضروریاتِ دین پر، جو قطعی الثبوت اور قطعی الدلالت ہیں، کامل یقین رکھنا اور زبان سے ان کا اقرار کرنا۔ ایمان اقرار باللسان اور تصدیق بالقلب کا نام ہے جو شخص دل سے ضروریات دین کا قائل ہو وہ مسلمان اور مؤمن ہے۔ اور جس کا دل تصدیق سے خالی ہو وہ کافر ہے اور بے یقینی کی سی کیفیت کے ساتھ یا کسی کی خوشی کی خاطر کلمہ پڑھ لینا ایمان نہیں،

Marfat.com

واللہ اعلم۔

## غیر مسلموں سے معاملات اور ان کی عبادت گاہوں میں جا کر ان کے طریقے سے عبادت کرنا

**سوال**:7

ایک مسلمان شخص اپنے کسی عیسائی دوست کی ترغیب پر ان کے معبد (گرجا) میں جاتا ہے اور ان کے ساتھ مل کر انہی جیسی عبادت کرتا ہے اور اس کا یہ کہنا ہے کہ وہ اپنے ایمان پر قائم تھا محض ان کی دلجوئی کے لئے اُس نے ایسا کیا۔ آپ براہِ کرم وضاحت فرمائیں کہ کیا اسلامی نقطۂ نظر سے اس طرح کرنا جائز ہے؟ اور اس کا یہ عمل اس کے ایمان پر اثر انداز ہوگا کہ نہیں؟۔(حافظ غلام مرتضیٰ سیالوی، ضلع اٹک)۔

**جواب**:

یہ مسئلہ نہایت اہم ہے، اس لئے ہم صورتِ مسئلہ سے ہٹ کر اسلام کا اصولی نظریہ پیش کرنا چاہتے ہیں۔ دینی امور میں غیر مسلموں، مبتدعین اور بے دین لوگوں سے تعلق کی دو صورتیں ہیں، ایک مداہنت ہے اور دوسری مدارات۔ مداہنت شرعاً ممنوع اور حرام ہے اور مدارات جائز بلکہ اس سے اگر دینی فائدہ ہوسکتا ہے تو شرعاً مطلوب ہے۔ پہلے اس موضوع کے تمام پہلوؤں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے ارشادات ملاحظہ فرمائیں:

(1) وَدُّوْا لَوْ تُدْهِنُ فَيُدْهِنُوْنَ ۝ ترجمہ: ''انہوں نے یہ چاہا کہ اگر آپ (دین کے معاملے میں) ان سے (بے جا) نرمی کریں، تو وہ بھی نرم ہو جائیں گے، (القلم:9)''۔

(2) وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ ۙ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ اَوْلِيَآءَ ثُمَّ لَا تُنْصَرُوْنَ ۝۔

ترجمہ: ''اور تم ان لوگوں سے میل جول نہ رکھو، جنہوں نے ظلم کیا ہے، ورنہ تمہیں بھی (دوزخ کی) آگ لگ جائے گی، اور اللہ کے سوا تمہارے کوئی مددگار نہیں ہوں گے، پھر تمہاری مدد نہیں کی جائے گی، (ہود:113)''

Marfat.com

يَآ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّيْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ۔

ترجمہ: ''اے ایمان والو! میرے دشمنوں کو اور اپنے دشمنوں کو دوست نہ بناؤ، تم ان کی طرف دوستی کا پیغام بھیجتے ہو، حالانکہ وہ اس حق کا کفر کرتے ہیں، جو ان کے پاس آچکا ہے، (الممتحنہ:1)''۔

**مداہنت کی تعریف:**

مداہنت یہ ہے کہ کوئی مومن خلافِ شرع کوئی برائی دیکھے اور قدرت کے باوجود اس سے منع نہ کرے، روک ٹوک نہ کرے، اس رویے کے محرّکات کئی ہو سکتے ہیں، مثلاً (الف) دینی بے غیرتی اور بے حمیتی (ب) اس بات سے شرمائے کہ دوسرے اسے دقیانوسی اور قدامت پسند کہیں گے (ج) دنیوی مفاد اور طمع کے سبب کسی با اثر یا با اختیار شخص کی خلافِ شرع حمایت کی بنا پر ایسا کرے۔

**مدارات کی تعریف:**

مدارات یہ ہے کہ لوگوں کے ساتھ حسنِ اخلاق سے پیش آئے، بے جا سختی نہ برتے، کسی دینی حکمت یا مصلحت کے تحت نرمی سے پیش آئے۔ اور کبھی ایسا بھی ہو سکتا ہے کہ کسی ظالم و جابر کے ناروا ظلم سے بچنے کے لئے اس سے الجھنے کے بجائے پہلو تہی اختیار کرے۔ ظاہر ہے یہ رخصت ان لوگوں کے لئے ہے جو اہلِ عزیمت و استقامت نہیں ہوتے، طبعاً کم ہمت ہوتے ہیں، اگرچہ دل سے برائی اور برے لوگوں سے نفرت کرتے ہیں۔ علامہ ملا علی القاری رحمہ اللہ تعالیٰ نے مرقات ج:9، ص:331 پر اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اَشِعَّۃُ اللَّمعات ج:4، ص:174 پر اپنے اپنے انداز میں یہ تعریفات بیان کی ہیں، ہم نے ان سے استفادہ کر کے آسان الفاظ میں بیان کر دیا ہے۔

ایک چیز کافروں سے موالات یعنی دوستی اور محبت کا رشتہ قائم کرنا ہے، اس کی بھی قرآن مین ممانعت آئی ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

Marfat.com

لَا یَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ الْکٰفِرِیْنَ اَوْلِیَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِیْنَ

ترجمہ: ''مومن (اپنے) مومن (اہلِ دین) کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بنائیں، (آل عمران:28)''۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ۔

ترجمہ: ''اے ایمان والو! تم ایمان والوں کے سوا کسی کو اپنا راز دار نہ بناؤ، (آل عمران: 118)''۔

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْیَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰٓی اَوْلِیَآءَ بَعْضُهُمْ اَوْلِیَآءُ بَعْضٍ وَمَنْ یَّتَوَلَّهُمْ مِّنْكُمْ فَاِنَّهٗ مِنْهُمْ۔

ترجمہ: ''اے ایمان والو! یہود اور نصاریٰ کو اپنا دوست نہ بناؤ، وہ (مسلمانوں کے خلاف) ایک دوسرے کے حمایتی ہیں اور تم میں سے جو کوئی (مسلمانوں کو چھوڑ کر) انہیں دوست بنائے گا، تو وہ انہی میں سے ہوگا، (المائدہ:51)''۔

وَلَا تَرْكَنُوْٓا اِلَی الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ

ترجمہ: ''اور ظالموں سے میل جول نہ رکھو ورنہ تمہیں بھی دوزخ کی آگ جلائے گی، (ہود: 113)''۔

غیر مسلموں کے ساتھ روزمرّہ کے معاملات

ایک صورت کفار کے ساتھ روزمرّہ معاملات کی ہے، جس میں ان کے ساتھ لین دین، تجارتی معاہدات، معاملات کرنا، اگر ایک دفتر یا ادارے میں کام کر رہے ہیں یا محلے میں رہ رہے ہیں، تو کسی، چاپلوسی اور خوشامد کے بغیر محض انسانی بنیادوں پر حسن اخلاق سے پیش آنا، وہ کسی مصیبت یا مشکل میں گرفتار ہوں تو ان کی مدد کرنا، بشرطیکہ وہ کوئی حرام یا شرعاً ممنوع کام نہیں ہے۔ اتفاقاً کوئی صورت پیش آگئی تو ایک ٹیبل یا ایک دسترخوان پر بیٹھ کر کھانا کھا لینا، بشرطیکہ اس دسترخوان پر کوئی حرام چیز نہ ہو، بعض اوقات بین المذاہب مکالمہ بھی کرنا پڑتا ہے اور اس کے لئے مجلس کا انعقاد ناگزیر ہے۔ یہ رویّہ اسلام کے مفاد

Marfat.com

میں نہیں ہے کہ غیر مسلم یہ سمجھیں کہ مسلمان ان سے بلاوجہ نفرت کرتے ہیں یا یہ لوگ مردم آزار اور انسانیت دشمن ہیں۔اسی طرح اگر غیر مسلموں سے شرعی حدود کے اندر معاہدات، معاملات یا کاروبار کیا ہے تو مسلمان کو امانت و دیانت کے اعلیٰ معیار پر فائز ہونا چاہیے، ان کی کسی بھی خیانت، کِذب، بدعہدی، ملاوٹ اور بد معاملگی کی وجہ سے لوگ اسلام پر طعن کریں گے۔علامہ غلام رسول سعیدی لکھتے ہیں:

''اور مُعامَلتِ مجرّ دہ سوائے مرتدین کے ہر کافر سے جائز ہے جبکہ اس میں کوئی اعانت کفر یا معصیت نہ ہو نہ ہی اِضرارِ اسلام وشریعت (یعنی جس میں شریعت یا اسلام کا نقصان ہو)، ورنہ ایسی معاملت مسلم سے بھی حرام ہے چہ جائیکہ کافر سے، قال تعالیٰ: وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ۔ترجمہ:''گناہ وظلم پر ایک دوسرے کی مدد نہ کرو، (المائدہ:2)''، (تبیان القرآن، جلد:11،ص:844)''۔

امام احمد رضا قادری رحمہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں:

''موالات ومجرد معاملت میں زمین وآسمان کا فرق ہے، دنیوی معاملت جس سے دین پر ضرر نہ ہو سوا مرتدین کے کسی سے ممنوع نہیں، ذمّی (اسلامی ریاست کا غیر مسلم شہری) تو معاملت میں مثل مسلم ہے:لھم مالنا وعلیھم ماعلینا۔ان کے لئے وہی (حقوق) ہیں جو ہمارے لئے ہیں اور جو (فرائض) ان پر ہیں وہی ہم پر ہیں، (یعنی دنیاوی منافع میں ہماری طرح ان کو بھی حصہ دیا جائے گا اور دنیوی مواخذہ ان پر بھی وہی ہوگا جو ایک مسلمان پر کیا جائے گا)۔اور غیر ذمی سے بھی خرید وفروخت ،اجارہ واستیجار ،ہبہ واستیہاب (یعنی ہبہ کا لین دین) بشروطہا (اپنی شرعی شرائط کے مطابق) جائز اور خریدنا مطلقاً ہر مال کا، کہ مسلمان کے حق میں متقوِّم ہو اور بیچنا ہر جائز چیز کا جس میں اعانتِ حرب (یعنی مسلمانوں کے خلاف جنگی مدد کرنا) اور اہانتِ اسلام نہ ہو، اسے نوکر رکھنا جس میں کوئی کام خلافِ شرع نہ ہو، اس کی جائز نوکری کرنا جس میں مسلم پر اس کا استعلا (یعنی اسے دینی امور میں بالادستی دے دی جائے) نہ ہو، ایسے ہی امور میں اجرت پر اس سے کام لینا یا اس کا کام کرنا بمصلحت شرعی اسے ہدیہ دینا

Marfat.com

جس میں کسی رسم کفر کا اعزاز نہ ہو، اس کا ہدیہ قبول کرنا جس سے دین پر اعتراض نہ ہو، حتیٰ کہ کتابیہ سے نکاح کرنا بھی فی نفسہٖ حلال ہے، وہ صلح کی طرف جھکیں تو مصالحت کرنا مگر وہ صلح (منع ہے) جو حلال کو حرام کرے یا حرام کو حلال، یونہی ایک حد تک معاہدہ اور موادعت کرنا بھی اور جو جائز عہد کرلیا اس کی وفا فرض ہے اور غدر (دھوکہ دینا) حرام الیٰ غیر ذالک من الاحکام، (فتاویٰ رضویہ، ج:14، ص:420، 421 رضا فاؤنڈیشن، لاہور)"۔

مسلمانوں کا غیر مسلموں کے عبادت خانوں میں جاکر ان کے طریقے پر عبادت کرنا حرام ہے اور اگر وہ طریقہ اپنی وضع کے اعتبار سے کفر ہے جیسے بتوں کے سامنے سجدہ کرنا یا آگ کی پرستش کرنا یا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مجسمے کے آگے سجدہ کرنا تو یہ کفر ہے۔ اور اس میں یہ عذر مقبول نہیں ہوگا کہ دل میں ایمان ہے اور محض غیر مسلم کی دل داری کے لئے ایسا کیا ہے، شریعت کے احکام کا اطلاق ظاہر حال پر ہوتا ہے۔

امام احمد رضا قادری رحمہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں:

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے ہندوؤں کے ساتھ مندر میں عبادت کئے جانے کی بابت سوال ہوا، آپ نے جواب میں لکھا:

الاشباہ والنظائر میں ہے: عبادۃ الصنم کفر ولا اعتبار بما فی قلبہ و کذا لو تزنر بزنار الیھود والنصاریٰ دخل کنیستھم اولم یدخل۔

ترجمہ: "بت کی پوجا کرنا کفر ہے اور جو کچھ اس کے دل میں ہے اس کا کوئی اعتبار نہیں اور اسی طرح اگر کسی نے یہودیوں اور عیسائیوں کا زنار گلے میں باندھا (اس نے بھی کفر کیا)، خواہ وہ ان کے گرجوں (چرچ) میں داخل ہو یا نہ ہو، (۲) سائل یہ پوچھتا ہے کہ وہ حرکاتِ ملعونہ جائز ہیں یا نہیں، یہ پوچھے کہ کفر ہے یا نہیں، ان کی عورتیں نکاح سے نکلیں یا نہیں ان حرکات سے، جامع الفصولین منح الروض الازہر میں ہے: من خرج الی السدۃ (قال القاری ای مجمع اھل الکفر) کفر لان فیہ اعلان الکفر و کانہ اعان علیہ۔

ترجمہ: "جو کوئی (دارالاسلام کو چھوڑ کر) کفار و مشرکین کے مجمع میں جائے (السّدۃ،

Marfat.com

محدث وفقیہ ملا علی قاری نے فرمایا: اس کا معنی مجمع اہل کفر ہے ) تو وہ کافر ہوگیا، کیونکہ اس میں کفر کا اعلان ہے، گویا وہ کفر پر ان کی امداد کر رہا ہے، وہ مزید لکھتے ہیں: کفر کے اہتمام میں شریک ہونا اور اس پر راضی ہونا کفر ہے، الرضا بالکفر کفر (کفر پر راضی ہونا کفر ہے) وہ لوگ اسلام سے نکل گئے اور انکی عورتیں ان کے نکاح سے، (فتاویٰ رضویہ، جلد 21،ص:296،رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔

علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں :فی "التاتر خانیة":یکرہ للمسلم الدخول فی الْبِیْعَةِ وَالْکَنِیْسَةِ، وَاِنَّمَا یکرہ من حیث انہ مَجْمَعُ الشیاطین لا من حیث انہ لیس لہ حق الدخول قال فی "البحر"والظاھر انھا تحریمیة لانھا المرادۃ عنداطلاقھم، وقد افتیت بتعزیر مسلم لازم الکنیسةمع الیھود۔ فاذا حرمت دخول فالصلوٰۃ اولیٰ۔

ترجمہ:'' تاتارخانیہ میں ہے: یہودیوں کی عبادت گاہ اور عیسائیوں کے گرجے (چرچ) میں کسی مسلمان کا داخل ہونا مکروہ ہے اس لئے کہ وہ شیاطین کے جمع ہونے کی جگہ ہے اس لئے نہیں کہ وہاں داخل ہونے کا حق نہیں ہے'' بحرالرائق'' میں فرمایا ظاہر یہ ہے کہ کراہت سے مراد کراہتِ تحریمی ہے کیونکہ جب مطلقاً مکروہ بولا جائے، تو اس سے'' کراہتِ تحریمی'' مراد ہوتی ہے،(فقہاء کرام نے) ایسے مسلمان کو سزا دینے کا فتویٰ دیا ہے جو یہودیوں کے ساتھ ان کے معبد (گرجا) میں مستقل آتا جاتا رہتا ہو، پس جب وہاں داخل ہونا حرام قرار پایا، تو نماز پڑھنا بدرجۂ اولیٰ حرام ہے،(ردالمحتار علی الدر المختار جلد 2،ص:40، داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔البتہ یہود ونصاریٰ کے مذہبی رہنماؤں کے ساتھ مکالمے کے لئے مسلمانوں کے رہنما ان کی عبادت گاہوں میں جائیں، مشترکہ عبادت مقصود نہ ہو بلکہ ان کے طریقِ عبادت کا مشاہدہ مقصود ہو، تو یہ مباح ہے۔ غیر مسلم ممالک میں بعض اوقات مسلمانوں رہنماؤں کو غیر مسلم مذہبی رہنماؤں کے ساتھ امن اور عدل کے مشترکہ مقاصد کے لئے بیٹھنا پڑتا ہے، اس کی رخصت ہے۔ اسی طرح اگر اہلِ مذاہبِ سماوی دنیا میں

Marfat.com

ریاستی وگروہی ظلم اور جبر وتشدد کے خلاف بلاامتیاز مذہب انسانیت کے مفاد میں مشترکہ آواز بلند کریں، تو اس کی رخصت ہے۔

## آثارِ قیامت میں ''تقارُبِ زمانی'' کا مفہوم

**سوال:8**

رسول اللہ ﷺ نے جو مختلف آثارِ قیامت بیان فرمائے ہیں، ان میں ایک یہ بیان کیا جاتا ہے کہ ''زمانے میں قربت ہو جائے گی'' اس سے کیا مراد ہے؟۔ (محمد انس محبوب، ایبٹ آباد)

**جواب:**

یہ درست ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے علاماتِ قیامت متعدد بیان فرمائی ہیں، جنہیں اصطلاح محدثین میں ''اَشراط الساعة'' کے عنوان کے تحت کتب احادیث میں جمع فرمایا ہے، انہی روایات میں ہے: عن انس بن مالک قال: قال رسول اللہ ﷺ: لا تقوم الساعة حتیٰ یتقارب الزمان فتکون السنة کالشھر والشھر کالجمعه وتکون الجمعة کالیوم ویکون الیوم کالساعة وتکون الساعة کالضرمة۔
ترجمہ: ''حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت قائم نہیں ہوگی یہاں تک کہ زمانہ باہم قریب ہو جائے گا، پھر سال مہینے کی طرح ہو جائے گا اور مہینہ ہفتے کی طرح، اور ہفتہ دن کی مانند اور دن ایک گھڑی کی مانند اور ایک گھڑی چنگاری کی مانند ہو جائے گی، (سنن الترمذی، رقم الحدیث:2332 مطبوعہ دارالکتب العلمیہ، بیروت)''۔
''تقارب زمانی'' کے حقیقی اور قطعی معنی کیا ہیں؟، یہ تو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مکرم ﷺ ہی کو معلوم ہے، لیکن ہماری فہمِ ناقص میں جو معنی ومفہوم بظاہر مراد ہو سکتے ہیں، وہ یہ ہیں:

(1) یہ کہ زمانے سے برکت اٹھ جائے گی، اور مقاصدِ خیر کے لئے اس کی افادیت کم ہو جائے گی۔

(2) لوگ اپنے مشاغلِ دنیا اور لہو ولعب میں اس قدر مشغول ہو جائیں گے کہ اعمالِ خیر اور

Marfat.com

فکرِ آخرت کے لئے ان کے پاس فرصت ہی نہیں ہوگی، ترغیباتِ دنیا میں مشغولیت، فراوانی تعیّشات، فواحش ومنکرات کا عام ہونا اور خواہشاتِ نفس کے پیروکاروں کے لئے ان کا حصول آسان ہونا اوران میں ہمہ وقتی انہماک، کثرتِ مال کی خواہش اور حصول، ان لذات میں انسان اتنا کھوجائے گا کہ اسے سال مہینوں میں، مہینے ہفتوں اور ہفتے دنوں میں اور دن لمحوں میں اور لمحے آگ کے شراروں تک گزرتے ہوئے محسوس ہوں گے، لیکن لذّتِ کام ودھن، ہوائے نفس اور جنسی شہوات کی پیاس بجھ نہیں پائے گی۔

(3) جس طرح رنج والم، دردوکرب اور آفت وبلا کے زمانے میں ایک ایک پَل کا گزرنا دشوار ہوجاتا ہے، لگتا ہے کہ وقت ٹھہر گیا ہے، ایک ایک گھڑی قیامت بن کر گزررہی ہے، حالانکہ کمّیت کے اعتبار سے شب وروز اور مہ وسال کے پیمانے وہی ہوتے ہیں، گردشِ لیل ونہار کا دورانیہ وہی رہتا ہے، لیکن مصیبت کا ایک ایک پَل بھاری ہوجاتا ہے۔

یہ ایسا ہی ہے جیسے وقت یا مکان کی مقدار اور ظرفیت تو وہی رہتی ہے، لیکن برکت سے کیفیتِ اجر اور مقدارِ اجر میں غیر معمولی اضافہ ہوجاتا ہے۔

ذیل میں احادیث ملاحظہ کیجئے:

(1) عن ابی ھریرۃ رضی اللّٰہ عنہ قال: قال رسول اللّٰہ ﷺ فی الجماعۃ تضعف علیٰ صلوتہ فی بیتہ وفی سوقہ خمسا وعشرین ضعفا۔

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی شخص کے گھر پر یا بازار میں نماز پڑھنے کے مقابلے میں باجماعت نماز پڑھنے کا ثواب پچیس گنا زیادہ ہے، (صحیح بخاری ومسلم)''۔

(2) عن عبد اللّٰہ بن عمر قال: قال رسول اللّٰہ ﷺ: صلوٰۃ الجماعۃ تفضل صلوٰۃ الفَذِّ بسبع وعشرین درجۃ۔

ترجمہ: ''عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: باجماعت نماز کا ثواب انفرادی نماز سے ستائیس درجے زیادہ ہے، (صحیح بخاری ومسلم)''۔

Marfat.com

(3)عن انس بن مالک قال : قال رسول اللہ ﷺ : صلوۃ الر جل فی بیتہ بصلوۃ وصلوتہ فی مسجد القبائل بخمس وعشرین صلوٰۃ وصلوتہ فی مسجد الذ ی یجمع فیہ بخمس مائۃ صلوٰۃ وصلوتہ فی المسجد الا قصیٰ بخمسین الف صلوۃ وصلوٰتہ فی مسجد ی بخمسین الف صلوۃ وصلوتہ فی المسجد الحرام بماۂ الف صلوٰۃ۔

ترجمہ: ''انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی شخص کے گھر پر (فرض) نماز پڑھنے کا ثواب ایک نماز کے برابر ہے، اوراس کا اپنے (محلے یا) قبیلے کی مسجد میں نماز پڑھنے کا ثواب 25 نمازوں کے برابر ہے، اوراس جامع مسجد میں پڑھنے کا ثواب 500 نمازوں کے برابر ہے، اوراس کا مسجد اقصیٰ اور مسجد نبوی میں نماز پڑھنے کا ثواب پچاس ہزار نمازوں کے برابر ہے اوراس کا مسجد الحرام میں نماز پڑھنے کا ثواب ایک لاکھ نمازوں کے برابر ہے، (ابن ماجہ)''۔

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ عبادت ایک ہی ہے لیکن مقامات کے اعتبار سے اجر وثواب کے پیمانے بڑے ہوجاتے ہیں، اسے ہم برکت سے تعبیر کرتے ہیں، جیسے: شب قدر کی فضیلت ایک ہزار مہینوں کے برابر ہے (سورۃ القدر:3)۔

تقارب زمانی کا ایک معنی یہ ہوسکتا ہے، جیسے رسول اللہ ﷺ نے اپنی درمیانی انگلی اور شہادت کی انگلی کو کشادہ کر کے فرمایا: بعثت اناوالساعۃ کھاتین وجمع بین اصبعیہ۔

ترجمہ: ''میرے اور قیامت کے درمیان اتنا ہی فاصلہ ہے، جیسے میری ان دوانگلیوں کے درمیان''، (سنن ابن ماجہ: رقم الحدیث 4040 دارالفکر، بیروت)''۔

قرآن نے بھی فرمایا: اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ۔ ترجمہ: ''قیامت قریب آ گئی اور چاند شق ہوکر (دوٹکڑے) ہوگیا، (سورۃ القمر:1)''۔ دراصل انگشت ہائے مبارک کا درمیانی فاصلہ اگر چہ کم ہے، لیکن آپ نے پورے کرۂ زمین کا نقشہ بنا ہوا دیکھا ہوگا جو چندفٹ کے کاغذ پر سما جاتا ہے، مگراس میں نیچے اسکیل لکھا ہوتا ہے، کہ اس نقشے میں ایک انچ کی لکیر کئی ہز

Marfat.com

ارمیٹر کو تعبیر کررہی ہے، ہوسکتا ہے کہ یہی کیفیت حضور ﷺ کی مبارک انگلیوں کے درمیانی فاصلے کی ہو۔(4) چونکہ رسول اللہ ﷺ کو اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ علم غیب سے معلوم تھا کہ ابتدائے تخلیق کائنات سے آپ کے عہد مبارک تک کتنا طویل عرصہ گزر چکا ہے، اللہ ہی جانتا ہے کہ کتنے کروڑ سال گزر چکے ہیں، ماہرین ارضیات اپنے علم طبیعات وارضیات کے مطابق بعض چیزوں کی عمر کروڑوں سال بتاتے رہتے ہیں، تو علم نبوت میں ان کروڑوں سال کے مقابلے میں قیامِ قیامت تک اتنی ہی مدت باقی ہو جسے آپ نے تقابل کرتے ہوئے دو انگلیوں کے درمیانی فاصلے سے تعبیر کیا، اور جوں جوں قیامت قریب ہوتی چلی جائے گی، کائنات کی عمر اپنی کل مدت تخلیق کے اعتبار سے اسی طرح سمٹی ہوئی نظر آئے گی۔

## زمانے کو برا کہنے کی ممانعت

**سوال** 9:

عام طور پر دیکھنے میں آیا ہے کہ لوگ غلطی کرتے ہیں، گناہ کرتے ہیں، انہیں اس پر ٹوکا جائے تو یہ جواز پیش کرتے ہیں کہ کیا کریں زمانہ ہی برا ہے، پہلے کہتے تھے "چودہویں صدی ہے"، اب کہتے ہیں: "پندرہویں صدی ہے" یہ سب کچھ تو ہونا ہے، کیا یہ رویہ یا طرزِ عمل درست ہے؟ شریعت مطہرہ اور کتاب وسنت کی روشنی میں جواب دیجیے۔ (نعیم الرحمٰن، کوہاٹ)۔

**جواب** :

یہ سوچ، یہ اندازِ فکر بالکل غلط اور باطل ہے، یہ وہی فریب نفس ہے اور اغواءِ نفس ہے جس سے بچنے کے لئے رسول اللہ ﷺ اپنے خطبے میں تعلیم امت کے لئے ارشاد فرمایا کرتے تھے: "نعوذ باللہ من شرور انفسنا" یعنی اے اللہ! ہم اپنے نفس کی شرارتوں اور فکری کجروی سے تیری پناہ میں آتے ہیں۔ "زمانہ" کیا ہے، گردش لیل ونہار کا نام ہے، مرورِ ایام کا نام ہے، دنوں، ہفتوں اور ماہ وسال کے گزرنے کا نام ہے، سورج وہی ہے، چاند وہی ہے، زمین وہی ہے، نظامِ قدرت بھی وہی ہے، لہٰذا زمانے کا کیا قصور؟ قصور

Marfat.com

ہر شخص کا اپنا ہے، کوتاہی عمل ہر ایک کی اپنی ہے، اور ہر ایک اپنے عمل کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جوابدہ ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ۝۲۱-

ترجمہ: ''ہر شخص اپنے اعمال کے عوض رہن ہے''، (الطّور:21)۔

اور ارشاد باری تعالیٰ ہے: ''كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ''، ترجمہ ''ہر شخص اپنے عمل کے بدلے رہن ہے''، (المدثر:38)۔

اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُوْلًا،

ترجمہ: ''بلا شبہ (قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کی عطا کی ہوئی) سماعت بصارت اور فہم وادراک (کی ساری صلاحیتوں) کے بارے میں باز پرس ہوگی''، (بنی اسرائیل:36)۔

لہٰذا کسی شخص کا اپنی کوتاہی فکر وعمل کے لئے زمانے کو برا کہنا یا اسے جواز بنانا ہرگز درست نہیں ہے، حدیث پاک میں ہے: عن ابی هريرة رضی الله تعالىٰ عنه قال: قال النبی ﷺ: " قال الله :يؤذينی ابن آدم،يسبّ الد هر وانا الد هر، بيدی الامر، اقلب الليل والنها ر۔

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: بنی آدم مجھے اذیت دیتا ہے، (وہ اس طرح کہ) وہ دہر (زمانے) کو گالی دیتا ہے، حالانکہ ''دہر'' تو میں ہوں، زمانے پر قبضہ واختیار میرا ہی ہے، گردش ولیل ونہار میں کرتا ہوں، (صحیح بخاری ومسلم رقم الحدیث 6181-7491)''۔ اس حدیث کی شرح میں علامہ یحییٰ بن شرف الدین نووی لکھتے ہیں: اس حدیث میں اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد: اناالدّھر (یعنی میں زمانہ ہوں) اور یہ اطلاق مجازی ہے، اس کا معنی یہ ہے کہ میں زمانے اور زمانے کے اندر پیدا ہونے والے حوادث وواقعات کا خالق ہوں، اس کا سبب یہ ہے کہ زمانۂ جاہلیت میں لوگوں کی عادت تھی کہ جب کوئی اندوہناک حادثہ ہوتا تو وہ زمانے کو برا کہتے تھے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: زمانے کو برا مت کہو، کیونکہ جن مصائب وحوادث کی بنا پر تم زمانے کو برا کہہ رہے ہو، وہ تمام حوادث اللہ تعالیٰ کے پیدا کئے ہوئے ہیں، کیونکہ

Marfat.com

وہی ہر چیز کا خالق ہے، (شرح صحیح مسلم للنووی ج 2 ص 237 مطبوعہ نور محمد اصح المطابع، کراچی)۔اس حدیث کی شرح میں علامہ امام حافظ بن احمد بن علی بن حجر عسقلانی لکھتے ہیں :ایک روایت میں یہ بھی ہے: ولا تقولوا خیبة الدھر ،یعنی یوں نہ کہو کہ ہائے زمانے کی محرومی، ناکامی، آگے چل کر وہ فرماتے ہیں: زمانے کو برا کہنے سے روکنے کا مطلب یہ ہے کہ ایسے لوگوں کا رد ہے جو زمانے کو حوادث وآفات کا فاعل حقیقی یا مؤثر حقیقی مانتے ہیں، یہ نظریہ باطل ہے، کیونکہ فاعل حقیقی تو صرف اللہ تعالیٰ ہے، جب مصائب نازل کرنے والے کو برا کہو گے، تو یہ "برا کہنا" اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹے گا، لہٰذا اس حدیث کے ظاہری کلمات کی تین تاویلیں ہوسکتی ہیں، ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ ہی زمانے میں ہونے والے جملہ امور کی تدبیر فرمانے والا ہے، دوسری یہ کہ: اللہ تعالیٰ ہی زمانے کا مالک ومختار ہے، تیسری یہ کہ: اللہ تعالیٰ ہی گردشِ لیل ونہار فرمانے والا ہے، اسی لئے ان کلمات کے بعد فرمایا: "بیدی اللیل والنھار "، شب وروز کا نظام میرے دست قدرت میں ہے، (فتح الباری، شرح صحیح البخاری، ج:10، ص:565۔564)"۔

چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيۡلَ وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ لَعِبۡرَةً لِّاُولِى الۡاَبۡصَارِ۔

ترجمہ: "اللہ تعالیٰ گردشِ لیل ونہار کا (نظام) فرماتا ہے، بلاشبہ اس میں اہل عقل وخرد کے لئے (بڑی) نصیحت ہے، (النور:44)"۔

Marfat.com

# کتاب الطهارة

Marfat.com

# غسل کے بعد وضو

**سوال**:10

پاک ہونے کے لئے غسل کا طریقہ کیا ہے؟ کیا غسل کرنے کے بعد وضو کرنا ضروری ہے؟، (عبدالجبار پردیسی، لانڈھی)۔

**جواب**:

آپ کے سوال سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ غسلِ واجب کا طریقہ دریافت کررہے ہیں، ناپاکی یا جنابت کی حالت میں غسل کا طریقہ یہ ہے: پہلے دونوں ہاتھ گٹوں تک دھوئیں، بدن پر جہاں کہیں نجاست لگی ہو، اس کو دور کریں، پھر وضو کریں، پھر تین مرتبہ داہنے کندھے پر اور تین مرتبہ بائیں کندھے پر پانی بہائیں، پھر سر پر اور تمام بدن پر تین مرتبہ پانی بہائیں۔ اور اگر ایک ساتھ سارے بدن پر تین مرتبہ پانی بہادیا، جیسے آج کل شاور کے نیچے غسل کرتے ہیں، تو بھی درست ہے اور کسی نہر یا بڑے تالاب میں بھی غسل کرسکتے ہیں۔

عن عائشة رضی اللہ عنها قالت كانت رسول الله ﷺ اذااغتسل من الجنابة دعابشئی نحو الحلاب فاخذ بكفه بدأبشق رأسه الايمن، ثم الايسر، ثم اخذ بكفيه فقال بهما علىٰ رأسه۔

ترجمہ: ''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب غسل جنابت کا ارادہ کرتے، تو (دودھ دان کی قسم کا) ایک برتن منگواتے، پھر اس سے پانی لے کر پہلے سر کی دائیں جانب دھوتے، پھر بائیں جانب، پھر دونوں ہاتھوں سے پانی لے کر سر پر بہاتے، (صحیح مسلم، رقم الحدیث: 710)''۔ غسلِ جنابت میں کلی کرنا اور ناک میں اندر تک پانی ڈالنا فرض ہے، غسلِ طہارت اور غسلِ مسنون میں فرض نہیں، سنت ہے۔ غسل کرنے کے بعد نماز پڑھنے کے لئے وضو کی ضرورت نہیں رہتی، اگر غسل میں پورے بدن پر

Marfat.com

پانی ڈالنے سے پہلے صحیح طریقے سے کلی کرلی ہے اور ناک میں پانی ڈال لیا ہے، تو اب غسل کے بعد وضو کی ضرورت نہیں ہے، غسل کے لئے نیت کرنا سنت ہے۔

## بچے کی پیدائش کے بعد زچہ اور بچہ کا غسل

**سوال:** 11

کئی ایک گھرانوں میں جب بچے کی پیدائش ہوتی ہے، تو پیدائش کے وقت بچے کو غسل دینے کے بعد چالیس روز تک نہ ماں غسل کرتی ہے، اور نہ ہی بچے کو غسل دیا جاتا ہے، کیا یہ عمل صحیح ہے یا غلط؟، (برکت علی، گلشن اقبال، کراچی (معرفت دین ودانش، روزنامہ ایکسپریس)۔

**جواب:**

بچے کی پیدائش کے بعد ضرورت کے وقت اس بچے کو غسل دینے کی کوئی ممانعت نہیں ہے اور یہ نظریہ غلط ہے کہ ایک مرتبہ غسل دینے کے بعد اسے دوبارہ غسل نہیں دے سکتے، سوائے اس کے کہ ڈاکٹر طبی طور پر غسل دینے کو اس کے لئے نقصان دہ قرار دے۔ بچے کی پیدائش کے بعد ماں (زچہ) کے رحم سے جو خون جاری ہوتا ہے، اس کو نفاس کہتے ہیں، شرعی اعتبار سے نفاس کی زیادہ سے زیادہ مدت چالیس دن ہے، اگر چالیس دن تک اس کا خون جاری رہتا ہے، تو اس عرصے میں وہ شرعی طور پر ناپاک رہے گی، اور ان ایام میں وہ نماز نہیں پڑھے گی اور نہ ہی بعد میں اس پر ان نمازوں کی قضا ہے، اسی طرح اس کے لئے قرآن کو چھونا اور زبانی قرآن کی تلاوت کرنا بھی منع ہے، البتہ کلماتِ قرآن بطورِ ذکر، تسبیح ودعا پڑھ سکتی ہے۔ اگر خون چالیس دن کے بعد بھی جاری رہتا ہے، تو اب یہ "نفاس" نہیں ہے، بلکہ وہ غسل کرکے پاک ہوجائے اور نمازوں کا سلسلہ شروع کردے، ہاں اگر خون اتنی دیر بھی نہ رکتا ہو کہ ایک وقت کی نماز پڑھ لے، تو ہر نماز کے لئے تازہ وضو کرکے نماز پڑھ لیا کریں (وضو سے پہلے خون آلود مقام دھولیں)، اور اس وقت کے اندر مزید جتنی قضا نمازیں، نوافل وغیرہ پڑھ سکتی ہوں، پڑھ لیں اور تلاوت بھی کرسکتی ہیں۔ شرعاً نفاس کی کم از کم کوئی مقرر مدت نہیں ہے، بس جس دن خون رک جائے، وہ غسل کرکے پاک ہولے اور نماز کا سلسلہ شروع کردے، اگر نہیں کرے گی، تو گنہگار ہوگی اور وہ نمازیں اس

Marfat.com

کے ذمے قضا ہوں گی۔ تاہم جب تک نفاس کا سلسلہ جاری ہے، وہ شرعی پاکی کے لئے تو غسل نہیں کرے گی، البتہ جسمانی میل پسینہ دور کرنے کے لئے، طبیعت کے تکدر اور انقباض کو دور کرنا چاہے تو غسل کرسکتی ہے۔

Marfat.com

# کتاب الصلوٰۃ

Marfat.com

# طلوعِ آفتاب سے پہلے نمازِ عید

**سوال:12**

طلوعِ آفتاب ہونے پر کتنی دیر تک نماز پڑھنا مکروہ ہے؟ ایک دیو بندی امام نے نمازِ عید الاضحیٰ کی جماعت صبح سات بج کر پچیس منٹ پر کھڑی کر دی جبکہ اس روز طلوعِ آفتاب سات بج کر سترہ منٹ پر تھا۔ کیا ان کی نمازِ عید ہوگئی یا نہیں؟ نیز کورنگی میں واقع دارالعلوم کراچی کے نماز سے متعلق نظام الاوقات کے نقشے کے مطابق طلوعِ آفتاب کے بعد صرف دس منٹ تک نماز پڑھنا مکروہ ہے جبکہ ہم اہلسنت و جماعت کے یہاں طلوعِ آفتاب سے لے کر بیس منٹ تک مکروہ وقت ہے، جیسا کہ بہار شریعت وغیرہ کتب میں مذکور ہونے کے ساتھ ساتھ عمل بھی اسی پر ہے۔ آپ سے گذارش ہے کہ اس مسئلہ پر تفصیلی اور مدلل روشنی ڈالیں، (عبداللہ قادری، کراچی)۔

**جواب:**

اوقات مکروہہ (طلوع، غروب اور نصف النہار شرعی) ان تینوں وقتوں میں کوئی نماز نہ فرض نہ واجب نہ نفل نہ ادا نہ قضا یونہی سجدۂ تلاوت بھی جائز نہیں ہاں اگر اس دن کی نمازِ عصر ادا نہ کی ہو تو اگرچہ سورج غروب ہو رہا ہو تو بھی پڑھ لے۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

ثلاث ساعات لا تجوز فیھا المکتوبۃ ولا صلاۃ الجنازۃ ولا سجدۃ التلاوۃ اذا طلعت الشمس حتی ترتفع وعند الانتصاف الی أن تزول وعند احمرارھا الی أن تغیب الّا عصر یومہ ذالك فانہ یجوز اداؤہ عند الغروب ھکذا فی فتاویٰ قاضی خان۔

ترجمہ: ''تین ساعتیں جن میں کسی قسم کی نماز، نمازِ جنازہ، سجدۂ تلاوت جائز نہیں، جب سورج طلوع ہونا شروع ہو یہاں تک کہ بلند ہو جائے اور نصف النہار شرعی سے نصف

Marfat.com

النہار حقیقی یعنی آفتاب ڈھلنے تک ہے، آفتاب کے زرد ہونے سے غروب تک مگر یہ کہ اس دن کی نمازِ عصر غروب کے وقت بھی پڑھ لے، فتاویٰ قاضی خان میں اسی طرح ہے، (فتاویٰ عالمگیری جلد 1 ص:54 مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں:

''جب سے آفتاب کی کرن چمکے اس وقت سے بیس منٹ گزرنے تک نماز ناجائز اور وقتِ کراہت ہوا، اور ادھر جب غروب کو بیس منٹ رہیں، بوقت کراہت آجائے گا، اور آج کی عصر کے سواء ہر نماز منع ہوجائے گی، (فتاویٰ رضویہ جلد:5،ص:138، مطبوعہ: رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔ سائل کے مطابق مذکورہ دیوبندی امام نے سات بج کر پچیس منٹ پر عید کی نماز کھڑی کردی، یہ نماز مکروہ ہوئی، کیونکہ طلوعِ آفتاب اور نماز میں آٹھ منٹ کا وقفہ ہوا اور امام احمد رضا قادری کے نزدیک طلوعِ آفتاب کے کم از کم بیس منٹ بعد نماز پڑھنی چاہئے، اس سے پہلے پڑھی تو مکروہ ہوگی۔ دارالعلوم کراچی کے نظام الاوقات کو بھی اگر صحیح مان لیا جائے، تو اس کی رو سے بھی طلوعِ آفتاب کے دس منٹ بعد تک نماز پڑھنا مکروہ ہے، اور استفتاء میں درج صورتِ مسئلہ کے مطابق مذکورہ امام نے طلوعِ آفتاب کے آٹھ منٹ بعد نمازِ عید کی جماعت کھڑی کی، لہٰذا سب کی نماز مکروہ ہوئی اور اس کی ذمہ داری امام پر عائد ہوتی ہے۔ نمازِ عید سے متعلق علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

ووقت صلاۃ العیدین مِن حین تبیض الشمس الی ان تزول کذافی السراجیۃ وکذا فی التبیین۔ والافضل أن یعجل الاضحی ویؤخر الفطر کذا فی الخلاصہ۔

ترجمہ: ''اور نمازِ عیدین کی ادائیگی جب سورج روشن ہوجائے، سے اس کے زوال (نصف النہار شرعی) تک ہے، ''سراجیہ'' اور ''تبیین'' میں اسی طرح ہے عیدالاضحیٰ میں جلدی اور عیدالفطر میں تاخیر کرنا افضل ہے، ''خلاصہ'' میں اسی طرح ہے، (فتاویٰ عالمگیری جلد 1 ص:150 مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

طلوع سے مراد آفتاب کا کنارہ ظاہر ہونے سے اس وقت تک ہے کہ اس پر نگاہیں خیرہ

Marfat.com

ہونے لگیں جس کی مقدار کنارہ چمکنے سے بیس منٹ تک ہے۔

## تارکِ صلوٰۃ کا شرعی حکم

**سوال**:13

بے نمازی کے لئے شریعت میں کیا حکم ہے؟، کچھ لوگ کہتے ہیں کہ ترک نماز کرنے والا کافر ہو جاتا ہے؟، (محمد عمیر، بلدیہ ٹاؤن کراچی)۔

**جواب**:

نماز اسلام کا بنیادی رکن ہے، رسول اللہ ﷺ نے اسلام کے پانچ بنیادی ارکان کو بیان کرتے ہوئے توحید و رسالت کی شہادت کے بعد نماز کا ذکر فرمایا۔قرآن میں ترکِ نماز پر بڑی وعید آئی ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

فَخَلَفَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ اَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿۵۹﴾

(1) ترجمہ: ''پھر ان کے بعد ایسے ناخلف آئے، جنہوں نے نمازیں ضائع کیں اور خواہشات کی پیروی کی، تو عنقریب وہ (جہنم کے گڑھے) غیّ میں جا گریں گے، (مریم:59)''

كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا كَسَبَتْ رَهِيْنَةٌ ﴿۳۸﴾ اِلَّآ اَصْحٰبَ الْيَمِيْنِ ﴿۳۹﴾ فِيْ جَنّٰتٍ ۛ يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۴۰﴾ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ﴿۴۱﴾ مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ﴿۴۲﴾ قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ ﴿۴۳﴾ وَ لَمْ نَكُ نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ﴿۴۴﴾

(2) ترجمہ: ''ہر شخص اپنے عمل کے بدلے میں گروی ہے، سوائے دائیں طرف والوں کے، وہ جنتوں میں (ہوں گے اور) مجرموں کے بارے میں ایک دوسرے سے پوچھ رہے ہوں گے، (پھر وہ مجرموں سے کہیں گے) کون سا جرم تمہارے دوزخ میں داخل ہونے کا سبب بنا؟، وہ کہیں گے، ہم نماز پڑھنے والوں میں سے نہ تھے، اور ہم مسکین کو کھانا نہیں کھلاتے تھے، (المدثر:44-38)''۔

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ ﴿۴﴾ الَّذِيْنَ هُمْ عَنْ صَلَاتِهِمْ سَاهُوْنَ ﴿۵﴾

(3) ترجمہ: ''سو ان نمازیوں کے لئے ہلاکت ہے جو اپنی نمازوں سے غفلت کرتے ہیں،

Marfat.com

(الماعون:5-4)''۔

اِنَّ الْمُنٰفِقِیْنَ یُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَ هُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَ اِذَا قَامُوْۤا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ یُرَآءُوْنَ النَّاسَ وَ لَا یَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِیْلًا ﴿۱۴۲﴾

(4) ترجمہ: '' بے شک منافق اپنے (زعم میں) اللہ کو دھوکہ دے رہے ہیں، درآں حالیکہ اللہ ان کو دھوکے کی سزا دینے والا ہے، اور جب وہ نماز کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو سستی (اور بے دلی) سے اور وہ اللہ کا ذکر (تو) بہت ہی کم کرتے ہیں، (النساء:142)''۔

علامہ علاؤ الدین حصکفی لکھتے ہیں: (هی فرض عين على مكلف-----ويكفر جاحدها) لثبوتها بدليل قطعی (وتاركها عمدا مجانة) أی تكاسلا فاسق (يحبس حتى يصلی) لانه يحبس لحق العبدفحق الحق احق۔ الخ

ترجمہ: '' ہر مکلّف یعنی عاقل و بالغ پر نماز فرض عین ہے، اس کی فرضیت کا منکر کافر کیونکہ نماز کا ثبوت دلیلِ قطعی سے ہے اور جو قصداً چھوڑے، (اگرچہ ایک ہی وقت کی)، وہ فاسق ہے، (جو نماز نہ پڑھتا ہو) اسے قید کیا جائے گا، یہاں تک کہ (وہ توبہ کرے) اور نماز پڑھنے لگے، کیونکہ جب بندے کے حق کی وجہ سے قید کیا جاتا ہے تو اللہ کا حق اس کا زیادہ حقدار ہے کہ (اس کی نافرمانی پر) اسے قید کیا جائے۔

نمازی کے حکم کے بارے میں ائمہ کے اقوال نقل کرتے ہوئے علامہ شامی لکھتے ہیں:

(قوله وعندالشافعی يقتل) وكذا عند مالک واحمد وفی رواية عن احمد وهی المختارة عندجمهور اصحابه انه يقتل كفراوبسط ذالک فی الحلية۔

ترجمہ: '' صاحب درمختار کا قول کہ وعندا لشافعی یقتل یعنی امام شافعی کے نزدیک بے نمازی کو قتل کیا جائے گا اور امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا بھی یہی مذہب ہے اور یہی مذہب امام احمد بن حنبل کا بھی ہے اور امام احمد بن حنبل سے ایک قول جو کہ ان کے اصحاب کے نزدیک قولِ مختار بھی ہے یہ منقول ہے کہ (بے نمازی کو) ان کے کافر ہونے کی وجہ سے قتل کیا جائے گا اور حلیہ میں میں اس مسئلے کو تفصیل سے بیان کیا گیا ہے، (ردالمحتار علی الدرالمختار جلد 2

Marfat.com

ص:6,7 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

اسی طرح احادیث مبارکہ میں بھی ترکِ نماز پر وعید آئی ہے:

(1) عن جابر قال: قال رسول اللہ ﷺ: بین العبد و بین الکفر ترک الصلوۃ۔

ترجمہ: ''بندے اور کفر کے درمیان فرق نماز کا ترک ہے، (مشکوٰۃ: بحوالہ صحیح مسلم)''۔

(2) عن عبداللہ بن شقیق قال: کان اصحاب رسول اللہ ﷺ لا یرون شیئامن الاعمال ترکہ کفراغیر الصلوۃ۔

ترجمہ: ''عبداللہ بن شقیق کہتے ہیں: کہ رسول اللہ ﷺ کے اصحاب نماز کے علاوہ کسی بھی عمل کے ترک کو کفر نہیں سمجھتے تھے (یعنی اس کا اعتقاد نہیں رکھتے تھے)، (مشکوٰۃ: بحوالہ ترمذی)''۔

(3) عن ابی الدرداء قال: اوصانی خلیلی ان لا تشرک باللہ شیئا وان قطعت وحرقت ولاتترک صلوٰۃ مکتوبۃ متعمدا فمن ترکھا متعمدا فقد برأت منہ الذمۃ ولا تشرب الخمر فانھا مفتاح کل شر۔

ترجمہ: ''ابوالدرداء بیان کرتے ہیں کہ: مجھے میرے (محبوب) دوست (رسول اللہ ﷺ) نے وصیت فرمائی کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھیرانا خواہ تجھے کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کردیا جائے اور جلا دیا جائے (یہ حکم عزیمت پر مبنی ہے، کم ہمت لوگوں کے لئے حالتِ اکراہ میں قرآن نے رخصت رکھی ہے) اور کسی فرض نماز کو جان بوجھ کر (ہرگز) نہ چھوڑنا، پس جس نے (فرض نماز کو) قصداً چھوڑا اس سے (اللہ اور رسول کا) ذمہ (یعنی عہد اور امان) اٹھ گیا اور شراب نہ پینا کیونکہ یہ ہر برائی کی کنجی ہے، (مشکوٰۃ: بحوالہ ابن ماجہ)''۔

ڈاکٹر وہبہ الزحیلی لکھتے ہیں:

ترجمہ: ''اس امر پر مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ نماز ہر بالغ، عاقل، طاہر مسلمان پر فرض ہے، سوائے اس خاتون کے جو حالتِ حیض یا نفاس میں ہو یا جو شخص مجنون ہو یا بیہوشی کی

Marfat.com

حالت میں ہو۔ یہ خالص بدنی عبادت ہے، اس میں نیابت قطعاً قبول نہیں کی جائے گی، لہٰذا کسی شخص کا دوسرے کی طرف سے نماز پڑھنا صحیح نہیں جیسے کسی شخص کا دوسرے کی طرف سے روزہ رکھنا شرعاً صحیح نہیں ہے۔ اس بات پر مسلمانوں کا اجماع ہے کہ جو شخص نماز کی فرضیت کا انکار کرے، وہ کافر و مرتد ہے۔ کیونکہ نماز کی فرضیت قرآن، سنت اور اجماع کے قطعی دلائل سے ثابت ہے، جیسا کہ ہم نے بیان کیا۔ اور جو شخص سستی اور کاہلی کی بنا پر نماز ترک کرے وہ فاسق اور گنہگار ہے۔۔۔ آگے چل کر لکھتے ہیں: نماز کا ترک دنیوی اور اخروی عذاب کا باعث ہے، (اور اس مقام پر وہ ان قرآنی آیات واحادیث سے استدلال کرتے ہیں، جو ہم پہلے ہی ذکر کر چکے ہیں)۔۔۔ آگے چل کر ڈاکٹر وھبہ الزحیلی لکھتے ہیں: سستی کی بنا پر یا حقیر جانتے ہوئے نماز کو ترک کرنے کے احکام فقہاء کے نزدیک یہ ہیں:

حنفیہ کے نزدیک تارک الصلوٰۃ فاسق ہے، اسے قید کیا جائے گا اور تعزیری سزا دی جائے گی، یہاں تک وہ توبہ کرے اور نماز پڑھنا شروع کر دے یا قید خانے ہی میں اس کی موت واقع ہو جائے۔

امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ کا مذہب تارک صلوٰۃ کے بارے میں بہت سخت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ: تارک صلوٰۃ کو بربنائے کفر قتل کر دیا جائے گا، شوکانی نے اسی رائے کو ترجیح دی ہے اور کہتے ہیں: حق یہ ہے کہ تارک صلوٰۃ کافر ہے اسے قتل کیا جائے گا اور بعض انواعِ کفر مغفرت اور استحقاق شفاعت سے مانع نہیں ہیں۔ بعض ائمہ کے نزدیک بلاعذر تارکِ صلوٰۃ سے توبہ کا مطالبہ کیا جائے گا، اگر وہ توبہ نہ کرے تو قتل کر دیا جائے گا، اور مالکی اور شافعیہ کے نزدیک یہ قتل بطورِ حد ہوگا بربنائے کفر نہیں ہوگا یعنی اس پر کفر کا حکم نہیں لگایا جائے، ایسے شخص کی وفات کے بعد اسے غسل دیا جائے گا، اس کی نمازِ جنازہ پڑھی جائے گی اور اسے مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جائے گا، (الفقہ الاسلامی وادلتہ ص:502 تا505، دار الفکر، دمشق)''۔

تارکِ صلوٰۃ کے بارے میں سب سے نرم اور صائب موقف امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا ہے اور وہ یہ کہ بلاعذرِ شرعی تارکِ صلوٰۃ فاسق وفاجر ہے، قابلِ تعزیر ہے، اسے قید کیا

Marfat.com

جا سکتا ہے تاوقتیکہ وہ توبہ کر کے نماز پڑھنا شروع کر دے، لیکن اس کی تکفیر نہیں کی جائے گی۔
اس عنوان سے متعلق قرآن مجید کی آیات مبارکہ اور احادیث شریفہ کو یکجا کر کے دیکھا جائے تو امام اعظم کا موقف ہی صائب اور درست ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:
اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَادُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ
ترجمہ: ''بے شک اللہ تعالیٰ اس (جرم) کو تو نہیں بخشتا کہ اس کے ساتھ کسی کو شریک ٹھیرایا جائے اور اس سے کم تر جو بھی گناہ ہوں، جس کے لئے چاہے، اسے معاف فرما دیتا ہے، (النساء:48)''۔ اس آیۂ مبارکہ میں شرک کے سوا ہر گناہ کی مغفرت کی گنجائش موجود ہے، خواہ وہ کسی درجے کا ہو اور یہ مغفرت اللہ تعالیٰ کی مشیت پر موقوف ہے۔ حدیث مبارکہ ہے: من قال لاالٰہ الااللہ دخل الجنۃ۔ ''یعنی جس شخص نے صدق دل سے کلمۂ طیبہ پڑھا وہ (آخر کار کسی نہ کسی مرحلے پر) جنت میں داخل ہوگا''۔ وہ احادیث جن میں ترکِ نماز کو کفر قرار دیا گیا ہے، انہیں نماز کی فرضیت کے انکار پر محمول کیا جائے گا، یعنی جو نماز کی فرضیت کا منکر ہوتے ہوئے نماز کا تارک ہو تو وہ بالاجماع کافر ہے، ایسا شخص ملتِ اسلام سے خارج ہے، البتہ جو شخص فرضیتِ نماز کا عقیدہ تو رکھتا ہے لیکن کوتاہی کی بنا پر نماز کا تارک ہے تو وہ ائمۂ ثلاثہ (امام ابوحنیفہ، امام مالک، امام شافعی رحمھم اللہ تعالیٰ) کے نزدیک فاسق ہے۔ حدیث میں جو ترکِ نماز کو کفر سے تعبیر کیا گیا ہے، مندرجہ بالا تشریح کی روشنی میں اس سے مراد اعتقاداً ترک کرنا ہوگا، یعنی انکارِ فرضیت یا تارکِ صلوٰۃ کے ظاہر حال کو بیان کیا گیا ہے کہ عملاً اس میں اور ایک کافر میں کوئی فرق باقی نہیں رہتا۔

## ظہر کی پہلے کی چار سنتیں چھوٹ جائیں تو کب پڑھے؟

**سوال:14**

ظہر کی چار سنتیں جو پہلے پڑھی جاتی ہیں، اگر وہ فرض ادا کرنے سے پہلے نہ پڑھ سکیں تو ان کی معافی ہے؟ یا پڑھا جائے گا۔ اگر پڑھنی ہے تو کس طرح؟ جواب دے کر شکریہ کا موقع دیں، (عبداللہ، کراچی)۔

Marfat.com

**جواب:**

سنتیں بعض مؤکدہ ہیں جن کی ادا کرنے کے لئے شریعت میں تاکید فرمائی اور شارع علیہ السلام نے اس پر ہمیشگی اختیار فرمائی اور اس کے بے پناہ اجر وثواب کو بیان فرمایا:

عن أم حبيبة قالت: قال رسول الله ﷺ: "من صلیّ قبل الظهر أربعاً وبعدها أربعاً حرمه الله على النار"۔

ترجمہ: "ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو ظہر سے پہلے چار اور بعد میں چار رکعتیں (ہمیشہ) پڑھے اللہ تعالیٰ اس کو آگ پر حرام فرمادے گا، (سنن ترمذی رقم الحدیث: 427)"۔

عن عنبسة بن ابی سفیان قال: سمعت اختی أم حبيبة زوج النبی ﷺ تقول: سمعت رسول الله ﷺ يقول: "من حافظ على أربع ركعات قبل الظهر وأربع بعدها حرمه الله على النار"۔

ترجمہ: عنبسہ بن ابوسفیان فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی ہمشیرہ، زوجِ نبی ﷺ (امّ حبیبہ) کو فرماتے ہوئے سنا کہ وہ بیان کرتی ہیں: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص ظہر سے پہلے چار رکعات اور ظہر کے بعد کی چار رکعات کی حفاظت کرے، اللہ تعالیٰ اس کو آگ پر حرام فرمادے گا، (سنن ترمذی رقم الحدیث: 428)"۔

اس حدیث کی شرح میں علامہ علی القاری لکھتے ہیں: "حدیث میں ظہر کے بعد جن سنتوں کا ذکر ہے ان میں سے دو سنت ہیں اور دو مستحب، لہٰذا افضل یہ ہے کہ یہ الگ الگ دوگانے کی شکل میں پڑھی جائیں، ظہر سے پہلے کی چار سنتوں کے برعکس کہ وہ ایک سلام کے ساتھ پڑھی جائیں گی، جہاں تک یہ سنتیں پڑھنے پر غیر معمولی اجر، (یعنی یہ کہ وہ شخص جہنم کی آگ پر حرام کی نوید کا مسئلہ) ہے، اس سے یا تو مراد یہ ہے کہ وہ دائمی طور پر جہنم میں نہیں رہے گا یا یہ کہ جو شخص سنتوں اور مستحبات کا اتنا اہتمام کرتا ہے، وہ فرائض وواجبات کا اس سے بھی زیادہ پابند ہوگا اور محرمات سے بھی اجتناب کرنے والا ہوگا، تو یقیناً جہنم سے محفوظ رہے گا،

Marfat.com

(مرقات المفاتیح، ج:3، ص:113 مکتبۂ امدادیہ، ملتان)''۔

عن عائشۃ: ان النبی ﷺ کان اذالم یصل اربعاقبل الظھر صلاھن بعدہٗ۔

ترجمہ:'' (امام ترمذی اپنی سند کے ساتھ) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے جب ظہر سے پہلے کی چار سنتیں نہ پڑھی ہوتیں، تو انہیں بعد میں پڑھ لیتے، (سنن ترمذی رقم الحدیث:426ج:1،ص:319 دارالکتب العلمیہ، بیروت)''۔

سنتِ مؤکدہ کو سنن الہدیٰ بھی کہتے ہیں، علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

والسنۃ نوعان : سنۃ الھدیٰ ، وترکھا یوجب اساء ۃ وکراھیۃ کالجماعۃ والأذان والاقامۃ ونحوھا۔

ترجمہ:'' سنت کی دو قسم ہیں: (جس میں سے ایک) سنن الہدیٰ (سنتِ مؤکدہ) بھی ہے، اوران کا ترک کرنا، موجبِ گناہ اور باعثِ کراہیت ہے جیسے کہ جماعت، اذان واقامت اور (ان جیسے دیگر) امور کا ترک کرنا، (ردالمحتار علی الدرالمختار جلد 1 ص:196 مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت)''۔ علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: وأما الاربع قبل الظھر اذا فاتتہ وحدھا بان شرع فی صلاۃ الامام ولم یشتغل بالاربع فعامتھم علی أنہ یقضیھا بعد الفراغ من الظھر مادام الوقت باقیا وھوالصحیح ھکذا فی المحیط۔ وفی الحقائق یقدّم الرکعتین عندھما وقال محمد رحمہ اللّٰہ تعالیٰ یقدّم الاربع وعلیہ الفتویٰ کذا فی السراج الوھاج ۔

ترجمہ:'' (جب ظہر کی جماعت کھڑی ہوجائے) اور (مقتدی کے) امام کے ساتھ (جماعت میں) شامل ہونے کی وجہ سے ظہر سے پہلے کی چارسنتیں رہ جائیں، تو عام فقہائے کرام کی رائے یہ ہے کہ جب تک وقت باقی ہے، (ظہر کے فرائض سے) فارغ ہونے کے بعد پڑھ لے، یہی صحیح ہے،'' محیط'' میں اسی طرح ہے، اور'' حقائق'' میں ہے کہ شیخین (امام اعظم اور امام ابویوسف رحمہما اللہ تعالیٰ) کے نزدیک (بعدوالی) دورکعتیں پہلے پڑھے، (اور پھر ظہر کی پہلی چارسنتیں جو چھوٹ گئی ہیں، پڑھے) امام محمد رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ پہلے والی چار

Marfat.com

(سنتیں) پہلے پڑھے (اور پھر بعد والی دو پڑھے) اور اسی پر فتویٰ ہے، ''السراج الوہاج'' میں اسی طرح ہے، (عالمگیری، ج:1،ص:112، مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

صدر الشریعہ علامہ امجد علی رحمہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں:

ظہر یا جمعے کے پہلے کی سنت فوت ہوگئی اور فرض پڑھ لئے تو اگر وقت باقی ہے، بعد فرض کے پڑھے، اور افضل یہ ہے کہ پچھلی سنتیں پڑھ کر ان کو پڑھے، (فتح القدیر)، (بہارِ شریعت ج:4،ص:101، ضیاء القرآن پبلیکشنز، کراچی)''۔

ظہر سے پہلے کی چھوٹی ہوئی چار سنتوں کو پچھلی دو سنتوں کے بعد پڑھنا زیادہ قرین قیاس ہے کیونکہ پہلے والی چار تو اپنی جگہ سے ہٹ چکی ہیں، تو بعد والی دو تو اپنی جگہ پہ قائم رہنی چاہئیں، یہی شیخین کا مذہب ہے اور صاحبِ فتح القدیر کا مختار ہے۔

## جہاں زمین کے نیچے سیوریج لائن گزر رہی ہے، اس جگہ پر نماز پڑھنا

**سوال:**15

ہمارے گھر میں فرش کے نیچے گٹر کا پائپ گزرا ہوا ہے۔ کیا اُس فرش پر نماز ہو جاتی ہے؟، (بخت ولی، راولپنڈی)۔

**جواب:**

نمازی کے بدن، اس کے کپڑے اور جائے نماز (جس جگہ نماز پڑھ رہا ہے) کا نجاستِ حقیقیہ قدرِ مانع سے پاک ہونا، نماز کی شرائط میں سے ہے، علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

ولو کان رقیقاً وبسطه علی موضع نجس ، ان صلح ساتراً للعورة تجوز الصلاة کما فی "البحر "عن "الخلاصة"۔وفی "القنیة": لو صلیّ علی زجاج یصف ماتحته قالوا جمیعا یجوز ۔

ترجمہ: ''اگر نجس جگہ پر باریک کپڑا بچھا کر نماز پڑھی جو ستر کے کام میں آسکتا ہے (یعنی اس کے نیچے کی چیز نہ جھلکتی ہو) نماز ہوگئی، ''بحرالرائق'' میں ''خلاصہ'' سے اسی طرح منقول ہے۔

Marfat.com

''قنیہ''میں ہے: اگر شیشہ پر نماز پڑھی اور اس کے نیچے نجاست ہے اگرچہ نمایاں ہو، نماز ہوگئی،(ردالمحتار علی الدر المختار، جلد2،ص:68 مطبوعہ: دار احیاء التراث العربی، بیروت)''۔
مذکورہ صورت میں چونکہ پائپ فرش کے نیچے سے گزر رہا ہے اور نجاست پائپ کے اندر ہے اور خود پائپ بھی زمین میں دفن ہے اور نمازی نہ تو نجاست پر کھڑا ہے اور نہ ہی اس کے نجاست سے آلودہ ہونے کا کوئی خطرہ ہے، لہٰذا اس مقام پر نماز تو جائز ہے، لیکن اگر اس مقام پر پڑھنے سے طبیعت میں کراہت محسوس ہوتی ہے تو دوسری جگہ پڑھ لیں۔

## مسجد میں اپنے لئے اور دوسرے کے لئے جگہ مختص کرنا یا کپڑا رکھ کر محفوظ کرنا

**سوال**:16

ایک نمازی مسجد میں اپنا رومال، تولیہ یا کوئی کپڑا اس لئے رکھے کہ دوسرے کو وہ جگہ ملے اور وہ آدمی ابھی مسجد میں نہیں ہے کہ جس کیلئے جگہ روک رہے ہیں یا اپنے لئے کسی جگہ کو مقرر کرلے کہ وہاں کسی کو نہ بیٹھنے دے، کیا ایسا کرنا درست ہے؟،(وقاص احمد، کراچی)

**جواب**:

نماز میں اپنے یا کسی دوسرے شخص کے لئے جگہ مخصوص کرنا مکروہ ہے، حدیث مبارکہ میں ہے:عن جعفربن عبداللّٰہ: أن تمیم بن محمود اخبرہ، أن عبدالرحمن بن شبل اخبرہ، أن رسول اللّٰہ ﷺ نھیٰ عن ثلاث: عن نقرۃ الغراب، وأفتراش السبع، وأن یؤطن الرجل المقام للصلاۃ کمایؤطن البعیر۔
ترجمہ:''عبدالرحمٰن بن شبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے (نماز میں) تین باتوں سے منع فرمایا، کوے کی طرح ٹھونگ مارنا،(یعنی جلدی جلدی سجدہ کرنا کہ پیشانی زمین سے ٹکرائے اور مقدارِ سنت تین تسبیحات پڑھنے سے پہلے اُٹھ جائے) درندے کی طرح پاؤں بچھا کر بیٹھنا اور مسجد میں کوئی شخص جگہ مقرر کرلے جیسے اونٹ جگہ مقرر کرلیتا ہے،(سنن نسائی، رقم الحدیث:1111)''۔
علامہ نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

Marfat.com

ویکرہ للانسان ان یخص بنفسہ مکانا فی المسجد یصلی فیہ کذا فی التتارخانیہ۔

ترجمہ: ''کسی شخص کا مسجد میں اپنے لئے کوئی جگہ خاص کر لینا کہ وہیں نماز پڑھے، مکروہ ہے، (فتاویٰ عالمگیری، جلد: اول، ص: 108، مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

لہٰذا مسجد میں نہ کسی کا اپنے لئے پہلے سے جگہ مختص کرنا درست ہے اور نہ دوسرے کے لئے، اس سے اپنے لئے یا دوسرے کے لئے تعلّی (یعنی اپنے آپ کو بڑا سمجھنے) کا تاثر پیدا ہوتا ہے اور نماز کے من جملہ مقاصد شرعیہ میں سے بندے میں، عجز وانکسار پیدا کرنا ہے اور اپنے نفس کے عُجب (غرور وتکبر) سے بچنا ہے، پھر مسجد ہی تو وہ مقام ہے جہاں انسانوں کے درمیان مساوات قائم ہوتی ہے، جیسے علامہ اقبال نے کہا:

بندہ وصاحب ومحتاج وغنی ایک ہوئے  تیرے دربار میں پہنچے تو سبھی ایک ہوئے
ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود وایاز  نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

ہاں اگر کوئی شخص پہلے سے مسجد میں صف میں بیٹھا ہوا ہے، اور کوئی صاحبِ علم، صاحب ورع وتقویٰ آجاتا ہے، اور وہ شخص اس کی دین داری، تقویٰ اور علم کی وجہ سے اس کے لئے جگہ خالی کر دیتا ہے، بشرطیکہ اس صاحبِ علم وتقویٰ کے دل میں ایسی خواہش نہ ہو کہ علم کی بنا پر اس کی تکریم کی جائے یا کوئی معذور و بیمار ہے اور اسے کنارے میں ٹیک لگا کر بیٹھنا ہے تو اس بنا پر کوئی اس کی رعایت کر کے جگہ چھوڑ دے تو یہ جائز اور مستحسن امر ہے اور محاسنِ اَخلاق میں سے ہے، ہاں کسی کی دنیوی وجاہت ومنصب یا دولت کی وجہ سے اسے تکریم دی جائے تو یہ شرعاً ناپسندیدہ امر ہے۔

## نماز میں اقامت کہنے والے کا امام بننا یا امام کا خود ہی اقامت کہہ دینا

**سوال:17**

اگر مؤذن صاحب نے اقامت کہی اور امام صاحب کے موجود نہ ہونے کی وجہ سے خود مصلّے پر نماز پڑھانے آگئے تو کیا اس صورت میں مؤذن کی کہی گئی اقامت کافی ہوگی

Marfat.com

یا دوبارہ اقامت کہی جائے گی؟،(اراکین انتظامیہ جامع مسجد نورانی، لانڈھی 4 کراچی)۔

**جواب:**

اقامت درست اور کافی ہوگی، دوبارہ نہیں کہی جائے گی۔حدیث مبارک میں ہے :عن زیاد بن الحارث الصدائی، قال: کنت مع رسول اللہ ﷺ فی سفر۔فأمرنی فأذّنت۔ فأراد بلال ان یقیم ۔ فقال رسول اللہ ﷺ: "انّ أخا صداءٍ قد أذّن ۔ومن أذّن فھو یقیم"۔

ترجمہ:"زیاد بن حارث صدائی سے روایت ہے آپ نے فرمایا: ہم ایک سفر میں رسول اللہ ﷺ کے ہمراہ تھے آپ ﷺ نے مجھے اذان کا حکم دیا۔پھر (اذان کے بعد) بلال نے ارادہ کیا کہ وہ اقامت کہیں۔رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہارے بھائی صدائی نے اذان کہی پس جو اذان کہے وہی اقامت کہے،(سنن ابن ماجہ، رقم الحدیث:717)"۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

والاحسن أن یکون اماما فی الصلاۃ کذا فی معراج الدرایۃ ۔والافضل أن یکون المؤذن ھوالمقیم کذا فی الکافی۔ وان أذن رجل واقام آخر ان غاب الاول جاز من غیر کراھۃ وان کان حاضر او یلحقہ الوحشۃ باقامۃ غیر ہ یکرہ وان رضی بہ لا یکرہ عندنا کذا فی المحیط ۔

ترجمہ:"اور امام ہی اذان دے تو یہ بہت زیادہ بہتر ہے جیسا کہ "معراج الدرایہ" میں ہے،اور افضل یہ ہے کہ مؤذن ہی اقامت کہے" کافی" میں اسی طرح سے ہے۔اور اگر ایک شخص نے اذان کہی اور دوسرے نے اقامت کہی تو اگر پہلا شخص (جس نے اذان کہی) غائب ہے،تو بلا کراہت اقامت جائز ہے اور اگر وہ موجود ہے اور اس کی اجازت کے بغیر دوسرے شخص نے اقامت کہی اور مؤذن کو (دوسرے کا اقامت کہنا) ناگوار ہو تو پھر یہ مکروہ ہے،اور اگر وہ راضی ہے تو ہمارے نزدیک کوئی کراہت نہیں،"محیط" میں اسی طرح ہے،(فتاویٰ عالمگیری، جلد:1،ص:54،مکتبۂ رشیدیہ،کوئٹہ)"۔

Marfat.com

اس مسئلے سے معلوم ہوا کہ جو شخص امامت کرائے وہ اقامت بھی کہہ سکتا ہے، عموماً لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ اگر امام مصلّٰی پر نہ ہو تو اقامت نہیں کہی جائے گی یہ خیال باطل ہے، اقامت کے وقت امام کا مُصلّٰی پر ہونا نہ واجب ہے، نہ سنت نہ مستحب، امام مصلّٰی پر ہو یا نہ ہو، دونوں صورتیں برابر ہیں، بلکہ عہدِ رسالت میں یہی طریقہ رائج تھا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حجرے میں ہوتے، حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ کی طرف نظریں جمائے رہتے، جب آپ حجرۂ انور سے نکلتے تو وہ اقامت شروع کر دیتے، صحابہ بھی فوراً اقامت شروع ہوتے ہی کھڑے ہو جاتے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے صحابۂ کرام کو اس عجلت کے طریقہ سے منع فرمایا، چنانچہ اس کے بعد جب آپ حجرۂ انور سے نکلتے، اقامت شروع ہو جاتی، آپ مصلّٰی پر تشریف لاتے اور جیسے جیسے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم صحابۂ کرام کی صفوں سے گزرتے، وہ کھڑے ہوتے جاتے۔ حدیث پاک میں ہے:

عن ابی قتادة قال: قال رسول اللّٰه ﷺ: اذااُقیمت الصلوة فلاتقوموا حتی ترونی

ترجمہ: ”حضرت ابوقتادہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: جب نماز کے لئے اقامت کہی جائے تو جب تک تم (خود) مجھے دیکھ نہ لو، (عجلت میں) کھڑے نہ ہوا کرو، (صحیح مسلم، رقم الحدیث:604)“۔

جو مسئلہ دریافت کیا گیا ہے، وہ یہ ہے کہ آیا جس شخص نے جماعت کے لئے اقامت کہی ہو، وہ آگے بڑھ کر امامت بھی کر سکتا ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ جی ہاں اقامت کہنے والا امامت کر سکتا ہے، اس میں شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے۔ بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ اقامت کہہ دی جاتی ہے مگر اقامت کہنے والے کے سوا کوئی امامت کا اہل نہیں ہے تو وہ آگے بڑھ کر امامت کر سکتا ہے یا کبھی ایسا ہوتا ہے کہ امام تو موجود ہوتا ہے مگر کوئی اقامت کہنے والا نہیں ہوتا تو ایسی صورت میں امام اقامت کہہ سکتا ہے۔

نوٹ: جماعت کے قیام کے لئے جماعت سے پہلے اقامت کہی جاتی ہے، اسے حدیث وفقہ میں ”اقامت“ کہا جاتا ہے، اور یہ عنوان اس کلمے سے ماخوذ ہے: قد قامت الصلوٰة،

Marfat.com

(نماز یعنی جماعت کھڑی ہوگئی ہے)۔
اقامت کے لفظی معنیٰ ہیں: ''کھڑا کرنا'' اور یہاں مراد ہے ''جماعت کا قائم کرنا''۔ ہمارے ہاں عرف عام میں لوگ اسے ''تکبیر'' کہتے ہیں، ''تکبیر'' کے معنیٰ ہیں ''اللہ اکبر'' کہنا یا اللہ تعالیٰ کی کبریائی کا اعلان کرنا۔ چونکہ اس کا پہلا کلمہ ''اللہ اکبر'' ہے، اسی لئے اسے تکبیر بھی کہہ دیتے ہیں۔

## امام یا مؤذن کا غیر شادی شدہ ہونا

**سوال:**18

امامت یا مؤذن کے فرائض کی ادائیگی کے لئے کیا یہ شرط ضروری ہے کہ وہ شادی شدہ ہو۔ کیا امام کی غیر موجودگی میں مؤذن (جو کہ غیر شادی شدہ ہے) امامت کے فرائض انجام دے سکتا ہے؟، (حافظ معشوق علی سکندری، مؤذن جامع مسجد صدیقیہ 5-D نیو کراچی)۔

**جواب:**

شرائطِ امامت میں یہ کہیں بھی مذکور نہیں ہے کہ امام شادی شدہ ہو، شرائطِ امامت چھ ہیں، اسلام، عاقل، بالغ، مرد ہونا، قراءت پر قادر ہونا، معذور نہ ہونا۔
امامِ معیّن ہی امامت کا زیادہ حق دار ہے اگرچہ حاضرین میں کوئی اس سے زیادہ علم اور زیادہ تجوید والا ہو، اور اگر امامِ معیّن کسی بناء پر موجود نہ ہو یا آنے میں تاخیر ہو جائے تو اس کی جگہ مؤذن نماز پڑھانے کا زیادہ اہل ہے کہ یہ اس کے فرائض میں شامل ہے، ہاں اگر کسی مسجد میں امامِ معیّن کے ساتھ نائب امام بھی علیحدہ سے مقرر ہو تو نماز پڑھانے کا اختیار اسے حاصل ہوگا لیکن اگر مؤذن ہی نائب امام ہے تو پھر نماز وہی پڑھائے۔ جس وقت امام یا مؤذن کا تقرر کیا جاتا ہے تو مسجد کمیٹی امام یا مؤذن سے متعلق معلومات جمع کرتی ہیں، تو اس وقت شادی شدہ یا غیر شادی شدہ ہونا سب معلوم ہو جاتا ہے بعد میں اس بات کو عذر بنانا محض فتنہ انگیزی ہے، لیکن بہرحال غیر شادی شدہ ہونا امام یا مؤذن کو ان کے فرائض سے

Marfat.com

علیحدہ کرنے کے لئے عذر نہیں ہے۔

## تراویح کی امامت کا استحقاق

**سوال** :19

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس بارے میں کہ ایک مسجد کے امام صاحب حافظِ قرآن، قاری وعالمِ دین ہیں، مذکورہ امام کے ہوتے ہوئے انتظامیہ کے بعض افراد نے نمازِ تراویح کے لئے دوسرے حافظ کا انتظام کیا ہے جو صرف حافظ ہے، عالم وقاری نہیں، انتظامیہ کے ان افراد نے مذکورہ امام صاحب کو کہا کہ آپ کو اجازت ہے کہ کسی اور مسجد میں تراویح پڑھالیں۔ واضح ہو کہ مقررہ امام صاحب پر انتظامیہ یا کسی اور مقتدی کو کوئی اعتراض نہیں ہے بلکہ امام صاحب اور مقتدی صاحبان کی شدید خواہش ہے کہ وہ خود تراویح پڑھائیں۔

جس حافظ کو تراویح کے لئے مقرر کیا جارہا ہے وہ انتظامیہ کے کسی ممبر کا رشتے دار ہے۔ اب معلوم یہ کرنا ہے کہ انتظامیہ کا یہ عمل شرعاً کیا حیثیت رکھتا ہے؟ کیا انتظامیہ کو یہ حق حاصل ہے کہ تراویح پڑھانے کا جو حق مقررہ امام کو حاصل ہے، بغیر کسی شرعی وجہ کے کسی اور کو تفویض کردے؟ اس حافظ کے پیچھے جو عالم نہیں ہے رمضان میں نمازِ عشاء، وتر وتراویح پڑھنا شرعاً کیسا ہے؟ قرآن وسنت کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں، (فخر عالم، مہاجرین مسجد بزرٹہ لائن کراچی)۔

**جواب** :

صورتِ مسئولہ میں امام معین (جو کہ عالم دین ہونے کے ساتھ قاری وحافظ بھی ہے) ہی نمازِ تراویح کی امامت کا زیادہ حقدار ہے، بلکہ افضل یہ ہے کہ وہی نمازِ تراویح پڑھائے، دوسرے کی اقتداء نہ کرے۔

علامہ نظام الدین تراویح کی بحث میں لکھتے ہیں:

ولو كان الفقيه قارئا فالافضل والاحسن ان يصلي بقرأة نفسه ولا يقتدى

Marfat.com

بغیرہ کذا فی فتاویٰ قاضیخان ۔

ترجمہ:اور اگر( تراویح پڑھانے والا) عالم ہو تو افضل ہے بلکہ احسن یہی ہے کہ وہ خود پڑھائے دوسرے کی اقتداء نہ کرے فتاویٰ قاضی خان میں اسی طرح ہے،(فتاویٰ عالمگیری جلد 1 ص:116 مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ )''۔جب امام خود حافظ قرآن ہے اور تراویح پڑھانے کا خواہش مند بھی ہے تو اسے کسی دوسری جگہ جا کر پڑھانے کی کیا ضرورت ہے اس بات کا وہ زیادہ حق دار ہے کہ خود اپنی مسجد میں تراویح پڑھائے ہاں! اگر وہ بخوشی اجازت دے تو دوسرے شخص کو مقرر کیا جاسکتا ہے، انتظامیہ کے افراد کا از خود فیصلہ کرنا جانبداری اور ناانصافی پر مبنی ہے انہیں چاہئے کہ اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال نہ کریں ، شرعی معاملات میں مداخلت انتظامیہ کے دائرۂ اختیار میں نہیں ہے اور اگر وہ انتظامی امور کے اہل نہ ہوں شرعی معاملات میں ضد اور ہٹ دھرمی اختیار کرتے ہوں تو ایسے لوگوں کو معزول کر دینا چاہئے اور ان کی جگہ نیک اور دین دار لوگوں کا انتخاب کرنا چاہئے۔

## جسمانی نقص سے امامت میں فرق

**سوال**:20

ہماری مسجد میں نئے پیش امام صاحب مقرر کئے گئے ہیں، جو کہ بہترین قاری عالم و مقرر ہیں،لیکن ان کے ایک پیر میں نقص ہے،یعنی تھوڑا لنگڑا کر چلتے ہیں، جو ایک واضح نقص ہے،لیکن سجدہ کی حالت میں ان کی انگلیاں زمین پر لگ جاتی ہیں۔نمازی حضرات معترض ہیں کہ شرعی اعتبار سے ایسا شخص امامت نہیں کراسکتا ہے، اور اس کے پیچھے نماز میں کراہیت تو نہیں ہوگی، برائے مہربانی شریعت کی رو سے فتویٰ عنایت فرمائیں،(قدیر احمد انصاری، جنرل سکریٹری، جامع مسجد باب الاسلام)۔

**جواب**:

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: ولو کان لقدم الامام عوج وقام علی بعضھا یجوز وغیرہ اولی کذا فی التبیین ۔

Marfat.com

ترجمہ: ''اگر امام کے پیر میں ٹیڑھا پن (ایسا نقص ہو) کہ پورا پاؤں زمین پر نہیں جما سکتا، تب بھی اس کی امامت جائز ہے، مگر (اس کے مقابلے میں) غیر معذور کی امامت بہتر ہے، (فتاویٰ عالمگیری جلد 1 ص:83 مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

مفتی وقار الدین رحمہ اللہ تعالیٰ سے سوال ہوا: ایک آدمی جس کے دونوں پاؤں کی انگلیاں نہیں ہیں، کیا وہ ان لوگوں کی امامت کر سکتا ہے؟، جن کے دونوں پاؤں درست ہوں۔

اس کے جواب میں لکھتے ہیں: ''شریعت میں نماز کے احکام میں معذور اس کو کہتے ہیں، جس میں وضو توڑنے والی کوئی بات پائی جائے، اس طرح کہ وہ وضو کر کے نماز پڑھنے کا وقت بھی نہ پا سکے کہ وضو ٹوٹ جائے، مثلاً بار بار پیشاب کے قطروں کا آنا، ہر وقت ریح کا خارج ہونا یا بدن سے خون یا پیپ کا بہتے رہنا، اس کا حکم یہ ہے کہ ایسے شخص کے پیچھے غیر معذور کی یا اس سے کم عذر والے کی نماز نہیں ہوتی، جیسا کہ بہارِ شریعت میں لکھا ہے۔

پیر کی انگلیاں کٹی ہونے کی وجہ سے اس قسم کا معذور نہیں ہے، وہ اپنے قدم زمین پر لگا کر نماز پڑھے گا تو اس کی نماز بھی ہو جائے گی اور اس کی امامت بھی صحیح ہے۔ انگلی موڑنے کا حکم اس کے لئے ہے، جس کے پیر میں انگلی ہو اور جس کے پاؤں میں انگلی ہی نہیں ہے، اس کے لئے یہ حکم نہیں ہے، (وقار الفتاویٰ، جلد دوم، ص:179، مطبوعہ بزم وقار الدین، کراچی)''۔

لہٰذا صورتِ مسئولہ میں مذکور امام کی اقتدا میں نماز جائز ہے، بقول سائل امام صاحب کے پاؤں کی انگلیاں زمین پر لگ جاتی ہیں، اگر خدانخواستہ ان کے پاؤں کی انگلیاں سرے سے نہ ہوتیں، اور پاؤں زمین پر لگ جاتا، تب بھی ان کی امامت درست ہوتی، یا انگلیاں سالم ہوتیں مگر ٹانگ کے لنگ کی وجہ سے پاؤں زمین پر لگ جاتا اور انگلیاں بربنائے عذر لگ جاتیں، تب بھی امامت درست ہوتی، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِي الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ۔

ترجمہ: ''اور اس نے تم پر دین میں کوئی تنگی نہیں رکھی، (الحج:78)۔

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

Marfat.com

ن انس،عن النبی ﷺ قال :"یسّروا و لاتعسّروا و بشّروا و لاتنفّروا"۔

جمہ: حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا:" (دین
یں) آسانی پیدا کرو، دشواری نہیں اور (لوگوں کو رحمت باری کی) بشارت سناؤ، انہیں دین
سے متنفر نہ کرو (صحیح البخاری رقم الحدیث:69 مطبوعہ مکتبۃ العصریہ، بیروت)"۔

## نابینا کی امامت

**سوال**:21

کسی نابینا قاری وحافظِ قرآن امام کے پیچھے پنج وقتہ نماز اور نمازِ جمعہ ادا کرنا شرعاً
کیا حکم رکھتا ہے؟ یعنی کیا نابینا کو امام بنانا جائز ہے؟، (حافظ قاری خلیق اللہ، نواب شاہ)۔

**جواب**:

امام ابوداؤد سجستانی اپنی سند کے ساتھ بیان کرتے ہیں:

ن أنس ان النبی ﷺ استخلف ابن أم مکتوم یؤم الناس و ھو اعمیٰ۔

جمہ:" حضرت انس بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے (غزوۂ تبوک کے موقع پر
بداللہ) ابن اُم مکتوم کو (مدینہ منورہ میں) اپنا خلیفہ بنایا تاکہ وہ لوگوں کی امامت کریں،
حالانکہ وہ نابینا تھے، (سنن ابوداؤد، رقم الحدیث:595 المکتبۃ المکیہ، مکہ)"۔

س کی شرح میں علامہ علی القاری الحنفی رحمہ اللہ لکھتے ہیں:

بن الملک نے کہا نابینا کی امامت کی کراہت تب ہے جبکہ قوم میں اس کے مقابلے میں
ندرست شخص اس سے بڑا عالم یا اس کے برابر درجے کا عالم موجود ہو، اور ابن حجر نے کہا کہ
س میں نابینا کی امامت کا جواز ہے اور اس میں کوئی اختلاف نہیں، اختلاف صرف اس بات
یں ہے کہ بینا کی امامت اولیٰ ہے یا نابینا کی (جبکہ دونوں دستیاب ہوں)، (مرقاۃ المفاتیح،
جلد:3، ص:84 مکتبۂ امدادیہ، ملتان)"۔

نابینا شخص اگر احتیاط برتتا ہے یعنی کپڑوں یا بدن پر کوئی چیز لگ جائے تو کسی بینا شخص کو دکھا کر
طمینان کر لیتا ہے کہ کہیں نجاست تو نہیں لگی؟، اور اگر نجاست لگ گئی ہو تو دھو لیتا ہے، ایسے

Marfat.com

نابینا کی امامت جائز ہے، مگر مکروہِ تنزیہی ہے اور اگر وہ حاضرین میں مسائل نماز کا سب سے زیادہ جاننے والا ہے، تو اس کی امامت بلا کراہت جائز ہے۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

(ویکرہ) تنزیھاً( امامۃ اعمیٰ) ونحوہ الأ عشی۔"نھر "(الا ان یکون)ای غیرالفاسق (أعلم القوم) فھو اولیٰ ۔

ترجمہ:''نابینا اور ایسا شخص جسے رات کو نظر نہ آتا ہو، اس کی امامت مکروہ تنزیہی ہے(بحوالۂ نحر)اور اگر یہ زیادہ صاحب علم ہو تو اس کی امامت بہتر ہے، (ردالمحتار علی الدرالمختار جلد:2، ص:254, 255 داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔چونکہ علامہ حصکفی نے نابینا کا ذکر فاسق اور اعرابی کے سیاق میں کیا ہے، اس لئے اس کی شرح میں علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں: وحاصلہ ان قولہ "الا ان یکون أعلم القوم" خاص بالاعمیٰ ، اما غیرہ فلا تنتفی الکراھۃ بعلمہ۔

ترجمہ:''اس بحث کا حاصل یہ ہے کہ (علامہ حصکفی کا یہ قول کہ)''اگر وہ پوری قوم سے زیادہ عالم ہو''(تو وہ نابینا امامت کا زیادہ حق دار ہے) نابینا کے ساتھ خاص ہے، جہاں تک غیرِ نابینا (کی امامت) کا تعلق ہے، تو علم کی بنا پر اس کی کراہت منتفی نہیں ہوگی ------اور آگے چل کر لکھتے ہیں: کہ اگر نابینا دوسروں کے مقابلے میں زیادہ عالم ہے تو استحقاقِ امامت کا معاملہ بالکل برعکس ہوگا (یعنی نابینا عالم ہی زیادہ حق دار ہوگا)، (ردالمحتار علی الدرالمختار ج:2 ص:255 داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے سوال ہوا کہ اندھے کے پیچھے نماز پڑھنا مکروہ تنزیہی یا تحریمی یا نہیں اور یہ امامت کے واسطے سزاوار ہے یا نہیں، جواب میں وہ لکھتے ہیں: اندھا اگر تمام موجودین میں سب سے زیادہ مسائل کا جاننے والا نہ ہو اور اس کے سوا دوسرا صحیح القراءت، صحیح العقیدہ، غیر فاسقِ معلن حاضر جماعت ہے، تو اندھے کی امامت مکروہِ تنزیہی ہے، اور اگر وہی سب سے زیادہ علم نماز رکھتا ہے، تو اسی کی امامت افضل ہے،

Marfat.com

(فتاویٰ رضویہ، جلد 6 ص:520 رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔
علامہ امجد علی اعظمی لکھتے ہیں:''نابینا کی امامت مکروہ تنزیہی ہے، جبکہ دوسرے لوگ مسائل طہارت ونماز میں اس سے زائد یا اس کے برابر ہوں، اور اگر سب سے زائد یہی علم رکھتا ہو، تو اس کی امامت میں اصلاً کراہت نہیں، بلکہ اس صورت میں اسی کو امام بنانا بہتر ہے۔ بحرالرائق میں ہے:قید کراھۃ امامۃ الاعمیٰ فی المحیط وغیرہ بان لا یکون افضل القوم فان کان افضلھم فھو اولیٰ ۔ مکروہ تنزیہی ناجائز نہیں ہوتا مگر اس سے بچنا بہتر، اور کرنا برا ہے مگر گناہ نہیں، (فتاویٰ امجدیہ جلد اول ص:107 مطبوعہ مکتبۂ رضویہ، آرام باغ، کراچی)''۔

## امام صاحب کی رہائش

**سوال:**22

ہماری مسجد کے امام، صاحبِ حیثیت ہیں، پھر بھی مسجد میں رہائش اختیار کئے ہوئے ہیں، جبکہ وہ باآسانی رہائش اور دیگر ضروریات اپنے خرچ پر انجام دے سکتے ہیں، کیا ایسے امام کے پیچھے نماز ادا ہو جائے گی؟۔(عبدالمجید بندھانوی، لیاقت آباد)۔

**جواب:**

اگر امام صاحب کے تقرر کے وقت ان کی شرائط ملازمت میں مکان کی سہولت بھی شامل تھی، جو آپ نے ان کو فراہم کی ہے، تو خواہ وہ صاحبِ حیثیت ہوں، ان کا مسجد کے مکان میں رہنا جائز ہے۔ امامت کا منصب چونکہ کل وقتی ہے، کسی بھی وقت امام کی خدمات کی ضرورت پیش آسکتی ہے، اس لئے مساجد کے ساتھ عملے کے مکانات کا اہتمام کیا جاتا ہے اور ہمارے ہاں عرف عام میں بھی اسے لازم وملزوم سمجھا جاتا ہے۔
فقیہ العصر علامہ محمد نوراللہ نعیمی (فتاویٰ نوریہ جلد 1 ص:184) لکھتے ہیں:''تکمیل تعمیر کے بعد ضروریات مسجد میں سے امام اول نمبر میں ہے کیونکہ مسجد کی صرف ظاہری تعمیر کا کوئی اعتبار نہیں جب تک کہ اس کی معنوی اور حقیقی تعمیر نہ ہو حتیٰ کہ مسجد کے لئے روشنی پانی وغیرہ

Marfat.com

کے وسیع تر انتظام سے امام کی ضروریات مقدم ہیں''، چنانچہ وہ لکھتے ہیں: فتاویٰ عالمگیری میں ہے:

الذی یبدأ من ارتفاع الوقف عمارته شرط الواقف ام لاثم الیٰ ماھواقرب الی العمارة واعم للمصلحة کالامام للمسجد والمدرس للمدرسة یصرف الیھم بقدر کفایتھم ثم السراج والبسط کذلک الی اخر المصالح

ترجمہ: ''وقف قائم کرنے سے جس چیز کا آغاز ہوتا ہے، وہ اس کا تعمیر کرنا (اور آباد کرنا) ہے، خواہ واقف اس کی شرط لگائے یا نہ لگائے، پھر جو امر (مسجد کی) کی آبادکاری کے لئے ضروری ہے اور مصلحت ومفادِ وقف میں جو زیادہ شامل ہے، (وہ ضروری ہے)، جیسے مسجد کے لئے امام اور مدرسہ کے لئے مدرّس، ان پر ضرورت اور کفایت کے مطابق وقف کا مال خرچ کیا جائے (فتاویٰ عالمگیری جلد2 ص:320)''۔ مسجد کے عطیات صدقات نافلہ ہوتے ہیں، اس لئے ان کا مصرف بننے کے لئے امام کا نادار ہونا شرط نہیں ہے۔ زکوٰۃ، فطرہ، فدیہ، کفارات اور صدقاتِ واجبہ کا مصرف بننے کے لئے نادار ہونا شرط ہے۔

## نماز میں خلافِ ترتیب قراءت کا حکم

**سوال**:23

امام صاحب نے عشاء کی نماز کی پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ اعلیٰ کی آخری چار آیات کی تلاوت کی اور دوسری رکعت میں سورۂ اعلیٰ کی شروع کی تین آیات تلاوت کیں۔ نماز کے بعد چند لوگوں نے امام صاحب کو بتایا کہ آپ نے اس طرح نماز پڑھائی ہے، اس لئے دوبارہ نماز پڑھائیں مگر امام صاحب اور چند اور افراد نے نماز کو جائز قرار دیا۔ اور دوبارہ نماز نہیں پڑھائی۔ آپ سے التجا ہے کہ برائے کرم مجھے صحیح راہ دکھائیں، عین نوازش ہوگی ۔(محمد علی، ۹۸۔۴ فیز ا اسٹریٹ نمبر ۶ ڈیفنس آفیسر ہاؤسنگ اسکیم۔ ملیر کینٹ کراچی)۔

Marfat.com

**جواب:**

نماز میں قرآن ترتیب سے پڑھنا یعنی سورتوں میں ترتیب رکھنا واجب ہے اور یہ احکامِ قراءت میں سے ہے، احکامِ نماز سے نہیں، اگر قصداً خلافِ ترتیب پڑھا تو یہ مکروہِ تحریمی ہے لیکن نماز واجب الاعادہ نہیں ہوگی اور اگر بھولے سے پڑھا تو مکروہ بھی نہیں ہے۔ قاعدہ یہ ہے کہ اگر غلطی سے ایک لفظ بھی خلافِ ترتیب زبان سے نکل گیا تو اسی کو پڑھے، اس کو چھوڑنا مکروہ ہے، علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

لا بأس أن يقرأ سورة ويعيدها في الثانيةوان يقرء في الاولىٰ من محل وفي الثانية من آخر ولو من سورة ان كان بينهما آيتان فأكثر ۔ ويكره الفصل بسورة قصيرة وأن يقرأ منكوساً الّا اذا ختم فيقرأ من البقرة ۔ وفي "القنية": قرأ في الأولىٰ الكافرون وفي الثانية ۔ ألم ترأوتبت۔ ثم ذكر يتم، وقيل يقطع ويبدأ ۔

ترجمہ: ’’اس میں کوئی حرج نہیں کہ ایک رکعت میں کوئی سورت پڑھی اور پھر دوسری رکعت میں بھی اُسی کو پڑھا، یا پہلی رکعت میں ایک سورت کے ایک مقام سے تلاوت کی اور دوسری رکعت میں دوسرے مقام سے، اگرچہ ان دونوں کے درمیان دو آیات یا زیادہ کا فاصلہ ہو، اور درمیان سے ایک چھوٹی سورت کا چھوڑنا مکروہ ہے، اور سورت کا الٹا پڑھنا (یعنی دوسری رکعت میں ایسی سورت کا پڑھنا کہ جو ترتیب کے اعتبار سے پہلی رکعت میں پڑھی گئی سورت سے پہلے ہو) مکروہ ہے، مگر یہ کہ ختمِ قرآن میں پھر سورۂ بقرہ سے تلاوت کی جائے۔ اور ’’قنیہ‘‘ میں ہے: پہلی رکعت میں سورۂ کافرون پڑھی اور دوسری رکعت میں سورۂ الم تر (الفیل) یا تبت (سورۂ لہب)، پھر (دورانِ تلاوت) یاد آیا، تو اسی سورت کو مکمل کرے، اور ایک ضعیف قول یہ بھی ہے کہ اُسے چھوڑ دے اور پھر (ترتیب کے مطابق دوسری سورت) پڑھے، (ردالمحتار علی الدرالمختار جلد:2، ص:238، مطبوعہ داراحیاء التراث العربی)‘‘۔

علامہ ابن عابدین شامی (وأن يقرأ منكوساً) کی تشریح میں لکھتے ہیں: بأن يقرأ في الثانية سورة أعلى مما قرأ في الاولىٰ ، لأن ترتيب السور في القراء ة من

Marfat.com

واجبات التلاوۃ۔

ترجمہ: ''یعنی دوسری رکعت میں اُس سے پہلے والی سورت تلاوت کرنا، جو پہلی رکعت میں پڑھی تھی (مکروہ ہے)، اس لئے کہ قراءت میں سورتوں کا ترتیب سے پڑھنا واجباتِ تلاوت میں سے ہے۔

علامہ ابن عابدین شامی مزید لکھتے ہیں:

أفاد ان التنکیس أو الفصل بالقصیرة انما یکرہ اذا کان عن قصد، فلو سهوا فلا کما فی "شرح المنیة"۔ واذا انتفت الکراهة فا عراضه عن التی شرع فیها لاینبغی ۔ وفی" الخلاصة ":افتتح سورة وقصدسورةأخری فلما قرأ آیة أو آیتین أراد ان یترک تلک السورة ویفتتح التی أرادها یکرہ ۔ وفی"الفتح ":ولو کان : أی المقروء حرفاً واحدا۔

ترجمہ: ''اس عبارت سے یہ مستفاد ہوا ہے کہ قرآن کو الٹا پڑھنے اور درمیان سے ایک چھوٹی سورت چھوڑ کر پڑھنے کو جو مکروہ لکھا گیا ہے، مراد اس سے یہ ہے کہ ایسا قصداً کرنا مکروہ ہے، لیکن اگر بھول کر ہو تو مکروہ نہیں، اسی طرح ''شرح منیہ'' میں ہے: جب (بھول کر) خلافِ ترتیب سہواً پڑھنے سے کراہت نہیں ہوتی، تو جس سورت کو (خلافِ ترتیب) شروع کر دیا ہے اسے چھوڑنا مناسب نہیں ہے اور ''خلاصۃ الفتاویٰ'' میں ہے کہ: کسی شخص کا ارادہ دوسری سورت پڑھنے کا تھا مگر اس نے کوئی اور سورت شروع کر دی اور ایک یا دو آیات پڑھنے کے بعد اگر وہ یہ چاہے کہ اُس سورت کو چھوڑ کر وہی سورت پڑھے جس کا (دل میں) ارادہ تھا، تو یہ مکروہ ہے اور ''فتح القدیر'' میں ہے: اگر چہ ایک حرف ہی پڑھا ہو، (ردالمحتار علی الدر المختار جلد 2، ص:239، داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے سوال کیا گیا: امام نے پہلی رکعت میں ''قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ'' پڑھی اور دوسری میں ''قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ'' پڑھی اور آخر میں سجدۂ سہو کیا، اس مسئلہ کا حکم بیان فرمائیے، آپ نے جواب میں لکھا:

Marfat.com

’’اگر بھول کر ایسا کیا نماز میں حرج نہیں اور سجدہ سہو نہ چاہیے تھا اور قصداً ایسا کیا تو گناہ گار ہوگا، نماز ہوگئی، سجدۂ سہو اب بھی نہ چاہیے تھا، توبہ کرے، پہلی میں اگر سورۂ ناس پڑھی تھی تو اُسے لازم تھا کہ دوسری میں بھی سورۂ ناس ہی پڑھتا کہ فرض کی دونوں رکعتوں میں ایک ہی سورت پڑھنا صرف خلافِ اولیٰ ہے اور ترتیب اُلٹا کر پڑھنا حرام، (فتاویٰ رضویہ، جلد 6، ص:346،347 مطبوعہ: رضا فاؤنڈیشن، لاہور)‘‘۔

صورتِ مسئولہ میں چونکہ امام نے نماز میں ایک ہی سورت ’’الاعلیٰ‘‘ کی آیات بھول کر خلافِ ترتیب پڑھی ہیں، لہٰذا نماز بلا کراہت جائز ہے اور جماعت کو دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

## قراءت کی غلطی سے فسادِ نماز

**سوال:24**

نماز کے اندر دورانِ قراءت ’’عَلٰی اَبَوَیکَ‘‘ (سورۂ یوسف) کی جگہ ’’عَلٰی اَبَوَیکِ ‘‘پڑھ لے تو نماز ہوگی یا نہیں؟ زید نے دورانِ نماز اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ فَاَنْسٰىهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ؕ اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿۱۹﴾ (مجادلہ:19) کے بجائے ’’اولئک حز ب اللہ‘‘ پڑھ لیتا ہے، آیا نماز میں کوئی خلل واقع ہوا یا نہیں، اور اگر امام دہرا کر دوبارہ صحیح پڑھ لے تو کیا نماز صحیح طور پر ادا ہو جائے گی، (یعقوب حنفی، نیا آباد کراچی)۔

**جواب:**

قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ اگر نماز میں قراءت کے دوران ایسی غلطی ہوئی ہو، جس سے معنی میں فساد لازم آتا ہو، تو نماز فاسد ہو جائے گی ورنہ نہیں۔ اِعراب کی ایسی غلطی، جس سے معنی میں فساد لازم نہیں آتا، اس سے نماز فاسد نہیں ہوتی۔ اور اگر معنی میں اتنا تغیر ہو کہ اس کا اعتقاداً اور قصداً پڑھنا کفر ہو، تو نماز فاسد ہو جائے گی اور اعادہ لازم ہوگا۔ لفظ اَبَوَیکَ (کاف پر زبر) مذکر کے لئے استعمال ہوتا ہے اور مؤنث کے لئے اَبَوَیکِ

Marfat.com

(کاف کے نیچے زیر) استعمال ہوتا ہے، اس طرح پڑھنے سے نماز ادا ہو جائے گی، احتیاطاً دہرالی جائے تو بہتر ہے۔

سورہ مجادلہ کی آیت میں اُولٰٓئِکَ حِزْبُ الشَّیْطٰنِ کے بجائے اولئک حزب اللہ پڑھنے سے نماز فاسد ہو جائے گی اور دہرانا واجب، اگر قصداً پڑھا تو کفر لازم ہوگا، ایسی صورت میں تجدیدِ ایمان اور تجدید نکاح ضروری ہے۔ تاہم اگر بھول کر غلط پڑھنے کے بعد واپس دہرا کر صحیح پڑھ لیا تو نماز صحیح طور پر ادا ہو جائے گی۔

مفتی وقارالدین رحمہ اللہ تعالیٰ سے دریافت کیا گیا کہ امام نے نماز کے اندر سورۃ الحشر کی آیت نمبر 20 میں "هُمُ الْفَآئِزُوْنَ" کی جگہ "هم الفاسقون" پڑھ لیا، لیکن اسی وقت آیت کو دوبارہ لوٹا کر صحیح کر لیا۔ نماز ہوگئی یا نہیں؟

وہ جواب میں لکھتے ہیں: نماز میں دورانِ قراءت غلط پڑھنے کے بعد پھر لوٹا کر صحیح طور پر اسے پڑھا، تو یہ نماز ہو جائے گی۔ علامہ سید احمد طحطاوی متوفیٰ 1230 نے حاشیہ الطحطاوی علی الدرالمختار میں لکھا: وفی المضمرات قرأفی الصلوٰۃِ بخطأ فاحش ثم اعادوقرأ صحیحافصلوٰته جائزة۔

ترجمہ: ''اور مضمرات میں ہے کہ اگر کسی نے نماز میں فحش غلطی کی، پھر اسے لوٹا کر صحیح پڑھ لیا، تو اس کی نماز جائز ہے، (کتاب الصلوٰۃ، باب مایفسد الصلوٰۃ، جلد 1، ص: 267، المکتبۃ العربیہ، کوئٹہ)''۔

## قراءت میں تشابہ لگنا اور یاد آنے پر واپسی اسی جگہ سے پڑھنا

**سوال**:25

ایک آدمی نے نماز شروع کی، اس نے سورہ فاتحہ کے بعد قراءت شروع کی، ایک سورت پڑھی درمیان میں بھول گیا اور اس سورت کو چھوڑ کر اس کی جگہ دوسری سورت پڑھنا شروع کر دی، کیا اس صورت میں اس پر سجدہ سہو واجب ہوگا یا نہیں؟، (بخت ولی، راولپنڈی)۔

Marfat.com

**جواب:**

صورتِ مسئولہ میں نماز درست ہوگئی اور سجدہ سہو کی ضرورت نہیں تھی ، لیکن اگر دونوں سورتوں کے درمیان ایک رکن ادا کرنے کی مقدار تاخیر ہوئی ، تو سجدۂ سہو لازم ہوگا۔
امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے سوال کیا گیا: امام مغرب میں رکوع "لقد صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهٗ" پڑھ رہا تھا جب "فِي الا نجيل" تک پڑھ لیا، آیت پارہ 22 کا متشابہ لگا اُس کے بعد " اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ " تک پڑھی ، پھر جب یاد آیا اُسے چھوڑ کر مقامِ اصل سے شروع کیا اور نماز ختم کی اور سجدہ سہو نہ کیا اس صورت میں نماز ہوئی یا نہیں؟، آپ نے جواب میں لکھا: نماز ہوگئی اور سجدۂ سہو کی بھی حاجت نہ تھی اگر بقدر ادائے رکن سوچتا نہ رہا ہو، ہاں اگر بھولا اور سوچنے میں اتنی دیر خاموش رہا، جس میں کوئی رکن نماز کا ادا ہوسکتا ہے تو سجدۂ سہو لازم آیا" کما فی الدر المختار" وغیرہ۔ اگر نہ کیا تو نماز جب بھی ہوگئی مگر ناقص ہوئی پھیرنا واجب ہے، (فتاویٰ رضویہ، جلد 6، ص:274، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)"۔

## ریڈیو، ٹی وی پر آیت سجدہ سن کر سجدۂ تلاوت کرنے کا حکم

**سوال:**26

T.V یا Radio یا اس سے ملتے جلتے آلات میں بیانات چل رہے ہوں یا پھر تلاوت ہو رہی ہو تو اگر دورانِ تلاوت آیتِ سجدہ آجائے ، یا حضور ﷺ کا اسم گرامی آئے تو کیا سجدہ کرنا یا درود شریف پڑھنا واجب ہے؟۔ احتیاطی طور پڑھ لیتے ہیں لیکن مسئلے کے اعتبار سے وضاحت فرمائیں، (مولانا زاہد اللہ عادل، جامع مسجد اقصیٰ فیڈرل 'بی' ایریا، کراچی)۔

**جواب:**

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں: (لا) تجب (بسماعهمن الصدى والطير) ومن كل تال حرفا، ولا بالتهجى اشباه۔
ترجمہ:" آیت سجدہ کی گونج سننے یا پرندے (طوطے) کے آیت سجدہ بار بار دہرانے سے (اگر اسے پریکٹس کرادی گئی ہو) سجدۂ تلاوت لازم نہیں آتا۔ اسی طرح کئی افراد آیتِ سجدہ

Marfat.com

ایک ایک حرف (الگ الگ) پڑھیں تو سننے والے پر سجدۂ تلاوت واجب نہیں ہوتا، یا اس کے حروف جدا جدا کر کے پڑھے، تو اس کے سننے پر سجدۂ تلاوت واجب نہیں ہوتا''۔

اس کی شرح میں علامہ ابن عابدین شامی نے ''زیلعی'' وغیرہ کے حوالے سے پرندے سے اور بازگشت سے آیتِ سجدہ سننے پر سجدۂ تلاوت کے عدمِ وجوب کے قول کو راجح قرار دیا ہے جب کہ ایک ضعیف قول کے مطابق اس صورت میں بھی واجب ہے لیکن علامہ شامی عدمِ وجوب کے قول کو ترجیح دیتے ہوئے لکھتے ہیں: قلت والاکثر علی تصحیح الاوّل وبه جزم فی نورالایضاح۔ میں کہتا ہوں کہ پہلا یعنی عدمِ وجوب کا قول اکثر کے نزدیک صحیح ہے اور نورالایضاح میں بھی اس قول کو اختیار کیا گیا ہے، (ردالمحتار علی الدرالمختار، ج:2، ص:509)۔ فتاویٰ عالمگیری میں ہے: ولاتجب اذاسمعهامن طیر هوالمختار۔

ترجمہ: ''اور (اگر) پرندے (مثلاً طوطے سے) آیت سجدہ سنی تو سننے والے پر سجدۂ تلاوت واجب نہیں ہوتا، (ج:1، ص:132)''۔ لہٰذا صورتِ مسئولہ میں اگر ریڈیو یا ٹی وی پر قاری براہِ راست (Live) تلاوت کر رہا ہے تو بالاتفاق سننے والے پر سجدۂ تلاوت واجب ہے، اگر ریکارڈنگ چل رہی ہے تو صحیح ترین قول یہ ہے کہ واجب نہیں ہے، اگرچہ بعض فقہاء کرام نے وجوب کا قول کیا ہے، لیکن جیسا کہ آپ نے تحریر کیا ہے کہ اگر آپ متوجہ ہو کر تلاوت سن رہے ہیں اور آیتِ سجدہ سن کر سجدۂ تلاوت کر لیتے ہیں تو اس کی افضلیت میں کوئی شک نہیں ہے، اسی طرح ریڈیو، ٹی وی پر رسول اللہ ﷺ کا اسم مبارک سن کر ہر بار درود پاک پڑھ لینا افضل ہے، ''عدمِ وجوب'' کا معنیٰ یہ ہے کہ نہ کرنے پر گنہگار نہیں ہوگا۔

## مسجد میں جماعتِ ثانی

**سوال**:27

ہم یہ دیکھتے چلے آئے ہیں کہ مسجد میں جماعت کے بعد دوسری جماعت کی جاتی ہے لیکن میں نے مسجد بلال ماڑی پور میں لکھا ہوا دیکھا ہے کہ مسجد میں دوسری جماعت کرنا مکروہ تحریمی ہے، وضاحت فرمائیے، (سید صفی اللہ شاہ، گڑھی نواب، بٹگرام)۔

Marfat.com

**جواب:**

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں :المسجد اذا کان له امام معلوم و جماعة معلومة فی محلة فصلیٰ اهله فیه بالجماعة لا یباح تکرارها فیه باذان ثان اما اذا صلوا بغیر اذان یباح اجماعاً و کذا فی مسجد قارعة الطریق۔

ترجمہ:'' مسجد میں جب امام مقرر ہو اور پابندی سے جماعت ہوتی ہو اور وہاں کے رہنے والے باجماعت نماز پڑھتے ہوں تو ایسی مسجد میں اذانِ ثانی کے ساتھ جماعتِ ثانیہ جائز نہیں ہے البتہ جب وہ بغیر اذان کے جماعت سے نماز ادا کریں تو بالاتفاق دوسری جماعت جائز ہے جیسے شارعِ عام کی مسجد میں جائز ہے، (فتاویٰ عالمگیری جلد 1 ص:83 مکتبۂ رشیدیہ کوئٹہ)''۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

یکره تکرار الجماعة باذان واقامة فی مسجد محلةلا فی مسجدطریق أو مسجد لا امام له ولا مؤذن۔

ترجمہ: مسجد محلہ میں اذان واقامت کے ساتھ دوسری جماعت مکروہ ہے مگر وہ مسجد جو شارع عام پر ہو یا جس مسجد میں امام ومؤذن مقرر نہ ہوں۔

علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

یکره تکرارالجماعة فی مسجد محلة بأذان واقامة، الا اذا صلی بهما فیه اولا غیر اهله اواهله لکن بمخافتة الاذان ، ولو کرر اهله بدونهما او کان مسجد طریق جاز اجماعاً کما فی مسجد لیس له امام ولا مؤذن ویصلی الناس فیه فوجاً فوجاً ، فان الافضل ان یصلی کل فریق باذان واقامة علی حدة کما فی "امالی قاضیحان"اه۔

ترجمہ:'' مسجد محلہ میں اذان واقامت کے ساتھ جماعت کی تکرار مکروہ ہے، مگر اس صورت میں کہ غیر محلہ والوں نے وہاں اذان واقامت کے ساتھ اولاً جماعت کرائی ہو یا اہل محلہ

Marfat.com

نے آہستہ اذان دیکر جماعت کروائی ہو۔اور اگر اہل محلہ نے بغیر اذان و اقامت کے تکرار کی ، تو یہ بالاتفاق جائز ہے یا اگر مسجد شارع ہے تو بالاتفاق تکرار جماعت جائز ہے،جیسا کہ اس مسجد کا حکم ہے، جس کے لئے امام ومؤذن مقرر نہ ہواور لوگ اس میں گروہ در گروہ نماز ادا کرتے ہوں،تو وہاں افضل یہ ہے کہ ہر فریق اپنی اپنی اذان واقامت کے ساتھ الگ الگ نماز پڑھے، جیسا کہ '' امالی قاضی خان'' میں ہے،(ردالمحتار علی الدرالمختار، جلد دوم،ص:246-245،مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

فقہائے احناف کا معتمد مذہب یہ ہے کہ دوسری جماعت اذان کے اعادہ کے ساتھ مکروہ ہے اور بلا اعادۂ اذان دوبارہ جماعت کرانے میں کوئی حرج نہیں جبکہ وہ جماعتِ ثانی جماعتِ اولیٰ کی ہیئت پر نہ ہو، علامہ ابنِ عابدین شامی لکھتے ہیں:

عن أبی یوسف أنه اذالم تکن الجماعةعلی الھیئة الأولی لا تکره، والاتکره، وھوالصحیح ،وبالعدول عن المحراب تختلف الھیئة۔

ترجمہ:امام ابو یوسف سے روایت ہے، جب جماعت پہلی ہیت پر نہ ہو،تو مکروہ نہیں ورنہ مکروہ ہے یہی صحیح ہےاور محراب سے ہٹ کرادا کرنے سے ہیئت بدل جاتی ہے،(ردالمحتار علی الدرالمختار، جلد دوم،ص:246،مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز نے '' القطوف الدانیه لمن احسن الجماعة الثانیه'' کے نام سے ایک ہی مسجد میں جماعتِ ثانیہ قائم کرنے کے مسئلے پر ایک مستقل رسالہ تصنیف فرمایا ہے، اس میں آپ نے تقریباً 12 ممکنہ صورتیں اور ان کے احکام بیان فرمائے ہیں، ان میں آج کل کے حالات کی مناسبت سے چند اہم صورتیں یہ ہیں:

(1) جو مسجد شارع عام ،بس اسٹینڈ ،ریلوے اسٹیشن ،ایئر پورٹ، سرائے وغیرہ کی ہے، جہاں لوگوں کے قافلے آتے جاتے رہتے ہیں، نئی اذان واقامت کے ساتھ کسی کراہت کے بغیر تکرار جماعت جائز ہے۔

(2) ایک مسجد کسی محلے یا بستی کے لئے ہے، وہاں کچھ اجنبی لوگ یا مسافر اذان واقامت

Marfat.com

کے ساتھ جماعت کر کے چلے گئے ،تو اہل محلہ کے لئے دوبارہ اذان واقامت کے ساتھ جماعت کرانا جائز ہے، کیوں کہ اس مسجد میں اقامتِ جماعت انہی لوگوں کا حق ہے، جیسے اصولاً تو نمازِ جنازہ کی تکرار جائز نہیں ہے، لیکن اگر ولی کی اجازت کے بغیر دوسرے لوگوں نے نمازِ جنازہ پڑھ لی، تو ولی کو اعادہ کا حق ہے۔

(3) محلے یا بستی کی جماعت میں بعض اہل محلہ نے اذان کے بغیر جماعت کر لی، تو اب بھی وہاں اذان واقامت کے ساتھ تکرار جماعت جائز ہے۔

(4) محلے یا بستی کی مسجد میں کچھ لوگوں نے آہستہ اذان دے کر جماعت کرالی، تو اہل محلّہ کا دوبارہ اذان واقامت کے ساتھ جماعت کرانا جائز ہے، کیوں کہ اذان کا اصل مقصد اعلانِ عام ہے، جو آہستہ اذان اول سے حاصل نہیں ہوا۔

(5) یا امام کسی دوسرے مسلک کا ہو، مثلاً شافعی، اور اس کے بارے میں ظن غالب یا یقین ہو کہ وہ بعض فقہی مسائل میں ایسا طریقہ اختیار کرتا ہے کہ مسلک حنفی کے مطابق وضو نہیں ہوتا، مثلاً (الف) وہ پچھنا لگوانے کے بعد نماز کے لئے دوبارہ وضو نہیں کرتا (ب) جسم کی کسی عضو یا مقام سے خون نکل کر بہہ جانے سے دوبارہ وضو نہیں کرتا (ج) نماز کے اندر قہقہہ لگا کر ہنسنے سے نماز تو بالاتفاق فاسد ہو جاتی ہے، مگر شوافع کے نزدیک وضو نہیں ٹوٹتا، اور اب شافعی امام ایسی صورت میں احتیاط پر عمل کرتے ہوئے نماز کے لئے وضو کا اعادہ نہیں کرتا (د) امام شافعی المسلک ہے اور وہ وضو کرتے وقت احتیاط پر عمل کرتے ہوئے چوتھائی سر یا اس سے زیادہ کا مسح نہیں کرتا بلکہ چند بالوں کے مسح پر اکتفا کرتا ہے، تو ان صورتوں میں چونکہ احناف کے نزدیک وضو یا ہوتا ہی نہیں ہے یا فاسد ہو جاتا ہے، لیکن اس سے نماز ادا نہیں کی جاسکتی، اب اگر کہیں صورت حال ایسی ہے کہ امام شافعی المسلک ہے اور یہ جاننے کے باوجود کہ اس کے مقتدی سب کے سب یا اکثر حنفی ہیں اور وہ مندرجہ بالا مسائل میں احتیاط پر عمل نہیں کرتا، تو حنفی اپنی نماز کی حفاظت کے لئے جماعت ثانی کر سکتے ہیں۔

(6) پہلی جماعت میں امام ایسی قرأت کرتا ہے، جو موجب فسادِ نماز ہے۔

Marfat.com

(7) ظن غالب یا یقین کی حد تک معلوم ہے کہ پہلی جماعت کا امام توہین الوہیت ورسالت کا مرتکب ہے۔

آخر میں لکھتے ہیں: "اب محل نظر صرف ایک صورت رہی کہ مسجد محلہ میں اہل محلہ نے باذان واقامت بروجہ سنت امام موافق المذہب سالم العقیدہ، متقی مسائل داں، صحیح خواں کے ساتھ جماعت اولیٰ خالی عن الکراہت ادا کرلی، پھر باقی ماندہ لوگ آئے، انہیں دوبارہ اس مسجد میں جماعت قائم کرنے کی اجازت ہے یا نہیں؟ اور ہے تو بکراہت یا بے کراہت، اس بارے میں عین تحقیق وحق وثیق وحاصل انیق ونظر دقیق واثر توفیق یہ ہے کہ اس صورت میں تکرار جماعت باعادہ اذان ہمارے نزدیک ممنوع وبدعت ہے، یہی ہمارے امام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب مہذب وظاہر الروایہ ہے، متن متین مجمع البحرین وبحرالرائق علامہ زین میں ہے:

ولا تکررها فی مسجد محلة باذان ثان۔

"مسجد محلہ میں دوسری اذان کے ساتھ تکرار جماعت جائز نہیں، (البحرالرائق، باب الامامۃ جلد: اول، ص: 346)"، (فتاویٰ رضویہ جلد: 7ص: 125 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاہور)۔

## خواتین کے مخصوص ایام کی نمازوں کی قضا نہیں، صرف روزوں کی قضا ہے

**سوال**:28

میں نماز اور روزے جو عورتوں کی مجبوری کے باعث قضاء ہوتے ہیں ان کے بارے معلوم کرنا چاہتی ہوں۔ رمضان کے روزے قضاء ہوتے تو میں بعد میں پورے کر لیتی تھی اور نماز قضاء بھی ادا کر لیتی تھی، پھر بھی اگر کوئی کفارہ وغیرہ ہو تو بتادیں۔ آپ سے ایک مسئلہ یہ بھی میں نے سنا ہے کہ حج سے پہلے کے تمام گناہ بندے کے حج کرنے کے بعد معاف ہو جاتے ہیں، میں نے 2002ء میں حج کیا جب سے لے کر آج تک اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں پوری پابندی کرتی ہوں نماز قضاء وغیرہ بھی ادا کر لیتی ہوں۔ آپ سے

Marfat.com

گزارش ہے کہ میری راہنمائی فرمائیں اور کوئی کفارہ وغیرہ ادا کرنا ہے یا نہیں جو بھی بہتر ہے مشورہ عنایت فرمائیں،(والدہ محمد رئیس، 865/4 لیاقت آباد، کراچی)۔

**جواب:**

عورتوں کا ایام مخصوصہ میں روزے رکھنا اور نماز پڑھنا حرام ہے ان دنوں میں نمازیں معاف ہیں ان کی قضاء بھی نہیں، روزوں کی قضاء اور دنوں میں فرض ہے۔

حدیثِ مبارک میں ہے:عن معاذة قالت :سألت عا ئشةفقلت :ما بال الحائض تقضی الصوم،ولا تقضی الصلاة؟ فقالت :أحر وريّة أنت؟قلت:لست بحر ورية، ولکنی اسأل۔قالت کا ن یصیبنا ذلک ، فنؤمر بقضا ء الصو م،ولا نؤمر بقضا ء الصلاۃ۔

ترجمہ:''معاذہ بیان کرتی ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ اس کا کیا سبب ہے کہ حائضہ عورت روزہ تو قضاء کرتی ہے نماز قضاء نہیں کرتی ،حضرت عائشہ نے پوچھا کیا تو حروریہ (خوارج میں سے ) ہے؟ میں نے عرض کیا کہ میں حروریہ نہیں ہوں محض جاننا چاہتی ہوں ،آپ نے فرمایا کہ حیض کے ایام میں ہمیں روزوں کی قضاء کا تو حکم دیا جاتا تھا لیکن نماز کی قضاء کا حکم نہیں دیا جاتا تھا،(صحیح مسلم رقم الحدیث:747)''۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

(منھا) ان یسقط عن الحا ئض والنفسا ء الصلا ۃ فلا تقضی ھکذ افی الکفایة۔

ترجمہ:''(حیض ونفاس کے احکام میں ہے ) کہ حیض اور نفاس والی عورت سے نماز ساقط ہو جائے گی اور اس پر اس کی قضاء بھی نہیں۔''کفایہ''میں اسی طرح ہے،۔۔۔۔آگے چل کر مزید لکھتے ہیں:(ومنھا )ان یحر م علیھما الصو م فتقضیا نه ھکذا فی الکفایة۔

ترجمہ:''(حیض ونفاس کے احکام میں ہے ) حیض ونفاس والی عورت پر (اس حال میں) روزے رکھنا حرام ہے،اور بعد میں وہ اس کی قضاء کرے گی''کفایہ''میں اسی طرح

Marfat.com

ہے، (فتاوی عالمگیری جلد 1 ص:38 مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)''۔
حکم متفق علیہ ہے تمام مسلمانوں کا اسی پر اجماع ہے کہ حیض اور نفاس کی حالت میں عورت پر نماز اور روزہ واجب نہیں ہے۔ اور اس پر اجماع ہے کہ اس پر روزہ کی قضاء واجب ہے اور نماز کی قضاء واجب نہیں ہے، ان میں فرق یہ ہے کہ نمازیں زیادہ ہیں اور دن میں بار بار پڑھی جاتی ہیں اس کے برعکس روزے صرف سال میں ایک بار واجب ہوتے ہیں، یہ حکمت ہمیں معلوم ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول مکرم ﷺ نے ایامِ حیض و نفاس میں خواتین کے لئے تخفیف فرمادی اور ان ایام کی فوت شدہ نمازوں کی قضا واجب نہیں فرمائی۔
باقی احکامِ شرعیہ ''تعبدی'' ہوتے ہیں یعنی جیسے اور جس طرح شارع سے ثابت ہیں، انہیں قبول کرنا اور ان پر عمل کرنا واجب ہے، اگر ان کی حکمت ہماری سمجھ میں آجائے تو یہ ہماری سعادت ہے اور اگر ہماری سمجھ میں نہ آئے تو یہ ہماری عقل و فہم کی نارسائی ہے۔
آپ نے جو لکھا ہے کہ ''حج سے پہلے کے تمام گناہ بندے کے حج کرنے کے بعد معاف ہو جاتے ہیں''، ادائیگیٔ حج کے لئے جانے سے قبل کبیرہ گناہوں کی توبہ کی جائے، فرائض کی ادائیگی مثلاً قضا نمازوں کی ادائیگی یا ادائیگی کا عزم، زکوٰۃ کی ادائیگی، حق العبد یعنی اگر کسی کا حق اس کے ذمے ہے، تو اس حق کی ادائیگی یا اس سے اس حق کو معاف کرائے۔

## نمازِ قصر میں وطن کی اصطلاح

**سوال**:29

زید کراچی سے حیدر آباد اپنی فیکٹری میں روزانہ آتا جاتا ہے، وہاں تین نمازوں کا وقت آتا ہے، آیا زید ان نمازوں میں قصر کرے گا یا نہیں؟ نیز بعض علماء نے کہا ہے کہ زید فیکٹری کے قیام کے دوران قصر نہیں کرے گا کیونکہ یہ وطنِ ترزیق ہے، آیا وطنِ ترزیق کی کوئی اصل ہے یا نہیں؟، (مولانا شبیر حسین، کراچی)۔

**جواب**:

کم از کم مسافتِ سفر'' جس کا سفر شروع کرنے سے ''قصر'' واجب ہو جاتی ہے،

Marfat.com

وہ مقدارِ سفر ہے، جو انسان اوسط رفتار سے یا اونٹ کی متوسط رفتار سے اپنی طبعی ضروریات و لوازمات (اس سے مراد مناسب آرام، کھانے اور دیگر حاجات کی تکمیل ہے) اور شرعی فرائض (یعنی نمازوں) کی ادائیگی کے ساتھ تین دن میں طے کرے۔ اس میں آرام کے وقفے کے ساتھ دن کا سفر اور رات کا قیام بھی شامل ہے، بدلتے ہوئے حالات کے ساتھ ساتھ مسافت کے پیمانے بھی بدلتے گئے اور پھر مسافت کو پہلے انگریزی میلوں اور بعد میں کلومیٹر سے ناپا جانے لگا، لہٰذا عہدِ حاضر کے علماء نے مسافتِ قصر کا اندازہ انگریزی میلوں سے قائم کیا۔ فقہاء کرام کے اقوال میں مفتیٰ بہ قول اٹھارہ فرسخ ہے اور اٹھارہ فرسخ چوّن میل شرعی ہیں، جو ایک لاکھ آٹھ ہزار گز یعنی اِکسٹھ انگریزی میل دو فرلانگ بیس گز ہیں اور یہ اٹھانوے اعشاریہ سات تین چار (98.734) کلومیٹر کے برابر ہے۔

علامہ شامی رحمہ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

ثم اختلفوا فقیل احدوعشرون،وقیل ثمانیة عشر، وقیل خمسة عشر، والفتویٰ علی الثانی لانه الاوسط۔

ترجمہ: ''بعض فقہاء نے اکیس فرسخ قرار دیا ہے اور بعض نے اٹھارہ فرسخ قرار دیا ہے اور بعض نے پندرہ فرسخ قرار دیا ہے اور مفتیٰ بہ اٹھارہ فرسخ کا قول ہے، (درمختار: جلد نمبر 2 ص:526 مطبوعہ دار احیاء التراث العربی)''۔

لہٰذا مفتیٰ بہ قول کے مطابق تقریباً اٹھانوے (98) کلومیٹر کی مسافت کے بعد ہی سفر شرعی اور قصر کے احکام لاگو ہوں گے۔

وطن کی دو قسمیں ہیں، وطن اصلی، وطنِ اقامت، علامہ علاء الدین حصکفی درمختار میں لکھتے ہیں:

(الوطن الاصلی) ھو موطن ولادته او تاھله او توطنه۔

ترجمہ: ''کسی شخص کا وطنِ اصلی اس کی جائے ولادت ہے یا جہاں وہ شادی کر کے اپنے اہل کے ساتھ رہے یا جسے وہ اپنے وطن کے طور پر اختیار کر لے''۔

Marfat.com

اس کی شرح میں علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

قوله: (الوطن الاصلی) ویسمی بالاهلی و وطن الفطرة ح عن القهستانی، قوله: (او تاهله) ای تزوجه۔

ترجمہ: ''وطنِ اصلی'' کو ''وطنِ اہلی'' اور ''وطن الفطرۃ'' بھی کہا جاتا ہے، اور قہستانی سے منقول ہے کہ (درمختار کی عبارت میں) ''او تاہلہ'' سے مراد شادی کرنا ہے، (ردالمحتار علی الدرالمختار، ج:2، ص:535,536، داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

عبارة عامة المشائخ ان الاوطان ثلثة، وطن اصلی وهو مولدالرجل اوالبلد الذی تأهل به و وطن سفر و قدسمی وطن اقامة و هوالبلد الذی ینوی المسافر الاقامة فیه خمسة عشر یوما او اکثر و وطن سکنی وهو البلد الذی ینوی الاقامة فیه دون خمسة عشر یوما، و عبارة عامة المحققین من مشائخنا ان الوطن وطنان، وطن اصلی و وطن اقامة ولم یعتبروا وطن السکنی وطنا وهو الصحیح هکذا فی الکفایة۔

ترجمہ: ''عام علماء کی عبارت یہ ہے کہ وطن تین قسم کے ہیں، ایک وطنِ اصلی اور یہ اس کی جائے پیدائش یا وہ مقام ہے جہاں وہ شادی کر کے اپنے اہل کے ساتھ رہے، اور دوسرا وطنِ سفر اور اسے وطنِ اقامت بھی کہا جاتا ہے، یہ وہ مقام ہے جہاں کوئی مسافر پندرہ دن یا اس سے زیادہ مدت کے لئے رہنے کا ارادہ رکھتا ہے، اور تیسرا وطنِ سُکنیٰ ہے، اور یہ وہ مقام ہے جہاں کوئی مسافر پندرہ دن سے کم مدت کے لئے ٹھہرنے کا ارادہ کرتا ہے، اور ہمارے علماء میں سے عام محققین کا کہنا یہ ہے کہ وطن کی صرف دو ہی قسمیں ہیں، وطنِ اصلی اور وطنِ اقامت، اور وہ ''وطنِ سکنیٰ'' کا اعتبار نہیں کرتے اور یہی قول صحیح ہے، اور کفایہ میں بھی اسی طرح ہے، (فتاویٰ عالمگیری ج:1، ص:143 مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

خلاصۂ کلام یہ کہ زید فیکٹری میں رہتے ہوئے جو نمازیں جماعت کے ساتھ مقیم امام کے ساتھ

Marfat.com

ادا کرے گا انہیں پوری ادا کرے گا، اگر انفرادی طور پر پڑھے گا تو قصر کرے گا یعنی چار رکعتی نماز دو رکعت پڑھے گا، اور اسے چاہیے کہ حتی الامکان جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کا اہتمام کرے تاکہ جماعت کے اجر زائد کے ساتھ امام کی متابعت میں پوری نماز پڑھنے کا موقع ملے۔ وطنِ ترزیق، (یعنی جہاں انسان کا روزگار وابستہ ہو) کی الگ کوئی قسم اس معنی میں نہیں ہے کہ اس پر ''وطنِ اقامت'' سے ہٹ کر کسی خاص حکم کا اطلاق کیا جاتا ہو۔

## اذانِ جمعہ اور نماز کی سعی

**سوال**:30

قرآن میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''اے ایمان والو! جب تمہیں نماز جمعہ کے لئے بلایا جائے تو کاروبار دنیا چھوڑ کر اس کے لئے سعی کرو، یہ تمہارے لئے بہتر ہے، اگر تم جانو!۔ اس آیت مبارکہ کی رو سے نماز جمعہ کے لئے سعی واجب ہے، ہمارے ہاں جمعہ کے دن دو اذانیں دی جاتی ہیں، اس سے کون سی اذان مراد ہے، پہلی یا دوسری، کیا عہد رسالت میں بھی دو اذانیں دی جاتی تھیں۔ (یاسر رحمان، ضلع کوٹلی تحصیل نکیال، آزاد کشمیر)۔

**جواب**:

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: يَاۤ اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نُوْدِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَّوْمِ الْجُمُعَةِ فَاسْعَوْا اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ وَذَرُوا الْبَيْعَ ۭ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ ۔

ترجمہ: ''اے اہل ایمان! جب جمعہ کے دن نماز (جمعہ) کے لئے اذان دی جائے، تو تم اللہ کے ذکر کی طرف چل پڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو، یہ تمہارے لئے بہت بہتر ہے اگر تم جانتے ہو، (الجمعہ:9)''۔

قرآن مجید کی ایک مکمل سورت یوم جمعہ کے نام سے منسوب ''سورۃ الجمعہ'' ہے، یہ دو رکوعات پر مشتمل ہے، اس کے دوسرے رکوع میں ''سعیِ جمعہ'' کا حکم ہے، ''سعی'' کی تفسیر میں چار اقوال ہیں: (1) دل سے نیت کرنا (2) نماز جمعہ کی تیاری کرنا یعنی غسل کرنا (3) اذان کی آواز پر لبیک کہنا (4) نماز کی طرف چل پڑنا، مگر بھاگتے ہوئے نہیں وقار

Marfat.com

کے ساتھ۔

امام فخر الدین محمد بن عمر ضیاء الدین عمر رازی متوفی 606ھ لکھتے ہیں:

''سعی'' کے معنی چل پڑنے کے ہیں، دوڑنے کے نہیں ہیں، نیت سے بھی سعی ہوتی ہے (یہ عمل قلب ہے)، اور کسی کام کی طرف متوجہ ہوجانے کا نام بھی ''سعی'' ہے، لیکن یہاں علماء کی ایک جماعت کے نزدیک ''سعی'' سے مراد عمل ہے، امام مالک اور امام شافعی کا یہی مسلک ہے۔

سورۃ اللیل، آیت: 4 میں ہے: اِنَّ سَعۡیَکُمۡ لَشَتّٰی ﴿۴﴾، ''تمہارا عمل مختلف ہے''۔

اور رسول اللہ ﷺ سے روایت ہے: ''جب تم نماز کی طرف آؤ، تو دوڑتے ہوئے نہ آؤ، بلکہ سکون (ووقار) کے ساتھ آؤ، اس پر علماء کا اتفاق ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب جمعہ کے لئے تشریف لاتے، تو نرم روی سے تشریف لاتے، (تفسیر کبیر، ج: 10 ص: 542، داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

ذکر اللہ کی تفسیر میں تین اقوال ہیں: (1) خطبہ میں امام کی نصیحت (2) نماز کا وقت (3) نماز۔ رہا یہ سوال کہ وہ کون سی اذان ہے، جس کے سننے کے بعد نماز جمعہ کے لئے سعی واجب ہوجاتی ہے، اور خرید و فروخت حرام ہوجاتی ہے؟۔

امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ انصاری قرطبی متوفی 1273ھ لکھتے ہیں: ''رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں باقی نمازوں کی طرح جمعہ کے لئے بھی ایک ہی اذان دی جاتی تھی، اور یہ اذان اس وقت دی جاتی تھی جب رسول اللہ ﷺ منبر پر (خطبہ دینے کے لئے) بیٹھ جاتے تھے، حضرت ابوبکر، حضرت عمر اور کوفہ میں حضرت علی کے دور میں بھی ایسا ہی ہوتا تھا، جب مدینہ منورہ میں آبادی زیادہ ہوگئی تو حضرت عثمان نے وقتِ زوال (یعنی ظہر کے وقت کی ابتدا) سے ایک اذان کا اضافہ فرمادیا، یہ اذان مقام ''زوراء'' پر ان کے مکان پر دی جاتی تھی، جو بازار میں تھا اور منارے کی طرح بلند تھا، لوگ (یہ پہلی اذان) سن کر چل پڑتے، پھر جب حضرت عثمان منبر پر بیٹھتے تو رسول اللہ ﷺ کے مؤذن (دوسری) اذان

Marfat.com

دیتے اور آپ خطبہ ارشاد فرماتے تھے۔ آگے چل کر لکھتے ہیں علامہ ماوردی نے (حضرت عثمان کی اضافہ کردہ) اس اذانِ اول کو بدعت قرار دیا ہے، لیکن حضرت عثمان نے شہر کے پھیلاؤ اور آبادی کی کثرت کی بنا پر ایسا کیا تاکہ لوگ تیار ہو کر خطبہ کے لئے پہنچ سکیں، حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دور میں بازار میں مسجد کی طرف جانے کے لئے اعلان کرنے کا حکم دیا تھا، تاکہ لوگ کاروبار چھوڑ کر مسجد کی جانب چل پڑیں اور جوں ہی لوگ مسجد میں جمع ہوتے (تو خطبے کے وقت) اذان دلاتے تھے، (الجامع لاحکام القرآن، ج:18، ص:100، مکتبۃ الغزالی، دمشق)۔

نوٹ: عہدِ رسالت مآب ﷺ میں چونکہ مدینہ منورہ کی آبادی محدود تھی، اس لئے اذانِ خطبہ سنتے ہی لوگوں کا پہنچنا آسان تھا۔

علامہ محمود آلوسی بغدادی متوفی:1270ھ اسی بات کو بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

ترجمہ: ''(کہ جب حضرت عثمان نے اذانِ اول کا اضافہ فرمایا) تو کسی نے آپ کو ملامت نہیں کیا، (یعنی اس سے ثابت ہوا کہ اس اذانِ اول کے اضافہ کو تمام صحابہ کرام نے تراویح کی جماعت کی طرح بدعتِ حسنہ تسلیم کرلیا تھا، کیونکہ اس کا مقصد، شریعت کی منشاء کا احسن وکامل طریقے سے حصول تھا)، روح المعانی، ج:28، ص:98، داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

اسی مقام پر آگے چل کر علامہ آلوسی لکھتے ہیں:

''ہمارے نزدیک صحیح ترین یہ ہے کہ (جس اذان کو سننے پر) سعیِ جمعہ واجب ہوتی ہے، اس سے مراد اذانِ اول ہے، کیونکہ اس کا مقصد نمازِ جمعہ'' کی تیاری کا'' اعلان ہے''۔

علامہ محمد بن علی بن محمد حصکفی حنفی متوفی 1088ھ لکھتے ہیں:

"(ووجب السعی الیھا وترک البیع)-------(بالاذان الاول)فی الاصحّ وان لم یکن فی زمن الرسول ﷺ بل فی زمن عثمان"۔

ترجمہ: ''زیادہ صحیح یہ ہے کہ پہلی اذان کے بعد جمعہ کے لئے سعی کرنا واجب ہے، اگرچہ یہ

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں نہیں تھی، حضرت عثمان کے زمانے میں شروع ہوئی"۔
اس کی شرح میں علامہ ابن عابدین شامی متوفی 1252ھ لکھتے ہیں:

"وحا صله ان السعی نفسه فرض والواجب کو نه فی وقت الاذان الاول"۔

ترجمہ: "اس (عبارت کا) حاصل یہ ہے کہ فی نفسہٖ "سعیِ جمعہ" فرض ہے اور اس کا وجوب اذانِ اول کے وقت سے شروع ہوتا ہے"، آگے چل کر لکھتے ہیں: قال فی " شرح المنیه):
واختلفوافی المراد بالاذان الاول:فقیل الاول باعتبار المشروعیة وهوالذی بین یدی المنبرلانه الذی کان اولافی زمنه علیه الصلاة والسلام وزمن ابی بکر وعمر حتیٰ احدث عثمان الاذان الثانی علی "الزوراء" حیث کثر الناس۔ والاصح انه الاول باعتبار الوقت ،وهوالذی یکون علی المنارة بعد الزوال "۔

" شرح المنیہ " میں کہا: فقہاء کا اس مسئلے میں اختلاف ہے کہ اذانِ اوّل کونسی ہے، ایک قول یہ ہے کہ اس سے وہ اذان مراد ہے جو مشروعیت کے اعتبار سے اوّل ہے اور یہ وہ ہے جو منبر کے سامنے دی جاتی ہے، کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کے زمانے میں یہی اذانِ اول تھی، یہاں تک کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے دور میں جب لوگو ں کی آبادی بڑھ گئی تو آپ نے مقام "زوراء" پر دوسری اذان شروع کرائی اور صحیح ترین قول یہ ہے کہ وقت کے اعتبار سے یہی (مقامِ زوراء والی اذان) اول ہے، جو زوال کے بعد منارہ پر دی جاتی تھی، (ردالمختار، ج:3، ص:35، داراحیاء التراث العربی، بیروت)"۔

خلاصہ بحث یہ ہے کہ عہدِ رسالت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور عہدِ شیخین (حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما) میں جمعہ کے لئے ایک ہی اذان دی جاتی تھی جو امام کے منبر پر بیٹھنے کے وقت اس کے سامنے دی جاتی تھی، اور اسی وقت سے جمعہ کے لئے سعی واجب ہو جاتی تھی اور خرید وفروخت حرام ہو جاتی تھی۔ لیکن عہدِ عثمان رضی اللہ عنہ میں جب جمعے کے لئے ابتدائے وقت میں مقام "زوراء" پر پہلی اذان شروع ہوئی اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا اس پر نکیر یا اختلاف ثابت نہیں ہے، لہٰذا یہ بدعتِ حسنہ قرار پائی۔

Marfat.com

(3) اس پر اب تعامل ہے اور اسی سے جمعہ کے لئے سعی کا وجوب اور کاروبار کا ترک واجب ہو جاتا ہے، آبادی کے پھیلاؤ اور لوگوں کی کثرت کی وجہ سے اگر اذان ثانی سے سعی کے وجوب اور کاروبار کے ترک کرنے کا قول کیا جائے تو اکثر صورتوں میں جمعہ کے خطبۂ واجب کا استماع (سننا) چھوٹ جاتا ہے اور بعض صورتوں میں نماز کی تکبیر تحریمہ یا ایک رکعت بھی چلی جاتی ہے۔اور حدیث پاک میں ہے کہ امام جب خطبے کے لئے کھڑا ہو جاتا ہے تو مسجد کے دروازے پر فرشتے جن نورانی رجسٹروں میں آنے والے نمازیوں کے اسماء ترتیب کے ساتھ لکھتے ہیں اور اسی ترتیب کے مطابق ان کے اجر کے درجات ہیں، وہ رجسٹر بند ہو جاتے ہیں اور دیر سے آنے والے نمازی نورانی رجسٹروں میں ناموں کے اندراج سے محروم رہ جاتے ہیں۔لہٰذا اگر چہ اذان ثانی کے ساتھ ''سعیِ جمعہ'' کے وجوب پر تو سب کا اتفاق ہے، لیکن ہمارے بعض فقہائے احناف نے اذان اول سے ''سعیِ جمعہ'' کے وجوب کے قول کو اَصَحّ (صحیح ترین) قرار دیا ہے، لوگوں کی سستی اور غفلت کو دیکھتے ہوئے عمل کے لئے یہی بہتر ہے، اگر چہ دوسرا قول بھی صحیح ہے۔

## خطبۂ جمعہ کے دوران بیٹھنے کی ھیئت

**سوال:31**

خطبۂ جمعہ وعیدین میں پہلے خطبہ کے دوران ہاتھ باندھ کر بیٹھنا اور دوسرے خطبہ میں ہاتھ کھول کر (یعنی بحالتِ تشہد) بیٹھنا، شرعی اعتبار سے اس کی کیا حقیقت ہے؟، (حافظ غلام مرتضیٰ سیالوی، ضلع اٹک)۔

**جواب:**

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: واذا شهد الرجل عندالخطبةان شاء جلس محتبياً او متربصاً او كما تيسّر لانه ليس بصلاةٍ عملاً وحقيقةً كذا فى المضمرات۔ ويستحب ان يقعد فيها كما يقعد فى الصلاة كذا فى المعراج الدراية۔

ترجمہ: ''جب کوئی شخص دورانِ خطبہ (مسجد میں) آئے تو (اسے رخصت ہے) چاہے تو

Marfat.com

اکڑوں بیٹھے (یعنی اس طرح کہ ایک تہبند میں ہو اور دونوں گھٹنوں کو دونوں ہاتھوں کے حلقے میں لیا ہوا ہو) یا آلتی پالتی مار کر (چار زانوں) بیٹھے یا جس ہیئت میں وہ آسانی محسوس کرے، کیونکہ خطبہ عملاً اور حقیقۃً نماز نہیں ہے، ''مضمرات'' میں اسی طرح ہے، اور مستحب یہ ہے کہ دورانِ خطبہ اسی طرح بیٹھے جیسے نماز میں (حالتِ تشہّد) میں بیٹھتا ہے، ''معراج الدرایہ'' میں اسی طرح ہے، (فتاویٰ عالمگیری، جلد 1، ص:148، مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

بعض لوگ خطبۂ اولیٰ کو حالت تشہد میں ہاتھ باندھ کر بیٹھے ہوئے سنتے ہیں، یہ کہیں سے ثابت نہیں ہے۔ بس دونوں خطبوں کے دوران حالت تشہد میں بیٹھنا مستحب اور کسی بھی دوسری مناسب ہیئت پر بیٹھنا جائز ہے۔

رہا یہ مسئلہ کہ دو خطبوں کے درمیان امام ومقتدی بغیر ہاتھ اٹھائے یا ہاتھ اٹھا کر دعا کریں یا نہ کریں، تو امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں:

مختصراً بالجملہ خلاصہ کلام یہ ہے کہ دعائے مذکور خطیب کے لئے مطلقاً اور سامعین کے لئے بالاتفاق جائز، اور مذہبِ امام شافعی وقولِ امام ابی یوسف پر ان کے لئے زبان سے بھی قطعاً اجازت اور ارشاد امام کی ایک تخریج پر مکروہ، دوسری پر جائز، ائمہ فتویٰ نے دونوں کی تصحیح کی، تو احد الصحیحین (یعنی دونوں صحیح روایتوں) پر دعائے مذکور امام ومقتدین سب کو دل وزبان ہر طرح سے باتفاق مذہبین حنفی وشافعی مطلقاً جائز ومشروع اور علماء تصریح فرماتے ہیں کہ جب ترجیح مختلف متکافی (برابر درجے کی ہو) ہو تو مکلّف کو اختیار ہے کہ ان میں سے جس پر چاہے عمل کرے، اصلاً محل اعتراض وانکار نہیں، بحر الرائق ودر مختار میں ہے:

متیٰ کان فی المسئلة قولان مصححان جاز القضاء والافتاء باحدھما۔ ترجمہ: ''جب کسی خاص مسئلے میں دو ایسے قول ہوں جن میں سے ہر ایک کو صحیح قرار دیا گیا ہو، تو ان میں کسی بھی ایک کے جواز پر فیصلہ دینا اور فتویٰ دینا دونوں جائز ہیں، (فتاویٰ رضویہ، جلد 8، ص:490، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔

عیدین ونمازِ جمعہ میں خطبہ سننا واجب ہے، ہر وہ کام جو نماز میں منع ہے، دورانِ خطبہ بھی جائز

Marfat.com

نہیں، سماعت کے لئے توجہ اور یکسوئی لازم ہے۔امام مسلم اپنی صحیح میں حدیث نقل فرماتے ہیں: عن ابی ھریرۃ قال: قال رسول اللہ ﷺ: من توضأ فأحسن الوضوء ثمّ أتی الجمعۃ فاستمع وأنصت غفر لہ مابینہ وبین الجمعۃ وزیادۃ ثلاثۃ أیام ومن مسّ الحصی فقد لغا ۔

ترجمہ: ’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے وضو کیا اور اچھی طرح سے وضو کیا، پھر جمعہ پڑھنے آیا اور خاموشی سے خطبہ سنا، اِس جمعہ سے لے کر گزشتہ جمعہ تک کے اُس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں، (اس کے علاوہ) مزید تین دن کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اور فرمایا: جس شخص نے کنکریاں چھوئیں اس نے لغو کام کیا، ۔۔۔۔۔۔۔۔۔اس حدیث کی شرح میں علامہ یحیٰ بن شرف النووی لکھتے ہیں: قولہ صلی اللہ علیہ وسلم (ومن مس الحصا فقد لغا) فیہ النھی عن مس الحصا وغیرہ من أنواع العبث فی حالۃ الخطبۃ وفیہ اشارۃ الی اقبال القلب والجوارح علی الخطبۃ ۔

ترجمہ: ’’حضور ﷺ کا ارشادِ مبارک ہے: اور جس نے کنکریوں کو چھوا، اس نے لغو کام کیا۔ اس فرمانِ رسول ﷺ میں اس طرف اشارہ ہے کہ خطبے کے دوران انسان اپنے قلب اور ظاہری حالت سے مکمل خطبے کی طرف متوجہ ہو، (صحیح مسلم بشرح الامام النووی، جلد2، الجزء السادس، ص:,147146 مطبوعہ: مکتبۃ الغزالی، دمشق)‘‘۔

سماعِ خطبہ کے متعلق احادیث میں سخت تاکید وارد ہوئی ہے: عن ابن شھاب قال: أخبرنی سعید بن المسیب: ان ابا ھریرۃ أخبرہ: انّ رسول اللہ ﷺ قال: "اذا قلت لصاحبک یوم الجمعۃ أنصت ۔ والامام یخطب ۔ فقد لغوت"۔

ترجمہ: ’’ابن شہاب فرماتے ہیں کہ سعید بن مسیّب نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب جمعہ کے دن خطبۂ جمعہ کے دوران تُو نے اپنے ساتھی سے یہ کہا کہ: چپ رہو، تو تُو نے لغو کام کیا، (صحیح بخاری، رقم الحدیث:934)‘‘۔

Marfat.com

عن علی قال: قال رسول اللہ ﷺ : من قال لصاحبہ یوم الجمعة صه فقد لغا ومن لغا فلیس فی جمعته تلک شئی ۔

ترجمہ:''حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے جمعے کے دن اپنے ساتھی سے کہا ''چپ رہو'' تو اُس نے لغو کام کیا اور جس نے لغو کام کیا اس کے لئے اس جمعہ میں کچھ اجر نہیں، (سنن ابوداؤد، رقم الحدیث)''۔

عن ابن عباس قال: قال رسول اللہ ﷺ: من یتکلم یوم الجمعة والامام یخطب فھو کمثل الحمار یحمل اسفاراًوالذی یقول له انصت لیس له جمعة ۔

ترجمہ:''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن اُس وقت کلام کرے، جب امام خطبہ دے رہا ہو، تو وہ اس گدھے کی مانند ہے، جس پر کتابیں لدی ہوں، اور جو اس سے کہے'' چپ ہو جا''، اس کا جمعہ نہیں، (مسند امام احمد بن حنبل، جلد 1، ص:230، مطبوعہ: دارالفکر، بیروت)''۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے دورانِ خطبہٗ جمعہ بات کرنے یا کوئی عمل کرنے سے متعلق سوال ہوا، تو آپ نے جواب میں لکھا:

''عامہٗ کتب مذہب میں صاف تصریح ہے کہ جو فعل نماز میں حرام ہے، خطبہ ہونے کی حالت میں بھی حرام ہے، خلاصہ وعالمگیریہ ومتن وشرح تنویر کی عبارات خزانۃ المفتیین بعینہا عبارتِ خلاصہ ہے اور اسی سے بحر وحاشیۃ البحر للعلامۃ الشامی میں بہ نقل نہر ماثور، وجیز کردری میں ہے: مایحرم فی الصلوٰة یحرم فی الخطبة کالاکل والشرب حال الخطبة۔ ترجمہ:''جو کچھ نماز میں حرام ہے، خطبہ میں بھی حرام ہے، مثلاً خطبہ کے دوران کھانا اور پینا''۔

شرح منیہ امام محمد ابن امیر الحاج حلبی میں ہے:

کما یکرہ الکلام بانواعه یکرہ ما یجری مجراہ من کتابة ونحوھا مما یشغل من سماعھا حتی ان فی شرح الزاھدی ویکرہ لمستمع الخطبة مایکرہ فی الصلوٰة کالاکل والشرب والعبث والالتفات۔

Marfat.com

ترجمہ: ''جیسے ہر طرح کی گفتگو منع ہے ویسے ہی اس کے قائم مقام مثلاً کتابت وغیرہ جو خطبہ کے سماع میں خلل ڈالے حتی کہ شرح الزاہدی میں ہے کہ خطبہ کے سامع کے لئے ہر وہ شے مکروہ ہے جو نماز میں مکروہ ہے مثلاً کھانا پینا، عَبث فعل اور کسی طرف متوجہ ہونا وغیرہ۔ اسی طرح علامہ سید احمد مصری نے حاشیۂ شرح نور الایضاح میں بحوالۂ شرح الکنز للعلامۃ عمر بن نجیم وشرح القدوری لمختار بن محمود سے نقل کیا، شرح نقایہ علامہ محمد قہستانی میں ہے: کما منع الکلام منع الاکل والشرب والعبث والالتفات والتخطی وغیرھا مما منع فی الصلوٰۃ کما فی جلابی۔ ترجمہ: ''جس طرح (دورانِ خطبہ کلام منع ہے) اسی طرح کھانا پینا عَبث کام، کسی اور طرف متوجہ ہونا اور گردن پھلانگنا جو کہ نماز میں ممنوع ہیں جیسا کہ جلابی میں ہے۔ متن وشرح علامہ حسن شرنبلالی میں ہے: (کرھہ لحاضر الخطبۃ الاکل والشرب) وقال الکمال یحرم (والعبث والالتفات) فیجتنب مایجتنبہ فی الصلوٰۃ۔ ترجمہ: ''(خطبہ میں حاضر شخص کے لئے کھانا پینا مکروہ ہے) کمال نے کہا حرام ہے (بے فائدہ کام اور کسی اور طرف متوجہ ہونا) پس ہر شے سے اجتناب کرنا چاہئے جس سے نماز میں اجتناب کیا جاتا ہے۔ غنیۃ شرح منیہ للعلامہ ابراہیم الحلبی میں ہے: الاستماع والانصات واجب عندنا وعند الجمہور حتی انہ یکرہ قراءۃ القرآن ونحوھا وردالسلام وتشمیت العاطس وکذا الاکل والشرب وکل عمل۔

ترجمہ: ''خطبہ سننا اور اس کی طرف متوجہ ہونا ہمارے اور جمہور علماء کے نزدیک واجب ہے حتیٰ کہ اس کے دوران قرأتِ قرآن وغیرہ، سلام کا جواب، چھینک کا جواب مکروہ ہے اور اسی طرح کھانا پینا اور ہر عمل کا یہی حکم ہے، (فتاویٰ رضویہ، جلد 8، ص: 330,331، مطبوعہ: رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔

## نمازِ جمعہ کے بعد طویل دعا

**سوال**:32

جمعہ کی نماز کے فوراً بعد کچھ لوگ سنتیں پڑھنے کھڑے ہوجاتے ہیں اور امام

Marfat.com

صاحب دعا مانگ رہے ہوتے ہیں اور جو لوگ نمازِ جمعہ کے فوراً بعد نکلنا چاہتے ہیں ان کے لئے بھی رکاوٹ بنتے ہیں، ایسے لوگوں کے لئے کیا حکم ہے؟ نیز امام صاحب جو اتنی لمبی دعا کرتے ہیں اس کا کیا حکم ہے؟۔ (یاسر رحمان، ضلع کوٹلی تحصیل نکیال، آزاد کشمیر)۔

**جواب:**

وہ فرض نمازیں، جن کے بعد سنتیں ہیں، یعنی ظہر و جمعہ و مغرب وعشاء مختصر دعا کرنی چاہئے، امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے سوال ہوا کہ ''بعد نمازِ جمعہ انحراف قبلہ یعنی دائیں یا بائیں مڑ کر مناجات کرنا جائز ہے یا نہیں''۔

آپ نے جواب میں تحریر فرمایا: ''امام کا بعد سلام قبلہ سے انحراف تو مطلقاً سنت ہے اور اس کا ترک یعنی بعد سلام قبلہ رُو بیٹھا رہنا امام کے لئے بالا جماع مکروہ ہے، جمعہ وغیرہ سب نمازیں اس حکم میں برابر ہیں اور بعد سلام دعا و مناجات بھی بالا جماع جائز ہے، مگر جس نماز کے بعد سنت ہے یعنی ظہر و جمعہ و مغرب وعشاء اس کے بعد طویل تاخیر کسی کیلئے بہتر نہیں اور اگر کرے تو منع بھی نہیں، مگر اس قدر نہ ہو کہ مقتدیوں پر گراں گزرے، عادتِ مسلمین یوں جاری ہے کہ امام بعد سلام جب تک دعا سے فارغ نہ ہو مقتدی شریکِ دعا رہتے ہیں اور اس سے قبل اُسے چھوڑ کر نہیں اٹھتے اور یہ اگرچہ شرعاً واجب نہیں مگر حسنِ ادب سے ہے۔ اقول ویمکن الاستیناس له بقوله عزوجل "واذا کانوا معه علی امر جامع لم یذهبوا حتی یستأذنوه "فان فراغه من الدعاءِ یعد اذنامنه دلالة بذلک العرف جار۔

ترجمہ: ''(میں کہتا ہوں) اس پر اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی سے استدلال ممکن ہے'' اور جب وہ حضور علیہ السلام کے ساتھ کسی معاملہ میں جمع ہوتے ہیں، تو آپ کی اجازت کے بغیر جاتے نہیں''، کیونکہ دعا سے فراغت اذن ہی تصور ہوتا ہے اور اس پر عرف جاری ہے، تو ایسی حالت میں اتنی طویل دعا کہ بعض مقتدیوں پر ثقیل ہو بمطلقاً نہ کرنی چاہئے اگرچہ اس کے بعد سنت نہ ہو جیسے فجر و عصر، (فتاویٰ رضویہ جلد 8، ص: 356 رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔

ایک اور مقام پر لکھتے ہیں کہ: ''حدیث میں ہے حضور پُر نور سید عالم ﷺ فرماتے ہیں:

Marfat.com

ان لربکم فی ایام دھرکم نفحات ، فتعرضوا لہ لعلہ ان یصیبکم نفحۃ منھا فلا تشقون بعدھا ابدا۔ رواہ الطبرانی فی الکبیر عن محمد بن مسلمۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ ترجمہ: ”بیشک تمہارے رب کی طرف سے تمہارے ایام زندگی میں کچھ لمحات ایسے ہوتے ہیں، جن میں رحمتِ باری تعالیٰ کے جھونکے آتے ہیں، تو انہیں پانے کی تدبیر کرو، شاید ان میں سے کوئی مبارک لمحہ تمہیں نصیب ہو جائے تو پھر کبھی بدبختی تمہارے پاس نہ آئے، اسے طبرانی نے کبیر میں محمد بن مسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا۔

اور خود حدیث نے اُن اوقات میں سے ایک وقت ”اجتماعِ مسلمین“ کا نشان دیا کہ ایک گروہِ مسلمان جمع ہو کر دعا مانگے، کچھ عرض کریں، کچھ آمین کہیں، کتاب المستدرک علی البخاری و مسلم میں ہے: عن حبیب بن مسلمۃ الفھری رضی اللہ تعالیٰ عنہ و کان مستجاب الدعوات قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول لایجتمع ملأ فیدعوا بعضھم الااجابھم اللہ۔

ترجمہ: ”حبیب بن مسلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہ مستجاب الدعوات تھے، فرماتے ہیں: میں نے حضور پرنور سید عالم ﷺ کو فرماتے سنا کہ جب بھی کوئی جماعتِ مسلمین جمع ہو اور ان میں سے بعض دعا کریں اور بعض آمین کہیں، تو اللہ عزوجل ان کی دعا قبول فرمائے گا۔

علماء نے مجمعِ مسلمین کو اوقاتِ قبولیتِ دعا میں شمار کیا ہے۔ حصن حصین میں ہے: واجتماع المسلمین یعنی مسلمانوں کا اجتماع اوقاتِ اجابت سے ہونا حدیثِ صحاحِ ستہ سے مستفاد ہے، علامہ علی القاری شرح میں فرماتے ہیں: ثم کل مایکون الاجتماع فیہ اکثر کالجمعۃ والعیدین وعرفۃ یتوقع فیہ رجاء الاجابۃ اظھر۔ یعنی جس قدر مجمع کثیر ہوگا جیسے جمعہ و عیدین و عرفات میں، اسی قدر قبولیت دعا کی امید بہت زیادہ ہوگی، (فتاویٰ رضویہ جلد 8، ص: 522,523 رضا فاؤنڈیشن، لاہور)“۔

لہٰذا جہاں پہلے سے یہ امر معروف و معتاد ہے کہ جمعہ کے بعد اجتماعی دعا ہوتی ہے، وہاں لوگوں کی اکثریت کا احترام کرنا چاہئے۔ آخر خطبہ جمعہ و عید کے وقت سنتیں یا نوافل پڑھنے

Marfat.com

کی ممانعت بھی اسی احترام کے سبب مشروع ہے۔اور اگر دعا کرنے والوں کے درمیان سے کوئی شخص کسی ضرورت کے تحت اٹھ کر جانا چاہے،تو اس کے لئے کوئی ممانعت نہیں ہے، البتہ اگر سنتیں وہیں پڑھنی ہیں تو اختتامِ دعا کا انتظار کرلے۔

## کپڑا لٹکا کر چلنے یا گھسیٹے ہوئے چلنے کا حکم
## نماز میں ''کفِ ثوب،جرِ ثوب اور اسبالِ ازار'' کا حکم

محترم جناب مفتی صاحب روزنامہ ایکسپریس کی وساطت سے دو اہم مسائل پیش کرتا ہوں، جن کی معاشرے میں اصلاح کرنا فرضِ عین ہے۔

**سوال**:33

دورانِ نماز اور علاوہ نماز شلوار کو نیفے سے دوہرا اور پتلون پہنی ہو تو پائنچوں سے دہرا کرنا شرعی طور پر کیا حیثیت رکھتا ہے؟ کیونکہ ٹخنوں کو ڈھانپنا دوزخ کی طرف لے جاتا ہے،اگر شلوار یا پتلون لمبی ہو تو کیا کیا جائے حالانکہ اس کی نیت میں تکبر بھی نہیں ہے ازراہِ کرم حدیث کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں،(حاجی عبدالشکور میر،راولپنڈی)۔

**جواب**:

نوٹ: اس مسئلے میں بعض حضرات بہت زیادہ شدّت کرتے ہیں اور دوسروں سے نفرت اور تعلّی کرتے ہیں،یعنی اپنے تقوے اور پارسائی کا زیادہ ہی کچھ اظہار کرتے ہیں،خالص شرعی و دینی مسئلے میں توازن اور راہِ اعتدال کو چھوڑ دیتے ہیں،اس کے نتیجے میں بعض لبرل مزاج کے لوگ اسلام اور اہلِ دین پر طعن کرتے ہیں کہ ان کا فہم اسلام فقط نماز میں شلوار و پائنچے کی لمبائی چیک کرنے تک ہے،گرد و پیش میں جو اور بڑی برائیاں،ظلم و تعدّی،استحصال،لوٹ کھسوٹ،ناجائز نفع خوری،رشوت خوری،حقوقِ انسانی کی پامالی،قتل و غارت اور دہشت گردی انہیں نظر نہیں آتی،نہ ہی وہ اِن قومی اور معاشرتی جرائم کے خلاف آواز اٹھاتے ہیں،خاص طور وہ دعوت و تبلیغ کی جماعتیں جنہوں نے نماز کو اسلام کا ایک اساسی رکن سمجھنے کے بجائے کل دین سمجھ لیا ہے اور دین کے باقی شعبے ان کی دعوت و تبلیغ

Marfat.com

توجیہات اور ترجیحات کا محور نہیں ہیں۔

لہٰذا ہم نے مناسب سمجھا کہ ایک بار پھر اس مسئلے کے تمام پہلوؤں کو مع دلائل (احادیث وفقہ) تفصیل سے بیان کر دیا جائے، کسی شخص کو خود شارع بننے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے، کسی معاملے میں جو صحیح دینی مسئلہ ہے وہ بیان کر دینا چاہیے، اپنی طرف سے کسی مسئلے کی شدت یا حرمت میں اضافہ درست نہیں ہے۔

ہمارے نزدیک شلوار کو نیفے کی جانب اڑسنا، پتلون کے پائنچے کی تہیں بنا کر نیچے سے موڑنا اور رکوع اور سجود میں جاتے ہوئے کپڑوں کو سمیٹنا یا اوپر کو کھینچنا، اسی طرح آستینوں کی تہیں بنا کر موڑنا یا جسے عرفِ عام میں آستین چڑھانا اور عربی میں ''تشمیر'' کہتے ہیں، تمام پر ''کفِ ثوب'' کا اطلاق ہوتا ہے اور احادیث کی رو سے ممنوع ہے۔

عن ابی هريرة رضی الله عنه، عن النبی ﷺ قال:"وما اسفل من الكعبين من الازار ففی النار"۔

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ ازار کا جتنا حصہ ٹخنوں سے نیچے ہو وہ جہنم میں ہے، (صحیح بخاری رقم الحدیث:5787)''۔

عن ابی هريرة: ان رسول الله ﷺ قال: "لاينظر الله يوم القيامة الى من جر ازاره بطرا"۔

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس شخص کی طرف قیامت کے روز نظر بھی نہیں فرمائے گا، جو ازراہِ تکبر اپنی ازار (تہبند) کو گھسیٹ کر چلتا ہے، (صحیح بخاری رقم الحدیث:5788)''۔

عن ابی هريرة قال: بينما رجل يصلی مسبلاً ازاره اذ قال له رسول الله ﷺ: "اذهب فتوضا"، فذهب فتوضا فقال له رجل: يارسول الله، مالك امرته ان يتوضا؟ قال: "انه كان يصلی وهومسبل ازاره، وان الله جل ذكره لايقبل صلاة رجل مسبل ازاره"۔

Marfat.com

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص تہبند لٹکائے ہوئے نماز پڑھ رہا تھا، نبی ﷺ نے اس سے فرمایا: جا کر وضو کرو، اس نے جا کر وضو کیا، ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! آپ نے اس کو وضو کرنے کا حکم کیوں دیا؟ آپ نے فرمایا: یہ شخص تہبند لٹکائے نماز پڑھ رہا تھا اور اللہ تعالیٰ تہبند لٹکانے والے کی نماز قبول نہیں کرتا، (سنن ابی داؤد رقم الحدیث: 638)''۔

**تکبر کے بغیر یا اتفاقاً ٹخنے کے نیچے ازار لٹکنے کی رخصت کے متعلق احادیث:**

عن سالم بن عبداللّٰہ، عن ابیہ رضی اللّٰہ عنہ، عن النبی ﷺ قال: "من جر ثوبہ خیلاء لم ینظر اللّٰہ الیہ یوم القیامۃ"۔ قال ابو بکر: یارسول اللّٰہ، ان احد شقی ازاری یسترخی، الا ان اتعاھد ذلک منہ؟ فقال النبی ﷺ: "لست ممن یصنعہ خیلاء"۔

ترجمہ: ''حضرت سالم بن عبداللہ اپنے والد حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو تکبر کے باعث کپڑا گھسیٹے گا، اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کی طرف نظر نہیں فرمائے گا۔ حضرت ابو بکر عرض گزار ہوئے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! میری چادر کا ایک سرا غیر ارادی طور پر لٹک جاتا ہے۔ ماسوائے اس کے کہ ہمہ وقت ادھر متوجہ رہوں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا کہ تم ان لوگوں میں سے نہیں ہو جو تکبر کے باعث ایسا کرتے ہیں، (صحیح بخاری رقم الحدیث: 5784)''۔

عن ابی بکرۃ رضی اللّٰہ عنہ قال: خسفت الشمس ونحن عند النبی ﷺ، فقال یجر ثوبہ مستعجلا، حتی اتی المسجد، وثاب الناس فصلی رکعتین فجلی عنھا، ثم اقبل علینا، وقال: "ان الشمس والقمر ایتان من ایات اللّٰہ، فاذا رأیتم منھا شیئا فصلّوا، وادعوا اللّٰہ حتی یکشفھا"۔

ترجمہ: ''حضرت ابی بکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سورج کو گرہن لگا اور ہم نبی کریم ﷺ کی خدمت میں موجود تھے کہ آپ جلدی سے کپڑا گھسیٹتے ہوئے اُٹھے یہاں تک کہ مسجد میں

Marfat.com

پہنچ گئے اور لوگ بھی جمع ہو گئے تو آپ ہماری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا کہ سورج اور چاند اللہ تعالیٰ کی نشانیوں میں سے دو نشانیاں ہیں، جب تم انہیں گہن لگا ہوا دیکھو تو نماز پڑھو اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگو، یہاں تک کہ وہ پورا نظر آنے لگے، (صحیح بخاری رقم الحدیث: 5785)''۔

حدثنا شعبة قال: لقيت محارب بن دثار علی فرس، وھو یاتی مکانه الذی یقضی فیه، فسالته عن ھذا الحدیث فحدثنی فقال: سمعت عبد اللّٰہ بن عمرَرضی اللّٰہ عنھما یقول : قال رسول اللّٰہ ﷺ: "من جرّثوبَہٗ مُخیّلة لم ینظرِ اللّٰہ الیه یومَ القیامة"۔ فقلت لمحارب: اذکرازاره؟ قال: ماخص ازاراً ولا قمیصا۔ تابعه جبلة بن سحیم، وزید بن اسلم، وزید بن عبداللّٰہ، عن ابن عمر، عن النبی ﷺ۔وقال اللیث ، عن نافع، عن ابن عمر: مثله۔ وتابعه موسیٰ بن عقبة، وعمربن محمد، وقدامة بن موسی، عن سالم، عن ابن عمر، عن النبی ﷺ: "من جرثوبہٗ خیلاء"۔

ترجمہ: ''شعبہ کا بیان ہے کہ میں مُحارب بن دثار (قاضی کوفہ) سے ملا جبکہ وہ گھوڑے پر سوار ہو کر عدالت کی طرف جارہے تھے، تو میں نے ان سے اس حدیث کے بارے میں پوچھا انہوں نے کہا کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو از راہ تکبر کپڑا گھسیٹ کر چلے اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اس کی طرف نظر نہیں فرمائے گا، میں نے مُحارب سے پوچھا کہ کیا انہوں نے ازار کا ذکر کیا؟ فرمایا کہ ازار یا قمیص کی تخصیص نہیں کی۔ جبلہ بن سحیم زید بن اسلم اور زید بن عبداللہ، حضرت ابن عمر نے نبی کریم ﷺ سے اسی کی روایت کی ہے۔ موسیٰ بن عقبہ، عمر بن محمد، قدامہ بن موسیٰ، سالم، حضرت ابنِ عمر نے نبی کریم ﷺ سے روایت کی کہ جو اپنا کپڑا بطور تکبر گھسیٹ کر چلے گا، (صحیح بخاری رقم الحدیث: 5791)''۔

عن عبداللّٰہ بن عمر رضی اللّٰہ عنھما قال: قال رسول اللّٰہ ﷺ: "من جرثوبة

Marfat.com

خیلاء، لم ینظر اللّٰہ الیہ یوم القیامۃ"۔ فقال ابو بکر: ان احدشقی ثوبی یسترخی، الا ان اتعاھد ذٰلک منہ؟ فقال رسول اللّٰہ ﷺ: "انک لست تصنع ذٰلک خیلاء"۔ قال موسیٰ: فقلت لسالم: اذکرعبد اللّٰہ : من جرازارہ؟ قال لم اسمعہ ذکر الا ثوبہ۔

ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔ جوازراہِ تکبر کپڑا گھسیٹے گا قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اس کی طرف نظر رحمت سے نہیں دیکھے گا۔ حضرت ابوبکر کہنے لگے کہ میرے کپڑے کا ایک کونہ عموماً لٹک جاتا ہے، لہٰذا اب میں احتیاط کیا کروں گا، پس رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ تم ایسا ازراہِ تکبر نہیں کرتے۔ موسیٰ بن عقبہ نے سالم سے دریافت کیا کہ کیا حضرت عبداللہ بن عمر نے ''من جرّازارہ'' (یعنی جوشخص اپنی تہبند کو گھسیٹے) کہا ہے؟ جواب دیا: میں نے یہ الفاظ نہیں سنے، بلکہ میں نے تو یہ سنا کہ انہوں نے ''ثوبہ'' (یعنی مطلقاً کپڑا گھسیٹے ہوئے چلنے کی بابت) کہا ہے (صحیح بخاری رقم الحدیث:3665)۔

عن ابن عباس قال: أُمر النبی ﷺ أن یسجد علی سبعۃ، ونھی أن یکف شعرہ وثیابہ۔ قال ابو الربیع:علیٰ سبعۃ أعظم، ونھی أن یکف شعرہ وثیابہ، الکفّین والرکبتین والقدمین والجبھۃ۔

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے سات (اعضاء) پر سجدہ کرنے کا حکم دیا اور نماز کی حالت میں بال سنوارنے اور کپڑوں کو موڑنے سے منع کیا گیا ہے، ابو الربیعہ کی روایت میں سات ہڈیوں پر سجدہ کرنے اور بالوں کو سنوارنے اور کپڑوں کو سمیٹنے کی ممانعت کا ذکر ہے، وہ سات ہڈیاں یہ ہیں، دو ہتھیلیاں، دو گھٹنے، دونوں قدم اور پیشانی، (صحیح مسلم، رقم الحدیث:1076)۔

اس حدیث میں ''کفِ ثوب'' سے ممانعت کا حکم ہے۔ ہمارے نزدیک کپڑوں کو نیفے کی جانب اڑسنا، پتلون کے پائنچے کی تہیں بنا کر نیچے سے اوپر موڑنا اور رکوع اور سجود میں جاتے

Marfat.com

ہوئے کپڑوں کو سمیٹنا یا اوپر کو کھینچنا سب اس کا مصداق بنتے ہیں، اسی طرح آستینوں کی تہیں بنا کر موڑنا یا جسے عرفِ عام میں آستین چڑھانا اور عربی میں ''تشمیر'' کہتے ہیں، اس پر بھی ''کفِ ثوب'' کا اطلاق ہوتا ہے اور مذکورہ بالا حدیث مبارک اور دیگر احادیث کی روشنی کی رو سے ممنوع ہے۔

علامہ عینی لکھتے ہیں: من جرازاره من غير قصد التخيُّل فانه لا باس به من غير كراهة و كذالك يجوز لدفع ضرر يحصل له كان يكون تحت كعبيه جراح او حكة او نحو ذلك ان لم يغطها تؤذيه الهوام كالذباب ونحوه بالجلوس عليها ولا يجد مايسترها به الاازار ه او ردائه اوقميصه وهذا كما يجوز كشف العورة للتداوى وغير ذلك۔

ترجمہ: ''جس شخص نے بغیر قصد تکبر کے تہبند ٹخنوں کے نیچے باندھا اس میں کوئی کراہت نہیں ہے نہ کوئی حرج ہے، اسی طرح کسی ضرر کو دور کرنے کے لئے بھی ٹخنوں سے نیچے لباس لٹکانا جائز ہے، مثلاً اس کے ٹخنوں کے نیچے کوئی زخم ہو یا خارش ہو یا اگر وہ ٹخنوں کو نہ ڈھانپے تو اس پر مکھیاں اور حشرات الارض کے بیٹھنے کا خطرہ ہو اور لمبی قمیص یا لمبا تہبند اور کوئی چیز ڈھانپنے کے لئے میسر نہ ہو۔

علامہ عینی مزید لکھتے ہیں: انه لا حرج على من يجر ازاره بغير قصد كما ذكرنا ه فان قلت روى ابن ابى شيبة عن ابن عمر انه كان يكره جر الازار على كل حال قلت قال ابن بطال هومن تشديداته والا فقد روى هو حديث الباب فلم يخف عليه الحكم ۔

ترجمہ: '' حضرت ابن عمر سے روایت ہے کہ جب حضرت ابو بکر نے اپنے تہبند کے ایک جانب پھسل جانے کا ذکر کیا تو نبی ﷺ نے فرمایا: تم تکبر سے ایسا نہیں کرتے ۔(یعنی تم پر اس وعید کا اطلاق نہیں ہوتا)، اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جس شخص کا تہبند بلا قصد پھسل جائے اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اگر یہ اعتراض ہو کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہر حال

Marfat.com

میں تہبند لٹکانے کو مکروہ کہتے تھے، اس کے جواب میں علامہ ابن بطال نے کہا ہے کہ یہ حضرت ابن عمر کی تشدیدات (یعنی احتیاط کی بنا پر کسی مسئلے میں شدت کرنا) میں سے ہے ورنہ حضرت ابن عمر تو خود اس حدیث کے راوی ہیں ان سے یہ حکم کیسے مخفی ہو سکتا ہے، (عمدۃ القاری، جلد 21 ص:296 مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیر یہ، مصر)''۔

علامہ علی قاری علیہ رحمۃ الباری لکھتے ہیں: لدلالة ظواهر الاحاديث عليها فان كان للخيلاء فهو ممنوع منع تحريم والا فمنع تنزيه ۔

ترجمہ: ''بخاری کی حدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ تکبر کے ساتھ کپڑا لٹکا کر چلنا مکروہ تحریمی ہے اور اگر تکبر کی نیت سے نہ ہو تو مکروہ تنزیہی ہے، (مرقات، جلد 8 ص: 239 مطبوعہ مکتبہ امدادیہ، ملتان)''۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہیں: اگر کوئی شخص تکبُّر، اِسراف اور طُغیان (سرکشی) کی نیت سے اپنے تہبند کو لمبا بناتا ہے اور اس کو گھسیٹتا ہے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کی طرف لطف وعنایت کی نظر نہیں فرمائے گا۔ اس قید سے معلوم ہوا کہ اگر تہبند اس طرح نہ ہو تو حرام نہیں ہے لیکن مکروہ تنزیہی ہے، اور اگر کوئی عذر ہو مثلاً سردی ہو یا کوئی بیماری ہو (مثلاً ٹخنے کے نیچے کوئی زخم ہو جس پر مکھیاں بیٹھتی ہوں ان سے زخم کو بچانے کے لئے ٹخنہ ڈھانپے) تو بالکل مکروہ نہیں ہے، (اشعۃ اللمعات، جلد 3 ص:536، 537 مطبوعہ: مطبع تیج کمار لکھنو)''۔

مزید لکھتے ہیں: حرام وہ صورت ہے جب کوئی شخص عُجب اور تکبُّر سے کپڑا لٹکائے، ـ ـ ـ ـ آگے چل کر لکھتے ہیں: طعام اور لباس میں توسیع، اِسراف اور تکبر کی وجہ سے مکروہ تحریمی ہے اور اگر اس طرح نہ ہو تو پھر مباح ہے، (اشعۃ اللمعات، جلد 3 ص:555، 555 مطبوعہ: مطبع تیج کمار لکھنو)''۔

علامہ زین الدین ابن نجیم لکھتے ہیں: فى الخلاصة ان يكره كذا فى شرح مُنية المصلّى ويدخل ايضاً فى كف الثوب تشمير كمه كما فى فتح القدير

Marfat.com

وظاهره الاطلاق وفی الخلاصة ومنية المصلی قيد الكراهة بان يكون رافعاً كميه الی المرفقين وظاهره انه لا يكره اذا كان يرفعها الی مادونها والظاهر الاطلاق لصدق كف الثوب علی الكل وذكر فی المجتبیٰ فی كراهية تشمية الكمين قولين ۔

ترجمہ: ”خلاصہ میں مذکور ہے کہ نمازی کا کپڑا موڑنا مکروہ ہے، اسی طرح ”شرح منیۃ المصلی“ میں ہے اور کپڑا موڑنے میں آستینوں کا اُڑسنا بھی شامل ہے اسی طرح ”فتح القدیر“ میں ہے اور یہ بظاہر مطلق ہے، لیکن ”خلاصہ“ اور ”منیۃ المصلی“ میں ہے کہ اگر آستینوں کو کہنیوں تک چڑھالیا تو مکروہ ہوگا اور کہنیوں سے کم تک آستین چڑھائی ہیں تو مکروہ نہیں ہوگا، لیکن تحقیق یہ ہے کہ ہر حال میں مکروہ ہوگا کیونکہ کپڑا موڑنے کا اطلاق ہر صورت پر آتا ہے اور ”مجتبیٰ“ میں آستین چڑھانے کی کراہت کے بارے میں دو قول ذکر کئے گئے ہیں، (یعنی ایک کراہت کا اور دوسرا عدمِ کراہت کا)، (البحر الرائق، جلد 2، ص: 24، مطبوعہ طبعہ علمیہ، مصر)“۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں: (و) كره (كفه) أی رفعه ولو لتراب كمشمر كم أو ذيل (وعبثه به) أی بثوبه۔

ترجمہ: ”اور کپڑے کا سمیٹنا یعنی اوپر اٹھانا مکروہ ہے، خواہ مٹی سے بچنے کے لئے ایسا کرے، جیسے آستین چڑھانا یا دامن کو اوپر اٹھانا اور کپڑے کے ساتھ کھیلنا۔“

اس کی شرح میں علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں: أی كمالو دخل فی الصلاة وهو مشمّر كُمه أو ذيله ، وأشار بذلک الی أن الكراهة لا تختص بالكف وهو فی الصلاة، كما افاده فی ”شرح المنية“، لكن قال فی ”القنية“: واختلف فيمن صلی وقد شمر كميه لعمل كان يعمله قبل الصلاة أو هيئته ذلک ومنه مالو شمر للوضوء ثم عجل لادراک الركعة مع الامام ـ واذا دخل فی الصلاة كذلک وقلنا بالكراهة فهل الافضل إرخاءُ كميه فيها بعمل قليل أو تركهما؟

Marfat.com

لم أرہ: والأظهر الأول بدليل قوله الآتي: "ولو سقطت قلنسوته فاعادتها أفضل" تأمل۔

ترجمہ: ''یعنی جس طرح ایک شخص نماز میں داخل ہوتے وقت ہی آستین یا دامن چڑھائے ہوئے تھا، اس سے اس جانب اشارہ ہے کہ کراہت صرف اس صورت کے ساتھ خاص نہیں ہے کہ نماز کے اندر آستین چڑھائے تو تب مکروہ ہے، جیسا کہ ''شرح المنیہ'' سے بھی یہی مفہوم مستفاد ہوتا ہے۔ لیکن ''القنیہ'' میں کہا ہے کہ: ''اس امر میں اختلاف رائے ہے کہ ایک شخص نے نماز پڑھی اور وہ (نماز میں داخل ہونے سے) پہلے ہی کسی کام کی بناء پر آستین چڑھائے ہوئے تھا یا اس کی ہیئت ہی ایسے ہے۔'' اور انہی میں سے ایک صورت یہ ہے کہ اس نے وضو کے لئے آستین چڑھائے، پھر امام کے ساتھ رکعت پانے کی خاطر عجلت کرے اور اسی حالت میں نماز میں داخل ہو جائے، تو ہم کہتے ہیں کہ یہ بھی مکروہ ہے، تو اب دریافت طلب امر یہ ہے کہ اب نماز کے اندر عمل قلیل کے ذریعے آستینیں کھول دے یا اپنی حالت پر چھوڑ دے، میں نے کسی کتاب میں اس کا جواب نہیں پایا، لیکن زیادہ واضح بات پہلے والی بات ہے (یعنی یہ کہ عمل قلیل سے کھول دے)، اس کی دلیل علامہ حصکفی کے اس قول سے ملتی ہے کہ: ''اگر نمازی کی ٹوپی گر جائے تو اٹھا کر سر پر رکھ لینا ہی افضل ہے، غور کیجئے''۔

آگے چل کر علامہ شامی لکھتے ہیں کہ: وقيد الكراهة فى "الخلاصة" و "المنية" بأن يكون رافعاً كميه الى المرفقين ـ وظاهره أنه لا يكره الى مادونهما ـ قال فى "البحر": والظاهر الاطلاق لصدق كف الثوب على الكل ـ

ترجمہ: ''خلاصہ'' اور ''منیہ'' میں کراہت کو اس صورت کے ساتھ مقید کیا ہے کہ آستینیں کہنیوں تک چڑھائی ہوئی ہیں، اور اس کا ظاہری مفہوم یہ ہے کہ کہنیوں سے نیچے تک چڑھانا، باعث کراہت نہیں ہے، لیکن ''البحر الرائق'' میں لکھا ہے کہ ظاہر یہی ہے کہ مطلقاً آستینیں چڑھانا (کہنیوں سے نیچے ہو یا اوپر) کراہت کا سبب ہے کیونکہ ''کفِ ثوب'' تمام صورتوں پر صادق آتا ہے۔ (ردالمحتار جلد: 2، ص: 350، مطبوعہ داراحیاء التراث

Marfat.com

ذَاالجلالِ والاکرام" واما ما وَرَدَمِنَ الاحادیثِ فی الَاذکار عقیب الصَّلاۃِ فَلا دلالَۃَ فیہ علی الْاِتیانِ بھاقبلَ السُّنَّۃِ، بل یُحمَلُ علیَ الاِتیانِ بھا بعدَھا، لاَن السُّنَّۃَ مِنْ لواحقِ الفَریضۃِ وتوابعِھا ومُکَمِّلاَ تِھا فلم تکُنْ أجنبیۃ عنھا، فما یفعل بعدھا یُطلق علیہِ أنہ عقیبَ الفریضۃ۔

ترجمہ:" (یعنی مقدار: اللّٰھم الخ) کیونکہ مسلم اور ترمذی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنھا سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ صرف "اَللّٰھُمَّ اَنتَ السَّلامُ وَمِنکَ السَّلامُ، تَبارَکتَ یاَ ذَاالجَلالِ وَالاِکرَام" کی مقدار ہی بیٹھتے تھے، اور دیگر روایات میں جو نماز کے بعد اذکار کا ذکر ہے اس میں یہ دلالت نہیں کہ وہ اذکار سنتوں سے پہلے ہوتے تھے بلکہ (ان تسبیحات واوراد کے پڑھنے کو سنتوں کے بعد پر بھی محمول کیا جاسکتا ہے)، کیونکہ سنتیں فرائض کے ساتھ لاحق ہوتی ہیں اور ان کے تابع ہوتی ہیں، اور ان (میں نادانستہ طور پر کوئی کمی رہ جائے تو اس کی) تکمیل کا سبب ہیں، لہٰذا یہ فرائض سے بالکل الگ کوئی چیز نہیں ہیں، لہٰذا جو تسبیحات ان سنتوں کے بعد پڑھی جائیں، ان کے بارے میں کہا جاسکتا ہے کہ یہ عمل فرضوں کے بعد ادا ہوا، ((ردالمحتار علی الدرالمختار جلد 2 ص: 218، 219، دار احیاء التراث العربی، بیروت)"۔

وہ فرض نمازیں، جن کے بعد سُنّتیں ہیں، (یعنی ظہر و جمعہ و مغرب وعشاء) ان نمازوں کے بعد دعا بھی مختصر کرنی چاہئے، امام احمد رضا قادری قُدِّسَ سِرُّہٗ العزیز سے سوال ہوا کہ "بعد نمازِ جمعہ انحراف قبلہ یعنی دائیں یا بائیں مڑ کر مناجات کرنا جائز ہے یا نہیں"۔

آپ نے جواب میں تحریر فرمایا: "امام کا بعد سلام قبلہ سے انحراف تو مطلقاً سُنّت ہے اور اس کا ترک یعنی بعدِ سلام قبلہ رُو بیٹھا رہنا امام کے لئے بالاجماع مکروہ ہے، جمعہ وغیرہ سب نمازیں اس حکم میں برابر ہیں اور بعد سلام دعا و مناجات بھی بالاجماع جائز ہے، مگر جس نماز کے بعد سنت ہے یعنی ظہر و جمعہ و مغرب وعشاء اس کے بعد طویل تاخیر کسی کیلئے بہتر نہیں اور اگر کرے تو منع بھی نہیں، مگر اس قدر نہ ہو کہ مقتدیوں پر گراں گزرے، عادت مسلمین یوں

Marfat.com

العربی، بیروت)۔
امام احمد رضا قادری سے پوچھا گیا" آستینیں کہنی تک چڑھی ہوئی نماز پڑھنی مکروہ ہے یا نہیں؟" جواب دیا:" ضرور مکروہ اور سخت و شدید مکروہ ہے۔" (فتاویٰ رضویہ، جلد 7، ص:311، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)۔
مفتی محمد ادریس کاندھلوی دیو بندی لکھتے ہیں:
قوله من جرّ اِزاره بَطَراً ای تکبراً وفرحاً وطغیاناً ویفهم ان جرّهٗ بغیرذالک لایکون حراما لکنه مکروه کراهةً تنزیه۔
ترجمہ:" رسول اللہ ﷺ کا یہ ارشاد کہ: جو شخص تکبر، نشاط اور سرکشی کی نیت سے اپنا کپڑا زمین پر گھسیٹ کر چلا، (حدیث مبارک کے ان الفاظ سے) یہ مفہوم سمجھ میں آتا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنا لباس گھسیٹتے ہوئے زمین پر چلتا ہے، لیکن اس کی نیت تکبر وسرکشی کی نہیں ہے، تو اس کا یہ عمل حرام نہیں ہوتا، بلکہ مکروہِ تنزیہی ہوگا، (التعلیق الصبیح، ج:4، ص:383)"۔
" کفِ ثوب" کو بیشتر فقہاء کرام نے مکروہِ تحریمی کہا ہے اور بقول علامہ ابن عابدین شامی جو کراہت کی نفی کرتے ہیں وہ کراہتِ تحریمی کی نفی کرتے ہیں، کراہتِ تنزیہی سب کے نزدیک ثابت ہے، (منحۃ الخالق حاشیۃ البحر الرائق ج ۲ ص ۲۴) اور اس حکم کراہت میں وہ تمام صورتیں شامل ہیں جو شروع میں ذکر کردی گئی ہیں۔ نماز میں ہیئتِ لباس کے بارے میں اللہ جلّ شانہ کا ارشاد ہے: یٰبَنِیۡۤ اٰدَمَ خُذُوۡا زِیۡنَتَکُمۡ عِنۡدَ کُلِّ مَسۡجِدٍ۔
ترجمہ:" اے بنی آدم! ہر نماز کے وقت اپنا لباس (زینت) اختیار کیا کرو، (الاعراف:31)"۔
یعنی نماز باوقار لباس پہن کر پڑھنی چاہئے اور اوپر" کفِ ثوب" کی جتنی صورتیں بیان کی ہیں، یہ سب وقار کے منافی ہیں، یہی وجہ ہے کہ کوئی بھی شخص یہ وضع اختیار کر کے کسی باوقار اور ذی وجاہت ہستی کے سامنے نہیں جاتا، چہ جائے کہ" احکم الحاکمین" کی بارگاہ میں حاضر ہو۔ اگر کوئی شخص ہاف کٹ آستین والی قمیص پہنے ہوئے ہے، یعنی ایسی قمیص جس کی آستین کی اصل وضع اور ساخت ہاف کٹ ہے، یعنی کہنیوں یا اس سے اوپر ہے، اس کو پہن کر نماز

Marfat.com

جاری ہے کہ امام بعد سلام جب تک دعا سے فارغ نہ ہو مقتدی شریکِ دعا رہتے ہیں اور اس سے قبل اُسے چھوڑ کر نہیں اٹھتے اور یہ اگرچہ شرعاً واجب نہیں مگر حسنِ ادب سے ہے۔ اقول ویمکن الاستیناس له بقوله عَزَّوَجَلَّ "واذا کانوا معهٗ علی امرٍ جامعٍ لَمْ یَذْهَبُوْا حَتّٰی یَسْتَاْذِنُوْهُ "فَاِنَّ فَرَاغَهٗ مِنَ الدُّعَاءِ یُعَدُّ اِذْنًا مِّنْهُ دَلَالَةً بِذٰلِکَ الْعُرْفِ جَارٍ۔

ترجمہ: "(میں کہتا ہوں) اس پر اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی سے استدلال ممکن ہے" اور جب وہ حضور علیہ السلام کے ساتھ کسی معاملہ میں جمع ہوتے ہیں، تو آپ کی اجازت کے بغیر جاتے نہیں"، کیونکہ دعا سے فراغت اذن ہی تصور ہوتا ہے اور اس پر عرف جاری ہے، تو ایسی حالت میں اتنی طویل دعا کہ بعض مقتدیوں پر ثقیل ہو مطلقاً نہ کرنی چاہئے اگرچہ اس کے بعد سنت نہ ہو جیسے فجر و عصر، (فتاویٰ رضویہ جلد 8، ص: 356 رضا فاؤنڈیشن، لاہور)"۔

فرض کے بعد اذکار کے بارے میں یہ دو احادیث بھی ملاحظہ ہوں: قال رسول اللہ ﷺ من قرأ اٰیة الکرسی دُبُرَ کل صلوٰة مکتوبة لم یمنعه من دخول الجنة الا الموت وزاد الطبرانی وقل هو اللّٰه احد۔

ترجمہ: "رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے ہر فرض نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھی اس کے لئے جنت میں جانے سے موت کے سوا اور کوئی چیز رکاوٹ نہیں ہے۔ اور طبرانی نے قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ پڑھنے کی زیادتی بھی روایت کی ہے، (سنن نسائی، رقم الحدیث: )"۔

عن عقبة بن عامر قال امرنی رسول اللّٰه ﷺ ان اقرأ المعوذات فی دبر کل صلوٰة۔

ترجمہ: "حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا کہ میں ہر نماز کے بعد قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ، (یہ سورتیں) پڑھا کروں، (سنن نسائی، رقم الحدیث: 1335)"۔

ان پر بحث کرتے ہوئے علامہ غلام رسول سعیدی لکھتے ہیں:

Marfat.com

پڑھی جائے تو مکروہ نہیں ہوگی، کیونکہ نماز میں پہنچوں تک آستینوں کا رکھنا ضروری نہیں ہے (یعنی قباحت اس میں ہے کہ اپنی ساخت میں قمیص پوری آستین والی ہو اور پھر خلافِ وضع آستین چڑھا کر نماز پڑھے)۔ عہدِ رسالت سے لے کر آج تک کے مسلمان احرام باندھ کر نماز پڑھتے ہیں اور احرام میں پوری کلائیاں ڈھکی ہوئی نہیں ہوتیں اور نہ انہیں ڈھکنے کا حکم دیا گیا ہے، نیز نبی ﷺ اور متعدد صحابہ کرام نے ایک کپڑا اپنے جسم پر لپیٹ کر بھی نماز پڑھی ہے اور اس صورت میں پوری کلائیوں کا ڈھکنا متصور ہی نہیں ہے۔

علامہ غلام رسول سعیدی اس مسئلے پر مفصل بحث کرتے ہوئے اپنی تحقیقی بیان میں فرماتے ہیں: ہماری تحقیق یہ ہے کہ احادیث میں "جرِ ثوب اور" اِسبال اِزار" کے الفاظ ہیں۔ "جرِ ثوب" کا معنی ہے کپڑا گھسیٹنا اور "اِسبال الِازار" کا معنی ہے تہبند کا ٹخنوں سے نیچے ہونا۔ اگر کوئی مرد جرثوب کرے یعنی اس کا تہبند یا شلوار کا پائنچہ ٹخنوں سے بہت نیچا ہوحتیٰ کہ اس کے قدموں سے نیچے گھسٹ رہا ہو تو یہ بغیر تکبر کے بھی مکروہ تحریمی ہے، کیونکہ اس میں بغیر کسی ضرورت اور بغیر کسی فائدہ کے کپڑے کو ضائع کرنا ہے، سو یہ اسراف کی وجہ سے مکروہ تحریمی ہے۔ اور دوسری وجہ یہ ہے کہ جب کپڑا قدموں کے نیچے زمین پر گھسٹتا رہے گا تو نجاست کے ساتھ آلودہ ہوگا اور کپڑے کو محلِ نجاست میں ڈالنا بھی مکروہِ تحریمی ہے اور تیسری وجہ یہ ہے کہ اس میں عورتوں کے ساتھ مشابہت ہے، کیونکہ عہدِ رسالت میں عورتیں کپڑا گھسیٹ کر چلتی تھیں اور مردوں کے لئے عورتوں کی مشابہت اختیار کرنا بھی مکروہِ تحریمی ہے اس لئے اگر جرِ ثوب بغیر تکبر کے ہو پھر بھی مکروہِ تحریمی ہے۔ حافظ ابن عبدالبر مالکی نے اس کو مذموم فرمایا ہے (تمہید جلد:3، ص:244)۔ اور حافظ ابن حجر عسقلانی نے اس کو مکروہِ تحریمی فرمایا ہے، (فتح الباری، جلد:10، ص:263)۔ اور اگر "جرِ ثوب" میں کپڑا گھسیٹنے کے ساتھ اظہارِ تکبر بھی ہو تو یہ شدید مکروہ تحریمی ہے بلکہ حرام ہے، اور اگر "اِسبالِ ازار" ہو یعنی تہبند یا شلوار کا پائنچہ ٹخنوں کے نیچے ہو لیکن اس کے قد و قامت کے برابر ہو گھسٹ نہ رہا ہو تو اگر اس میں تکبر نہیں ہے صرف زینت کی وجہ سے ایسا کیا ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے، یہ صرف

Marfat.com

''امام ابن ہمام نے ان اذکار کی یہ تاویل کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ سنتیں پڑھنے کے بعد یہ اذکار پڑھا کرتے تھے اس پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ حدیث میں یہ الفاظ ہیں کہ آپ فرض کے بعد یہ اذکار پڑھتے تھے جیسا کہ صحیح مسلم کی (حدیث نمبر 1243) اور ابن حبان، نسائی اور طبرانی کی آیت الکرسی والی حدیث ہے علامہ ابن ہمام نے کہا سنتیں چونکہ فرض کے بعد پڑھی جاتی ہیں اس لیے جو ذکر سنتوں کے بعد ہوگا وہ فرض کے بعد ہی ہوگا۔ اس پر پھر اعتراض ہوا کہ رسول اللہ ﷺ سنن اور نوافل گھر میں پڑھتے تھے پھر صحابہ کرام کو کیسے پتا چلا کہ رسول اللہ نماز کے بعد یہ ذکر کرتے تھے۔ مثلاً صحیح مسلم میں ہے: حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہر نماز کا سلام پھیرنے کے بعد باآواز بلند پڑھتے تھے۔ لا الہ الااللّٰہ وحدہ لاشریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شئی قدیر لاحول ولاقوۃ الا باللّٰہ لاالہ الااللّٰہ ولا نعبد الاایاہ لہ النعمۃ ولہ الفضل ولہ الثناء الحسن لاالہ الااللّٰہ مخلصین لہ الدین ولو کرہ الکافرون۔۔۔۔ تو امام ابن ہمام تاویل در تاویل کرتے ہوئے فرماتے ہیں صحابہ کرام رسول اللہ ﷺ کے حجرہ کے باہر سے ذکر کی آواز سن لیتے تھے۔ اس تاویل سے قطع نظر ابن ہمام رحمہ اللہ تعالیٰ کا ذہن اس اعتراض کی طرف متوجہ نہیں ہوا۔۔۔ کہ صحابہ بھی تو اس وقت اپنے اپنے گھروں میں سنن اور نوافل پڑھتے تھے۔ اس کے علاوہ سنن ابن حبان میں جو روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص نے فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھی اس کے جنت میں جانے کے لئے موت کے سوا کوئی رکاوٹ نہیں۔ اس روایت کے الفاظ ابن ہمام کی تاویل کا ساتھ نہیں دیتے۔ حضرت عائشہ نے جو روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ اللّٰھُمَّ انت السلام کی مقدار تک بیٹھتے تھے یہ دوام واستمرار پر محمول نہیں ہے بعض اوقات آپ صرف اللّٰھم انتَ السلام ومنکَ السلام پڑھنے تک بیٹھتے اور بعض اوقات اس سے زیادہ مقدار تک بیٹھتے اور ذکر کرتے رہتے۔ امت کی سہولت کے لئے آپ نے نہ کسی ایک ذکر کو معین کیا نہ کسی ایک مقدار کو معین فرمایا، یہی توجیہ آپ کی

Marfat.com

خلافِ اَولیٰ ہے اور اگر اس کے ساتھ تکبر کرتا ہے اور اکڑ اکڑ کر چلتا ہے اور اِتراتا ہے تو پھر یہ تکبر کی وجہ سے مکروہِ تحریمی ہے۔ یہ ملحوظ رہے کہ حرمت کی علّت صرف تکبُّر ہے، اگر ایک مرد نصف پنڈلیوں تک تہبند باندھتا ہے اور اس کے ساتھ تکبر کرتا ہے اپنے آپ کو دوسرے مسلمانوں سے زیادہ متقی اور پرہیز گار سمجھتا ہے اور ان کو حقیر سمجھتا ہے تو یہ بھی مکروہِ تحریمی ہے بلکہ حرام ہے، اس لئے حرمت میں اصل تکبُّر ہے۔

ہماری اس تحقیق کی تائید حافظ ابن حجر عسقلانی متوفی 852ھ کی اس عبارت میں ہے: ''اگر کسی شخص کا لباس بغیر تکبر کے ٹخنوں سے نیچے لٹک رہا ہو تو اس کا حال مختلف ہے اگر وہ کپڑا اس کے ٹخنوں کے نیچے لٹک رہا ہو لیکن وہ کپڑا پہننے والے کے قد اور اس کی قامت کے برابر ہو تو اس میں تحریم ظاہر نہیں ہوگی، خصوصاً جبکہ بلا قصد ایسا ہو (یعنی غیر ارادی طور پر تہبند یا شلوار پیٹ سے پھسل کر ٹخنوں سے نیچے لٹک گئی ہو)، جیسا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے لئے اس طرح واقع ہوا، اور اگر کپڑا پہننے والے کے قد وقامت سے زائد ہو تو اس سے منع کیا جائے گا کیونکہ اس میں اسراف ہے اور اس کو حرام کہا جائے گا، اور یہ اس وجہ سے بھی ممنوع ہوگا کہ اس میں عورتوں کی مشابہت ہے اور یہ پہلی وجہ سے زیادہ قوی وجہ ہے، کیونکہ امام حاکم نے تصحیح سند کے ساتھ حضرت ابوہریرہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس مرد پر لعنت فرمائی ہے جو عورتوں کے لباس کی نوع کا لباس پہنتا ہے، اور یہ اس وجہ سے بھی ممنوع ہوگا کہ اس طرح کا لباس پہننے والا اس خدشے سے محفوظ نہیں ہوگا کہ اس کے لباس پر نجاست لگ جائے (کیونکہ اس کا لباس قدموں کے نیچے لٹک رہا ہے) اور اس ممانعت کی طرف اشارہ اس حدیث میں ہے جس کو امام ترمذی نے شمائل (رقم الحدیث: 121) میں اور امام نسائی نے سنن کبریٰ (رقم الحدیث: 9682,9683) میں حضرت عبید بن خالد رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے وہ کہتے ہیں کہ میں ایک تہبند باندھے ہوئے جارہا تھا اور وہ تہبند زمین پر گھسٹ رہا تھا کہ اچانک ایک شخص نے کہا: اپنا کپڑا اوپر اٹھاؤ اس میں زیادہ صفائی اور زیادہ بقا ہے، میں نے پلٹ کر دیکھا تو وہ نبی ﷺ تھے، میں نے کہا: یارسول اللہ! یہ تو ایک سیاہ

Marfat.com

زندگی کے عام معمولات کے موافق ہے۔ بہر حال نمازی فرض نماز پڑھنے کے بعد آیت الکرسی پڑھے، تین مرتبہ استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو۔ پڑھے اور کلمہ شریف کا ذکر کرے، کیونکہ ان کے پڑھنے پر بہت اجر وثواب اور جنت کی بشارت ہے۔ نیز فرض کے بعد سنتیں پڑھنے میں اصل سنت یہ ہے کہ سنتیں گھر میں پڑھی جائیں۔ دیگر احادیث سے بھی یہ ثابت ہے کہ فرض اور سنن میں فاصلہ ہونا چاہیے، اس لیے افضل یہی ہے کہ ان اذکار کو فرض کے بعد پڑھا جائے۔ فرض نماز کے بعد اذکار کے سلسلہ میں اس حکایت پر بھی عمل کرنا چاہیے۔

ابن قیم جوزی سند ذکر کرنے کے بعد کہتے ہیں ابوبکر بن محمد بیان کرتے ہیں کہ میں ابوبکر بن مجاہد کے پاس بیٹھا ہوا تھا، اچانک وہاں شبلی آگئے، تو ابوبکر بن مجاہد نے اٹھ کر ان سے معانقہ کیا اور ان کی آنکھوں کے درمیان (پیشانی پر) بوسہ دیا، میں نے ان سے کہا یا سیّدی آپ شبلی کی اس قدر تعظیم کر رہے ہیں، حالانکہ بشمول آپ کے تمام اہل بغداد کے خیال میں یہ دیوانہ ہے۔ ابوبکر بن مجاہد نے کہا میں نے شبلی کی اس طرح تعظیم کی ہے، جس طرح رسول اللہ ﷺ نے اس کی تعظیم کی تھی، کیونکہ میں نے خواب میں رسول اللہ ﷺ کی زیارت کی۔ آپ کی خدمت میں شبلی حاضر ہوا، آپ نے کھڑے ہو کر اس کی پیشانی پر بوسہ دیا، میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ! آپ شبلی کو کیوں سرفراز فرما رہے ہیں؟، آپ نے فرمایا، یہ ہر فرض کے بعد یہ آیت پڑھتا ہے۔ "لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ" (یعنی سورۂ توبہ کی آخری دو آیات)، اس کے بعد تین مرتبہ کہتا ہے "صلی اللہ علیک یا محمد"۔ بعد میں میری شبلی سے ملاقات ہوئی، میں نے اس سے پوچھا تم درود کس طرح پڑھتے ہو؟، انہوں نے اسی طرح بتایا، (شرح صحیح مسلم، جلد:2، ص:194، 195)"۔ جیسا کہ معلوم ہوا کہ جماعت فرض کے بعد سنتیں گھر پر پڑھنا افضل ہیں، تاہم مسجد میں بھی پڑھ سکتے ہیں، البتہ جماعت کے بعد مسجد میں دیر تک سُنَن ونوافل پڑھنے والے حضرات اس امر کا اہتمام ضرور کریں کہ مسجد سے باہر جانے والوں کے لئے راستہ موجود ہو اور انہیں نمازی کے آگے سے نہ گزرنا پڑے، اگر کہیں دیوار یا پلر ہے تو اسے سُترہ بنا کر کھڑے ہو جائیں۔ یہ بھی

Marfat.com

اور سفید دھاریوں والا تہبند ہے (یعنی اس معمولی کپڑے میں تکبر کرنے کا کوئی معنی نہیں ہے)، آپ نے فرمایا: کیا تمہارے لئے میری شخصیت میں نمونہ نہیں ہے؟، میں نے دیکھا تو آپ نے آدھی پنڈلیوں تک تہبند باندھا ہوا تھا (مسند احمد جلد 5 ص: 364) اور اس وجہ سے بھی ممنوع ہے کہ کپڑا گھسیٹنے میں تکبر کی بدگمانی ہوتی ہے۔ قامت سے نیچے کپڑا لٹکانا کپڑا گھسیٹنے کو مستلزم ہے اور کپڑا گھسیٹنا تکبر کو مستلزم ہے خواہ پہننے والے نے تکبر کا قصد نہ کیا ہو اور اس کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے، احمد بن منیع نے حضرت ابن عمر سے روایت کیا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم تہبند کو گھسیٹنے سے بچو کیونکہ تہبند کو گھسیٹنا تکبر سے ہے، (فتح الباری جلد 10 ص: 263,264 مطبوعہ دار نشر الکتب الاسلامیہ لاہور)، (تبیان القرآن جلد 4، ص: 331 ,330 ,323 ,322 مطبوعہ: فرید بک اسٹال، لاہور)"۔

## تسبیحات فرض کے فوراً بعد پڑھی جائیں یا سُنَن و نوافل کے بعد؟

**سوال**:34

کیا فرض نماز کے فوراً بعد تسبیحات وغیرہ پڑھنا افضل ہے یا پہلے بقیہ نماز مکمل کرنا افضل ہے؟، کیونکہ کچھ نمازی فرض نماز کے بعد تسبیحات وغیرہ پڑھنے بیٹھ جاتے ہیں اور بقیہ نماز بعد میں ادا کرتے ہیں، اس طرح اگلی صف میں بیٹھے ہوئے نمازی جو پہلے نماز مکمل کر لیتے ہیں انہیں، واپس اپنے کام پر جانے کی جلدی ہوتی ہے، اسطرح جلدی جا نہیں پاتے ہیں، (قاری محمد مختار یاقیانی، مدرس دارالعلوم نعیمیہ)۔

**جواب**:

نماز کے بعد تسبیحات واذکار کی فضیلت احادیث میں کثرت سے وارد ہوئیں ہیں: عن کعب بن عجرة قال: قال رسول اللہ ﷺ: "معقبات لایخیب قائلھن یُسبح اللہ فی دُبُرِ الصّلاۃ ثلاثاً وثلاثینَ، ویُحمِدُہٗ ثلاثاً وثلاثینَ، ویُکبّرہٗ اربعاً وثلاثینَ"۔

ترجمہ: کعب بن عجرہ روایت فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کچھ کلمات (نماز

Marfat.com

دیکھنے میں آیا ہے کہ فرائض کے بعد بعض نمازی جلدی سے آخری صف میں سنتوں یا نوافل کی نیت باندھ کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور نماز ختم کر کے باہر نکلنے والے نمازیوں کے لئے اس کے سوا کوئی راستہ باقی نہیں رہتا کہ وہ نماز کی حرمت کو پامال کر کے اس کے آگے سے گزریں، اسی طرح بعض نمازی پچھلی صفوں میں دروازوں کے عین سامنے سنتوں یا نوافل کی نیت باندھ کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور نمازی کے لئے پیچھے نکل کر جانے کا راستہ ہی نہیں رہتا، پس نمازیوں کو ان تمام امور کا خیال رکھنا چاہئے۔

Marfat.com

کے بعد بلا فاصلہ کہنے کے ہیں ) جن کا کہنے والا نامراد نہیں رہتا ، ( ان کلمات میں ) نماز کے بعد تینتیس مرتبہ " سبحان اللہ " کہنا ، تینتیس مرتبہ " الحمد للہ " کہنا ، چونتیس مرتبہ " اللہ اکبر " کہنا ، ( سنن نسائی ، رقم الحدیث:1348 ) " ۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں : یکرہ تاخیر السنة الا بقدر: اللّٰھم أنتَ السَّلامُ الخ۔قال الحُلوانی :لابَأس بالفصل بالأوراد، واختاره الکمال، قال الحلبی: ان أُرید بالکراھة التنزیھیة اِرتفعَ الخلاف۔ قلتُ :وفی حفظی حَملُهٗ علی القلیلة، ویستحب أن یستغفر ثلاثاً ویقرأُ آیةَالکرسِیّ والمُعَوِّذاتِ ویُسَبِّحُ وَیُحَمِّدُ وَیُکَبِّرُ ثلاثاً وثلاثین ؛ویُھَلّل تمامَ المائةِ ویدعوا وَیختِمُ بسبحان ربک ۔

ترجمہ: " سنتوں میں تاخیر " اَللّٰھُمَّ اَنتَ السَّلام " ( حدیث پاک میں روایت کردہ پورے کلمات یہ ہیں: اَللّٰھُمَّ اَنتَ السَّلامُ وَمِنکَ السَّلَام، تبارَکتَ یا ذَاالُجَلالِ وَالُاکرَام) کی مقدار سے زیادہ مکروہ ہے۔حلوانی نے فرمایا: اذکار کے ساتھ فرائض وسنن میں فاصلے میں کوئی حرج نہیں، کمال نے اسی کو اختیار کیا ہے۔حلبی کہتے ہیں: کہ اگر کراہت سے کراہتِ تنزیہی مراد ہے تو اختلاف ختم ہوجاتا ہے ۔ ( قلت میں کہتا ہوں ) اور مجھے یہاں تک یاد ہے کہ یہ ( تنزیہی ) قلیل فصل پر محمول ہے ، اور مستحب یہ ہے کہ تین مرتبہ استغفار پڑھے ، آیۃ الکرسی اور مُعَوِّذات ( سورۃ الفلق وسورۃ الناس ) تلاوت کرے اور " سبحان اللہ ، الحمد اللہ ، اللہ اکبر " تینتیس ، تینتیس مرتبہ پڑھے ، اور سوویں مرتبہ " لا اِلٰہَ اِلاَّ اللہ " پڑھے ، اس کے بعد دعا کرے اور اختتام " سُبۡحٰنَ رَبِّکَ رَبِّ الۡعِزَّةِ عَمَّا یَصِفُوۡنَ ﴿۱۸۰﴾ وَسَلٰمٌ عَلَی الۡمُرۡسَلِیۡنَ ﴿۱۸۱﴾ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۱۸۲﴾ " پر کرے ، ( ردالمحتار علی الدرالمختار جلد 2 ص:218، 219 ، داراحیاء التراث العربی ، بیروت ) " ۔

اس کی تشریح میں علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں : (اِلاَّ بقدرِ اَللّٰھُمَّ الخ)لِما رَواہُ مُسلِمٌ وَالتِرمذی عن عائشةَ رضی اللہ تعالیٰ عنھا قالت:"کان رسولُ اللہ ﷺ لا یقعد اِلاَّ بمقدار ما یقولُ: اَللّٰھُمَّ انتَ السلامُ ومنکَ السَّلامُ ،تبارکت یا

Marfat.com

# کتاب المساجد

Marfat.com

## مسجد کی چھت پر بالغ طالبات کے مدرسے کا حکم

**سوال**:35

اگر کوئی شخص مسجد کی چھت پر بالغ لڑکیوں کا مدرسہ قائم کرے، اور اس میں بالغ ونابالغ لڑکیاں تعلیم حاصل کریں۔سوال یہ ہے کہ آیا مسجد کی چھت کو ایسے مدرسہ کے لئے وقف کرنا جائز ہے یا نہیں؟، از راہ کرم قرآن وحدیث کی روشنی میں وضاحت فرما کر ثواب دارین حاصل کریں، (مولانا محمد بہرام خان نعیمی، جامع مسجد قادریہ، ملیر کالونی، کراچی)۔

**جواب**:

فقہائے کرام فرماتے ہیں کہ مسجد آسمان کی بلندی اور زمین کی گہرائی (تحت الثریٰ) تک مسجد ہی ہے، علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں: قوله الی عنان السماء بفتح العین و کذا الیٰ تحت الثریٰ کما فی البیری عن الاستیجابی۔ ترجمہ: ''مسجد آسمان کی بلندی سے تحت الثریٰ تک مسجد ہی ہے، جیسا کہ ''بیری'' میں ''استیجابی'' کے حوالے سے منقول ہے، (ردالمحتار علی الدرالمختار، جلد: 2، ص: 271-270، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

علامہ نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

وسطح المسجد له حکم المسجد کذافی الجوھرۃ النیرہ۔

ترجمہ: ''اور مسجد کی چھت مسجد ہی کے حکم میں ہے، ''جوہرہ نیرہ'' میں اسی طرح سے ہے، (فتاویٰ عالمگیری جلد: اول ص: 38، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

مسجد کی چھت پر مدرسے کا قیام، وقف میں تبدیلی کرنا ہے اور مسجد مکمل ہونے کے بعد اس کے مصرف میں تغییر کرنا جائز نہیں ہے، علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

ولا یجوز تغییر الوقف عن ھیئته۔

ترجمہ: ''وقف کی ہیئت کو بدلنا جائز نہیں، (فتاویٰ عالمگیری جلد 2 ص: 490، مطبوعہ مکتبہء

Marfat.com

رشیدیہ،کوئٹہ)''۔
علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں: اما لو تمت المسجد یۃ ثم اراد البناء منع۔
ترجمہ:''اگرکسی مسجد کی مسجدیت تمام ہوجائے پھر اگر اس میں مزید تعمیر کا ارادہ ہو (جس سے اس وقف کے مصرف میں تبدیلی ہوتی ہو) تو اسے روک دیا جائے گا،(ردالمحتار علی الدر المختار جلد 6 ص:428 داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔
چونکہ مسجد کی چھت بھی مسجد ہی کے حکم میں ہے، اس لئے اس کی مسجدیت کا تبدیل کرنا قطعاً جائز نہیں ہے، البتہ مسجد میں دینی درس وتدریس جائز ہے، علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:
یجوز الدرس فی المسجد وان کا ن فیه استعمال اللبود والبواری المسبله لاجل المسجد کذا فی القنیه ۔
ترجمہ:''اور مسجد میں درس وتدریس جائز ہے اگرچہ اس میں مسجد کی دریاں، نمدے جو مسجد کے لئے وقف ہیں، استعمال ہوں،''قنیہ'' میں بھی اسی طرح ہے، (فتاویٰ عالمگیری جلد 5 ص:320 مکتبۂ رشیدیہ کوئٹہ)''۔
البتہ مسجد کے آداب کو ملحوظ رکھنا ضروری ہے، بچوں کا شور نمازیوں کی نماز میں خلل انداز نہ ہو، ورنہ اوقاتِ نماز میں درس وتدریس کا سلسلہ بند کردیا جائے۔بالغ طالبات کا مسجد کی چھت پر مدرسہ قائم کرنا بوجوہ درست نہیں ہے، ایک تو یہ کہ ایسی طالبات اوران کی معلمات کے فطری طور پر ایامِ حیض بھی آتے ہیں، اوران ایام میں عورت کا مطلقاً مسجد میں داخل ہونا منع ہے، علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:
ولایحل للجنب والحائض والنفساء الوقوف علیه۔
ترجمہ:''اور جنبی، اور حیض ونفاس والی عورت کا مسجد کی چھت پر ٹھیرنا جائز نہیں ہے، (ردالمحتار علی الدر المختار، جلد:2،ص:370، مطبوعہ: داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔
امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں:
درمختار محل مذکور: یحرم فیه السوال ویکر ہ الاعطاء وانشاد ضالّة وشعرِ الامافیه

Marfat.com

ذکر ورفع صوت بذکر الا للمتفقهة ویمنع منه کل مؤذولو بلسانه۔

ترجمہ: ''مسجد میں سوال کرنا حرام اور سائل کو مسجد میں دینا مکروہ ہے، اور اسی طرح گمشدہ چیز کا مسجد میں اعلان کرنا۔ اور ایسے اشعار پڑھنا جن میں ذکر نہ ہو، اور فقہ کی تعلیم وتعلم کے علاوہ آواز بلند کرنا مکروہ ہے، اور ہر ایذا دینے والے کو مسجد سے منع کیا جائیگا اگرچہ زبان سے ایذا پہنچاتا ہو۔'' اور اگر ایسے نہ ہوں تو انہیں مسجد میں غیر اوقات نماز میں پڑھانا مضائقہ نہیں رکھتا جب کہ معلم بلاتنخواہ محض لوجہ اللہ پڑھاتا ہو ورنہ ہرگز جائز نہیں اگرچہ جوان اور بوڑھے ہی پڑھیں کہ اب یہ اور پیشوں کی طرح دنیا کمانا ہے اور مسجد میں اس کی اجازت نہیں۔ فتاویٰ عالمگیری جلد:5،ص:122، ''لو جلس المعلم فی المسجد والوراق یکتب فان کان المعلم یعلم للحسبة والوراق یکتب لنفسه فلاباس به لانه قربة وان کان بالاجرة یکره الاان یقع لهما الضرورة کذافی محیط السرخی''۔

ترجمہ: ''اگر معلم مسجد میں بیٹھ کر تعلیم دیتا ہے اور کاتب مسجد میں بیٹھ کر لکھتا ہے اگر تو معلم ثواب کی نیت سے ایسا کرتا ہے اور کاتب اپنے لئے لکھتا ہے نہ کہ اجرت پر تو حرج نہیں کیونکہ یہ قربت وعبادت ہے، اور اگر اجرت کے لئے ہے تو بلاضرورت ایسا کرنا مکروہ ہے، امام سرخسی کی محیط میں بھی ایسا ہی ہے، (فتاویٰ عالمگیری جلد:5،ص:122)''، (فتاویٰ رضویہ جلد:16،ص:459، مطبوعہ: رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔

صدر الشریعہ علامہ امجد علی اعظمی لکھتے ہیں: ''مسجد کے اندر علمِ دین کی تعلیم جائز اور اس کے جواز پر قرآن وحدیث شاہد، قال اللہ تعالیٰ ومن اظلم ممن منع مسٰجداللّٰہ ان یذکر فیها اسمه وسعیٰ فی خرابها ۔ حدیث میں ہے: خرج رسول اللہ ﷺ ونحن فی الصفة فقال ایکم یحب ان یغدو کل یوم الیٰ بطحان اوالعقیق فیاتی بناقتین کوماوین فی غیراثم ولا قطع رحم فقلنا یارسول اللہ کلنا نحب ذالک قال افلا یغدو احدکم الی المسجد فیعلم او یقرأ ایتین من کتاب اللہ خیر له من ناقتین وثلث خیرله من ثلث واربع خیرله من اربع ومن اعدادهن

Marfat.com

من الابل رواہ مسلم عن عقبۃ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
ترجمہ: ”اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اور اس سے بڑھ کر ظالم کون ہوگا، جو مساجد میں ذکرِ الٰہی کو روکے اور انہیں ویران کرنے کی کوشش کرے، حدیث میں ہے: ترجمہ: ”رسول اللہ ﷺ (اپنے حجرۂ اقدس سے) نکلے اور ہم (اس وقت) صفہ میں تھے، تو آپ نے فرمایا: تم میں سے کون اس بات کو پسند کرے گا کہ ہر روز صبح بطحان یا عقیق کی طرف نکلے اور کسی گناہ یا قطعِ رحمی کے بغیر دو بلند کوہان والی اونٹنیاں لائے، تو ہم نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! (بلاشبہ) ہم میں سے ہر ایک اس بات کو پسند کرے گا، (تو رسول اللہ ﷺ نے) فرمایا: تو تم میں سے ہر شخص (ہر روز) صبح کے وقت مسجد کی طرف کیوں نہیں نکل پڑتا، تاکہ وہ کتاب اللہ کی دو آیتیں پڑھائے یا پڑھے، یہ (عمل) اس کے لئے دو بلند کوہان والی اونٹنیوں سے بہتر ہے اور تین آیتوں کا پڑھنا پڑھانا تین اونٹنیوں سے اور چار آیتوں کا پڑھنا پڑھانا چار اونٹنیوں سے اور ان سے زیادہ آیتوں کا پڑھنا پڑھانا اتنی ہی تعداد کی اونٹنیوں سے بہتر ہے، (صحیح مسلم، رقم الحدیث: 1842 مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز المکۃ المکرمہ، اس حدیث کو امام مسلم نے عقبہ بن عامر سے روایت کیا ہے)“۔
فی نفسہٖ تعلیم سے مسجد کی کوئی بے حرمتی نہیں ہے، تعلیم کو احترام کے خلاف کہنا غلط ہے، البتہ اگر پڑھنے یا پڑھانے والے مسجد کی بے حرمتی کرتے ہوں تو ان کو اس سے منع کیا جائے اور روکا جائے، واللہ تعالیٰ اعلم، (فتاویٰ امجدیہ جلد اول ص: 256 مطبوعہ مکتبہ رضویہ، آرام باغ، کراچی)“۔
دوسرے مقام پر لکھتے ہیں: مسجد میں علم دین کی تعلیم جائز ہے، حضور اقدس ﷺ کے زمانہ پاک میں مسجد نبوی میں علم دین کی تعلیم دی جاتی تھی اور اس وقت سے لے کر اب تک دونوں حرم محترم میں علم دین کی تعلیم بلانکیر جاری ہے، حدیثوں سے اس کا جواز ثابت ہے، (فتاویٰ امجدیہ جلد اول ص: 269 مطبوعہ مکتبہ رضویہ، آرام باغ، کراچی)“۔
خلاصہ یہ کہ فی نفسہٖ مسجد میں دینی درس وتدریس جائز ہے، لیکن مسجد کے آداب کو ملحوظ رکھنا

Marfat.com

لازم ہے، اور جیسا کہ فتاویٰ عالمگیری میں محیط سرخسی کے حوالے سے لکھا ہے کہ ضرورت کی بناپر اجرت کے عوض بھی مسجد میں تدریس جائز ہے، لیکن بالغ طالبات کے لئے مسجد کی چھت پر درس وتدریس کا انتظام کرنا درست نہیں ہے، کیونکہ اس میں کئی شرعی مفاسد کا احتمال ہے، اور مسجد کے وقف میں تبدیلی کر کے کسی بھی طرح کا مدرسہ قائم کرنا بہر صورت جائز نہیں ہے۔

## مسجد کے قیام کے بعد اس کی حیثیت کو تبدیل کرنا

**سوال**:36

ہمارے ہاں ایک مسجد موسوم (اڈہ لاریاں والی مسجد) کی جدید تعمیر کی گئی۔ مسجد کا ڈیزائن اس طرح بنایا گیا کہ عینِ مسجد کو جائے وضو بنادیا گیا ہے۔ اور مسجد کے کچھ حصے کو دکان بنادیا گیا ہے۔ ازروئے شریعت ایسا کرنا جائز ہے یا نہیں؟، (محمد جابر کھوڑ، ضلع اٹک)۔

**جواب**:

صورتِ مسئولہ میں جیسا کہ سوال سے واضح ہوتا ہے کہ جس جگہ وضوخانہ بنایا گیا، وہ پہلے مسجد تھی، مسجد ہمیشہ کے لئے مسجد ہی ہے اور اس کی مسجدیت کبھی باطل نہیں ہوسکتی۔ فقہائے کرام فرماتے ہیں کہ مسجد آسمان کی بلندی اور زمین کی گہرائی (تحت الثریٰ) تک مسجد ہی ہے، علامہ شامی لکھتے ہیں:

قوله الى عنان السماء بفتح العين و كذا الىٰ تحت الثرىٰ كما فى البيرى عن الاستيجابى ۔

ترجمہ: ''مسجد آسمان کی بلندی سے تحت الثریٰ تک مسجد ہی ہے ''بیری'' میں استیجابی سے اسی طرح منقول ہے، (ردالمحتار علی الدر المختار، جلد: 2، ص: 371-370، مطبوعہ، داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: ولا یجوز تغییر الوقف عن هیئته۔

ترجمہ: '' وقف کی وہیئت کو بدلنا جائز نہیں، (فتاویٰ عالمگیری جلد 2 ص:490، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

Marfat.com

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں: جو زمین متعلق مسجد ہے وہ مسجد ہی کے کام میں لائی جاسکتی ہے اور اس کے بھی اس کام میں جس کیلئے واقف نے وقف کی، وقف کو اس کے مقصد سے بدلنا جائز نہیں، شرط الواقف کنص الشارع فی وجوب العمل بہ۔ (واقف کی شرط وجوب عمل میں شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام کی نص کی مثل ہے)، (فتاویٰ رضویہ جلد 16 ص:546 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)''۔

فتاویٰ عالمگیری کتاب الوقف باب ۱۱ میں محیط امام شمس الائمہ سرخسی سے ہے:

قیم المسجد لایجوز له ان یبنی حوانیت فی حد المسجد اوفی فنائه لان المسجد اذا جعل حانوتاً ومسکنا تسقط حرمته وهذالایجوز والفناء تبع المسجد فیکون حکمه حکم المسجد، ترجمہ:'' متولی کو مسجد کی حد یا مسجد کے فناء میں دکانیں بنانے کا کوئی اختیار نہیں، کیونکہ مسجد کو جب دکان یا رہائش گاہ بنا دیا جائے، تو اس کا احترام ساقط ہوجاتا ہے، جو کہ ناجائز ہے۔ اور فنائے مسجد چونکہ مسجد کے تابع ہے لہٰذا اس کا حکم بھی وہی ہوگا جو مسجد کا ہے، (فتاویٰ رضویہ جلد 16 ص:352 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)''۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز مسجد کے نیچے دکان بنانے کے مجوزین کی اس دلیل (کہ مسجد کے اوپر امام کے لئے بالا خانہ بنانا جائز ہے) کے جواب میں لکھتے ہیں: صورتِ مستفسرہ میں وہ دکانیں قطعی حرام، اور وہ بالا خانہ بھی قطعی حرام، ہاں وقت بنائے مسجد قبلِ تمامِ مسجدیّت نیچے مسجد کے لئے دکانیں یا اوپر امام کے لئے بالا خانہ بانی بنائے اور اسکے بعد اسے مسجد کرے تو جائز ہے، اور اگر مسجد بنا کر بنانا چاہے اگرچہ مسجد کی دیوار کا صرف اسارا اس میں لے اور کہے میری پہلے سے یہ نیت تھی ہرگز قبول نہ کریں گے اور عمارت کو ڈھادیں گے، درمختار میں ہے: لو بنی فوقه بیتا للامام لا یضر لانه من المصالح اما لو تمت المسجدیة ثم اراد البناء منع ولوقال عنیتُ ذالک لم یُصَدَّق، تاتارخانیه فاذا کان هذا فی الواقف فکیف بغیره فیجب هَدمه ولو علی

Marfat.com

جدار المسجد ولا یجوز اخذ الاجرة منه ولا ان یجعل شیئا منه مستغلا ولا سکنی بزازیة۔

ترجمہ: "اگر واقف نے مسجد کے اوپر امام کے لئے حجرہ بنادیا، تو حرج نہیں کیونکہ وہ مصالح مسجد میں سے ہے، لیکن تمامِ مسجدِیّت کے بعد اگر وہ ایسا کرنا چاہے، تو اس کو منع کیا جائے گا، اگر وہ کہے کہ میرا شروع سے ارادہ تھا تو اس کی تصدیق نہیں کی جائے گی (تاتارخانیہ) جب خود واقف کا یہ حکم ہے تو کسی اور کو یہ اختیار کیسے ہوسکتا ہے لہٰذا ایسی عمارت کو گرانا واجب ہے اگر چہ صرف دیوار مسجد پر وہ استوار کی گئی ہو، اس کی اجرت لینا یا مسجد کا کوئی حصہ کرائے کے لئے یا رہائش کے لئے مقرر کرنا جائز نہیں (بزازیہ)، (فتاویٰ رضویہ جلد 16 ص:432,433 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)"۔

صورتِ مسئولہ میں چونکہ ایک جگہ کی مسجدیّت متحقّق ہوچکی تھی، اسے عین مسجد قرار دیا جاچکا تھا اور بطور مسجد ہی وہ زیرِ استعمال رہی، اس لئے اب اس کی مسجدیّت کو باطل کر کے اس کی جگہ وضو خانہ یا دوکانیں بنانا درست نہیں ہے، البتہ اسے مسجد کا حصہ قائم رکھتے ہوئے اور آدابِ مسجد کو ملحوظ رکھتے ہوئے درس وتدریس کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

## منبر نبوی ﷺ کی سیڑھیاں

**سوال:37**

سرکارِ دوعالم ﷺ کے منبر کی تین سیڑھیاں تھی لیکن ایک دفعہ سرکارِ دوعالم ﷺ منبر پر چڑھے تو تین مرتبہ سیڑھیوں پر چڑھتے ہوئے آمین کہا اس سے ظاہر ہورہا ہے کہ منبر کی سیڑھیاں چار تھیں اور آپ ﷺ چوتھی سیڑھی پر بیٹھے ہوں گے، (سید عالم شاہ، جامع مسجد مصطفیٰ اعظم نگر لیاقت آباد، کراچی)۔

**جواب:**

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں: ردالمحتار میں ہے: منبرہ ﷺ کان ثلث درج غیر المسماة بالمستراح۔

Marfat.com

ترجمہ: حضور ﷺ کے مقدس منبر کے تین زینے اس تخت کے علاوہ تھے جس پر بیٹھا جاتا ہے۔ حضور سید عالم ﷺ درجۂ بالا پر خطبہ فرمایا کرتے، صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے دوسرے پر پڑھا، فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ نے تیسرے پر، جب زمانہ ذوالنورین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا آیا پھر اول پر خطبہ فرمایا سبب پوچھا گیا، فرمایا اگر دوسرے پر پڑھتا لوگ گمان کرتے کہ میں صدیق اکبر کا ہمسر ہوں اور تیسرے پر، تو وہم ہوتا کہ فاروقِ اعظم کے برابر ہوں، لہٰذا وہاں پڑھا جہاں یہ احتمال متصور ہی نہیں اصل سنت اول درجہ پر قیام ہے۔ وما فعله الصديق فكان تأدبا منه مع رسول الله ﷺ وما فعل الفاروق فكان تأدبا مع الصديق رضی اللّٰه تعالیٰ عنهما۔ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور ﷺ کے ادب کی بنا پر ایسا کیا اور حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ادب کی خاطر۔ بلندیٔ منبر سے اصل مقصود یہ ہے کہ سب حاضرین خطیب کو دیکھیں اور اس کی آواز سنیں جہاں یہ حاجت بسبب کثرت حضار و دوری صفوف تین زینوں میں پوری نہ ہو تو زینے زیادہ کرنے کا خود ہی اختیار ہے اور بہتر عدد طاق کی مراعات فانّ اللّٰه وتر یحبّ الوتر (اللہ تعالیٰ وتر ہے اور وتر کو پسند کرتا ہے) واللہ تعالیٰ اعلم، (فتاویٰ رضویہ جلد 8 ص: 343,344 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔

محدّث بریلوی امام احمد رضا قادری قدس سرہم العزیز کی تحریر سے واضح ہے کہ منبر نبوی ﷺ کی سیڑھیاں تین تھیں اور چوتھا تخت یا بیٹھنے کی جگہ تھی، خلیفہ اول و دوم نے ادب کو ملحوظ رکھا، حضرت ابوبکر منبر رسول پر اس جگہ بیٹھے، جہاں حضور ﷺ کے قدم مبارک ہوتے تھے اور پھر حضرت عمر حضرت ابوبکر کے قدموں کی جگہ بیٹھ گئے، یہ دونوں اکابر ادب واحترام کی وجہ سے اجر پائیں گے، تیسرے خلیفۂ راشد حضرت عثمان نے قیامت تک آنے والے خطباء حضرات کے لئے یُسر (آسانی) کو ملحوظ رکھا، اور وہ بھی اس اخلاص اور نیک نیتی کا اجر پائیں گے، منبر کی سیڑھیاں تین سے زائد پانچ یا سات بھی بنائی جاسکتی ہیں، طاق عدد بہتر ہے۔

Marfat.com

**جواب:**

وقف یا ہبہ کی شرائط میں سے ایک شرط یہ بھی ہے کہ واقف (وقف کرنے والا) وقتِ وقف اس شے کا مالک ہو، جسے وہ وقف کررہا ہے اگر وقتِ وقف مالک نہ تھا اور پھر مالک ہوگیا، جب بھی یہ وقف درست نہیں ہوگا۔ علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

ومنها الملک وقت الوقف ختی لوْ غصب ارضاً فوقفهاثم اشتراها من مالکهاودفع الثمن الیه أوصالح علی مال دفعه الیه لا تکون وقفاً کذا فی البحر الرائق۔

ترجمہ: ''(وقف کی شرائط میں سے) ایک شرط یہ بھی ہے کہ وقف کرتے وقت واقف اس شے کا مالک ہو یہاں تک کہ اگر کوئی (شخص کسی) زمین کو غصب کرکے وقف کردے پھر اس کے مالک سے اس زمین کو خرید لے اور قیمت مالک کو ادا کردے یا کچھ دینے پر مصالحت کرلی تو یہ وقف (درست) نہیں ہوسکتا، ''البحر الرائق'' میں بھی اسی طرح ہے، (فتاویٰ عالمگیری جلد2 ص:353 مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

وقف کے لئے مخصوص الفاظ ہیں جن سے وقف صحیح ہوتا ہے، مثلاً میری یہ جائیداد صدقۂ موقوفہ ہے کہ ہمیشہ مساکین پر اس کی آمدنی صرف ہوتی رہے یا اللہ تعالیٰ کے لئے میں نے اسے وقف کیا۔ مسجد یا مدرسہ یا فلاں نیک کام پر میں نے وقف کیا یا فقراء پر وقف کیا۔ اس چیز کو میں نے اللہ کی راہ کے لئے کردیا۔ صورتِ مسئولہ میں اگر سائل کا بیان درست ہے تو یہ وقف نامکمل ہے محض فائل دینے سے وقف مکمل نہیں ہوتا، مدرسہ والوں کو چاہئے کہ آپ کی فائل واپس کردیں، فقط واللہ اعلم بالصواب۔

Marfat.com

# کتاب الجنائز

Marfat.com

# غسلِ میت سے پہلے ایصالِ ثواب یا قرآن خوانی

**سوال:46**

اگر کسی کا انتقال ہو جائے اور لوگ فوری طور پر قرآن خوانی کرنا چاہیں تو کیا اس کی اجازت ہے؟ بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ جب تک میت کو غسل نہ دیا جائے، قرآن خوانی کا آغاز نہیں کیا جا سکتا۔ ازراہِ کرم رہنمائی فرما دیجیے، (سید عابد علی، کراچی)۔

**جواب:**

فی نفسہٖ زندہ یا مردہ کسی بھی شخص کے لئے کسی بھی وقت میں ایصالِ ثواب یا دعائے مغفرت کی ممانعت نہیں ہے۔ اسی طرح اگر کسی شخص کا انتقال ہو گیا ہو تو غسل یا تدفین سے پہلے اس کے لئے دعائے مغفرت یا ایصالِ ثواب جائز ہے، اس کی کوئی ممانعت نہیں ہے۔ البتہ فقہاء کرام نے اس پر بحث کی ہے کہ میت سامنے رکھی ہو اور ابھی اسے غسل نہ دیا ہو تو اس کے سامنے اسی مقام پر تلاوت قرآن کی جا سکتی ہے یا نہیں؟ فقہاء نے اس پر گفتگو کی ہے اور اس کی وجوہ پر بحث کی ہے۔ چنانچہ امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں: بلکہ جن کے نزدیک موت سے بدن نجس ہو جاتا ہے اور غسل میت اُسے نجاستِ حقیقیہ سے تطہیر کے لئے رکھا گیا ہے، وہ قبل غسل میت کے پاس بیٹھ کر تلاوت کو منع کرتے ہیں جب تک اسے بالکل ڈھانک نہ دیا جائے کہ نجاستِ منکشفہ کا قرب ہوگا، تنویر میں ہے:

کرہ قرأۃالقرآن عندہ الی تمام غسلہ۔

ترجمہ: ”میت کو غسل دینے تک اس کے پاس قرآن مجید پڑھنا مکروہ ہے“۔ درمختار میں ہے:

عللہ الشرنبلالی فی امدادالفتاح تنزیھا للقرآن عن نجاسۃ المیت لتنجسہ بالموت قیل نجاسۃ خبث وقیل حدث وعلیہ فینبغی جوازھا کقراء ۃ المحدث

ترجمہ: امدادالفتاح میں علامہ شرنبلالی نے اس کی یہ علت بیان فرمائی کہ قرآن مجید کو میت کی

Marfat.com

نجاست اور ناپاکی سے بچایا جائے، کیونکہ وہ (میت) موت کی وجہ سے ناپاک ہو جاتی ہے، پھر اس نجاست میں اختلاف ہے، چنانچہ بعض نے کہا کہ یہ نجاست خبث ہے جبکہ بعض کے نزدیک حدث ہے۔ لہٰذا اس بنیاد پر لازم ہے کہ میت کے پاس تلاوت قرآن مجید جائز ہو، جیسے بے وضو کا یاد سے قرآن پڑھنا۔

ردالمحتار میں ہے: وذکر ان محل الکراهة اذا کان قریبا منه اما اذا بعد عنه فلاکراهة قلت والظاهر ان هذاایضا اذالم یکن المیت مسجی بثوب لیستر جمیع بدنه۔

ترجمہ: ''علامہ طحطاوی نے ذکر کیا کہ اس کراہت کا محل یہ ہے کہ جب (تلاوت کرنے والا) میت کے قریب بیٹھا ہو، لیکن جب وہ اس سے دور بیٹھا ہے، (اور قرآن مجید پڑھ رہا ہے) تو پھر کراہت نہ ہوگی، میں کہتا ہوں ظاہر یہ ہے کہ یہ کراہت بھی تب ہوگی جب میت کسی ایسے کپڑے سے جو اس کے سارے جسم کو چھپائے ڈھانپی ہوئی نہ ہو، (فتاویٰ رضویہ جلد: 23، ص: 454-453، مطبوعہ: رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔ امام احمد رضا قادری رحمہ اللہ تعالیٰ کی اس بحث کی کا مستفاد یہ ہے کہ فی نفسہٖ غسل میت سے پہلے میت سے ہٹ کر دوسری جگہ بیٹھ کر میت کے لئے ایصالِ ثواب کرنے یا قرآن خوانی کی کوئی ممانعت نہیں ہے، ہاں اگر میت کے قریب بیٹھ کر تلاوت کریں اور میت کو کپڑے یا چادر سے ڈھانپ کر رکھ دیا گیا ہو، تب بھی حرج نہیں ہے، ہاں اگر میت کو کپڑے سے ڈھانپا ہوا نہیں ہے، کھلی ہے، تو اس میں فقہاء کرام کے دو اقوال ہیں، جو اسے بے وضو (محدِث) پر محمول کرتے ہیں، ان کے نزدیک جائز ہے اور جو اسے خبث (نجاستِ حقیقی) پر محمول کرتے ہیں، ان کے نزدیک وہاں پر تلاوت مکروہ ہے۔

## مصنوعی دانتوں کے ساتھ تدفین

**سوال: 47**

کسی شخص کے انتقال کے بعد تدفین کے وقت مصنوعی دانتوں (جو کہ فکس ہیں

Marfat.com

اور نکالے نہیں جاسکتے)، کے ساتھ دفن کیا جاسکتا ہے، (جمال سیکٹر 3-7D، نارتھ کراچی)۔

**جواب:**

مسلمان میت کی تجہیز و تکفین، تدفین اور تدفین کے بعد اس کی قبر کی تکریم لازم ہے، کوئی ایسا عمل جس سے میت کو تکلیف ہو، نہ کیا جائے۔ مسلمان کی قبر کی تعظیم کا حکم احادیث مبارکہ میں جس قدر ہے اس سے مسلمان میت کی تعظیم و تکریم کا اندازہ ہوتا ہے۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں:

علمائے کرام کا اتفاق ہے کہ مسلمان کی عزت زندہ و مردہ برابر ہے۔ محقق علی الاطلاق رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ فتح القدیر، جلد:2،ص:102، (مکتبۂ نوریہ رضویہ سکھر) میں فرماتے ہیں: وتوضیحہ الاتفاق علی انّ حرمۃالمسلم میتاً کحرمتہ حیاً۔ ترجمہ: اس بات پر اتفاق ہے کہ مردہ مسلمان کی عزت و حرمت زندہ مسلمان کی طرح ہے۔(ت)۔ نبی ﷺ فرماتے ہیں: کسر عظم المیت راداہ ککسرہ حیاً۔ رواہ امام احمد وابوداؤد وابن ماجہ باسناد حسن عن اُمّ المؤمنین عائشہ الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ ترجمہ: ''مردے کی ہڈی کو توڑنا اور اسے ایذا پہنچانا ایسا ہی ہے جیسا زندہ کی ہڈی کو توڑنا، اسے امام احمد و ابوداؤد و ابن ماجہ نے بسندِ حسن ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا''۔ یہ حدیث مسند الفردوس میں ان لفظوں سے ہے، المیت یؤذیہ فی قبرہٖ ما یؤذیہ فی بیتہ۔ ترجمہ: ''سید عالم ﷺ فرماتے ہیں: مردے کو قبر میں بھی اس بات سے ایذا ہوتی ہے، جس سے گھر میں اسے اذیت ہوتی۔ علامہ مناوی شرح میں فرماتے ہیں: افادان حرمۃ المؤمن بعد موتہٖ باقیۃ۔ اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ مسلمان کی حرمت بعد موت کے بھی ویسے ہی باقی ہے۔ سیدنا حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: اذی المؤمن فی موتہٖ کاذاہ فی حیاتہ رواہ ابی بکر بن ابی شیبۃ۔ مسلمان مردہ کو ایذا دینا ایسا ہے جیسے زندہ کو اسے ابوبکر بن ابی شیبہ نے روایت کیا۔ علماء فرماتے ہیں: المیت یتاذی بما یتاذی بہ الحی ۔کذا فی ردّالمحتار

Marfat.com

وغیرہ من معتمدات الاسفار۔

جس بات سے زندوں کو ایذا پہنچتی ہے، مردے بھی اس سے تکلیف پاتے ہیں، جیسا کہ ردالمحتار وغیرہ معتمد کتب میں مذکور ہے۔ (ت) علامہ شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ اشعۃ اللمعات میں امام علامہ ابوعمر یوسف بن عبدالبر سے نقل فرماتے ہیں: ازیں جا مستفاد میگردد کہ میت متألم میگردد بجمیع انچہ متالم میگردد بدان حی ولازم اینست کہمتلذ ذگردد بتمام انچہ متلذ ذمی شود بدان زندہ، انتہی۔ اس جگہ یہ مستفاد ہوتا ہے کہ جن چیزوں سے زندہ کو درد پہنچتا ہے، ان تمام سے مردہ کو بھی الم پہنچتا ہے، اور یہ لازم ہے کہ جن چیزوں سے زندہ کو لذت حاصل ہو ان سب سے میت کو بھی لذت حاصل ہوتی ہے، انتہی (ت)۔

(فتاویٰ رضویہ، جلد 9، ص: 442-441، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے سوال ہوا'' کاٹا مرد کے بال بعد مرنے کے جائز ہے یا نہیں؟، اس کے جواب میں لکھتے ہیں:

ناجائز ہے، فی الدر لایسرح شعرہ ای یکرہ تحریما ولا یقص ظفرہ الاالمکسور ولاشعرہ ولایختن، وفی ردالمحتار عن النہرعن القنیۃ التزیین بعد موتہا و الامتشاط وقطع الشعر لایجوز۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ترجمہ: '' درمختار میں ہے: میت کے بالوں میں کنگھا نہ کیا جائے یعنی یہ مکروہ تحریمی ہے، اور اس کے ناخن نہ تراشے جائیں، مگر وہ جو ٹوٹا ہوا ہے، نہ ہی بال تراشے جائیں، نہ ختنہ کیا جائے، ردالمحتار میں '' نہر'' سے، اس میں '' قنیہ'' سے منقول ہے، اس کے مرنے کے بعد زینت کرنا، کنگھا کرنا، بال کاٹنا ناجائز ہے، (فتاویٰ رضویہ، جلد 9، ص: 91-92، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

نہ صرف میت کی تعظیم وتکریم لازم ہے، بلکہ نبی کریم ﷺ قبور مسلمین کی تعظیم وادب کا بھی حکم ارشاد فرماتے ہیں، چند احادیث ملاحظہ ہوں:

عن ابی ھریرۃ قال: قال رسول اللہ ﷺ:"لأن یجلس احدکم علی جمرۃ

Marfat.com

فتحرق ثيابه حتى تخلص الى جلدة خيرله من أن يجلس على قبر"۔

ترجمہ:''ابو ہریرہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:'' تم میں سے کسی کا آگ پر بیٹھنا یہاں تک کہ وہ کپڑے جلا کر چمڑے تک پہنچ جائے، زیادہ بہتر ہے اس سے کہ قبر پر بیٹھے، (ابوداؤد، رقم الحدیث: 3220، مطبوعہ مؤسسة الریان بیروت)''۔

عن عقبة بن عامر، قال: قال رسول الله ﷺ: لأن امشي على جمرة أو سيف، أو اخصف نعلي برجلي، أحبّ اليّ من ان امشي على قبر مسلم۔ وما أبالي اوسط القبور قضيت حاجتي، أو وسط السوق"

ترجمہ:''عقبہ بن عامر روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے زیادہ پسند ہے آگ یا تلوار پر چلنا یا پاؤں سے جوتے پر پیوند لگانا، بہ نسبت اس کے کہ قبرِ مسلم پر چلوں، اور مجھے اس بات کی پرواہ نہیں کہ قبر کے وسط میں میری حاجت پوری ہوتی ہے یا بازار کے درمیان، (ابن ماجہ، رقم الحدیث: 1568، مطبوعہ دار الفکر بیروت)''۔

صورتِ مسئولہ میں چونکہ مصنوعی دانت اس طور پر نصب کیے ہوئے ہیں جنہیں نکالا نہیں جاسکتا، اور انہیں نکالنے کی کوشش کرنا میت کو اذیت دینا ہے، اور میت کو اذیت دینا جائز نہیں ہے، لہٰذا مصنوعی دانتوں کے ساتھ میت کی تدفین جائز ہے۔

## پوسٹ مارٹم کی شرعی حیثیت

**سوال:** 48

کیا شریعت میں پوسٹ مارٹم کی اجازت ہے؟، اگر اجازت ہے تو قرآن پاک یا حدیث میں ہے اس کی کوئی مثال موجود ہے؟۔

**سوال:**49

کیا شہید کا پوسٹ مارٹم کیا جاسکتا ہے؟، کیونکہ آپ کو تو معلوم ہوگا کہ سر (چہرے) سے لے کر پیٹ تک اس کو کاٹتے ہیں، صرف یہ دیکھنے کے لئے کہ گولی سے مرا ہے یا کسی چاقو سے یا گولی کتنی دور سے لگی ہے یا زخم کتنا گہرا ہے۔ اور اس کے بعد قانون میں

Marfat.com

اتنا ہے کہ یہ میڈیکل رپورٹ صرف موت کا سبب جاننے کے لئے کی جاتی ہے، اور قانون میں صرف اس رپورٹ پر اعتبار نہیں کیا جا سکتا یہ تو صرف گواہوں کی گواہی سے مشابہت کرنے کے لئے ہوتی ہے، کہ واقعی گواہان سچ بول رہے ہیں کورٹ میں۔

**سوال:50**

کیا کسی بھی آدمی (مردہ) کو قبر سے نکال کر اس کا پوسٹ مارٹم کیا جا سکتا ہے، شریعت اجازت دیتی ہے؟ یہ سب اور آپ کو تو معلوم ہے کہ پاکستان میں میڈیکل رپورٹس کیسے دی جاتی ہیں، کیا اس کے باوجود بھی پوسٹ مارٹم کیا جا سکتا ہے؟۔(منصور علی ایڈوکیٹ، ڈسٹرکٹ لاڑکانہ تحصیل میرو خان ولیج نیو ٹھارو ودھو)۔

**جواب:**

آپ کے سوالات کا جواب دینے سے پیشتر مسلمان میت کی حرمت سے متعلق ہم چند حوالے نقل کرتے ہیں: مسلمان میت کی تجہیز و تکفین، تدفین اور تدفین کے بعد اس کی قبر کی تکریم لازم ہے، کوئی ایسا عمل جس سے میت کو تکلیف ہو، نہ کیا جائے۔ مسلمان کی قبر کی تعظیم کا حکم احادیث مبارکہ میں جس قدر ہے اس سے مسلمان میت کی تعظیم وتکریم کا اندازہ ہوتا ہے، امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں:

''علمائے کرام کا اتفاق ہے کہ مسلمان کی عزت زندہ و مردہ برابر ہے۔ محقق علی الاطلاق رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ فتح القدیر، (جلد:2،ص:102، مکتبۂ نوریہ رضویہ، سکھر) میں فرماتے ہیں: وتوضیحه الاتفاق علی انّ حرمة المسلم میتاً کحرمته حیاً۔ ترجمہ: اس بات پر اتفاق ہے کہ مردہ مسلمان کی عزت وحرمت زندہ مسلمان کی طرح ہے۔(ت)۔ نبی ﷺ فرماتے ہیں: کسر عظم المیت واذاہ ککسرہ حیًّا۔ رواہ امام احمد وابوداؤد و ابن ماجه باسناد حسن عن اُمّ المؤمنین عائشه الصدیقة رضی اللہ تعالیٰ عنها۔

ترجمہ: ''مردے کی ہڈی کو توڑنا اور اسے ایذا پہنچانا ایسا ہی ہے جیسا زندہ کی ہڈی کو توڑنا،

Marfat.com

اسے امام احمد وابوداؤد وابن ماجہ نے بسندِ حسن ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کیا''۔ یہ حدیث مسند الفردوس میں ان لفظوں سے ہے، المیت یؤذیه فی قبره ما یؤذیه فی بیته۔ ترجمہ:''سید عالم ﷺ فرماتے ہیں: مردے کو قبر میں بھی اس بات سے ایذا ہوتی ہے، جس سے گھر میں اسے اذیت ہوتی۔ علامہ مناوی شرح میں فرماتے ہیں: افادان حرمة المؤمن بعد موته باقية۔ اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ مسلمان کی حرمت بعد موت کے بھی ویسے ہی باقی ہے۔ سیدنا حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: اذی المؤمن فی موته کاذاه فی حیاته رواه ابی بکر بن ابی شیبة۔ مسلمان مردہ کو ایذا دینا ایسا ہے جیسے زندہ کو اسے ابوبکر بن ابی شیبہ نے روایت کیا۔ علماء فرماتے ہیں: المیت یتاذی بما یتاذی به الحی ۔ کذا فی ردّالمحتار وغیره من معتمدات الاسفار۔

جس بات سے زندوں کو ایذا پہنچتی ہے، مردے بھی اس سے تکلیف پاتے ہیں، جیسا کہ ردالمحتار وغیرہ معتمد کتب میں مذکور ہے۔ (ت) علامہ شیخ محقق رحمۃ اللہ علیہ اشعۃ اللمعات میں امام علامہ ابوعمر یوسف بن عبدالبر سے نقل فرماتے ہیں: ازیں جا مستفاد میگردد کہ میت متألم میگردد بجمیع انچہ متألم میگردد بدان حی ولازم اینست کہ متلذ ذگرود بتمام انچہ متلذذ می شود بدان زندہ، انتہی ۔ اس جگہ یہ مستفاد ہوتا ہے کہ جن چیزوں سے زندہ کو درد پہنچتا ہے، ان تمام سے مردہ کو بھی الم پہنچتا ہے، اور یہ لازم ہے کہ جن چیزوں سے زندہ کو لذت حاصل ہو ان سب سے میت کو بھی لذت حاصل ہوتی ہے، انتہی (فتاویٰ رضویہ ،جلد 9،ص: 441-442،رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے سوال ہوا'' کاٹنا مرد کے بال بعد مرنے کے جائز ہے یا نہیں؟، اس کے جواب میں لکھتے ہیں:'' ناجائز ہے، فی الدرلایسرح شعره ای یکره تحریما ولا یقص ظفره الاالمکسور ولاشعره ولایختن، وفی ردالمحتار عن النهرعن القنية التزيين بعد موتها و الامتشاط وقطع الشعر لایجوز۔ واللہ

Marfat.com

تعالیٰ اعلم۔

ترجمہ:'' درمختار میں ہے: میت کے بالوں میں کنگھا نہ کیا جائے یعنی یہ مکروہ تحریمی ہے، اور اس کے ناخن نہ تراشے جائیں، مگر وہ جو ٹوٹا ہوا ہے، نہ ہی بال تراشے جائیں، نہ ختنہ کیا جائے، ردالمحتار میں ''نہر'' سے، اس میں ''قنیہ'' سے منقول ہے، اس کے مرنے کے بعد زینت کرنا، کنگھا کرنا، بال کاٹنا ناجائز ہے، (فتاویٰ رضویہ، جلد 9، ص: 92-91، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔

نہ صرف میت کی تعظیم وتکریم لازم ہے، بلکہ نبی کریم ﷺ قبور مسلمین کی تعظیم وادب کا بھی حکم ارشاد فرماتے ہیں، چند احادیث ملاحظہ ہوں:

عن ابی هریرة قال: قال رسول اللهﷺ:"لأن يجلس احدكم على جمرة فتحرق ثيابه حتى تخلص الى جلدة خيرله من أن يجلس على قبر"۔

ترجمہ:'' ابو ہریرہ بیان کرتے ہیں: رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:'' تم میں سے کسی کا آگ پر بیٹھنا یہاں تک کہ وہ کپڑے جلا کر چمڑے تک پہنچ جائے، زیادہ بہتر ہے اس سے کہ قبر پر بیٹھے، (ابوداؤد، رقم الحدیث: 3220، مطبوعہ مؤسسۃ الریان بیروت)''۔

میت کے پوسٹ مارٹم کی ضرورت دو جگہ پیش آتی ہے، ایک ہے ضرورتِ تعلیم، اس کے لئے عام طور پر کسی لاوارث میت کو قبضے میں کرنے کے بعد میڈیکل کالج کے طلباء اس کے جسم پر آپریشن کی مشق کرتے ہیں اور اس کے جسم کے مختلف اعضاء پر طبی نوعیت کے تجربات کرتے ہیں۔ اس سلسلے میں ہمارا نظریہ یہ ہے کہ سرجری کی مشق کے لئے جانوروں اور غیر مسلم اموات کو حاصل کرنا چاہئے اور مسلم اموات پر سرجری کی مشق کرنا جائز نہیں ہے اور غیر مسلم اموات کا حصول اس قدر دشوار نہیں ہوتا جس کی بنا پر مسلمان میت کی چیر پھاڑ کر کے اس کی بے حرمتی کی جائے۔

آج کل انسانی جان کو بچانے کے لئے سرجری اور آپریشن ایک ضروری طریقۂ علاج ہے پتہ یا مثانہ میں پتھری کی صورت میں آپریشن کے ذریعے پتھری کو باہر نکالا جاتا ہے، اگر گردہ

Marfat.com

خراب ہو جائے تو اس کو آپریشن کر کے باہر نکال دیتے ہیں، بعض دفعہ عورت کے پیٹ میں بچہ آڑا یا ترچھا ہوتا ہے اور اگر آپریشن کے ذریعے ڈلیوری نہ کی جائے تو ماں اور بچہ دونوں مر جاتے ہیں، بعض دفعہ جسم کے کسی عضو میں کوئی ناسور ہو جاتا ہے اور باقی جسم کو اس کے زہر سے محفوظ رکھنے کے لئے اس عضو کو کاٹنا پڑتا ہے، بعض حادثات میں جسم کی مختلف ہڈیاں ٹوٹ جاتی ہیں اس موقع پر ہڈی جوڑنے کے لئے آپریشن ناگزیر ہوتا ہے اسی طرح بم کے ٹکڑوں اور گولیوں کو جسم سے نکالنے کے لئے آپریشن کی ضرورت پڑتی ہے۔

پوسٹ مارٹم کی دوسری وجہ جو بالعموم پیش آتی ہے وہ ہے مقدمہ کی تحقیق اور کسی بے قصور مسلمان کو قتل کی سزا سے بچانے کا مسئلہ مثلاً ایک شخص کو پولیس نے پستول سمیت پکڑ لیا اور اس پر الزام ہے کہ اس نے اپنے پستول سے فلاں شخص کو گولی مار کر ہلاک کر دیا ہے، جبکہ ملزم یہ کہتا ہے کہ میں نے اس پر گولی نہیں چلائی اور تمام شواہد اور قرائن ملزم کے خلاف ہیں، اب صرف یہ دیکھنا ہے کہ مقتول کے جسم میں جو گولی ہے آیا وہ اس نمبر کی گولی ہے جو ملزم کے پستول میں ہے یا کوئی اور گولی ہے، اگر یہ ثابت ہو جائے کہ مقتول کے جسم میں ملزم کے پستول کی گولی ہے تو وہ قاتل ثابت ہو جائے گا اور اگر وہ گولی اس کے پستول کی نہیں ہے، تو وہ بری ہو جائے گا، ایسی صورت میں جبکہ پوسٹ مارٹم کے ذریعے کسی بے قصور کی جان بچانے کا مسئلہ ہو تو پوسٹ مارٹم کرنا صرف جائز ہی نہیں، بلکہ ضروری ہے اور فقہاء اربعہ کے مذاہب میں اس کی تائید موجود ہے۔

مذکورہ بالا مسئلے کی تحقیق انتہائی مفصل انداز میں شیخ الحدیث حضرت علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی نے اپنی تصنیف شرح صحیح مسلم (جلد دوم، ص:830-823) میں کی ہے، جس کا خلاصہ ہم نے بیان کیا ہے۔ میت کو دفن کرنے کے بعد پھر قبر کو کھودنا جائز نہیں مگر جب کسی آدمی کے حق کے لئے کھودنا ہو مثلاً زمین مغصوب میں دفن کیا گیا یا دفن کے وقت کسی کا مال قبر میں گر پڑا تو ایسی صورت میں قبر کھودنے کی اجازت ہے، علامہ شامی لکھتے ہیں:

(لا یخرج منه) بعد اهاله التراب (الا) لحق آدمی، (کأن تکون الارض مغصوبة

Marfat.com

أو أخذت بشفعة) و يخير المالک بين اخراجه و مساواته بالأرض۔

ترجمہ:"(میت کو قبر سے نہیں نکالا جائے گا) مٹی ڈال دینے کے بعد (مگر) کسی انسان کے حق کی وجہ سے، مثلاً (زمین غصب کی ہو یا شفعہ کی وجہ سے لی گئی ہو) اور مالک کو اختیار ہوگا کہ مردے کو نکال دے یا قبر زمین کے برابر کردے، (ردالمحتار جلد 3 صفحہ 135,136، مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت)"۔

تمام حوالہ جات کی روشنی میں یہ واضح ہے کہ ایسی صورت میں جبکہ پوسٹ مارٹم کے ذریعے کسی بے قصور کی جان بچانے کا مسئلہ ہو تو پوسٹ مارٹم کرنا صرف جائز ہی نہیں، بلکہ ضروری ہے (کیونکہ جب مسلمان میت کی حرمت اس قدر ہے جیسا کہ ہم نے اس فتویٰ کی ابتداء میں بیان کی ہے تو زندہ کی بدرجۂ اولیٰ ہے) اور فقہاء اربعہ کے مذاہب میں اس کی تائید موجود ہے۔

## جھوٹی قبر بنانا اور اس کی تعظیم کرنا

**سوال**:51

ایک ایسی جگہ جہاں کسی بزرگ و ولی کی قبر نہ ہو اور نہ ہی وہاں کوئی دفن ہو، بس اتنا کہا جاتا ہو کہ یہاں کسی زمانے میں گذرتے ہوئے کسی قافلے کا ایک بچہ غائب ہو گیا تھا (یہ معلوم نہیں کہ یہ بچہ ہندو، سکھ یا عیسائی ہے، جن کا تھا) زندہ پیر کا نام دے کر عرس کرنا منتیں چڑھانا، صدقات دینا اور مقدس جان کر حاضری دینا، درختوں کا نہ کاٹنا، وہاں کی خاک کو شفایاب سمجھنا وغیرہ وغیرہ، جائز ہے یا ناجائز؟۔ اب یہ جگہ محکمۂ اوقاف کے پاس ہے عرس تو نہیں ہوتا، لیکن عورتوں اور مردوں کی حاضری جیسے معاملات جاری ہیں۔ اس صورتِ حال کو روکنا جائز ہے یا نہیں؟، (مولانا محمد جہانگیر صدیقی، علیمیہ مسجد، ناظم آباد، کراچی)۔

**جواب**:

جھوٹی قبر بنا کر اس کی تعظیم کرنا ناجائز ہے، امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے سوال ہوا "کسی ولی اللہ کا مزار شریف فرضی بنانا اور اس پر چادر وغیرہ چڑھانا، اور اس پر

Marfat.com

فاتحہ پڑھنا اور اصل مزار کا سا ادب ولحاظ کرنا جائز ہے یا نہیں؟۔
جواب میں لکھتے ہیں: فرضی مزار بنانا اور اس کے ساتھ اصل کا سا معاملہ کرنا ناجائز وبدعت ہے، مزید سوال ہوا کہ'' زید نے ایک قبر فرضی اور مصنوعی، جس کا پہلے سے کوئی وجود نہ تھا، بنوا کر یہ بات مشہور کی کہ اس قبر میں امروہہ کے زین العابدین تشریف لائے ہیں، مجھ کو خواب میں بشارت ہوئی ہے، ایسی روایاتِ کاذبہ سے اس قبر کی عظمت لوگوں کے سامنے بیان کر کے قبر پرستی کی طرف بلانے لگا حتیٰ کہ اس میں اس کو کامیابی ہونے لگی اور بہت سی مخلوق اس کی طرف متوجہ ہوگئی۔ اس قبر پر چادریں اور مرغ اور بکری اور مٹھائیاں، روپیہ اور پیسہ چڑھانے لگے، اور اپنی مرادیں اور منّتیں اس قبر سے مانگنے لگے اور زید اس آمدنی سے متمتع ہوتا ہے، ایسے شخص کے واسطے شریعت کیا حکم لگاتی ہے''؟۔
آپ نے جواب دیا:'' قبر بلا مقبور (یعنی جس میں کوئی دفن نہ ہو) کی طرف بلانا اور اُس کے لئے وہ افعال کرانا گناہ ہے، اور جبکہ وہ اس پر مصر ہے اور باعلان اسے کر رہا ہے، تو فاسقِ معلن ہے اور فاسق معلن کو امام بنانا گناہ اور پھیرنی واجب۔ اس جلسۂ زیارتِ قبر بے مقبور میں شرکت جائز نہیں۔ زید کے اس معاملے سے جو خوش ہیں خصوصاً وہ جو مُمِدّ ومعاون ہیں، سب گناہ گار وفاسق ہیں، قال اللہ تعالیٰ: ولا تعاونوا علی الاثم والعدوان، گناہ اور زیادتی پر ایک دوسرے کی مدد نہ کرو۔ بلکہ وہ بھی جو باوصفِ قدرت ساکت ہے، قال اللہ تعالیٰ: کانوا لایتناھون عن منکر فعلوہ لبئس ماکانوا یفعلون ۔ وہ برے کام سے ایک دوسرے کو روکتے نہ تھے، کیا ہی برا کام وہ کرتے تھے۔
ایک اور سوال کے جواب میں لکھتے ہیں: جھوٹا مزار بنانا اور اس کی تعظیم کرنا جائز نہیں، (فتاویٰ رضویہ، جلد 9 ص:425، 426، 427 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔

## مردہ پیدا ہونے والے بچے کے کفن دفن، غسل دینے اور نام رکھنے کا مسئلہ

**سوال:52**

اگر کوئی بچہ مسلمان کے گھر مردہ حالت میں پیدا ہو تو ایسی صورت میں اس کی

Marfat.com

تدفین کے بارے میں کیا حکم ہے کیا اسے مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کیا جائے گا یا کسی الگ جگہ پر؟ اور اس کو غسل دینے اور نام رکھنے کے بارے میں شرعی حکم کیا ہے؟۔(طارق عزیز، دستگیر کالونی، کراچی)۔

**جواب:**

وہ بچہ جو ماں کے بطن سے مردہ حالت میں پیدا ہوا، یعنی دورانِ تولُّد یا بعد میں اس نے کوئی آواز نہیں نکالی، کوئی حرکت نہیں کی، سانس نہیں لیا، زندگی کی کوئی علامت ظاہر نہیں ہوئی، تو اس کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی جائے گی، غسل دینا بہتر ہے، اسے معمول کا مسنون کفن دینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، بس پاک کپڑے میں لپیٹ کر مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کر دیا جائے، مسلمانوں کے قبرستان میں دفن کرنے کا فائدہ یہ ہے کہ دیگر قبور کی وجہ سے اس میت کے آثار کی بے حرمتی کی نوبت نہیں آئے گی۔ علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

وان لم یستهل ادرج فی خرقة ولم یصل علیه ویغسل فی غیر ظاهر الروایة وهو المختار کذا فی الهدایة۔

ترجمہ: ''اور اگر بچہ (مردہ پیدا ہوا اور) کوئی آواز نہیں نکالی، تو اسے پاک کپڑے میں لپیٹ کر دفن کر دیا جائے اور اس کی نمازِ جنازہ نہیں پڑھی جائے گی، (فقہ حنفی کی ظاہر الروایہ میں ت اسے غسل دینا ثابت نہیں ہے لیکن) غیر ظاہر الروایہ کی ایک روایت میں ہے کہ اسے غسل د جائے گا، اور یہی (قول) مختار ہے اور ''ہدایہ'' میں اسی طرح ہے، (فتاویٰ عالمگیری، جل 1 ص:159، مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

(والا) یستهل (غُسِّلَ ویُسمّی) عندالثانی وهوالاصح، فیُفتٰی به علیٰ خلاف ظاهر الروایة اکرماً لبنی ادم کمافی "ملتقی البحار" واذا ستبان بعض خل غُسِّل وحشر وهو المختار۔

Marfat.com

ترجمہ: اور اگر بچہ پیدا ہونے پر آواز نہ نکالے تو دوسری روایت کے مطابق اسے غسل دیا جائے اور نام رکھا جائے ،یہی صحیح ترین ہے۔ اور بنی آدم کے اکرام کی خاطر ''ظاہر الروایۃ'' کے خلاف اسی پرفتویٰ دیا جائے گا، جیسا کہ ''ملتقی البحار'' میں ہے، ردالمحتار علی الدر المختار، جلد:3،ص:122)''۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے سوال ہوا کہ'' اکثر دیکھا گیا مرا ہوا بچہ کسی کے ہاں پیدا ہوتا ہے، اس کو ہانڈی میں رکھ کر گورستان سے علیحدہ دفن کرتے ہیں اور کہتے ہیں یہ پکا مسان (یعنی اس سے بدفالی مراد لیتے ہیں ) ہے، اس سے اہل ہنود کی طرح بچتے ہیں ، یہ کیونکر ہے؟۔

آپ نے جواب دیا:'' یہ شیطانی خیال ہے اسے مسلمانوں کے گورستان ہی میں دفن کریں، (فتاویٰ رضویہ، جلد9 ص:390 ،رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔

علامہ امجد علی اعظمی لکھتے ہیں:

مسلمان مرد یا عورت کا بچہ زندہ پیدا ہوا یعنی اکثر حصہ باہر ہونے کے وقت زندہ تھا، پھر مرگیا تو اس کو غسل وکفن دیں گے اور اس کی نماز پڑھیں گے ورنہ اسے ویسے ہی نہلا کر ایک کپڑے میں لپیٹ کر دفن کردیں گے اس کیلئے غسل وکفن بطریقِ مسنون نہیں اور نماز بھی اس کی نہیں پڑھی جائے گی، (بہارِ شریعت، جلد اول، ص:335 ،336، مطبوعہ مکتبۂ امجدیہ، کراچی)''۔

Marfat.com

# کتاب الزکوٰة

Marfat.com

# زکوٰۃ کی رقم سے قرض کی ادائی

**سوال:**53

ایک شخص جو کہ قرض دار ہے اور بینک سے سود پر رقم قرض لی ہے گھر گروی ہے کچھ اور لوگوں کا پیسہ بھی دینا ہے جو کہ لاکھوں میں ہے، ضروریاتِ زندگی کی اشیاء گھر میں موجود ہیں۔ دریافت یہ کرنا ہے کہ اگر کوئی قریبی رشتے دار زکوٰۃ کی رقم سے اس کا قرضہ ادا کرنا چاہے تو کتنی رقم زکوٰۃ کی مد میں اسے دے سکتا ہے؟۔

**سوال:** 54

ایک شخص مختلف لوگوں سے قرض لیتا ہے اور پھر کچھ عرصے بعد اس کا انتقال ہو جاتا ہے اس کے گھر کے افراد وہ قرض چکانے کی استطاعت نہیں رکھتے کیا کوئی قریبی رشتہ دار یہ قرض زکوٰۃ کی رقم سے ادا کرسکتا ہے؟، (سعید غنی آرائیں، بلاک 5-E 62/10 نیو کراچی)۔

**جواب:**

ایسا قرض دار جس کے پاس ادائے قرض کے وسائل نہ ہوں اور قرض کی رقم اس کی موجودہ املاک سے زیادہ ہو اگر کوئی حسنِ سلوک کے طور پر اس کے قرض کی ادائیگی کرنا چاہے تو وہ اپنی استطاعت وصلاحیت کے مطابق کرسکتا ہے قرض کی رقم خواہ بینک کی ہو یا شخصی، قرض کے سلسلے میں برابر ہیں البتہ شخصی قرض میں سود نہیں ہونا چاہئے جبکہ بینک کے قرض میں سود دینا ہوتا ہے اس لئے یہ شخصی قرض سے بدتر ہوتا ہے۔

## زکوٰۃ کی رقم سے نادار کے قرض کی ادائی / زکوٰۃ کی رقم ھبہ یا قرض کہہ کر دینا

**سوال:**55

کیا زکوٰۃ کی رقم ایسے عزیز کو دی جاسکتی ہے، جو اپنی قلیل تنخواہ کی وجہ سے مقروض ہے اور اس کی لڑکی کی شادی طے ہوگئی ہے، مگر شادی کا خرچہ نہ ہونے کی وجہ سے رکی ہوئی

Marfat.com

ہے، معلوم ہے کہ وہ شخص زکوٰۃ کی رقم لینے پر تیار نہیں ہوگا تو کیا اس کو بغیر بتائے، اس کے قریبی رشتہ دار زکوٰۃ کی رقم دے سکتے ہیں، کیا اس طرح زکوٰۃ کی ادائی ہوجائے گی؟، (واجد حسین، A-286/1 گلشن اقبال، کراچی)۔

**جواب:**

زکوٰۃ کی صحیح ادائی کے لئے ضروری ہے کہ جسے زکوٰۃ دی جارہی ہے، وہ مستحقِ زکوٰۃ ہو، صاحبِ نصاب نہ ہو، سید نہ ہو، تو ایسے شخص کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔ مستحقِ زکوٰۃ وہ شخص ہے، جس کے پاس کم از کم نصاب کے مساوی بنیادی ضروریات سے فاضل مال موجود نہ ہو، نصابِ شرعی کی مقدار یہ ہے 612.36 گرام چاندی یا اس کی رائج الوقت قیمت کے مساوی نقد رقم، یا مالِ تجارت جو اس کی بنیادی ضروریات سے زائد ہو۔ قرابت دار اگر صاحبِ نصاب نہ ہوں بلکہ مفلس و نادار ہوں تو ان کو زکوٰۃ دینا نہ صرف جائز ہے بلکہ افضل ہے۔

زکوٰۃ کی رقم سے اس کا قرض بھی ادا کیا جاسکتا ہے اور اسے یعنی مستحقِ زکوٰۃ شخص کو یہ بتائے بغیر بھی دی جاسکتی ہے کہ یہ زکوٰۃ کی رقم ہے، جبکہ اندیشہ ہو کہ خودداری کی بنا پر نہیں لے گا، بلکہ ہبہ یا قرض کہہ کر بھی دی جاسکتی ہے اور دل میں یہ نیت ہو کہ واپس نہیں لوں گا، علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: ومن أعطی مسکینًا دراھم وسماھا ھبةً أو قرضاً ونوی الزکاةُ فانھا تُجزیه وھو الاصح ھکذا فی البحر الرائق ناقلاً عن المبتغی والقنیة۔

ترجمہ: ''اور جو شخص کسی مسکین (مستحقِ زکوٰۃ شخص) کو کچھ درہم (زکوٰۃ کی مد میں) یہ کہہ کر دے کہ یہ ہبہ یا قرضہ ہے اور زکوٰۃ کی ادائی کی نیت کرلے تو یہ عمل ادائے زکوٰۃ کے لئے کافی ہے اور یہی قول صحیح ترین ہے ''بحر الرائق'' میں ''المبتغی'' اور ''قنیہ'' سے اسی طرح منقول ہے، (فتاویٰ عالمگیری، جلد 1، ص: 171، مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

Marfat.com

## ادھار کی رقم سے زکوٰۃ کی ادائیگی

**سوال:56**

میں نے زکوٰۃ کے پیسے رکھے تھے، جو ایک صاحب کو جو انتہائی مجبور تھے، ادھار میں دیدیئے، سوال یہ پوچھنا ہے کہ کیا زکوٰۃ میں سے رقم بطور ادھار دی جاسکتی ہے۔ کیا سال گزرنے کے بعد جب ادھار دی ہوئی رقم مل جائے، اس وقت زکوٰۃ دینے پر کوئی حرج تو نہیں؟، (محمد حامد علی، گلشن اقبال)۔

**جواب:**

اپنے مال میں سے زکوٰۃ کی رقم نکال کر اسے اپنے پاس الگ رکھنے سے زکوٰۃ ادا نہیں ہوتی، بلکہ اسے مستحق تک پہنچانا اور اسے اس کا مالک بنانا ضروری ہے، اور اگر اس رقم کو رکھے ہوئے سال گزر جاتا ہے، یا اسے آپ نے ادھار پر کسی کو دے رکھا ہے، تو آپ جب آئندہ سال کی زکوٰۃ ادا کریں گے، تو زکوٰۃ کی نیت سے الگ رکھی ہوئی یا کسی کو قرض دی ہوئی اس رقم پر بھی آپ کو زکوٰۃ ادا کرنی لازمی ہوگی۔ اور اگر آپ نے گذشتہ کئی سالوں سے اس رقم کی زکوٰۃ ادا نہیں کی، تو مقدارِ واجب کو چھوڑ کر بقیہ رقم اگر نصاب کی مقدار کو پہنچتی ہے تو اس پر زکوٰۃ واجب ہے، مثلاً آپ کے پاس پانچ لاکھ روپے ہیں اور سال گذرنے پر ساڑھے بارہ ہزار روپے زکوٰۃ واجب ہوگئی اور اس سال آپ نے زکوٰۃ ادا نہیں کی تو آئندہ سال کی زکوٰۃ جب ادا کریں گے تو مقدارِ واجب یعنی ساڑھے بارہ ہزار کو چھوڑ کر بقیہ چار لاکھ ستاسی ہزار پانچ سو کی زکوٰۃ آپ پر واجب ہوگی۔ صورتِ مسئولہ میں زکوٰۃ کی نیت سے اپنے کل رقم میں سے جو پیسے آپ نے علیحدہ کئے اور پھر وہ رقم آپ نے دوسرے کو بطورِ قرض دے دی اب آپ آئندہ سال جب زکوٰۃ ادا کریں گے تو گذشتہ سال آپ کی رقم پر جتنی زکوٰۃ واجب تھی اس مقدارِ واجب کو چھوڑ کر بقیہ رقم پر زکوٰۃ واجب ہوگی، لہٰذا جو پیسے آپ نے قرض میں دیئے وہ کل رقم میں سے شمار نہیں ہونگے بلکہ قرض کی وصولیابی کے بعد گذشتہ سال کی زکوٰۃ کی مد میں ان کو خرچ کرنا واجب ہوگا۔

Marfat.com

## اسپتال کے لئے زکوٰۃ کی رقم سے آلاتِ طب کی خریداری

**سوال**:57

میرا ایک ہسپتال ہے اس میں غرباء، مساکین کا مفت علاج کیا جاتا ہے، آنکھوں کے علاج وآپریشن کا شعبہ بھی ہے۔ غیر مستحق افراد سے مناسب فیس اور خرچہ لیا جاتا ہے اس آمدنی سے بھی غرباء ومساکین کے علاج میں رقم خرچ کی جاتی ہے۔ اب ہم ہسپتال میں آلات ومشینری وغیرہ کا اضافہ کرنا چاہتے ہیں خصوصاً شعبۂ امراضِ چشم میں۔ سوال یہ ہے کہ کیا زکوٰۃ کی رقم سے آلات ومشنری برائے ہسپتال خریدی جاسکتی ہیں؟، (اخلاق احمد، پشاور)

**جواب**:

محتاط صورت تو یہ ہے کہ آلات ومشینری زکوٰۃ کی رقم سے لے کر کسی بھی مستحقِ زکوٰۃ کی ملک کردی جائے اور وہ اسے آپ کے ہسپتال کو ھبہ کردے، پھر اسے آپ مستحق زکوٰۃ مریضوں، نصف فیس یا مکمل فیس دینے والے یا غیر مستحق زکوٰۃ مریضوں کے لئے بھی بلا فیس استعمال کرسکتے ہیں اور کسی سے پوری فیس بھی چارج کرسکتے ہیں، فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## زکوٰۃ کی رقم سے مقامی بچوں کے لئے تعلیم القرآن کا مدرسہ چلانا

**سوال**:58

میں اپنی سالانہ زکوٰۃ میں سے محلے کے دو مدرسے اس طرح چلاتا ہوں کہ محلے کے بچے پڑھنے کے لئے آتے ہیں، کوئی رہائشی یا مسافر طالب علم نہیں ہے۔ لڑکوں کو معلم قاری صاحب اور لڑکیوں کو معلّمہ قاریہ صاحبہ پڑھاتی ہیں۔ ان دونوں کا ماہانہ وظیفہ، مدرسے کے لئے ڈیسکیں، پنکھا اور دیگر اخراجات زکوٰۃ کی رقم سے ادا کرتا ہوں، گذشتہ دوسال سے اسی مذکورہ بالا طرز پر یہ دو مدارس میں چلا رہا ہوں، کیا میری ادا کردہ زکوٰۃ درست ہے؟، (حافظ فہیم احمد، کراچی)۔

**جواب**:

اللہ تعالیٰ نے مصارفِ زکوٰۃ قرآن مجید کی سورۃ التوبہ :60 میں متعین فرمادیے

Marfat.com

ہیں اور وہ آٹھ مدات ہیں:
(1) فقراء (2) مساکین (3) عاملین زکوٰۃ (4) مؤلفۃ القلوب (5) جن کی گردن کسی بڑے مالی بار تلے دبی ہوئی ہو (6) جن پر کوئی بھاری تاوان آ گیا ہو، جس سے گلوخلاصی کی کوئی سبیل نہ ہو (7) جو اپنے آپ کو ہمہ وقتی اللہ کے دین کے لئے وقف کر چکے ہوں اور معاشی تگ و دو کے لئے انہیں وقت میسر نہ ہو (8) جو مسافر کسی ایسے مقام پر گھر گئے ہوں کہ قوت لا یموت دستیاب نہ ہو اور گھر سے رابطہ اور مالی معاونت کا حصول ممکن نہ ہو۔ زکوٰۃ کا مال صرف اس پر صرف کیا جاسکتا ہے جو قرآن مجید میں بیان کردہ ان مدات میں سے کسی ایک کے تحت مستحق زکوٰۃ قرار پاتا ہو۔ وہ مقامی شہری بچے جو مدارس یا مکاتب تعلیم القرآن میں حفظ وناظرہ کی تعلیم پا رہے ہوتے ہیں اور جن کے والدین اور کفیل خود زکوٰۃ وصدقات ادا کرتے ہیں، ان پر بلاواسطہ یا بالواسطہ زکوٰۃ کی رقم صرف کرنا درست نہیں ہے، بالواسطہ اس طرح کہ ان کے معلم ومدرس کو اس لئے زکوٰۃ کی رقم میں سے تنخواہ دی جائے کہ وہ ان بچوں کو پڑھاتا ہے۔ ہاں البتہ اگر ایسا کوئی مدرس فی نفسہٖ مستحق زکوٰۃ ہے تو اسے زکوٰۃ دی جاسکتی ہے، عام ازیں کہ وہ بچوں کو پڑھائے یا نہ پڑھائے، اگر اسے زکوٰۃ غیر مشروط طور پر استحقاق کی بنا پر دی جارہی ہو اور وہ رضاکارانہ طور پر رضائے الٰہی کے لئے قرآن مجید کی تعلیم دے رہا ہو، اسے اس پر شرط یا لازم نہ قرار دیا گیا ہو تو درست ہے۔ البتہ اگر زیرِ تعلیم بچے بھی ایسے لوگوں کے ہیں، جو نادار اور مستحقِ زکوٰۃ ہیں، تو ادارے کا سربراہ زکوٰۃ دینے والوں کا وکیل بن کر ان پر زکوٰۃ کی رقم خرچ کرسکتا ہے۔

## ترکے کی تقسیم سے پہلے کی مدت پر زکوٰۃ واجب نہیں

**سوال:59**

ایک شخص کا قضاء الٰہی سے انتقال ہو گیا اور اس کی جائداد اس کے شرعی ورثاء میں 2 سال کے بعد تقسیم کی گئی آیا تقسیم کے بعد گذشتہ دو سالوں کی زکوٰۃ ان کے ذمے واجب الادا ہے یا نہیں؟ (منور صدیقی، ملیر کراچی)۔

Marfat.com

**جواب:**

واضح رہے کہ وجوب زکوٰۃ کے لئے بعض شرائط ہیں، جب یہ تمام شرائط پائی جائیں تو اس مال پر زکوٰۃ واجب ہوگی، اور اگر ان میں سے کل یا بعض شرائط نہ پائی جائیں، تو زکوٰۃ واجب نہ ہوگی۔ وجوبِ زکوٰۃ کی شرائط میں سے ایک شرط ''ملکِ تام'' (Complete.Ownership) ہے۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: (ومنها الملک التام) وهو ما اجتمع فيه الملک واليد واما اذاوجدفيه الملک دون اليد کا الصداق قبل القبض اووجد اليد دون الملک کملک المکاتب والمديون لاتجب فيه الزکوٰة کذافی السراج الوهاج۔

ترجمہ: ''(اور وجوبِ زکوٰۃ کی شرائط میں سے ایک ''ملکِ تام'' ہے) اور (ملکِ تام) اسے کہتے ہیں کہ جس میں ملکیت اور قبضہ دونوں پائے جائیں، لیکن جب ملکیت پائی جائے مگر قبضہ نہ پایا جائے، اس کی مثال (دینِ) مہر ہے، جو ابھی (بیوی کے) قبضے میں نہیں آیا، یا قبضہ پایا جائے مگر ملکیت نہ ہو، جیسے (عبدِ) مکاتَب یا مقروض کے قبضے میں مال کا ہونا (کہ اس میں ملکیت نہیں ہے)، تو ان دونوں صورتوں میں اس مال پر زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی، ''السراج الوھاج میں اسی طرح ہے''، (فتاویٰ عالمگیری جلد اول: ص:172، مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)''۔

اور ملکِ تام تب ہی ہوگا، جبکہ اصل یعنی'' مالکِ مال''، مال پر قبضہ کرلے یا اس کا وکیل مال پر قبضہ کرلے، علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

وقد مران المراد بالملک التام رقبة و يدا۔

ترجمہ: ''اور تحقیق (پیچھے) گذر چکا ہے کہ (ملک) تام سے مراد یہ ہے کہ مملوک پر ملکیت بھی کامل ہو اور قبضہ بھی ہو، (ردالمحتار علی الدر المختار جلد 3، ص:168، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت)''۔

Marfat.com

اور وجوب زکوٰۃ کی شرائط میں سے ایک شرط یہ ہے کہ مال نصاب حقیقۃً یا تقدیراً نامی ہو۔اور نامی ہونا یہ ہے کہ اس کو مال تجارت سے بڑھا سکے اور تجارت قبضہ سے پہلے ہو ہی نہیں سکتی۔علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:(ومنها كون النصاب ناميا) حقيقة بالتوالد و التناسل و التجارة أو تقديرا بان يتمكن من الاستنماء بكون المال فى يده او فى يد نائبه۔

ترجمہ:''وجوبِ زکوٰۃ کی شرائط میں سے ایک نصاب کا نامی (بڑھوتری کے قابل) ہونا ہے، حقیقت میں تونمو (Growth) یہ ہے کہ توالدوتناسل (جیسے جانوروں کی افزائش نسل ہوتی ہے) یا تجارت کے ذریعے ہو، یا تقدیراً نمو ہو، کہ مال کا مالک اپنے مال میں نمو اور اضافے کی قدرت رکھتا ہو اور یہ تب ہو سکتا ہے جب مال اس کے (براہِ راست) یا اس کے نائب کے قبضے میں ہو، (فتاویٰ عالمگیری جلد 1: ص:174، مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

آگے چل کر لکھتے ہیں:وأماسائر الديون المقربهافهى علىٰ ثلاث مراتب عند ابى حنيفةرحمه الله تعالىٰ ضعيف وهو كل دين ملكه بغير فعله لابد لاعن شئى نحوالميراث او بفعله لابد لاعن شئى كالوصية اوبفعله بدلا عماليس بمال كالمهر وبدل الخلع والصلح عن دم العمد والدية وبدل الكتابة لازكاة فيه عنده حتى يقبض نصابا ويحول عليه الحول۔

ترجمہ:''لیکن ایسے تمام قرضے جن کا اقرار کیا جا چکا ہو، امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان کے تین درجے ہیں، (ایک دینِ) ضعیف، یہ وہ دین ہے جس کا وہ اپنے کسی فعل کے بغیر مالک بن گیا ہو، اور وہ مال کسی چیز کے بدلے میں اسے نہ ملا ہو، جیسے مالِ وراثت، یا اس کے فعل سے تو ہو لیکن کسی چیز کے بدلے میں نہ ہو، جیسے وصیت یا اسکے فعل سے تو ہو لیکن کسی مال کے بدلے میں نہ ملا ہو، جیسے مہر، بدلِ خلع، قتلِ عمد پر صلح کے عوض ملنے والا مال، دیت اور بدلِ کتابت، ایسے اموال میں امام اعظم کے نزدیک زکوٰۃ نہیں ہے، تاوقتیکہ کے وہ قبضے میں آجائے اور نصابِ زکوٰۃ کے برابر ہو اور اس پر سال گزر جائے

Marfat.com

(بشرطیکہ وہ شخص پہلے سے صاحبِ نصاب نہ ہو)،(فتاویٰ عالمگیری جلد 1:،ص:174، مکتبہ رشیدیہ،کوئٹہ)''۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ: کسی شخص کی وفات کے ساتھ ہی،اس کا مال ترکہ بن جاتا ہےاور حکماً اس مال کی ملکیت ورثاء کو منتقل ہوجاتی ہے،لیکن تقسیم وراثت سے پہلے ورثاء کا اس مال پر''ملکِ تام''(یعنی ملکیت مع قبضہ)نہیں ہوتا تاوقتیکہ تقسیم وراثت کے بعد وہ اس پر قبضہ کرلیں،لہٰذا صورتِ مسئولہ میں ترکے کی تقسیم سے پہلے سالوں کی زکوٰۃ اس مال پر واجب نہیں ہوگی۔

## زکوٰۃ کی رقم سے ڈائلیسس مشین کی خریداری

**سوال** :60

عرض یہ ہے کہ ہم عزیزطبہ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام فیڈرل''بی''ایریا میں ایک ڈائلیسس سینٹر چلارہے ہیں جہاں پر ناکارہ گردے کے مریضوں کا ڈائلیسس کیا جاتا ہے اور اس سے زیادہ تر زکوٰۃ کے مستحق لوگوں کا ڈائلیسس کیا جاتا ہے۔جب کہ کچھ لوگ آدھے چارج یا پورے چارج دیتے ہیں ان کا بھی ڈائلیسس کیا جاتا ہے۔

ہمیں کچھ صاحب ثروت حضرات زکوٰۃ کی مد سے ڈائلیسس کی مشین دینا چاہتے ہیں،ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہماری رہنمائی فرمائیں کہ:

1۔کیا زکوٰۃ فنڈ سے ڈائلیسس مشین لی جائے یا نہیں؟

2۔اگر مشین لی جائے تو اس پر پورے یا آدھے چارج دینے والے مریضوں کا علاج کیا جا سکتا ہے یا نہیں؟،اگر چارج دینے والوں کا علاج زکوٰۃ فنڈ سے لی ہوئی ڈائلیسس مشین سے نہیں کرسکتے تو برائے مہربانی شریعت اسلامیہ کے مطابق اسکا کوئی حل ہوسکتا ہے تاکہ عوام الناس کے فائدے کے لئے زکوٰۃ فنڈ سے خریدی ہوئی ڈائلیسس مشین استعمال ہو سکے،(احمد عبدالشکور منشی)۔

Marfat.com

**جواب:**

محتاط صورت تو یہ ہے کہ ڈائلیسس مشین زکوٰۃ کی رقم سے لے کر کسی بھی مستحق کی ملک کر دی جائے اور وہ اسے آپ کے ڈائلیسس سنٹر کو ہبہ کر دے، پھر اسے آپ مستحق زکوٰۃ مریضوں، نصف فیس یا مکمل فیس دینے والے یا غیر مستحق زکوٰۃ مریضوں کے لئے بھی بلا فیس استعمال کر سکتے ہیں اور کسی سے پوری فیس بھی چارج کر سکتے ہیں۔

دوسری صورت بر سبیل تنزل یہ ہے کہ ائمہ احناف کے ہاں تو زکوٰۃ میں تملیک یعنی مستحق کو مالک بنانا شرط ہے لیکن اہلسنّت کے دیگر ائمہ ثلاثہ کے نزدیک تملیک شرط نہیں ہے۔

ہمارے مفسرین احناف میں سے علامہ خفاجی، علامہ شیخ زادہ، علامہ ابو سعود اور علامہ محمود آلوسی نے فقراء، مساکین، عاملین اور مؤلفۃ القلوب کے لئے تو تملیک کی شرط کو برقرار رکھا ہے لیکن مکاتَب غلاموں کی آزادی، مقروض افراد یا کسی تاوان یا جرمانے میں پھنسے ہوئے افراد، مسافروں اور ان لوگوں کے لئے جو ہمہ وقت اللہ کے دین کے کسی کام کے لئے اپنے آپ کو وقف کئے ہوئے ہیں، جیسے مجاہدین فی سبیل اللہ یا دینی طلبہ، لیکن مستحق زکوٰۃ ہیں، ان کے لئے تملیک کو شرط لازم قرار نہیں دیا بلکہ ان کے مصالح پر خرچ کر سکتے ہیں، پس اگر ڈائلیسس مشینیں زکوٰۃ فنڈ سے خریدی جائیں تو پھر ان مشینوں سے صرف مستحقین ہی استفادہ کر سکیں گے۔

علامہ قاضی شہاب الدین احمد بن محمد بن عمر خفاجی حنفی متوفی **1069** ھ سورۃ التوبہ آیت نمبر 60، جس میں اللہ تعالیٰ نے مصارف زکوٰۃ کا بیان فرمایا ہے، اس کی تفسیر میں لکھتے ہیں: پہلے چار مصارف کے ساتھ ''لام'' اور آخری چار مصارف کے ساتھ ''فی'' ذکر کرنے میں نکتہ یہ ہے کہ پہلے چار مصارف میں ان کو زکوٰۃ سے ان کا حصہ ادا کر کے ان کو ان حصوں کا مالک بنا دیا جائے۔ اور آخری چار مصارف میں ان کو زکوٰۃ میں سے ان کے حصے کا مالک نہیں بنایا جائے گا، بلکہ ان کا حصہ ان کی فلاح اور ان کے مصالح میں خرچ کیا جائے گا، مکاتَب کا مال اس کے مالک کو دیا جائے گا اور مقروض کا مال (اس کے حصے کی زکوٰۃ) اس

Marfat.com

کے قرض خواہ کو دیا جائے گا، اور اللہ کے راستے میں خرچ کرنا بالکل واضح ہے، (عنایت القاضی جلد 4 ص:558، دار الکتب العلمیہ بیروت)۔

چونکہ گردے کی بیماری ایک خطرناک مہلک بیماری ہے، جو جان لیوا ثابت ہوسکتی ہے، مریض کی بقاءِ حیات کے لئے ڈائلیسس طبی طور پر ناگزیر ہے، اس لئے ہم نے اس میں دوسرے ائمہ کے قول کو اس اصول کی بنیاد پر اختیار کیا ہے کہ: ''ضرورت ممنوعات کو بھی مباح کر دیتی ہے''۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ یہ اصول بھی پیشِ نظر رہے کہ: ''ضرورت کی بناء پر دی جانے والی رخصت یا جواز کو اس کے دائرے میں محدود رکھنا چاہئے''۔ ہم نے اس مسئلے میں بعض حنفی مفسرین کے بیان کردہ یُسر (آسانی) والے قول کو نقل کیا ہے، لیکن فقہ حنفی کا مسلمہ اور مختار مسلک یہی ہے کہ زکوٰۃ میں تملیک شرط ہے، لہٰذا ہماری بیان کردہ اس رخصت کو دوسرے مقامات یا مواقع کے لئے استعمال نہ کیا جائے، فقط واللہ اعلم بالصواب۔

## مقامی مدارس میں زکوٰۃ اور نفلی صدقات کا استعمال

**سوال:61**

مسجد میں ایک مدرسہ ہے اور اس مدرسہ میں بچے اور بچیاں فی سبیل اللہ قرآن پاک کی تعلیم حاصل کرتے ہیں اس مدرسے میں نہ مستقل رہائش کا انتظام ہے نہ قیام کا اور نہ طعام کا، اس مدرسے کے اخراجات جس میں مدرسے کی دیکھ بھال اور استاد کی تنخواہ وغیرہ شامل ہے ان اخراجات کو پورا کرنے کے لئے درج ذیل میں سے کون سا پیسا استعمال کرنا درست ہے؟۔ چرمِ قربانی کے ذریعے جو رقم حاصل ہوتی ہے زکوٰۃ اور فطرہ سے حاصل ہونے والی رقم صدقات وخیرات اور ہدیہ سے حاصل ہونے والی رقم، قرآن وسنت کی روشنی میں جواب دے کر میری ذہنی تشفی فرمائیں۔ (عبدالروف تاجی، لیاقت آباد، کراچی)

**جواب:**

بعض جگہ مقامی طور پر مساجد میں یا بعض دینی، تبلیغی اور رفاہی تنظیموں کے تحت مکاتب تعلیم القرآن کا ایک نیٹ ورک قائم کیا گیا ہے، ان مدارس ومکاتب میں ان مقامی

Marfat.com

لوگوں کے بچے حفظ وناظرہ کی تعلیم حاصل کرتے ہیں جوزکوٰۃ یا فطرہ ان اداروں کو دیتے ہیں، ان مدارس ومکاتب کے معلمین کے مشاہرے ادا کرنے کے لئے زکوٰۃ، فدیہ، فدیۂ صوم، نذر، کفارہ کی رقوم جمع کی جاتی ہیں۔ ایسے مصرف کے لئے زکوٰۃ لینا اور دینا جائز نہیں، کیونکہ یہ خود اپنی زکوٰۃ سے استفادہ کی بالواسطہ صورت ہے۔

ایسے مدارس میں چرمِ قربانی کی مد میں حاصل شدہ رقم، عام خیرات یعنی نفلی صدقات اور عطیات کی رقوم صرف کی جاسکتی ہیں، اسی طرح کوئی نفلی طور پر ایصالِ ثواب کرنا چاہے تو وہ بھی کرسکتا ہے، واللہ اعلم بالصواب۔

## زکوٰۃ کی ادائیگی میں تملیک کی شرط

**سوال:62**

اس خط کے ذریعے ایک اہم مسئلے پر آپ کی رائے کا خواستگار ہوں امید ہے کہ اپنے قیمتی وقت سے چند لمحات نکال کر مجھے اپنی رائے سے مستفیض فرمائیں گے۔ میں نے بہت سال پہلے اپنے ہر بچے کے نام پر یا اس کے لئے اپنے نام پر قسطوں میں پلاٹ لئے تھے، نیت خالصتاً یہ تھی کہ یہ پلاٹ بچوں کے بڑے ہونے پر ان کے حوالے کردوں گا کہ اس پر مکان بنائیں یا اسے بیچ کر اس رقم سے کہیں اور مکان بنائیں یا حالات کے مطابق اس کا کوئی مصرف نکالیں، تین سوالات جو غور طلب ہیں وہ عرض کررہا ہوں۔

۱۔ جو پلاٹ بچوں کے نام پر ہی خریدے ہوئے ہیں اور ان کے نام پر ہی سرکاری طور پر رجسٹرڈ ہیں، کیا مجھے یا بچوں کو ان پر زکوٰۃ دینا پڑے گی؟۔

۲۔ جو پلاٹ میں نے اپنے نام پر خریدے تھے، لیکن بچوں کے لئے ہی خریدے تھے اور سرکاری طور پر ان کو ان کے نام رجسٹری کروادی گئی ہے، کیا اس پر مجھے یا بچوں کو ماضی یا مستقبل میں زکوٰۃ دینا ہے؟۔

۳۔ جو پلاٹ ابھی تک میرے نام ہی ہیں لیکن مناسب وقت پر بچوں کے نام کردیئے جائیں گے، تو کیا ان پر ماضی یا مستقبل میں زکوٰۃ لازم ہے؟، (پروفیسر مبشر کریم گورا،

Marfat.com

E-131 فیز 1 ڈیفنس، لاہور)۔

**جواب:**

صورتِ مسئولہ میں برصدقِ بیانِ سائل جو پلاٹ آپ نے بچوں کے نام کر دیئے ہیں اور انہیں کے نام پر رجسٹرڈ ہیں اور نیت یہی ہے کہ وہ اس پر اپنا رہائشی مکان بنائیں، تو ان پر زکوٰۃ نہیں ہے، کیونکہ آپ کی ملکیت سے یہ خارج ہو چکے ہیں اور بچوں کی ملکیت ہیں۔ بچوں کے بالغ ہونے کے بعد بھی ان کی نیت یہی ہے کہ وہ ان پر مکان بنائیں گے، تو ان پر ان کی زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی، البتہ اگر ان کی نیت تبدیل ہوگئی اور ارادہ یہ ہوا کہ اسے بیچ دیں گے یا سرمایہ کاری کے طور پر رکھیں گے، تو اس کے بعد انہیں ان پلاٹوں کی مروجہ مارکیٹ قیمت کے مطابق زکوٰۃ دینی ہوگی۔ جن مزید پلاٹوں کا آپ نے تذکرہ کیا ہے، جو خود آپ کے نام ہیں، اور جن کے بارے میں خود آپ نے لکھا ہے کہ مستقبل میں ان کے بارے میں فیصلہ کیا جائے گا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ کی نیت ان پلاٹوں کے بارے میں فی الحال سرمایہ کاری کی نہیں ہے، لہٰذا اس صورت میں ان پلاٹوں کی مالیت پر زکوٰۃ واجب نہیں ہوگی۔ علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

فلایصیر للتجارہ مع التردد الا باالنیة۔

ترجمہ: ''کوئی مال نیت قطعیہ کے بغیر تجارت کے لئے نہیں ہوگا، (فتاویٰ شامی، جلد:2،ص:10، مکتبہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)، واللہ اعلم بالصواب۔

## زکوٰۃ کا استحقاق

**سوال:63**

کیا فرماتے ہیں علمائے دین شرع متین اس مسئلے کی ذیل میں، کیا خالہ خالو، ماموں ممانی کو زکوٰۃ دی جاسکتی ہے؟، (محمد رمیز، نارتھ کراچی)۔

**جواب:**

قرابت دار اگر صاحبِ نصاب نہ ہوں بلکہ مفلس و نادار ہوں تو ان کو زکوٰۃ دینا نہ

Marfat.com

صرف جائز ہے بلکہ افضل ہے۔ تاہم اپنے اصول (یعنی ماں باپ، دادادادی، نانانانی وغیرہ) اور فروع (یعنی بیٹا بیٹی، پوتا پوتی، نواسا نواسی وغیرہ) کو زکوٰۃ نہیں دی جاسکتی، یہی حکم صدقۂ فطر' فدیہ' نذر اور کفارہ کی رقوم کا ہے۔ خالہ، خالو، ماموں، ممانی، بہو یا داماد، سوتیلے باپ، سوتیلی ماں، دوسری ازواج سے شوہر کی اولاد یا شوہر کی اپنی بیوی کی کسی سابقہ شوہر کی اولاد (اگر صاحبِ نصاب نہ ہوں) کو زکوٰۃ دے سکتے ہیں۔ میاں بیوی ایک دوسرے کو زکوٰۃ نہیں دے سکتے۔ البتہ بہن بھائی بشرطِ استحقاق ایک دوسرے کو زکوٰۃ دے سکتے ہیں، واللہ اعلم بالصواب۔

Marfat.com

# ﴿کتاب الصوم﴾

Marfat.com

# دودھ پلانے والی ماں کے لئے روزے کا حکم

**سوال** :64

میری بہو کی بچی کی عمر 3 ماہ ہے، پہلی بچی ہے، روزہ رکھنے سے بچی کی خوراک پوری نہیں ہوتی اور نہ ہی کوئی دوسرا دودھ پیتی ہے ماں کی صحت پہلے ہی کمزور ہے (100/60/80/60)BP رہتا ہے۔ رمضان المبارک کے بعد بھی روزوں کی قضا رکھنا مریضہ کے لئے مشکل ہے ایسی حالت میں کیا کیا جائے؟۔ (حاجی سید محمد، مرشد آباد نیریاں شریف آزاد کشمیر)۔

**جواب:**

عن انس بن مالک، قال: رخّص رسول اللہ ﷺ للحبلی الّتی تخاف علی نفسھا، أن تفطر وللمرضع الّتی تخاف علی ولدھا۔

ترجمہ: ”حضرت انس بن مالک بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے، ایسی حاملہ عورت کو، جسے (روزہ رکھنے کی صورت میں) اپنی جان تلف ہونے کا اندیشہ ہو اور ایسی دودھ پلانے والی عورت کو کہ جسے (روزہ رکھنے کی صورت میں) اپنے بچے (کی جان) کا خوف ہو، (عذرِ شرعی کی بنا پر رمضان المبارک کا) روزہ چھوڑنے کی رخصت عطا فرمائی ہے، (سنن ابن ماجہ رقم الحدیث:1668)“۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

(أو حامل أو مرضع) أمّاً کانت أو ظئراً علی الظاھر (خافت بغلبة الظن علی نفسھا أو ولدھا)

ترجمہ: ”یا حاملہ اور دودھ پلانے والی عورت ہو، خواہ وہ بچے کی ماں ہو یا دودھ پلانے والی دائی، اسے اپنی یا بچے کی صحت کو نقصان پہنچنے کا غالب گمان ہو، ظاہر الروایہ کی رو سے، رمضان کا روزہ چھوڑنے کی رخصت ہے، (ردالمحتار علی الدر المختار جلد 3 ص:359 مطبوعہ

Marfat.com

دار احیاء التراث العربی، بیروت)''۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

(ومنها حبل المرأة وارضاعها)الحامل والمرضع اذا خافتا على أنفسهما أو ولدهما أفطر تا وقضتا ولا كفارةعليهما كذا في الخلاصة۔

ترجمہ:''(اوران بعض معذوروں میں سے ایک حمل والی اور دوسری دودھ پلانے والی عورت ہے) حاملہ اور دودھ پلانے والی عورت کو رمضان کا روزہ عذر کی بنا پر چھوڑنے کی رخصت ہے، جب کہ ان دونوں کو خوف ہو اپنی جان یا بچے کا تو وہ افطار کریں گی یعنی روزہ نہیں رکھیں گی اور (بعد میں) اس کی قضا کریں گی اور ان دونوں پر کفارہ نہیں ہے جیسا کہ خلاصۃ الفتاویٰ میں ہے، (فتاوی عالمگیری، جلد 1، ص: 207 مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)''۔

پس مرضعہ کو چاہیے کہ اگر اس وقت روزے نہیں رکھ سکتی تو بعد میں اگر صحت درست رہے تو ان کی قضا کرے اور اگر بعد کو بھی نہیں رکھ سکتی تو ان روزوں کا فدیہ ادا کرے۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

بغلبة الظن بامارة او تجربة او باخبار طبيب حاذق مسلم مستور۔

ترجمہ:''غلبۂ ظن، علامات، تجربہ یا مسلمان ماہر مستور الحال طبیب کے بتانے سے ثابت ہوگا، (ردالمحتار علی الدرالمختار، ج3، ص:360-359، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت)''

اگر تندرست شخص کو روزہ رکھنے سے بیمار پڑنے کا خدشہ ہو تو ان کے لئے (رمضان میں) روزہ نہ رکھنا جائز ہے، اور جب وہ روزہ رکھنے پر قادر ہو تو اس کی لازماً قضا کریں، جو بہت عمر رسیدہ ہو یا جس کو ایسا مرض لاحق ہو جس سے شفا کی امید نہیں ہے (جیسے ذیابیطس اور ہائی بلڈ پریشر) اور اس وجہ سے اس کو روزہ رکھنے کی طاقت نہ ہو اس کے لئے روزہ نہ رکھنے کی رخصت ہے اور اس پر ہر روزہ کے بدلے میں ایک مسکین کے طعام کا (تقریباً دو کلو گندم) فدیہ دینا لازم ہے، قرآن مجید میں ہے: وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ

ترجمہ:''اور جو لوگ روزہ کی بمشکل طاقت رکھتے ہوں، ان پر ایک مسکین کے طعام کا فدیہ

Marfat.com

لازم ہے، (البقرۃ:184)"۔

علامہ شامی لکھتے ہیں:

(قوله العاجز عن الصوم )ای عجزا مستمرا کمایأتی اما لولم یقدر علیه لشدة الحر کان له ان یفطر ویقضیه فی الشتاء۔

ترجمہ: "اور جس شخص کوایسا مرض لاحق ہو کہ جس سے شفا کی امید نہ ہو، جیسا کہ آگے آئے گا وہ (اس رخصت میں داخل ہے (اور) اگر کوئی شخص گرمی کی شدت کی وجہ سے روزہ رکھنے پر قادر نہ ہو تو اسے گرمیوں میں روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے اور سردیوں میں ان کی قضا رکھ لے گا، (ردالمحتار علی الدرالمختار، ج 3، ص: 359، مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)"۔

## عذر کی بنا پر روزے چھوڑنا

**سوال**: 65

سانس کے مریضوں کو وینٹولین کے پمپ استعمال کرنا پڑتے ہیں، ایسی صورت میں روزہ رکھا جاسکتا ہے یا نہیں؟، (محمد اکبر، لیاقت آباد)۔

**جواب**:

اگر مریض اس اسٹیج پر ہے کہ پمپ کے استعمال کے بغیر مریض کا دن گزارنا مشکل ہے تو وہ معذور ہے، یہ آلہ استعمال کرے، روزہ چھوڑ دے، اور روزے کے بدلے میں فدیہ دے، کیونکہ اس آلے کے ذریعے ایک کیمیکل گیس یا سیال شکل میں انسان کے حلق سے اندر جاتا ہے، جس سے سکڑے ہوئے پھیپھڑے کھل جاتے ہیں اور تنفس یعنی سانس لینا آسان ہوجاتا ہے۔

## غسل واجب ہو اور صبح صادق

**سوال**:66

ماہِ رمضان میں ایک شخص ایسے وقت بیدار ہوا کہ سحری کا وقت ختم ہونے میں

Marfat.com

انتہائی قلیل وقت باقی ہے،اور اس پر غسلِ جنابت واجب ہے،تو ایسے میں وہ شخص کیا کرے؟ پہلے سحری کرے یا غسل؟ آیا حالتِ جنابت میں روزہ درست ہوگا یا نہیں؟۔

**جواب:**

قرآن مجید میں (ماہ رمضان میں) طلوع فجر تک کھانے پینے اور عملِ ازدواج کی اجازت ہے،اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: فَالْـٰٔنَ بَاشِرُوْهُنَّ وَابْتَغُوْا مَا كَتَبَ اللّٰهُ لَكُمْ وَكُلُوْا وَاشْرَبُوْا حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْاَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْاَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ۔

ترجمہ: ”پس اب (چاہو تو) اپنی بیویوں سے مباشرت کرو،اور طلب کرو جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے لکھا ہو،اور کھاؤ اور پیو،یہاں تک کہ (ممتاز ہو کر) ظاہر ہو جائے تمہارے لئے صبح کا سفید دھاگہ (رات کے) سیاہ دھاگے سے (یعنی صبح صادق شروع ہو جائے)، (البقرہ:187)“۔

جب طلوع فجر تک ازدواجی فعل میں مشغول رہنا جائز ہوا،تو حالتِ جنابت میں روزے کی نیت کرنا بھی جائز ہوگیا۔صحیحین میں ام المؤمنین حضرت عائشہ اور ام المؤمنین ام سلمہ رضی اللہ عنہما سے روایت ہے: انّ رسول اللّٰه ﷺ كان يدركه الفجر، وهو جنب من أهله، ثم يغتسل ويصوم۔ ترجمہ: ”رسول اللہ ﷺ ازواج مطہرات سے قربت فرماتے اور (کبھی) حالتِ جنابت میں صبح صادق ہو جاتی،پھر آپ غسل فرماتے،اور روزہ رکھتے،(صحیح بخاری،رقم الحدیث:1926)“۔

عن عائشة زوج النبی ﷺ قالت قد كان رسول اللّٰه ﷺ يدركه الفجر فی رمضان وهو جنب من غير حلم فيغتسل ويصوم۔

ترجمہ: ”ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ ماہِ رمضان میں کبھی رسول اللہ ﷺ پر احتلام کے بغیر حالتِ جنابت میں صبح صادق آجاتی آپ غسل فرماتے اور روزہ رکھتے،(صحیح مسلم،رقم الحدیث:2486)“۔

عن عائشة رضی اللّٰه عنها انّ رجلاً جآء الی النبی ﷺ يستفتيه وهی تسمع

Marfat.com

من وّرآء الباب فقال یا رسول اللّٰہ ﷺ تدرکنی الصلوٰۃ وانا جنب فاصوم فقال رسول اللّٰہ ﷺ وانا تدرکنی الصلوٰۃ وانا جنب فاصوم فقال لست مثلنا یا رسول اللّٰہ قد غفر اللّٰہ لک ماتقدم من ذنبک وماتأخر فقال واللّٰہ انّی لارجوا ان اکون اخشاکم للّٰہ واعلمکم بما اتّقی۔

ترجمہ: ''حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ نبی ﷺ کی خدمت میں ایک شخص مسئلہ معلوم کرنے آیا دراں حالیکہ وہ بھی دروازے کے پیچھے سے سن رہی تھیں، اس نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! (کبھی) حالتِ جنابت میں نماز فجر کا وقت آجاتا ہے، تو میں (اس وقت غسل کر کے پاک ہوتا ہوں) اور روزہ رکھتا ہوں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کبھی حالت، جنابت میں مجھ پر بھی نماز فجر کا وقت آجاتا ہے، میں (غسل کر کے نماز پڑھتا ہوں) اور میں روزہ رکھ لیتا ہوں، اس نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ! ہم آپ کی مثل کب ہیں! اللہ تعالیٰ نے تو آپ کے اگلے پچھلے ذنب کی قطعی مغفرت فرمادی ہے! آپ ﷺ نے فرمایا: بخدا مجھے یہ یقین ہے کہ میں تم سب سے زیادہ اللہ تعالیٰ سے خشیت رکھنے والا ہوں اور جن چیزوں سے بچنا چاہئے ان کا میں تم سب سے زیادہ عالم ہوں، (صحیح مسلم، رقم الحدیث:2489)''۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: ومن اصبح جنباً أو احتلم فی النھار لم یضرہ کذا فی محیط السرخسی۔

ترجمہ: ''اور جس نے حالتِ جنابت میں صبح کی، یا دن میں احتلام ہوگیا تو یہ اس کے (روزے) کے لئے نقصان دہ نہیں، محیط سرخسی میں اسی طرح ہے، (فتاویٰ عالمگیری، جلد 1،ص:200،مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔ مذکورہ صورت میں چاہئے کہ پہلے اچھی طرح ہاتھ دھو کر، کلی وغیرہ کر کے سحری کرے اور بعد میں غسل کرے، پھر نماز پڑھے اور اس صورت میں اس کا روزہ درست ہوگا، لیکن لازم یہ ہے کہ غسل کرنے میں اتنی تاخیر نہ کرے کہ فرض نماز کا وقت جاتا رہے، اگر نماز قضا ہوگئی تو گناہگار ہوگا۔

Marfat.com

# کتاب الحج

Marfat.com

## فلسفہ و روحِ حج

اسلام کی کامل روح تو یہ ہے کہ بندۂ مؤمن کی زندگی مجسم عبادت بن جائے، اس کی چال ڈھال، رفتار و گفتار، نشست و برخاست، انفرادی و اجتماعی معاملات، حتیٰ کہ ہر شعبۂ زندگی اور ہر لمحۂ حیات میں اللہ تعالیٰ کی مکمل بندگی اور اس کے رسول ﷺ کی کامل اطاعت کی جھلک نظر آئے۔ ہم نے جو زندگی کو دین اور دنیا کے نام سے دو خانوں میں تقسیم کر دیا ہے اس دو رنگی اور دوئی کا خاتمہ ہو جائے۔ اگر انسان زندگی کو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی رضاء اور اطاعت کے قالب میں ڈھال لے اور اس کا وجود اللہ کے بندوں کے لئے فیض رساں اور وسیلہ رحمت بن جائے تو اس کی معیشت، تجارت اور سیاست سب کچھ عبادت بن جائے گی۔ اور خوفِ خدا اور اخلاقی گرفت سے عاری زندگی جو انسانیت کے لئے باعث آزار بن گئی ہے، اس سے نجات مل جائے گی۔

لیکن اس عمومی اور جامع (Comprehensive) اور کامل (Perfect) تصورِ عبادت کے ساتھ اسلام نے رسمی عبادات (Rituals) کا ایک حکیمانہ اور مربوط نظام بھی عطا کیا ہے، جن کا حقیقی اور اعلیٰ مقصد بندہ مؤمن کے قلب میں اس جامع و کامل تصورِ عبادت کو ابھارنا ہے، یہ عبادات تین قسم پر مشتمل ہیں۔

(1) خالص بدنی عبادات: جیسے نماز اور روزہ، یہ بہر صورت ہر بندے کو خود ادا کرنی ہوتی ہیں اور ان میں نیابت (Assistance) کا کوئی تصور نہیں۔

(2) خالص مالی عبادت: جیسے زکوٰۃ فطرہ وغیرہ، ان میں نیابت چل جاتی ہے یعنی کوئی شخص دوسرے کا وکیل اور نمائندہ بن کر بھی ادا کر سکتا ہے۔

(3) مخلوط عبادت: یعنی جو بدنی بھی ہو اور مالی بھی، اس میں بھی اصل روح تو یہی ہے کہ بندہ خود ادا کرے لیکن اگر بر بنائے معذوری و مجبوری خود نہ ادا کر سکتا ہو تو اس کی نیابت میں اس کی خواہش اور مصارف پر دوسرا قابلِ اعتماد آدمی بھی کر سکتا ہے، اسے ''حج بدل'' کہتے ہیں۔

Marfat.com

حج کا معنی ومفہوم: لغت میں حج کے معنی ہیں، کسی قابل تعظیم چیز کا قصد کرنا، اور اصطلاحِ شریعت میں عبادت کی غرض سے بیت اللہ کے قصد کو حج کہتے ہیں، بشرطیکہ اس میں مقررہ ارکان، شرائط، فرائض وواجبات اور سنن ومستحبات کی ادائیگی کا پورا اہتمام کیا گیا ہو اور محرمات ومکروہات سے اجتناب کیا گیا ہو۔

حج کی اہمیت: حج کا سبب بیت اللہ ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: بیت اللہ کا حج کرنا لوگوں پر اللہ کا حق ہے، جو بھی وہاں تک پہنچنے کی استطاعت رکھتا ہو، جامع ترمذی میں حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص سفر کے خرچ اور سواری پر قادر ہو، جس کے ذریعے وہ بیت اللہ تک پہنچ سکے اور اس کے باوجود وہ حج نہ کرے، تو عملاً اس سے کوئی فرق نہیں کہ وہ یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر مرے؟۔

امام بیہقی (Imam Baihaqi) نے حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص حج کے لئے زادراہ اور سواری کی استطاعت رکھتا ہو، کوئی شدید مجبوری، معذوری، بیماری یا کوئی ظالم بادشاہ رکاوٹ نہ بنے اور اس کے باوجود وہ حج نہ کرے تو اللہ تعالیٰ کو اس سے کیا غرض کہ وہ یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر مرے۔

قرآن وحدیث کی یہ وعید شدید (Strong Threats of Punishment) پرشکوہ اور بے نیازانہ اندازِ تخاطب یہ ظاہر کرنے کے لئے کافی ہے کہ اللہ اور رسول ﷺ کے نزدیک حج کی اہمیت کیا ہے اور بلاعذر کسی تارکِ حج کا مقامِ اسلام کیا ہے؟ اور یہ کہ اس کا عمل یہود ونصاریٰ سے کچھ مختلف نہیں ہے۔

اسلام دینِ فطرت ہے: اسلام دینِ فطرت ہے اس کی تعلیمات عقلِ سلیم (Sance) کے عین مطابق ہیں، اسلام کی کوئی بھی تعلیم عقل ودانش سے متصادم نہیں ہے، لیکن بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ انسان اپنی کوتاہ بینی، عقلِ نارسا اور فہم کی کمی کی بناء پر کسی امرِ الٰہی کی حکمت کو سمجھ نہیں پاتا لہٰذا اسے ہم ماورائے عقل (Beyond the Reach of Rationality) تو کہہ سکتے ہیں کہ خلافِ عقل (Contrary to the

Marfat.com

(Rationality) ہر گز نہیں۔

حج ایک کیفیت اور جذب وجنون کا نام ہے: حج میں بھی انسان کو سوچ اور فکر و آگہی کے ان مراحل سے گزرنا پڑتا ہے، انسان سوچتا ہے کہ طویل مسافتیں طے کر کے اور مشقتیں برداشت کر کے اطراف عالم کے مسلمانوں کو ایک مقام پر جمع کرنے میں آخر کیا راز پنہاں ہے؟ سب لوگوں کا اپنا روایتی لباس اتار کر دو چادریں پہنا دینے میں کیا مصلحت ہے؟، آخر اس میں کیا حکمت ہے کہ لاکھوں انسان دیوانہ وار پتھر کی ایک عمارت کے گرد چکر کاٹ رہے ہیں، دو پہاڑیوں کے درمیان دوڑ رہے ہیں، ایک خاص دن اور تاریخ کو ایک خاص مقام پر پورا شہر آباد ہوتا ہے اور شام کو اجڑ جاتا ہے لاکھوں لوگ پتھروں کے علامتی ستون پر کنکریاں برسا رہے ہیں، ایک خاص مقام پر ایک ہی دن لاکھوں لوگ جمع ہو کر لاکھوں جانوروں کی قربانی پیش کرتے ہیں، آخر کیوں؟۔

یہ سارے انداز یہ بتاتے ہیں کہ حج معمول کے شب و روز کا نام نہیں بلکہ معمول کی زندگی کو ترک کر کے مجاہدانہ انداز سے (Camp Life) گزارنے کا نام ہے، ایک محدود عرصے کے لئے لباس، رنگ، علاقیت، زبان اور نسب و نسل کے تمام امتیازات کو کلی طور پر ترک کر دینے کا نام ہے، یہ سب کچھ دراصل امام انبیاء، ابو الانبیاء، مرکز الملل، اولوالعزم رسول حضرت ابراہیم علیہ السلام، ان کے صاحبزادے حضرت اسماعیل علیہ السلام اور ان کی اہلیہ حضرت ہاجرہ رضی اللہ عنہا کی اداؤں کو اپنانے کا نام ہے، عالمی اسلامی اخوت، وحدت و اتحاد اور نظریاتی ہم آہنگی کے بھرپور مظاہرے کا نام ہے، اور اس عزم کے عملی اظہار کا نام ہے کہ اگر اللہ تعالیٰ کے دین کا تقاضا ہوا تو ہم حضرت ابراہیم علیہ السلام کے نقش قدم پر چلتے ہوئے اپنا سب کچھ اللہ کی راہ میں لٹانے کا عزم رکھتے ہیں اور حج اسی عزم مصمم کے اظہار کا نام ہے، اور اگر یہ ''روح حج ہمارے قلب و قالب میں صحیح معنوں میں اتر گئی تو ہم نے مقصد حیات پالیا، ورنہ محض مشقت سفر کے سوا اور حکم الٰہی کی ظاہری تعمیل کے سوا ہمارے ہاتھ کچھ نہ آیا۔۔۔ ایک دفعہ ایک حاجی، حج کر کے واپسی پر اللہ کے ایک محبوب و مقرب ولی سے ملنے

Marfat.com

چلا گیا۔ اللہ کے اس ولی نے اس سے سفرِ حج کی تفصیلات پوچھیں تو اس نے ایک ایک کر کے مناسکِ حج بیان کرنے شروع کئے، اللہ کے ولی نے کہا کہ دوست یہ بتاؤ جب پورے جذبے اور جوش و خروش کے ساتھ تم شیطان کو کنکریاں مار رہے تھے، تو کیا تم نے اس شیطان کو بھی سنگسار کیا تھا جو ''نفس امّارہ'' کی شکل میں تمہارے وجود کے اندر آسن جمائے بیٹھا ہوا ہے؟ اس نے جواب دیا: نہیں ایسا تو نہیں ہوا۔ انہوں نے پوچھا کہ ''جب تم قربانی کے جانور کے گلے پر چھری چلا رہے تھے تو اس مرحلے پر کبھی تم نے یہ بھی سوچا تھا کہ اگر حضرت اسماعیل علیہ السلام کی طرح، میرے خالق و مالک کو میری جان کا نذرانہ بھی مطلوب ہوا تو میں اپنی جان و مال کی ہر قربانی دینِ اسلام کے لئے پیش کر دوں گا؟ اس نے کہا: ایسا تو میں نے سوچا بھی نہیں تھا''، تو یہ سن کر اللہ کے نیک بندے نے کہا: ''پھر دوبارہ حج کرو تم نے درحقیقت حج کیا ہی نہیں۔ تو حج دراصل اس کیفیتِ عشق اور اللہ کی راہ میں اس وارفتگی اور جذب و جنوں کا نام ہے، جس کی روایت حضرت ابرہیم و اسماعیل علیہما السلام نے ڈالی ہے۔

کعبہ معبود نہیں، جہتِ عبادت ہے: جب ہم عین بیت اللہ کی چوکھٹ کے سامنے سجدہ کر رہے ہوں تب بھی بیت اللہ ہمارا مسجود و معبود نہیں ہوتا، مسجود و معبود تو صرف اور صرف اللہ کی ذات ہوتی ہے، بیت اللہ تو صرف ''جہتِ سجدہ'' ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے غالباً اس میں حکمت یہ مستور رکھی ہے کہ کعبے کو اپنے انوار و تجلیات کا مرکز و مہبط (Focusing Point) بنا کر ہمیں اس کی جانب رخ کر کے نماز پڑھنے اور اس کے گرد طواف کرنے کا حکم دیا تاکہ ہم پر کعبہ کی برکات کے طفیل اس کی رحمتوں، برکتوں اور انوار و تجلیات کا نزول ہو، دوسری حکمت یہ ہے کہ ہماری عبادت کے لئے مرکزیت، ایک نقطۂ ارتکازِ توجہ (Point of concentration) ہو تاکہ ہم مختلف سمتوں کی جانب بھٹکنے سے محفوظ رہیں، اطرافِ عالم کے مسلمانوں میں ایک مثالی وحدت اور یک رنگی پیدا ہو جائے، چنانچہ رسول ﷺ نے اسی قبلے کو مومن کی شناخت اور پہچان کا وسیلہ قرار دیتے ہوئے فرمایا: ''جس نے ہماری طرح نماز پڑھی، ہمارے قبلے کی جانب عبادت میں رخ کیا اور ہمارا ذبیحہ کھایا تو وہ ظاہری

Marfat.com

علامات کے اعتبار سے مسلم ہے"۔
حج زندگی میں تبدیلی کا فیصلہ کن موڑ اور نقطہ آغاز: اسلام یہ چاہتا ہے کہ حج مومن کی زندگی میں تبدیلی لائے بلکہ چاہئے کہ یہ ایک فیصلہ کن موڑ (Turning Point) بن جائے، گناہوں کو ترک کر کے پاکیزہ زندگی گزارنے کا نقطہ آغاز ہو، بندہ اپنے رب سے شعوری طور پر ایک عہد و پیمان اور تجدید وفا کا عزم کر کے، صرف سلا ہوا لباس ہی نہ اتارے بلکہ وہ لباس معصیت جس میں سرتاپا جکڑا ہوا ہے اسے بھی اتار پھینکے، صرف دو سفید چادروں پر مشتمل اجلا لباس ہی نہ پہنے بلکہ ایمان وایقان اور کردار کو بھی اتنا ہی مُصفّٰی، مزکی اور مُنوّر بنا دے، جس طرح اس نے وہ لباس پہنا ہے جو فطرت سے قریب تر، زیب وزینت اور بناؤ سنگھار کے تکلفات سے آزاد ہے، خود اپنے آپ، اپنی روح اور جسم کو بھی اسی فطرت سلیم کے سانچے میں ڈھال لے، جس پر خالق نے اسے پہلے روز تخلیق فرمایا تھا، چنانچہ رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے: "ہر بچہ دین فطرت پر پیدا ہوتا ہے، پھر اس کے والدین اسے یہودی، نصرانی یا مجوسی (Adgerent of Mazdaism) بنا دیتے ہیں"۔ یعنی حج کا لباس بھی یہ ظاہر کرتا ہے کہ انسان اپنے آپ کو گناہوں کی ان آلودگیوں سے دور کر کے جو معاشرے نے اس پر تھونپ دی ہیں اور فطرت سے قریب تر بلکہ عین مطابق ہو جائے اسی حقیقت کو رسول اللہ ﷺ نے اس حدیث میں بیان فرمایا: "جس نے خالص اللہ کی رضا کے لئے حج کیا اور اس کے دوران نہ تو شہوت رانی (Abscentity) کی اور نہ ہی گناہ کیا تو وہ گناہوں سے ایسا پاک وصاف ہو کر لوٹے گا جیسے اپنی پیدائش کے دن گناہوں سے پاک تھا"۔ ایسے ہی کامل ومکمل حج کو رسول اللہ ﷺ نے حج مبرور (Accept into the Grace of Allah) قرار دیتے ہوئے فرمایا: "حج مبرور کی جزا جنت کے سوا اور کوئی چیز نہیں ہو سکتی"۔ اور اگر ہم نے حج سے یہ مقصد حاصل نہ کیا تو گویا ہم نے حج کی حقیقت کو سمجھا ہی نہیں، ایسی بے رخ عبادات صرف صورتاً عبادات ہوتی ہیں، حقیقتاً نہیں جیسا کہ فرمان رسول ﷺ ہے: "بہت سے روزے دار ایسے ہیں، جنہیں ان کے روزوں سے بھوک

Marfat.com

کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا اور بہت سے قائم اللیل (راتوں کو اٹھ کر عبادت کرنے والے) ایسے ہیں، جنہیں اپنی عبادتوں سے بیداری کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوتا"۔

حج بنیادی طور پر مشقت کی عبادت ہے: حج بنیادی طور پر مشقت وکلفت (Hardship) کی عبادت ہے، حج کی یہ کیفیت آج سے ہزار سال پہلے بھی تھی اور آج بھی ہے، ماضی میں سفر کی صعوبتیں، زادراہ کی دشواریاں، موسم کی ناگواریاں، سنگریزوں، نوکیلے پتھروں اور کانٹوں پر چلنا، پانی کی عدم دستیابی، وسائل کی کمی وغیرہ، آج مادی لحاظ سے تصورات و توقعات سے زیادہ راحتیں، آسائشیں بلکہ تعیشات موجود ہیں، لیکن مشقت کی روح آج بھی موجود ہے اس مشقت کا سب سے بڑا سبب انسانوں کا ہجوم، انسان کا آسائشوں اور تعیشات کا دلدادہ ہونا، محنت ومشقت کا عادی نہ ہونا، جذبہ ایثار وقربانی کا فقدان، صرف اپنی ذات اور اپنے مفادات کا اسیر ہونا وغیرہ، چنانچہ آج طواف، سعی اور رمی جمرات اور منیٰ میں حادثات پہلے سے بدر جہازائد ہوتے ہیں۔ حاجی جب حج سے واپس آتا ہے تو اس کے تجربات میں طرح طرح کے شکوہ، شکایات، معلمین کے ناروا سلوک کی حکایات اور اپنی اور سعودی حکومت کے عمال کی بدسلوکی کے سوا کچھ نہیں ہوتا یہ طرز فکر وعمل اس لئے ہے کہ ہم ذہنی طور پر اس عمل کے لئے تیار ہو کر نہیں جاتے کہ ہم ایک سپاہی کی طرح "کیمپ لائف" میں جارہے ہیں، ہمیں ایک بڑی مشقت کے عمل سے گزرنا ہے۔ راحت وآرام اور تعیش ہمارا مقصود ومطلوب نہیں ہے اگر ہم ایسی سوچ لے کر جائیں تو پھر ہر بڑی تکلیف ہمیں چھوٹی نظر آئے، اور ہمیں یہ احساس ہو کہ اتنا بڑا اجر اسی تکلیف ومشقت کا صلہ وانعام ہے۔ پھر ہم معلم وغیرہ کی شکایات پر وقت صرف کرنے کے بجائے زیادہ وقت اللہ تعالیٰ کی عبادت اور ذکر وفکر میں گزاریں گے، اور کلفت کو اجر کا وسیلہ سمجھ کر اسے دل سے قبول کریں گے۔

## قرعہ اندازی اسکیم پر حج

**سوال:67**

عرض یہ ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی کے افسران اپنی مرضی سے ہر ماہ ایک مقررہ

Marfat.com

رقم حج کنٹری بیوشن کے نام پر اپنی تنخواہ سے کٹواتے ہیں۔ ہر سال حج کی قرعہ اندازی ہوتی ہے، اور جس خوش نصیب کا نام قرعہ میں نکل آئے، اسے حج فنڈ سے حج پر بھیجا جاتا ہے۔ اس مرتبہ ایک ایسے افسر کا نام نکل آیا ہے، جو قادیانی ہے اور ہر ماہ ایک مقررہ رقم حج کنٹری بیوشن کے لئے اس کی تنخواہ سے کاٹی جاتی ہے (اور اس بارے میں ہمیں پہلے علم نہ تھا)۔ اس بارے میں شریعت اور قانون کیا کہتا ہے؟ کیا اس شخص کو حج کے لئے بھیج سکتے ہیں؟۔

کیا سعودی یا پاکستانی حکومت کی طرف سے ان کے حج کرنے پر کوئی قانونی پابندی ہے؟۔

کیا اس شخص کی رقم حج فنڈ میں شامل کی جاسکتی ہے۔ برائے مہربانی مسئلے کے حل کے جانب رہنمائی فرما کر شکریہ کا موقع عنایت فرمائیں، (اشفاق احمد، سوئی سدرن گیس کمپنی لمیٹڈ، گلشن اقبال روڈ، کراچی)۔

**جواب:**

اگر یہ کنٹری بیوشن سب شرکاء کی طرف سے رضا کارانہ ہے، کسی افسر کے دباؤ یا کسی اور سبب سے نہیں ہے۔ اور سب شرکاء کی اجازت ہے کہ ان کی جمع شدہ رقم سے جس ترتیب سے قرعہ اندازی میں لوگوں کا نام نکلتا ہے، انہیں حج پر بھیج دیا جائے، تو کوئی حرج نہیں اور اس میں شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے، ایسے امور، جن میں تمام شرکاء کا استحقاق برابر ہو، کا فیصلہ از روئے قرآن وحدیث قرعہ اندازی سے ہوسکتا ہے، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ إِذْ يُلْقُونَ أَقْلَامَهُمْ أَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ

ترجمہ: ''اور آپ ان کے پاس نہ تھے جب وہ (قرعہ اندازی کے لئے) اپنے قلموں کو ڈالتے تھے کہ مریم کی کفالت ان میں سے کون کرے، (آل عمران: 44)''۔

البتہ قادیانی کو اس اسکیم میں شامل کرنا درست نہیں ہے، اگر ایسا کوئی شخص ہے تو اسے اسکیم سے الگ کر دیا جائے اور اس کی رقم اسے واپس کر دی جائے، کیونکہ قادیانی پاکستان میں آئینی طور پر اور شرعاً باجماع امت مرتد ہیں۔ وہ اگر سچ بول کر اپنے آپ کو غیر مسلم اور قادیانی لکھیں تو انہیں حج یا عمرے کا ویزا ہی نہیں مل سکتا، کیونکہ یہ سب مسلمانوں کے لئے

Marfat.com

ہے، اور اگر وہ کتمانِ حق کر کے، دھوکہ دہی اور فریب سے پاسپورٹ اور حج کی درخواست فارم میں اپنے آپ کو مسلم لکھیں تو یہ کذب صریح اور دھوکہ دہی ہے۔ حج فارم، شناختی کارڈ اور پاسپورٹ فارم سمیت تمام دستاویزات میں مسلمان کیلئے ختم نبوت کا اقرار اور قادیانی ولاہوری گروپ سے براءت کا حلفیہ اقرار نامہ لازمی ہے اور قادیانی اگر اپنے غیر مسلم ہونے کا اقرار کر کے پاسپورٹ بنائے، حج فارم بھرے، شناختی کارڈ فارم بھرے تو وہ شرعاً وقانوناً کسی بھی طریقے سے حج پر نہیں جاسکتا ہے اور اگر جھوٹا مسلم ہونے کا حلف نامہ بھرتا ہے تو صریح دغاباز ہے۔

## اسقاطِ فرض کے لئے حجِ بدل سے متعلق ایک اہم مسئلہ

**سوال**:68

ایک شخص دوسرے کی طرف سے حج کرتا ہو، کیا وہ صرف حج افراد کا احرام باندھے گا یا کہ حج تمتع اور قران بھی کرسکتا ہے؟، حج اور عمرہ کے موضوع پر ایک کتاب ہے، جس کا نام ہے: ''بیان مناسکِ حج وعمرہ''، اس کے صفحہ نمبر 39 پر لکھا ہوا ہے: ''جو حضرات حجِ بدل کے لئے جارہے ہیں، وہ صرف حج افراد کا احرام باندھیں، دوسرا احرام نہ باندھیں، (یاسر رحمان، نکیال آزاد کشمیر)۔

**جواب**:

حجِ بدل کی منجملہ شرائط میں سے ایک شرط یہ ہے کہ حج کرنے والا، جس کی طرف سے حج کررہا ہے، اگر اس نے صرف حج افراد کرنے کا کہا ہے، تو اس پر ضروری ہے کہ وہ حج قران یا تمتع کا احرام نہ باندھے، اگر باندھے گا، تو بھیجنے والے کا حج ادا نہ ہوگا۔

علامہ شامی لکھتے ہیں:

الرابع عشر: عدم المخالفة فلو أمره بالافراد فقرن أوتمتع ولو للميت لم يقع عنه ويضمن النفقة۔

ترجمہ: ''حجِ بدل کی چودھویں شرط یہ ہے کہ جو شخص حجِ بدل پر مامور ہے، وہ اپنے آمر یعنی بھیجنے

Marfat.com

والے کے حکم کی مخالفت نہ کرے، اگر اس نے اسے حج اِفراد کا حکم دیا ہے اور حجِ بدل پر مامور شخص نے "حجِ قِران" کیا یا "حجِ تمتُّع" کیا، خواہ وہ میت کی جانب سے ہو، تو وہ حج بھیجنے والے کی طرف سے واقع نہیں ہوگا، اور وہ حجِ بدل کرنے والا اس حج کے اخراجات کا خود ضامن ہوگا، (ردالمحتار علی الدر المختار، جلد:4، ص:18، داراحیاء التراث العربی، بیروت)"

البتہ اگر ایک شخص نے کسی کو اپنی طرف سے عمرہ کرنے کے لئے بھیجا یا حج کے لئے بھیجا اور اس نے بھیجنے والے کی طرف سے پہلے عمرہ کر کے پھر اپنی طرف سے حج کیا یا بھیجنے والے کی طرف سے حج کرنے کے بعد پھر اپنی طرف سے عمرہ کیا، تو یہ دونوں صورتیں جائز ہیں، جیسا کہ علامہ شامی لکھتے ہیں:

ولو أمره بالعمرة فاعتمرثم حج عن نفسه اوباالحج فحج ثم اعتمر عن نفسه جاز الخ۔۔۔ (ردالمحتار علی الدر المختار، جلد:4، ص:18، داراحیاء التراث العربی، بیروت)"

لہٰذا اگر بھیجنے والا خود اجازت دے کہ میری طرف سے "حجِ تمتُّع" کرو یا "حجِ قِران" کرو تو پھر وہ مامور شخص اس کے حکم کی تعمیل میں حجِ تمتُّع یا حجِ قِران کرسکتا ہے، اور اس میں شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے۔

## حجِ قِران میں جنایت پر صورت مسئلہ کے مطابق ایک دم یا ایک صدقہ لازم آئے گا یا دو دو

**سوال**:69

کیا قارِن یعنی جو شخص اپنے میقات سے بیک وقت حج اور عمرے کا احرام باندھتا ہے اور پھر وہ احرام کے اندر رہتے ہوئے کسی ایسی جنایت کا ارتکاب کرتا ہے، جس سے دم لازم آتا ہے، تو کیا اس پر دو احرام کی وجہ سے دو دم لازم آئیں گے یا ایک ہی دم کافی ہوگا؟، اسی طرح ان امور میں جہاں بُدنہ یا صدقہ لازم آتا ہے، ایک ہی بُدنہ یا صدقہ کافی ہوگا یا دو دو لازم آئیں گے؟۔ (پروفیسر رضی الدین، فیڈرل بی ایریا، کراچی)۔

Marfat.com

**جواب:**

علامہ علاء الدین حصکفی لکھتے ہیں:

(ویجب دمان علی قارن حلق قبل ذبحہ) دم للقران ودم للتا خیرعلی "المذھب" کما حررہ المصنّف قال: وبہ اندفع ما توَھّمہٗ بعضھم من جعل الدّمین للجنایۃ۔

ترجمہ: ''حج قِران کا احرام باندھنے والے نے اگر قربانی سے پہلے حلَق کرلیا (یعنی بال منڈھا دیئے)، تو اس پر مذہب صحیح کے مطابق دو دَم لازم آئیں گے، ایک دمِ قِران اور ایک ذبح کو حلق سے مؤخر کرنے کے باعث دم لازم آئے گا، جیسا کہ مصنف (علامہ تمرتاشی) نے لکھا ہے، انہوں نے فرمایا: اور اس سے بعض لوگوں کا یہ وہم دور ہوگیا، جنہوں نے دونوں دَم جنایت کے باعث لازم قرار دیئے ہیں''۔

اس کی تشریح میں کلام کرتے ہوئے علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

وعن الثانی بأن التضاعف علی القارن انما یکون فیما اذا ادخل نقصا فی احرام عمرتہ، والا فلا یجب الا دم واحد، ولھذا اذا افاض القارن قبل الامام اوطاف للزیارۃ جنبا اومحدثا لایلزمہ الا دم واحد لانہ لاتعلق للعمرۃ بالوقوف وطواف الزیارۃ۔

'' قارن پر دو دم تب لازم آتے ہیں، جب اس کے عمرے کے احرام میں نقص لازم آیا ہو، ورنہ (عمرے کے بعد قارن پر بھی) صرف ایک ہی دم لازم آئے گا، لہٰذا جب قارن نے امام سے پہلے طوافِ افاضہ کیا یا بے وضو یا حالتِ جنابت میں طوافِ زیارت کیا، تو اس پر صرف ایک دم لازم آئے گا، کیونکہ عمرہ کا وقوفِ عرفہ اور طوافِ زیارت سے کوئی تعلق نہیں ہے، (ردالمحتار علی الدرالمختار، جلد 3، ص: 521، باب الجنایات، مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا قادری لکھتے ہیں:

Marfat.com

مسئلہ:''جہاں ایک دم یا صدقہ ہے قارن پر دو ہیں،(فتاویٰ رضویہ،جلد10،ص:762، مطبوعہ رضافاؤنڈیشن،لاہور)''۔

''جہاں ایک دم یا صدقہ ہے،قارن پر دو ہیں،(عامۂ کتب)،(بہارِ شریعت، جلد ششم، ص:499مکتبۂ رضویہ)''۔

علامہ شامی نے البحرالرائق کے حوالے سے جو تفصیلی بحث کی ہے،اس کی روشنی میں قارن نے اگرعمرے کی ادائیگی کے دوران یا اس سے پہلے کسی جنایت کا ارتکاب کیا ہوتو اس پر صورت مسئلہ کی نوعیت کے مطابق دو دم یا دوصدقے لازم آئیں گے، اور اگرعمرے کی ادائیگی کے بعداس نے جنایت کاارتکاب کیا ہوتو صرف ایک دم یاایک صدقہ لازم آئے گا، جہاں تک دمِ قِران کاتعلق ہے، وہ اپنی جگہ ہے،اعلیٰحضرت اورصدرالشریعہ رحمہما اللہ تعالیٰ کی عبارات سے اگرچہ بظاہر یہ تاثر ملتا ہے کہ قارن پرعلی الاطلاق دودم یا دوصدقے لازم آئیں گے،خواہ جنایت کا ارتکاب عمرے سے پہلے کیا ہو یا بعد میں ،لیکن علامہ شامی کی مذکورہ وضاحت کی روشنی میں ان دونوں اکابر کے اقوال کومطلق نہ سمجھا جائے بلکہ اس پرمحمول کیا جائے کہ اگر جنایت کا ارتکاب عمرے کی ادائیگی سے پہلے یا عمرے کی ادائیگی کے دوران کیا ہوتو دودم یادوصدقے لازم آئیں گے،اورعمرے کی ادائیگی کے بعدایک ہی دم یا ایک ہی صدقہ کافی ہوگا۔

## دم کی ادائیگی حدودِ حرم میں

**سوال**:70

ہم لوگ ابھی عمرہ کرکے آئے ہیں، وہاں میرے شوہر نے عمرہ مکمل کرنے سے پہلے احرام اتاردیا تھا۔ وہ فالج کے مریض ہیں، کچھ رہائش کا مسئلہ ہوگیا تھا،اس لئے ہم انہیں فوراً سعی نہیں کرواسکے،انہوں نے گرمی کی وجہ سے احرام اتار دیا تھا، دوسرے دن دوبارہ مسجد عائشہ سے احرام باندھ کر دوبارہ عمرہ مکمل کروایا،اب ہمیں اس کا کتنادم دینا ہوگا،اور یہ دم حدودِ حرم ہی میں دینا ہوگا یا یہاں بھی اداہوسکتا ہے،(ہدایت اللہ،النورسوسائٹی،کراچی)

Marfat.com

**جواب:**

عمرے کی ادائیگی میں سعی کرنا واجب ہے اور واجب کے ترک پر دم دینا واجب ہو جاتا ہے اور دم میں ایک بکری یا بھیڑ دی جائے گی۔

جنایت کا دم زمین حرم پر دینا ضروری ہے، دوسری جگہ ادا نہیں ہوگا۔ اور اس کے لئے کوئی وقت مقرر نہیں، جب چاہے دے سکتا ہے۔

علامہ علاؤالدین حصکفی متوفی ۱۰۸۸ھ نے الدر المختار میں لکھا:

ویتعین یوم النحر ای وقته وهو الایام الثلاثةلذبح المتعة و القران فقط فلم یجز قبله بل بعده وعلیه دم ویتعین الحرم لامنیٰ للکل۔

یعنی (قربانی کے لئے) متعین ہے یوم نحر اور اس کے لئے وقت صرف تین دن ہیں، واسطے تمتع اور قرآن والے کی قربانی کے۔ پس اس سے پہلے اور بعد جائز نہیں اور اگر کسی نے اس کے خلاف کیا تو اس پر ''دم'' ہے۔ اور دم زمین حرم میں کسی جگہ بھی دیا جا سکتا ہے اور اس کے لئے ''منیٰ''، مخصوص نہیں۔

درمختار کی درج بالا عبارت کے لفظ ''فقط'' پر علامہ شامی نے لکھا: لا یتعین غیر هما فیها۔
ترجمہ: '' ان دونوں (متمتع وقارن) کے علاوہ ان اوقات میں ذبح کرنا ضروری نہیں ہے، (ردالمحتار علی الدر المختار، جلد 4، ص: 36-35 مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت)''۔

## احرام کی حالت میں دانت سے خون آنا یا بواسیر کا خون اور اس کا حکم

**سوال:** 71

احرام کی حالت میں دانت سے اور بواسیر کے مسّے سے خون آنے پر کیا دم دینا پڑتا ہے یا نہیں؟۔

2۔ حج کی ادائیگی کے بعد خاندان اور برادری کے افراد کو مدعو کر کے انہیں کھانا کھلایا جاتا ہے کیا حج کا یہ کھانا کھلانا ضروری ہے؟۔

3۔ حج کے دن والد اور والدہ نے کمزور ہونے کی وجہ سے کسی دوسرے فرد کو رقم دے کر یہ

Marfat.com

فریضہ ادا کیا یہ صحیح یا اس پر دم دینا پڑے گا؟۔

4۔ والدہ صاحبہ نے حج کے دن قربانی کی ادائیگی کے بعد اپنے بالوں کی ایک پور کاٹی تھی اور احرام کھول دیا ان پر کم بال کاٹنے پر دم ہوگا یا نہیں؟۔ (سید محمد علی D/3 نارتھ، کراچی)۔

**جواب:**

احرام کی حالت میں خون نکلنے سے دم واجب نہیں ہوتا، منہ یا دانتوں سے خون نکلا اگر تھوک پر غالب ہے تو وضو ٹوٹ جائے گا ورنہ نہیں، غلبے کی شناخت یہ ہے کہ اگر تھوک کا رنگ سرخ ہو جائے تو خون غالب سمجھا جائے اور اگر زرد ہو تو مغلوب۔ خون، پیپ یا زرد پانی جسم کے کسی بھی حصے سے نکل کر بہا اور بہنے میں ایسی جگہ پہنچنے کی صلاحیت تھی جس کا وضو یا غسل میں دھونا فرض ہے تو وضو جاتا رہا، مگر صرف چمکا یا ابھرا اور بہنے کی صلاحیت اس میں نہیں تو وضو نہیں ٹوٹے گا، اسی طرح مسواک یا انگلی سے دانت صاف کرتے ہوئے یا دانتوں سے کوئی چیز کاٹی اور اس پر خون کا اثر پایا گیا یا ناک میں انگلی ڈالی اور اس پر خون کی سرخی آ گئی مگر وہ بہنے کے قابل نہیں تو وضو نہیں ٹوٹا، ان تمام صورتوں کے باوجود محرم پر احرام کی حالت میں خون آنے پر کوئی دم واجب نہیں ہوگا۔

2۔ حاجی صاحبان کا خاندان اور برادری کے افراد کو مدعو کر کے کھانا کھلانا شرعاً ضروری نہیں ہے، اگر کوئی شخص حج کے بعد تشکرِ نعمت کے طور پر احباب کی دعوت کرتا ہے تو اس میں کوئی شرعی قباحت بھی نہیں ہے بلکہ عنداللہ اجر پائے گا، اگر محض نمود و نمائش مقصود ہے، تو اجر آخرت سے محروم رہے گا، بہتر یہ ہے کہ دعوتوں میں امراء کے ساتھ نادار لوگوں کو بھی شریک کیا جائے، جیسا کہ رسول اللہ ﷺ کا ولیمہ کے بارے میں فرمان ہے: عن ابی هریرة رضی اللّٰہعنه انه کان یقول :شر الطعام طعام الولیمة ،ید عی لهاالا غنیا ء ویترک الفقرا ء ،ومن ترک الد عوة فقد عصی الله تعالیٰ ورسوله ﷺ۔

ترجمہ: ’’حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی کریم ﷺ سے روایت فرماتے ہیں کہ بُرا کھانا ولیمہ کا کھانا ہے جس میں مالدار لوگ بلائے جاتے ہیں اور فقراء چھوڑ دیئے جاتے ہیں

Marfat.com

اور جس نے دعوت کو ترک (یعنی بلاسبب انکار کر دیا) اس نے اللہ اور رسول ﷺ کی نافرمانی کی، (صحیح بخاری، رقم الحدیث: 5177)''۔

3۔رمی میں نائب مقرر نہیں کر سکتے ضعف اور کمزوری اس کے لئے مانع نہیں، لہٰذا بوڑھے اور عورتیں آخری وقت میں جائیں رات میں رمی کرنا اگر چہ مکروہ ہے مگر عذر کی وجہ سے یہ کراہت باقی نہیں رہتی، رمی کسی وجہ سے نہ کر سکے تو دم دینا واجب ہے مگر ایک دن کی رمی ترک ہونے سے بھی ایک دم اور صرف ایک جمرہ کی رمی ترک ہونے سے بھی ایک دم اور تینوں دنوں کی رمی ترک ہونے سے بھی ایک دم لازم آئے گا، لہٰذا جب اگر ایسا عذر ہو جس کی وجہ سے رمی نہیں کر سکتا تو تیسرے دن دم دے گا اور یہ دم حدود حرم میں دینا ضروری ہے۔

4۔عورتیں اپنے بالوں میں سے ایک پور کے برابر بال لے کر کاٹ دیں، علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: والتقصیر ان یا خذ الر جل والمر أة من رؤس الشعر ربع الر أس مقدار الانملہ کذا فی التبیین۔

ترجمہ: ''اور تقصیر یہ ہے کہ مرد اور عورت اپنے سر کے بال چوتھائی سر سے ایک پور کے برابر لے لیں ''تبیین'' میں اسی طرح سے ہے، (فتاویٰ عالمگیری جلد 1 ص: 231 مکتبۂ رشیدیہ کوئٹہ)''۔

## دورانِ حج ناپاکی

**سوال: 72**

اگر کسی عورت کو دورانِ حج حیض آجائے تو اس کیلئے کیا حکم ہے؟ (عادل، پشاور)

**جواب:**

اگر خاتون نے حج کا احرام باندھ لیا ہے، تو وہ مُحرِمہ ہے، یعنی احرام میں داخل ہو چکی ہے۔ اب اگر دوران حج اسے حیض آجائے، تو وہ تمام مناسکِ حج معمول کے مطابق جاری رکھے گی، یعنی وقوفِ منیٰ، وقوفِ عرفات، وقوف مزدلفہ، رمیِ جمار (یعنی شیطانوں کو کنکریاں مارنا)، قربانی اور احرام سے باہر آنے کا عمل دیگر حجاج کرام کے ساتھ جاری رکھے

Marfat.com

گی۔اس دوران وہ دعائیں کرسکتی ہے،مگر تلاوت نہیں کرسکتی اور نماز بھی نہیں پڑھ سکتی۔اسی طرح حیض سے فراغت تک طوافِ زیارت کو مؤخر کرے گی،حرم میں بھی نہیں جائے گی۔ اور چونکہ ''طوافِ زیارت'' میں تاخیر اس کی اپنی کسی بشری کوتاہی کی وجہ سے نہیں ہوئی، بلکہ یہ مانع یا ''عذرِ تاخیر'' اسے اللہ کی جانب سے پیش آیا ہے،اس لئے اس تاخیر کی بنا پر اس پر کوئی دم واجب نہیں ہوگا،لہٰذا جب وہ حیض سے پاک ہوجائے تو غسل کرکے پاک ہوجائے اور ''طوافِ زیارت'' کرلے۔

## حج وعمرہ کے مسائل

حج وعمرہ اور زیارتِ روضہء رسول ﷺ کے متعلق چند اشکالات کے جواب قرآن وسنت وفقہ حنفی کی روشنی میں عطا فرما کر عنداللہ ماجور ہوں۔ جزاک اللہ،(سید محمد طاہر الحسن، مکان نمبر R-48 11-C-3 نارتھ کراچی)۔

**سوال:73**

حرم کے رہنے والے عمرے کے لئے احرام کہاں سے باندھیں؟۔

**جواب:**

حدثنا همام وقال : اعتمر أربع عمر فی ذی القعدة ،الاّ الّتی أعتمر مع حجّته: عمرته من الحدیبیة ،ومن العام المقبل ،ومن الجعرانة حیث قسم غنائم حنین،وعمرة مع حجته۔

ترجمہ: ''ہمام سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے چار عمرے کئے،سارے ذی القعدہ میں سوائے اس ایک کے جو اپنے حج کے ساتھ کیا۔ایک عمرہ حدیبیہ والا،ایک اگلے سال تیسرا جعرانہ سے جبکہ حنین کا مالِ غنیمت تقسیم کیا اور چوتھا عمرہ اپنے حج کے ساتھ،(صحیح بخاری رقم الحدیث: 1780)''۔

أنّ عبدالرحمن بن ابی بکر رضی الله عنهما أخبره: أنّ النبی ﷺ أمره أن یردف عائشة ویعمرها من التنعیم۔

Marfat.com

ترجمہ: ''عبدالرحمٰن بن ابی بکر سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے انہیں حکم دیا کہ عائشہ کو سواری کے پیچھے بٹھا کر تنعیم سے عمرہ کروالاؤ، (صحیح بخاری رقم الحدیث:1784)''۔

ردالمحتار میں علامہ ابن عابدین شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں :(والتنعیم افضله هوموضع قريب من مكة عند مسجد عائشه ، وهو اقرب موضع من الحل ای الاحرام منه للعمرة افضل من الاحرام لها من الجعرانة وغيرها من الحل عندنا، وان كان ﷺ احرم منها، لأمره عليه الصلاة والسلام عبدالرحمن بان يذهب باخته عائشة الى التنعيم لتحرم منه۔

ترجمہ: '' (تنعیم سے احرام باندھنا افضل ہے) یہ وہ جگہ ہے، جو مکہ سے انتہائی قریب مسجد عائشہ کے نزدیک ہے اور حل سے قریب ترین جگہ ہے۔یعنی عمرہ کے لئے تنعیم سے احرام باندھنا جعرانہ اور حل کے دیگر مقامات سے ہمارے نزدیک افضل ہے،اگرچہ رسول اللہ ﷺ نے جعرانہ سے بھی احرام باندھا ہے اور ہمارے اس موقف پر حجت نبی کریم ﷺ کی یہ حدیث ہے کہ آپ نے عبدالرحمٰن بن ابی بکر کو حکم دیا کہ وہ اپنی بہن (ام المؤمنین) عائشہ کو تنعیم لے جائیں تاکہ وہ وہاں احرام باندھیں، (ردالمحتار علی الدر المختار، جلد3 ص:429 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

مندرجہ بالا تفصیل کی روشنی میں اگرچہ مسجدِ عائشہ (تنعیم) اور جعرانہ دونوں جگہ سے عمرے کا احرام باندھا جاسکتا ہے،لیکن مقامِ تنعیم (مسجد عائشہ) سے باندھنا افضل ہے۔

## سوال:74

کیا احرام کے لئے دو رکعت نفل ادا کرنا حدیث مبارک سے ثابت نہیں؟۔

## جواب:

احرام کے لئے دو رکعت نفل پڑھنا سنت ہے اور حدیثِ مبارک سے ثابت ہے، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

حدثنى خصيف بن عبدالرحمن الجزرى، عن سعيد بن جبير، قال:قلت

Marfat.com

لعبدالله بن عباس :ياأبا العباس،عجبت لاختلاف أصحاب رسول الله ﷺ في اهلال رسول الله ﷺ حين أوجب؟! فقال اني لأعلم الناس بذالك،انها انما كانت من رسول الله ﷺ حجة واحدة،فمن هناك اختلفوا۔خرج رسول الله ﷺ حاجاً،فلما صلى في مسجده بذي الحليفة ركعتين أوجب في مجلسه،فأهلّ بالحج حين فرغ من ركعتين،فسمع ذالك منه اقوام فحفظته عنه،ثم ركب فلما استقلّت به ناقته أهلّ،وأدرك ذالك منه أقوام، وذالك أن الناس انما كانوا يأتون أرسالاً،فسمعوه حين استقلّت به ناقته يهلّ،فقالوا:انما أهلّ [رسول الله]حين استقلّت به ناقته،ثم مضى رسول الله ﷺ فلما علا على شرف البيداء أهلّ،وادرك ذالك منه أقوام فقالوا: انماأهلّ حين علا شرف البيداء۔[قال سعيد:] وايم الله لقد أوجب في مصلاه، وأهلّ حين استقلّت به ناقته، وأهلّ حين علا شرف البيداء۔ [قال سعيد:] فمن أخذ يقول عبدالله بن عباس أهلّ في مصلاه اذا فرغ من ركعتين۔

ترجمہ:''خصیف بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا کہ: ابوالعباس مجھے اس بات پر تعجب ہے کہ رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کا اس بات میں اختلاف ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے کس جگہ سے احرام باندھا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: میں اس مسئلے کو تمام لوگوں میں سب سے زیادہ جانتا ہوں۔ رسول اللہ ﷺ نے ایک ہی حج کیا ہے اور اسی وجہ سے اختلاف ہوا۔ جب رسول اللہ ﷺ حج کے لئے تشریف لے گئے تو آپ نے مسجد ذوالحلیفہ میں دو رکعت نماز پڑھی اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد اسی مجلس میں آپ نے تلبیہ کہہ کر احرام باندھ لیا اور کچھ لوگوں نے آپ سے یہ تلبیہ سنا اور اس کو یاد رکھا، پھر آپ اونٹنی پر سوار ہوئے، جب آپ اونٹنی پر صحیح طریقے سے بیٹھ گئے، تو آپ نے تلبیہ کہا اور کچھ لوگوں نے اس موقع پر آپ سے سنا، اور اس (اختلاف یا غلط فہمی) کا سبب یہ ہے کہ لوگ گروہ در گروہ آرہے تھے، اور (کچھ لوگوں نے)

Marfat.com

اس وقت آپ سے تلبیہ سنا، جب آپ اونٹنی پر بیٹھ گئے تو انہوں نے (اپنے مشاہدے کے بنا پر) یہ کہا: رسول اللہ ﷺ جب اونٹنی پر بیٹھ گئے، تو آپ نے اس وقت تلبیہ پڑھی (یعنی احرام باندھا)، پھر جب آپ شرف البیداء پر پہنچے تو آپ نے تلبیہ پڑھی، اور کچھ لوگوں نے (پہلی بار) آپ سے اسی موقع پر تلبیہ سنی، تو انہوں نے یہ کہا کہ آپ نے شرف البیداء پر احرام کی نیت کی ہے اور (سعید نے کہا:) اللہ کی قسم آپ نے احرام کی نیت اس جگہ کی تھی جہاں آپ نے (دو رکعت) نماز پڑھی تھی اور پھر آپ نے اونٹنی پر سوار ہو کر بھی تلبیہ پڑھی اور شرف البیداء پر پہنچ کر بھی تلبیہ پڑھی۔ (سعید بن جبیر کہتے ہیں کہ) جو شخص حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے قول پر عمل کرتا ہے وہ مسجد ذوالحلیفہ میں دو رکعت نماز پڑھنے کے بعد احرام باندھے (اور تلبیہ پڑھے)، (سنن ابی داؤد رقم الحدیث: 1768)''، علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

( وصلّی ندباً) بعد ذالک (شفعاً) یعنی رکعتین فی غیر وقت مکروہ وتجزیہ المکتوبۃ۔

ترجمہ: اور لباسِ احرام پہننے کے بعد نماز پڑھنا مستحب ہے یعنی دو رکعت وقتِ غیر مکروہ میں، اور (اگر وہ فرض کا وقت ہے تو) فرض بھی اس مقصد کے لئے کافی ہے۔

علامہ شامی اس کی تشریح میں لکھتے ہیں:

(ندبا) وفی الغایۃ انہا سنۃ ۔''نہر''۔ وبہ جزم فی ''البحر'' و''السراج''۔ قولہ: (بعد ذالک) ای بعد اللبس والتطیب ۔''بحر'' قولہ: (یعنی رکعتین) یشیر الی ان الاولی التعبیر بہما کمافعل فی ''الکنز''۔ لان الشفع یشمل الاربع۔ قولہ: ''وتجزیہ المکتوبہ'' کذا فی ''الزیلعی'' و''الفتح'' و''النہر'' و ''اللباب'' وغیرھا وشبہوھا بتحیۃ المسجد۔۔ وفی ''شرح اللباب'' انہ قیاس مع الفارق لان صلاۃ الاحرام سنۃ مستقلۃ کصلاۃ الاستخارۃ وغیرھامما لا تنوب الفریضۃ منابہا، بخلاف تحیۃ المسجد وشکر الوضوء، فانہ لیس لہما صلاۃ علی حدۃ کما

Marfat.com

حققه فی "فتاوی الحجة "-فتتأدی فی ضمن غیرها ایضاً اه۔

ترجمہ: ''(بطور نفل پڑھے) اور'' الغایۃ'' میں ہے کہ (بوقت احرام) دو رکعت پڑھنا سنت ہے، اور'' البحر الرائق'' اور'' السراج'' میں اسی قول کو قطعی قرار دیا ہے، علامہ حصکفی کے قول: (اس کے بعد) کا مطلب یہ ہے کہ لباسِ احرام پہننے اور خوشبو لگانے کے بعد، '' البحر الرائق'' میں ہے کہ علامہ حصکفی کے قول (یعنی دو رکعت پڑھے) سے مراد یہ ہے کہ نمازِ احرام کو کم از کم دو رکعت سے تعبیر کرنا اولیٰ (بہتر) ہے، جیسا کہ'' کنز الدقائق'' میں کیا ہے، کیونکہ دو رکعت چار کو بھی شامل ہے (یعنی اگر اس وقت چار رکعات پڑھ لیں) تو ان کے ضمن میں دو رکعات بطریقِ اولیٰ آجائیں گی (اور چار یا زیادہ سے ممانعت مقصود نہیں ہے)، اور علامہ حصکفی کا یہ کہنا کہ'' اور فرض نماز کے ضمن میں بھی یہ دوگانہ احرام ادا ہوجائیں گی، جیسا کہ الزیلعی، فتح القدیر، النہر، اللباب میں ہے اور انہوں نے اس (دوگانہ احرام) کو (دوگانہ) تحیۃ المسجد سے تشبیہ دی ہے (جو تنگی وقت یا قیامِ جماعت کی صورت میں فرض کے ضمن میں بھی ادا ہوجاتی ہے)، اور'' شرح اللباب'' میں ہے کہ یہ قیاس مع الفارق ہے، کیونکہ نماز استخارہ وغیرہ کی طرح نماز احرام مستقل سنت ہے، تو فرض نماز اس کے قائم مقام نہیں ہوسکتی، بخلاف تحیۃ المسجد اور تحیۃ الوضوء کہ ان کے لئے مستقل بالذات نمازِ مسنون نہیں ہے، جیسا کہ'' فتاویٰ الحجۃ'' میں اس کی (خوب) تحقیق کی ہے کہ یہ نمازیں (تحیۃ المسجد اور تحیۃ الوضوء) دوسری نمازوں (فرض وغیرہ) کے ضمن میں بھی ادا ہوجاتی ہیں، (رد المحتار علی در المختار جلد 3 ص 432: دار احیاء التراث العربی بیروت)''۔

**سوال:75**

کیا حجرِ اسود کو بوسہ دینے یا چھونے کے وقت حصولِ برکت کی نیت کرنا بدعت ہے؟

**جواب:**

استلامِ حجر اسود یعنی حجرِ اسود کو بوسہ دیتے وقت حصولِ خیر و برکت اور ثواب کی نیت کرنا بدعت نہیں بلکہ عین عبادت ہے کیونکہ حج و عمرہ کے ایک اہم رکن طوافِ بیت اللہ

Marfat.com

کے موقع پر حجرِ اسود کو بوسہ دینا سنت ہے۔علامہ ابنِ عابدین شامی لکھتے ہیں:

من الاستلام فهو سنة بين كل شوطين كما في "غاية البيان" وذكر في "المحيط" و "الوالجية" ـأنه في الابتداء والانتهاء سنة ،وفيما بين ذلك أدب۔"بحر"۔ووفق في " شرح اللباب" بانه في الطرفين اكد مما بينهما۔

ترجمہ: ''استلامِ حجر ہر دو چکروں کے درمیان سنت ہے، جیسا کہ ''غایۃ البیان'' میں ہے اور ''المحیط'' اور ''والوالجیۃ'' میں ہے کہ طوافِ بیت اللہ کی ابتدا اور انتہا کے موقع پر سنت اور درمیان کے چکروں میں آداب میں سے یعنی مستحب ہے، ''البحر الرائق'' (میں بھی اسی طرح ہے)، اور ''شرح اللباب'' میں بھی اسی کے موافق کہا کہ طواف کی ابتدا و انتہا میں حجر اسود کا استلام زیادہ مؤکد ہے، (رد المحتار علی الدر المختار، جلد3،ص:453 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

تو جب حجرِ اسود کو بوسہ دینا عباداتِ حج وعمرہ کے ایک اہم رکن طوافِ بیت اللہ کے دوران ہر چکر کے موقع پر سنت یا کم از کم مستحب ہے، عبادت تو ثواب اور خیر برکت کے لئے ہوتی ہے، عبادت مشروع اور بدعت دو متضاد چیزیں ہیں، بعض لوگوں کو شاید اس حدیثِ مبارک سے غلط فہمی ہوئی ہے:

عن عبدالله بن سرجس قال: رأيت الأصلع (يعني عمر بن الخطاب) يقبل الحجر ويقول:والله انى لأقبلك، وانى اعلم انك حجر، وانك لا تضر ولا تنفع۔ ولو لا انى رأيت رسول الله ﷺ قبلك ما قبلتك۔

ترجمہ: ''عبداللہ بن سرجس بیان کرتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حجرِ اسود کو بوسہ دے رہے تھے۔اور کہہ رہے تھے بخدا میں تجھے بوسہ دے رہا ہوں، حالانکہ میں خوب جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے، تو نفع دیتا ہے نہ نقصان، اور اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا، تو میں تجھے کبھی بوسہ نہ دیتا، (صحیح مسلم رقم الحدیث:3016)''۔

Marfat.com

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا حجرِ اسود کو مخاطب کر کے یہ کہنا کہ: میں خوب جانتا ہوں کہ تو ایک پتھر ہے، تو نفع دیتا ہے نہ نقصان، اور اگر میں نے رسول اللہ ﷺ کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا، تو میں تجھے کبھی بوسہ نہ دیتا، اس سے ان کی مراد یہ ہے کہ حجرِ اسود یا کوئی بھی مخلوق اپنی ذات سے نفع یا ضرر رساں نہیں ہے، جس مخلوق میں جو بھی کمال ہے اللہ تعالیٰ کی عطا سے ہے اور یہ بات انہوں نے اس تناظر میں فرمائی کہ عہدِ جاہلیت میں لوگ پتھر کے بتوں کی عبادت کرتے تھے اور انہیں بالذات نفع دینے والا اور نقصان پہنچانے والا سمجھتے تھے، مزید یہ کہ وہ عقیدۂ توحید کو لوگوں کے دلوں میں راسخ کرنا چاہتے تھے اور اعمالِ خیر و عبادات میں اتباعِ رسول کو اصلِ مقصود سمجھنے کے تصور کو لوگوں کے ذہن نشین کرانا چاہتے تھے اور یہ بات عیاں ہے کہ جب حجرِ اسود کو بوسہ دینا، اتباعِ رسول ہے، تو رسول اللہ ﷺ کی اتباع میں ثواب بھی ہے، خیر و برکت بھی ہے اور اتباعِ سنت اسی نیت سے کرنی چاہئے، چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی زبان سے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ کلمات سنے تو انہوں نے فرمایا: نہیں! یہ نفع بھی دیتا ہے اور نقصان بھی دیتا ہے، حضرت عمر نے پوچھا! اس کا ثبوت کس سے ہے، حضرت علی نے کہا! قرآن مجید سے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:

واذاخذ ربک من بنی ادم من ظھورھم ذریتھم واشھدھم علی انفسھم الست بربکم قالوا بلیٰ۔

ترجمہ: ”اور جب آپ کے رب نے بنو آدم کی پشتوں سے ان کی اولاد کو نکالا اور ان سے ان کی جانوں پر اقرار کرایا، کیا میں تمہارا رب نہیں ہوں، سب نے کہا، کیوں نہیں!“۔

اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو پیدا کیا اور ان کی پشت پر ہاتھ پھیرا اور ان سے اقرار کرایا، اللہ ان کا رب ہے اور وہ اس کے بندے ہیں، اور ان سے اس کا عہد و پیمان لیا اور اس کو ایک کاغذ میں لکھ دیا اور پتھر کی دو آنکھیں اور ایک زبان تھی، اللہ تعالیٰ نے اس سے فرمایا: منہ کھول، اس نے منہ کھولا، اللہ تعالیٰ نے وہ کاغذ اس کے منہ میں ڈال دیا اور فرمایا: جو تجھ سے وفا کرے قیامت کے دن اس کی گواہی دینا اور میں گواہی دیتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا

Marfat.com

ہے، آپ نے فرمایا: قیامت کے دن حجرِ اسود کو لایا جائے گا اور جو شخص اس کی تعظیم کرے گا یہ قیامت کے دن اس کی گواہی دے گا، پس اے امیر المؤمنین یہ ضرر بھی دیتا ہے اور نفع بھی دیتا ہے، حضرت عمر نے کہا: میں اس بات سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں کہ میں اس قوم میں رہوں، جس میں اے ابوالحسن تم نہ ہو، (شرح المؤطا جلد 2 ص: 287 مطبوعہ مطبع خیریہ مصر بحوالہ شرح صحیح مسلم جلد 3 ص: 499-498 مطبوعہ فرید بک اسٹال، لاہور)''۔

**سوال:76**

رمی جمرات کیلئے حجاج کرام مزدلفہ سے کنکریاں اپنے ہمراہ چن کر منیٰ لے جاتے ہیں کیا یہ مشروع ہے؟ یا حدودِ حرمِ پاک میں کہیں سے بھی چنی جاسکتی ہے؟۔

**جواب:**

مزدلفہ سے منیٰ جاتے ہوئے تینوں دن جمرات پر مارنے کے لئے کنکریاں یہیں سے لے لی جائیں یا کسی اور جگہ سے لی جائیں مگر نہ نجس جگہ کی ہوں اور نہ مسجد کی نہ جمرہ کے پاس کی۔ جمرہ کے پاس کی کنکریاں اٹھانا مکروہ ہے کہ وہاں وہی کنکریاں رہتی ہیں جو مقبول نہیں ہوتیں اور مردود ہوجاتی ہیں، اور جو مقبول ہوجاتی ہیں وہ اٹھالی جاتی ہیں۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

(ویکرہ) أخذھا (من عند الجمرۃ) لأنّھا مردود لحدیث" من قبلت حجتہ رفعت جمرتہ (و) یکرہ (أن یلتقط حجرًا واحدًا فیکسرہ سبعین حجرًا صغیرًا)۔

ترجمہ: اور جمرے کے پاس سے کنکریاں اٹھانا مکروہ ہے، اس لئے کہ وہ مردود ہوتی ہیں حدیث شریف میں ہے کہ ''جس کا حج قبول ہوجاتا ہے اس کی کنکریاں اٹھالی جاتی ہیں''،

اس کی تشریح میں علامہ شامی لکھتے ہیں:

وما ھی الّا کراھۃ تنزیہ۔"فتح"۔ أشار الی أنہ یجوز أخذہ من أی موضع سواہ۔ وفی "اللباب": یستحب أن یرفع من مزدلفۃ سبع حصیات ویرمی بھا جمرۃ العقبۃ وان رفع من المزدلفۃ سبعین أو من الطریق فھو جائز، وقیل مستحب اہ۔

Marfat.com

ترجمہ: ''جمرہ کے پاس سے کنکریاں اٹھانا مکروہ تنزیہی ہے ''فتح القدیر'' میں اسی طرح ہے۔ اور اس میں اس جانب اشارہ ہے کہ اس کے سوا کسی دوسرے مقام سے اٹھانا جائز ہے۔ اور ''اللباب'' میں ہے: مستحب ہے کہ جمرہ سے سات کنکریاں اٹھائی جائیں اور جمرۂ عقبہ پر رمی کی جائے، اور اگر مزدلفہ ہی سے یا کسی اور راستے سے 70 کنکریاں اٹھالی جائیں تو یہ جائز ہے اور بعض علماء نے مستحب فرمایا ہے، (ردالمحتار علی الدر المختار جلد 3 ص: 473، مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت)''۔

**سوال:77**

کیا تیسری رات بھی منیٰ میں گزارنا افضل ہے یا تیسرے دن (۱۲ ذی الحجہ) کو غروبِ آفتاب سے قبل منیٰ سے روانہ ہونا افضل ہے؟۔

**جواب:**

بارہویں کی رمی کر کے غروبِ آفتاب سے پہلے پہلے اختیار ہے کہ مکہ روانہ ہو جائے یعنی اس کی رخصت ہے، یہ افضل نہیں ہے، مگر غروب کے بعد جانا معیوب ہے اب ایک دن اور ٹھہرے اور تیرہویں کو دوپہر ڈھلے رمی کر کے روانہ ہو یہی افضل ہے۔ تیرہویں کی صبح ہوگئی تو بغیر رمی کئے جانا جائز نہیں اگر جائے گا تو دم واجب ہوگا۔

**سوال:78**

اگر کوئی محرم بھول کر یا عدمِ علم کے سبب حالتِ احرام میں سلا ہوا کپڑا چند لمحوں کے لئے پہن لے یا سر کو ڈھانک لے یا خوشبو استعمال کر لے یا بال و ناخن تراش لے تو کیا دم واجب ہوگا؟۔

**جواب:**

جی ہاں! دم واجب ہوگا، علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

(الواجب دم علی محرم بالغ ولو ناسیاً) او جاهلاً او مکرهاً فیجب علی نائم غطی راسه(إن طیب عضواً)----------(أو لبس مخیطاً)۔

Marfat.com

اوسترراسه بمعتاد، اما بحمل اجانة اوعدل فلا شیٔ علیه یوما کاملا اولیلة کاملة، وفی الاقل صدقة ۔

ترجمہ: ”ہر محرم بالغ پر (اگر اس نے ترکِ واجب کیا ہوتو) دم واجب ہوتا ہے، خواہ اس نے وہ عمل بھول کر کیا ہو یا لاعلمی میں کیا ہو، یا حالتِ مجبوری میں کیا ہو، تو اگر نیند کی حالت میں محرم نے سر ڈھانپ لیا، (یا کسی پورے عضو پر خوشبو لگائی)۔۔۔آگے چل کر لکھتے ہیں: یا ایسا سلا ہوا کپڑا پہنا، جیسے عادتاً پہنا جاتا ہے، لیکن اگر اسے چادر کے طور پر اوڑھ لیا یا اپنے کندھے پر رکھا، تو کوئی حرج نہیں، پورا دن یا پوری رات سر ڈھانپ لیا، جیسے عام طور پر ڈھانپا جاتا ہے، (تمام سر یا چوتھائی حصہ) تو دم لازم ہوگا، لیکن اگر پورے دن یا پوری رات سے کم وقت ڈھانپا، تو صدقہ دینا ہوگا، (ردالمحتار علی الدر المختار جلد 3 ص: 507 ,511,508 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)“۔

**سوال**:79

کیا طوافِ افاضہ، طوافِ زیارت دونوں ایک ہیں؟

**جواب**:

جی ہاں! دونوں ایک ہیں، علامہ شامی لکھتے ہیں:

(ثم طاف للزیارة) أی لفعل طواف الزیارة الذی هو ثانی رکنی الحج۔ قال فی "السراج" ویسمی الافاضة وطواف یوم النحر وطواف المفروض۔

ترجمہ: ”(پھر طواف زیارت کرنا) یعنی طوافِ زیارت کرنا حج کا دوسرا اہم رکن ہے اور ”السراج“ میں فرمایا: اس کا نام طوافِ افاضہ، طوافِ یوم النحر اور طوافِ فرض بھی ہے، (ردالمحتار علی الدر المختار: جلد 3 ص:476 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)“۔

**سوال**:80

دس ذی الحجہ کے اعمال (رمی جمرۂ عقبہ، قربانی، حلق) میں ترتیب قائم نہ رہ سکے تو کیا کفارہ لازم آئے گا یا شریعت کی طرف سے تقدیم وتاخیر جائز ہے؟ نیز حجِ

Marfat.com

بیت اللہ ناقص تو نہ ہوگا؟۔

**جواب:**

دس ذی الحجہ کے اعمالِ حج میں ترتیب لازم ہے، خلافِ ترتیب کرنے سے (یعنی تقدیم وتاخیر سے) دم لازم آتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کے کرم سے امید ہے کہ دم ادا کرنے سے حج ناقص نہیں رہے گا، علامہ ابوالحسن مرغینانی حنفی لکھتے ہیں:

"افعالِ حج کو ایک دوسرے پر مقدم کرنے کے حکم میں اختلاف ہے، جیسے سر منڈانے کو کنکریاں مارنے سے پہلے یا قربانی کو کنکریاں مارنے سے پہلے یا سر منڈانے کو قربانی سے پہلے کیا جائے، امام ابو یوسف اور امام محمد کے نزدیک یہ جائز ہے ان کی دلیل یہ ہے کہ جو چیز فوت ہوگئی ہے اس کی تلافی قضا سے ہوجاتی ہے اور قضا کے ساتھ کوئی اور چیز لازم نہیں ہوتی، امام ابوحنیفہ کے نزدیک ترتیب کے خلاف کرنے سے دم لازم آتا ہے، ان کی دلیل یہ ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا: " من قدم نسكا علی نسک فعلیه دم" جس شخص نے حج کے ایک فعل کو دوسرے پر مقدم کردیا اس پر دم لازم ہے"۔

علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں کہ:

"امام ابو یوسف اور امام محمد کی دلیل یہ ہے کہ صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں ہے کہ نبی ﷺ حجۃ الوداع میں کھڑے ہوئے تھے، ایک شخص نے کہا: یارسول اللہ میں نے لاعلمی میں سر منڈالیا، آپ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں، اب ذبح کرلو، ایک اور شخص نے کہا: میں نے لاعلمی میں کنکریاں مارنے سے پہلے قربانی کردی، آپ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں، اب کنکریاں مار لو اور اس دن جس چیز کے بھی مقدم یا مؤخر کرنے کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے یہی فرمایا کہ اب کرلو کوئی حرج نہیں ہے، اس حدیث کا جواب یہ ہے کہ حرج نہ ہونے کا معنیٰ یہ ہے کہ اس سے گناہ نہیں ہوگا اور حج فاسد نہیں ہوگا، یہ معنیٰ نہیں ہے کہ اس پر کوئی جزا یا فدیہ نہیں ہے، کیونکہ کہنے والے نے یہ کہا کہ میں نے لاعلمی میں یہ کام کیا ہے، جس کا مفاد یہ ہے کہ کام کرنے کے بعد اس پر منکشف ہوا کہ یہ تقدیم یا تاخیر ممنوع تھی، اسی وجہ سے اس نے

Marfat.com

سوال کرنے سے پہلے اپنا عذر بیان کیا کہ میں نے لاعلمی کی بنا پر اس کو مقدم یا مؤخر کیا ہے، امام ابو یوسف اور امام محمد کی طرف سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ بھی احتمال ہے کہ سائل نے جب یہ دیکھا کہ اس کی ترتیب رسول اللہ ﷺ کی ترتیب کے مخالف ہے اور اس نے یہ گمان کیا کہ یہ ترتیب معین ہے تو اس نے عذر پیش کر کے یہ سوال کیا اور نبی ﷺ نے جواب میں حرج کی نفی کر کے یہ ظاہر فرمایا کہ یہ ترتیب کرنا اس پر معین نہیں ہے بلکہ یہ ترتیب مسنون ہے نہ کہ واجب، حق یہ ہے کہ جس طرح یہ احتمال ہے اسی طرح یہ بھی احتمال ہے کہ یہ ترتیب واجب ہو اور نبی ﷺ نے اس کو جہل کی وجہ سے معذور قرار دیا ہو۔ آپ نے صحابہ کو افعالِ حج سیکھنے کا حکم دیا اور جہل کی وجہ سے ان کو معذور قرار دیا، کیونکہ یہ فرضیت حج کا ابتدائی دور تھا، اور جب اس معاملے میں یہ دونوں احتمال موجود ہیں تو احتیاطاً ترتیب کے وجوب کے قول پر عمل کرنا چاہئے اور اس سے امام ابوحنیفہ کی دلیل مضبوط ہوتی ہے اور ان کی تائید حضرت ابن مسعود کے اس قول سے ہوتی ہے: من قدم نسكا على نسك فعليه دم۔ (جس نے حج کی ایک عبادت کو دوسری پر مقدم کر دیا اس پر دم ہے) بلکہ یہ ایک مستقل دلیل ہے، ہدایہ کے بعض نسخوں میں حضرت ابن مسعود کی جگہ حضرت ابن عباس کا ذکر ہے اور یہ زیادہ معروف ہے۔ امام ابن ابی شیبہ نے یہ روایت ذکر کی ہے، ایک اور روایت میں یہ الفاظ ہیں: من قدم شيئا من حجه او اخره فليهرق دمًا۔

ترجمہ: ”جو شخص اپنے حج میں کسی عبادت کو مقدم یا مؤخر کر دے وہ ایک قربانی دے“۔ اس کی سند میں ایک راوی ابراہیم بن مہاجر ہے جس کو ضعیف کہا گیا ہے۔ امام طحاوی نے یہ روایت ایک اور سند سے بیان کی ہے جس میں یہ ضعیف راوی نہیں ہے وہ سند یہ ہے: حدثنا ابن مرزوق حدثنا الخصيب حدثنا وهيب عن ايوب عن سعيد بن جبير عن ابن عباس مثله۔ امام طحاوی کہتے ہیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ان راویوں میں سے ایک ہیں جنہوں نے یہ روایت بیان کی ہے کہ ”کوئی حرج نہیں اب کر لو“ اور یہ حدیث ان کے نزدیک اجازت اور اباحت پر محمول نہیں ہے بلکہ ان کے نزدیک اس پر

Marfat.com

محمول ہے کہ انھوں نے جہل اور لاعلمی کی وجہ سے بعض عبادات کو مقدم یا مؤخر کر دیا تھا، آپ نے ان کو معذور قرار دیا اور حج کی عبادات سیکھنے کا حکم دیا، علامہ ابن ہمام لکھتے ہیں کہ: امام ابوحنیفہ کے نظریہ پر اس آیت سے بھی استدلال ہے: فمن کان منکم مریضا او به اذی من راسه ففدية ۔ ''تم میں سے جو شخص بیمار ہو یا اس کے سر میں تکلیف ہو تو وہ فدیہ دے''۔ اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے بیان فرمایا ہے کہ جو شخص بیماری کے عذر کی بناء پر اپنے وقت سے پہلے سر منڈادے تو وہ فدیہ دے تو جب عذر کے باوجود وقت سے پہلے سر منڈانے پر فدیہ لازم آتا ہے، تو وقت سے پہلے بلا عذر سر منڈانے پر تو بطریقِ اولیٰ فدیہ لازم

(بقیہ صفحہ 477)

## سوال: 81

بعض احباب حج وعمرہ کی نیت سے وطن سے حجاز مقدس روانہ ہوتے ہیں، مگر احرام کے بغیر میقات سے گزرتے ہیں، پہلے چند دن جدہ یا ریاض یا وہاں کے دیگر شہروں میں اپنے عزیز واقارب کے گھر قیام کر کے پھر ان کے ہمراہ احرام باندھ کر عمرہ یا حج کی ادائیگی کے لئے جاتے ہیں، کیا ان کا یہ عمل مناسک حج وعمرہ میں نقائص کا سبب تو نہیں بنتا، اس تناظر میں کیا ان پر دم واجب ہوگا؟

## جواب:

مکہ معظمہ جانے کا ارادہ نہ ہو بلکہ میقات کے اندر (یعنی حِل میں، جو حدودِ حرم کے اختتام اور میقات کے درمیان کا علاقہ ہے) کسی اور جگہ مثلاً جدہ جانا چاہتا ہے تو اسے احرام کی ضرورت نہیں پھر وہاں سے اگر مکہ معظمہ جانا چاہے تو بغیر احرام جا سکتا ہے لہٰذا جو شخص حرم میں بغیر احرام جانا چاہتا ہے وہ یہ حیلہ کر سکتا ہے بشرطیکہ واقعی اس کا ارادہ پہلے مثلاً جدہ یا کسی اور مقام حِل میں جانے کا ہو، نیز مکہ معظمہ حج اور عمرہ کے ارادے سے نہ جانا ہو مثلاً تجارت کے لئے جدہ جاتا ہے اور وہاں سے فارغ ہو کر مکہ معظمہ جانے کا ارادہ ہے اور اگر پہلے ہی سے مکہ معظمہ کا ارادہ ہے تو پھر بغیر احرام نہیں جانا چاہئے ۔ علامہ

Marfat.com

علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

(قصد دخول مكة) يعنى الحرم (ولو لحاجة)غير الحج ،أما لو قصد موضعاً من الحل كخليص و جدة حل له مجاوزته بلا احرام،فاذا حل به التحق بأهله فله دخول مكة بلا احرام۔

ترجمہ: ''حج کے علاوہ اپنی کسی ضرورت کے لئے مکہ میں داخل ہونے کا ارادہ کیا پھر ارادہ کیا، یا اگر حدودِ حِلّ میں کسی مقام پر جانے کا ارادہ کیا، جیسے خلیص یا جدّہ ،تو پھر اس کے لئے میقات سے احرام کے بغیر گذرنا جائز ہے، جب وہاں اتر کر اپنے گھر والوں سے مل جائے، تو اب وہ احرام کے بغیر مکہ میں داخل ہوسکتا ہے،(ردالمحتار علی الدرالمختار جلد 3 ص:427 مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت)''۔

بہت سے آفاقی لوگ، جیسے اہلِ پاکستان، جن کے عزیز واقارب سعودی عرب میں جدّہ یا کسی اور مقامِ حِلّ میں رہتے ہیں، جب حج یا عمرہ کیلئے جانا چاہتے ہیں،تو سہولت پسندی کی وجہ سے یہاں سے احرام باندھ کر نہیں جاتے ہیں، بلکہ پہلے جدّہ یا کسی دوسرے مقام پر جاتے ہیں اور پھر وہاں سے اپنے عزیز واقارب کے ساتھ احرام باندھ کر جاکر عمرہ کر لیتے ہیں۔ ایسا کرنا ان کے لئے جائز ہے، افضل ہرگز نہیں ہے اور یقیناً اجر وثواب میں کمی کا بھی باعث ہوگا۔ کیونکہ اگر وہ یہاں سے عمرے کی نیت سے سفر کر رہے ہیں تو بغیر احرام کے ان کا میقات سے گذرنا درست نہیں ہے۔ اور اگر وہ یہاں سے دوستوں عزیزوں کی ملاقات کی نیت سے جدّہ یا کسی اور مقامِ حِلّ کا سفر کرتے ہیں، تو یہاں سے ان کا یہ سفر عبادات میں شمار نہیں ہوگا، تاہم اس سے ان پر دم واجب نہیں ہوگا، البتہ یہ اجر میں کمی کا باعث ہوگا۔ اس لئے ہمارے نزدیک افضل یہ ہے کہ وہ یہاں سے احرام باندھ کر روانہ ہوں تو ان کا یہ پورا سفر اور کل مصارف سفرِ عبادت میں شمار ہوں گے، اور خدانخواستہ کسی حادثۂ ناگہانی کا شکار ہوگئے تو روزِ حشر حالتِ احرام میں اٹھیں گے، جیسا کہ حدیث پاک میں ہے:

عن ابن عباس رضى الله عنهما قال: بينما رجل واقف مع رسول الله ﷺ

Marfat.com

بعرفة،اذ وقع عن راحلته فوقصته ،أو قال فأ قعصته ،فقال رسول الله ﷺ: "اغسلوه بماءٍ وسدر، وكفّنوه فى ثوبين ،ولا تحنّطوه ،ولا تخمّروا رأسه ،فانّ الله يبعثه يوم القيامة ملبيا"۔

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ایک آدمی عرفات میں نبی کریم ﷺ کے ساتھ کھڑا تھا کہ سواری سے گر پڑا جس نے اس کی گردن کچل دی یا وہ کچلا گیا، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اسے پانی اور بیری کے پتوں سے غسل دو اور دو کپڑوں کا کفن دو، اسے خوشبو نہ لگانا اور نہ اس کا سر چھپانا۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اسے اس حال میں اٹھائے گا کہ تلبیہ کہہ رہا ہوگا، (صحیح بخاری رقم الحدیث: 1449)''۔

مزید یہ کہ اگر یہاں سے احرام باندھ کر عمرے یا حج کی نیت سے روانہ ہوئے ہیں اور درمیان میں ایک یا دو دن انہیں جدہ میں ٹھہرنا پڑے تو یہ سارا وقت بھی عبادت میں شمار ہوگا، احرام میں کوئی وزن تو نہیں اٹھانا، بس صرف احرام کی پابندیوں کا خیال رکھنا ہے۔

## سوال:82

بعض حج گروپ اپنے گروپ کے افراد کو ۷، ذی الحجہ کو منیٰ اور ۸، ذی الحجہ کی شب کو عرفات میں قیام کراتے ہیں، بعض احباب کے استفسار پر یہ جواز پیش کرتے ہیں، اس عجلت سے ہم ٹریفک کے اژدھام اور سفر کے دیگر مصائب ومشکلات سے محفوظ ہو جاتے ہیں اور ہر دو مقام پر جگہ بھی مناسب مل جاتی ہے، کیا ازروئے شرع ان کا یہ عمل حج کے اعمال میں نقائص کا سبب تو نہ بنے گا؟۔

## جواب:

۷، ذی الحجہ کو بعد نمازِ ظہر امام خطبہ پڑھتا ہے اس خطبے کو سنے، یوم الترویہ (۸، ذی الحجہ) کو آفتاب نکل آئے تو منیٰ کو روانہ ہو آفتاب نکلنے سے پہلے گیا تو بھی جائز مگر بعد میں جانا بہتر ہے زوال کے وقت بھی جا سکتا ہے مگر ظہر کی نماز منیٰ میں پڑھے، رات منیٰ میں ٹھہرے فجر پڑھ کر عرفات روانہ ہو۔

Marfat.com

(وخطب الامام اولیٰ خطب الحج الثلاث سابع ذی الحجة بعد الزّوال و) بعد (صلاۃ الظھر) وکرہ قبلہ (وعلم فیھا المناسک فاذا صلّی بمکّۃ الفجر) یو م الترویہ (ثامن الشھر الی منی ومکث بھا الی فجر عرفۃ ثمّ )بعد طلوع الشمس (راح الیٰ عرفات) علیٰ طریق ضب(و) عرفات (کلھا موقف الّا بطن عرنۃ) (فبعد الزوال قبل ) صلاۃ (الظھر خطب الامام)۔

ترجمہ: (اور امام خطبہ پڑھے گا، ذی الحجہ کو بعد زوال اور بعد نمازِ ظہر) اس سے پہلے مکروہ ہے (اور مناسک حج سکھے پھر نمازِ فجر مکہ میں پڑھے، ۸ذی الحجہ کو منیٰ روانہ ہو اور فجر تک عرفہ میں ٹھہرے پھر بعد طلوع آفتاب عرفات کو چلے پورا عرفات موقف ہے سوائے بطن عرنہ کے پھر بعد زوال نمازِ ظہر سے پہلے امام خطبہ پڑھے گا، (ردالمحتار علی الدرالمختار جلد 3 ص:458, 459 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)''، علامہ امجد علی اعظمی لکھتے ہیں:

'' آج کل بعض مطوفوں نے یہ نکالی ہے کہ آٹھویں کو منیٰ میں نہیں ٹھہرتے سیدھے عرفات پہنچتے ہیں ان کی نہ مانے اور اس سنت عظیمہ کو ہرگز نہ چھوڑے، (بہارِ شریعت جلد اول، ص:478 مکتبۂ رضویہ آرام باغ، کراچی)''۔ ایک تو یہ ہے کہ کاہلی، سہل پسندی اور سنت کو اہمیت نہ دیتے ہوئے قیامِ منیٰ کو ترک کر دیا جائے، یہ سوچ اور طرزِ عمل بلاشبہ اجروثواب میں کمی کا باعث بنے گا اور عبادت حج کے کامل واکمل ہونے میں مانع اور حارج ہوگا، اگرچہ ادائے فرض ہو جائے گا، لیکن عبادت کا اجرِ کامل اور مرتبۂ کمال کسی عبادت کے اندر فرض وواجب کے ساتھ سنن ومستحبات اور آداب کی کامل رعایت اور محرمات اور ممنوعات اور مکروہات سے اجتناب سے نصیب ہوتا ہے، تاہم اگر بندہ اپنی طرف سے پوری جدوجہد کرے مگر ٹریفک میں پھنس جانے یا منیٰ میں جگہ نہ ملنے کے باعث قیام منیٰ نہ کرسکا ہو تو اللہ تعالیٰ نیتوں کا حال جاننے والا ہے، لیکن چونکہ یہ سبب ترک سنت اللہ کی طرف سے نہیں ہے بلکہ بندوں کی اپنی طرف سے ہے اسی لئے احتیاط پسند اور تقویٰ شعار علماء یہ کہتے ہیں کہ بندے کو حج کے اختتام پر حسب توفیق دم یا صدقہ دے دینا چاہئے تاکہ دانستہ یا نادانستہ

Marfat.com

یا مجبوری ومشکلات کے باعث عبادت میں کچھ کمی رہ گئی ہو تو اس کی تلافی ہو جائے''۔

**سوال:83**

ایک کلمہ گو حضور ﷺ کی ذات مقدسہ کے بارے میں شفیع المذنبین کا عقیدہ رکھتے ہوئے، حضور ﷺ کی بارگاہ میں درخواست شفاعت پیش کرتا ہے، زید یہ کہتا ہے کہ اگر درخواست شفاعت پیش کی اور اس پر بھروسہ کیا تو باجماع امت کافر ہو گیا، نیز حضور ﷺ سے کس طرح کا سوال کرنا شرک ہے؟

**جواب:**

چونکہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اپنے ماذونین کی شفاعت کا قرآن مجید میں خود ذکر فرمایا ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ کے انبیاء کرام ورُسل عظام علیہم الصلاۃ والتسلیم، اولیاء کرام، مقرّبین ومکرّمین ومحبوبین رضی اللہ عنہم اجمعین حتیٰ کہ از روئے حدیث حافظ وعاملِ قرآن اور ناتمام پیدا شدہ بچے کی شفاعت بھی از روئے حدیث ثابت ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ۔

ترجمہ: ''کس کی مجال ہے کہ اس کی بارگاہ میں شفاعت کرے، مگر جسے وہ خود اذنِ شفاعت دے دے، (البقرہ:255)''۔

ہمارا عقیدہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ ماذون الشفاعت ہیں اور احادیثِ مشہورہ سے آپ کی شفاعتِ کبریٰ ثابت ہے، اسی طرح سے بچے کی نمازِ جنازہ میں اسی ترتیب کے بعد جو بھی دعا پڑھی جاتی ہے، اس میں ہم سب پڑھتے ہیں:

اللھم اجعله لنا شافعا و مشفعا۔

ترجمہ: ''اے اللہ اس بچے کو ہمارے لئے شفاعت کرنے والا اور مقبولِ شفاعت بنادے''۔

عن جابر؛ قال: سمعت رسول اللہ ﷺ یقول: "ان شفاعتی یوم القیامة لاهل الکبائر من امتی۔

Marfat.com

ترجمہ: ''حضرت جابر فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری شفاعت قیامت کے دن میری امت کے گناہِ کبیرہ والوں کے لئے ہے، (سنن ابن ماجہ، رقم الحدیث: 4310)''۔

اسی طرح حدیث پاک میں ناتمام بچوں کے بارے میں آیا ہے کہ جب ان کے ماں باپ کو جہنمی قرار دیا جائے گا تو وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اس کے عطا کردہ اذن سے بطورِ خاص احتجاج کرے گا، تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا: أیّها السقط المراغم ربّه! أدخل أبويك الجنّة۔

ترجمہ: ''اے اپنے رب سے جھگڑنے والے ناتمام بچے، جا اپنے ماں باپ کو جنت میں لے جا، (سنن ابنِ ماجہ رقم الحدیث: 1608 مطبوعہ دار الفکر بیروت)''۔

حافظ قرآن کے بارے میں حدیث ہے:

عن علی قال: قال رسول اللہ ﷺ: من قرأ القرآن واستظهره فاحلّ حلاله وحرّم حرامه ادخله الله به الجنّة وشفّعه فی عشرة من اهل بيته كلهم قد وجبت له النار۔

ترجمہ: حضرت علی سے روایت ہے رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: جس نے قرآن پڑھا اس کو یاد (حفظ) کیا، پس حلال کو حلال اور حرام کو حرام جانا، تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت میں داخل فرمائے گا اور اس کی شفاعت سے اس کے گھر والوں میں سے ایسے دس افراد جن پر جہنم لازم ہوگئی ہو جنت میں داخل فرمائے گا، (سنن ترمذی رقم الحدیث: 2905)''۔

عن عثمان ابن عفان قال: قال رسول الله ﷺ: "يشفع يوم القيامة ثلاثة: الانبياء ثم العلماء ثم الشهداء"۔

ترجمہ: ''حضرت عثمان ابن عفان سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن تین جماعتیں شفاعت کریں گی، انبیاء پھر علماء پھر شہید لوگ، (سنن ابن ماجہ، رقم الحدیث: 4313''۔

Marfat.com

**سوال:84**

زید یہ کہتا ہے کہ زیارت روضۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مشروع نہیں، جن احادیث سے دلائل پیش کئے جاتے ہیں، وہ ضعیف یا موضوع ہیں و نیز زائرین کے لئے مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت مسنون ہے، خواہ قبل از حج ہو یا بعد از حج؟۔

**جواب:**

زیارتِ روضۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ثبوت میں جو روایات بیان کی جاتی ہیں وہ پیشِ خدمت ہیں:

عن ابنِ عمر قال قال رسول اللہ ﷺ من حج فزار قبری بعد وفاتی کانما زارنی فی حیاتی۔

ترجمہ:'' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس نے حج کیا اور میری وفات کے بعد میری قبر کی زیارت کی گویا کہ اس نے میری زندگی میں میری زیارت کی ہے، (سنن دار قطنی جلد 2 ص:378 مطبوعہ دار نشر السنۃ ملتان)''۔

اس حدیث کو امام بیہقی نے (السنن الکبریٰ جلد 2 ص:246 مطبوعہ دار نشر السنۃ ملتان)، حافظ الہیثمی نے (مجمع الزوائد جلد 4 ص:2 دار الکتب العربیہ بیروت)، علامہ علی متقی ہندی نے (کنز العمال جلد 5 ص:135 مؤسسۃ الرسالۃ بیروت)، اور حافظ دیلمی (فردوس الاخبار جلد 4 ص:72 دار الکتب العربیہ بیروت) نے بھی ذکر کیا ہے۔

عن حاطب قال: قال رسول اللہ ﷺ :من زار نی بعد موتی،فکانما زار نی فی حیاتی ومن مات باحد الحرمین بعث من الامنین یوم القیامۃ۔

ترجمہ:'' حاطب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے میرے وصال کے بعد میری زیارت کی اس نے گویا کہ میری زندگی میں میری زیارت کی اور جو شخص حرمین میں سے کسی جگہ فوت ہوا، وہ قیامت کے دن امن والوں میں سے اٹھے گا، (سنن دار قطنی جلد 2 ص:378 مطبوعہ دار نشر السنۃ ملتان)''۔

Marfat.com

اس حدیث کو علامہ علی متقی ہندی نے ( کنزالعمال جلد 5 ص:136 مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت) بھی ذکر کیا ہے:

عن ابن عمر قال: قال رسول اللہ ﷺ من زارقبری وجبت لہ شفاعتی۔

ترجمہ:''حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے میری قبر کی زیارت کی اس کے لئے میری شفاعت واجب ہوگئی،(سنن دار قطنی جلد 2 ص:378 مطبوعہ دارنشر السنۃ ملتان)''۔

حافظ الہیثمی نے ( کشف الاستارعن زوائد البزار ج 2 ص:57، مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت) اس کوامام بزار کے حوالے سے ذکر کیا ہے:

عن ابن عمر قال: قال رسول اللہ ﷺعلیہ وسلم من حج البیت ولم یزرنی فقد جفانی۔

ترجمہ:''حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس شخص نے بیت اللہ کا حج کیا اور میری زیارت کے لئے نہیں آیا، اس نے مجھ سے بے وفائی کی،(فردوس الاخبار ج:4 ص:71 مطبوعہ دارالکتاب العربی، بیروت)''۔

اس حدیث کو علامہ علی متقی ہندی نے ( کنزالعمال جلد 5 ص:136 مطبوعہ مؤسسۃ الرسالۃ بیروت) بھی ذکر کیا ہے۔

نوٹ: مندرجہ بالا حوالہ جات شرح صحیح مسلم مصنفہ علامہ غلام رسول سعیدی جلد 3 صفحات 766 سے نقل کیے گئے ہیں، وہاں پر یہ بحث مفصل ملاحظہ کی جاسکتی ہے۔

ان روایات کے ضعف کا قول تو کیا گیا ہے، لیکن شیخ ابن تیمیہ اوران کے متبعین کے سوا کسی نے انہیں موضوع قرار نہیں دیا، حج وعمرے کے موقع پر زیارت روضۂ رسول اکرم ﷺ کو کسی نے واجب نہیں قرار دیا، بلکہ یہ احادیث رسول اللہ ﷺ کی روشنی میں مسنون و مستحب امر ہے، اور چونکہ بعض روایات میں ترکِ زیارت پر وعید بھی آئی ہے اور رسول اللہ ﷺ نے اسے اپنے ساتھ جفا قرار دیا ہے تو اس کا سنت ہونا زیادہ مؤکد قریب بہ واجب

Marfat.com

ہو جاتا ہے۔

کسی حدیث کو اگر ماہرینِ اسماء الرجال نے ضعیف قرار دیا ہو تو یہ ایک علمی اور فنی بحث ہے، اسے حدیث پر ترکِ عمل کا سہارا نہیں بنانا چاہئے، اور ویسے بھی علماء کے نزدیک یہ امر مسلّم ہے کہ ''فضائلِ اعمال میں ضعیف احادیث معتبر ہوتی ہیں''، اور کسی ایک موضوع پر متعدد ضعیف احادیث ایک دوسرے کی تقویت کا باعث بنتی ہیں، اس کی ایک عملی مثال یوں سمجھ لیجئے کہ ایک شخص آپ کو آکر ایک خبر سناتا ہے، آپ اسے زیادہ ثقہ اور معتمد نہیں سمجھتے لیکن پھر مختلف جہات سے اس جیسے کئی افراد اپنے مشاہدے کی بناء پر وہی خبر سناتے ہیں تو آپ یقین کرلیں گے کہ یہ واقعہ ضرور ہوا ہوگا۔ اور ویسے بھی یہ بڑی جفا، شقاوت اور احسان فراموشی کی بات ہوگی کہ جس ذاتِ والا صفات، خاتم النبیّن رحمۃ للعالمین ﷺ کے وسیلے سے بیت اللہ کا عرفان ملا، عباداتِ حج وعمرہ نصیب ہوئیں، دولتِ ایمان ملی، نعمت قرآن ملی، ان کے قریب جاکر، سلام عرض کئے اور زیارت وحاضری کا شرف حاصل کئے بغیر بندہ واپس آجائے۔

ہم لوگ تو ویسے ہی گنہگار ہیں، عصیاں شعار ہیں، اپنی بداعمالیوں کے سبب خود ہی اپنی جانوں پر ظلم کرتے رہتے ہیں اور عبادت حج کا ایک مقصدِ جلیل تعمیلِ حکمِ باری تعالیٰ کے علاوہ یہ بھی ہے کہ ہمارے گناہوں کی عفو ومغفرت کی کوئی صورت نکل آئے اور اس کی صورت اللہ جل شانہٗ نے قرآن مجید میں ارشاد فرمائی ہے:

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝

ترجمہ: اور جب یہ اپنی جانوں پر ظلم کر بیٹھے تھے، تو یہ آپ کے پاس آجاتے، پھر اللہ سے مغفرت طلب کرتے اور رسول بھی ان کے لئے استغفار کرتے، تو یہ ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا، بے حد رحم فرمانے والا پاتے، (سورۃ النسآء: 64)''۔

بیشتر مفسرین کا اس پر اجماع ہے کہ اس آیۂ مبارکہ کی رو سے جس طرح رسول اللہ ﷺ کی

Marfat.com

حیاتِ ظاہری میں گنہگارانِ امت کے لئے آپ کی بارگاہ میں حاضر ہو کر اللہ تعالیٰ سے دعاء مغفرت کرنا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ان کے لئے استغفار کرنا وسیلۂ مغفرت تھا، اسی طرح آپ کے وصال فرمانے کے بعد آپ کے روضۂ اقدس پر حاضری بھی وسیلۂ مغفرت ہے، چنانچہ حافظ عماد الدین اسماعیل بن عمر بن کثیر متوفی 774ھ لکھتے ہیں:

اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں عاصیوں اور گنہگاروں کو یہ ہدایت دی ہے کہ جب ان سے خطا اور گناہ ہو جائے تو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس آئیں اور آپ کے پاس آ کر استغفار کریں، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے یہ درخواست کریں کہ آپ بھی ان کے لئے اللہ تعالیٰ سے مغفرت کی درخواست کریں اور جب وہ ایسا کریں گے تو اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول فرمائے گا، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے وہ ضرور اللہ کو بہت توبہ قبول کرنے والا اور بہت مہربان پائیں گے۔ مفسرین کی ایک جماعت نے ذکر کیا ہے ان میں الشیخ ابو منصور الصباغ بھی ہیں، انہوں نے اپنی کتاب الشامل میں عتبی کی یہ مشہور حکایت لکھی ہے کہ میں (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے وصال کے بعد) نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی قبر پر بیٹھا ہوا تھا کہ ایک اعرابی نے آ کر کہا السلام علیک یا رسول اللہ، میں نے اللہ عزوجل کا یہ ارشاد سنا ہے: وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ الآیہ اور میں آپ کے پاس آگیا ہوں اور اپنے گناہ پر اللہ سے استغفار کرتا ہوں اور اپنے رب کی بارگاہ میں آپ سے شفاعت طلب کرنے والا ہوں، پھر اس نے عربی کے دو شعر پڑھے، جن کا ترجمہ یہ ہے:

”اے وہ جو زمین کے مدفونین میں سب سے بہتر ہیں، جن کی خوشبو سے زمین اور ٹیلے خوشبودار ہو گئے۔

میری جان اس قبر پر فدا ہو جس میں آپ ساکن ہیں، اس میں عفو ہے اس میں سخاوت ہے اور لطف و کرم ہے“۔

پھر وہ اعرابی چلا گیا، عتبی بیان کرتے ہیں کہ مجھ پر نیند غالب آ گئی، میں نے خواب میں نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زیارت کی اور آپ نے فرمایا اے عتبی! اس اعرابی کے پاس جا کر اس کو خوشخبری دو

Marfat.com

کہ اللہ نے اس کی مغفرت کردی ہے،(تفسیر ابن کثیر ج2ص:329-328،الجامع لاحکام القرآن ج5ص:265،البحر المحیط ج3ص:694،مدارک التنزیل علی ہامش الخازن ج1ص:399)۔

مفتی محمد شفیع متوفی 1396ھ لکھتے ہیں:

یہ آیت اگرچہ خاص واقعہ منافقین کے بارے میں نازل ہوئی ہے،لیکن اس کے الفاظ سے ایک عام ضابطہ نکل آیا کہ جو شخص رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوجائے اور آپ اس کے لیے دعاء مغفرت کردیں اس کی مغفرت ضرور ہوجائے گی اور آنحضرت ﷺ کی خدمت میں حاضری جیسے آپ کی دنیاوی حیات کے زمانہ میں ہوسکتی تھی،اسی طرح آج بھی روضہ اقدس پر حاضری اسی حکم میں ہے،اس کے بعد مفتی صاحب نے بھی عبتی کی مذکور الصدر حکایت بیان کی ہے،(معارف القرآن ج2ص:460-459،مطبوعہ ادارۃ المعارف،کراچی)۔

معروف دیوبندی عالم شیخ محمد سرفراز گکھڑوی لکھتے ہیں:

عبتی کی حکایت اس میں مشہور ہے اور تمام مذاہب کے مصنفین نے مناسک کی کتابوں میں اور مؤرخین نے اس کا ذکر کیا ہے اور سب نے اس کو مستحسن قرار دیا ہے،اسی طرح دیگر متعدد علماء کرام نے قدیما وحدیثا اس کو نقل کیا ہے اور حضرت تھانوی لکھتے ہیں کہ مواہب میں بہ سند امام ابو منصور صباغ اور ابن النجار اور ابن عساکر اور ابن الجوزی رحمہم اللہ تعالیٰ نے محمد بن حرب ہلالی سے روایت کیا ہے کہ میں قبر مبارک کی زیارت کر کے سامنے بیٹھا تھا کہ ایک اعرابی آیا اور زیارت کر کے عرض کیا کہ یا خیر الرسل،اللہ تعالیٰ نے آپ پر ایک سچی کتاب نازل فرمائی جس میں ارشاد ہے:

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا ﴿۶۴﴾ اور میں آپ کے پاس اپنے گناہوں سے استغفار کرتا ہوا اور اپنے رب کے حضور میں آپ کے وسیلہ سے شفاعت چاہتا ہوا آیا ہوں پھر دو شعر پڑھے۔ اور اس

Marfat.com

محمد بن حرب کی وفات 228ھ میں ہوئی ہے، غرض زمانہ خیر القرون کا تھا اور کسی سے اس وقت نکیر منقول نہیں، پس حجت ہو گیا (نشر الطیب ص 254) اور حضرت مولانا نانوتوی یہ آیت کریمہ لکھ کر فرماتے ہیں: "کیونکہ اس میں کسی کی تخصیص نہیں، آپ کے ہم عصر ہوں یا بعد کے امتی ہوں، اور تخصیص ہو تو کیونکر ہو آپ کا وجود تربیت تمام امت کے لئے یکساں رحمت ہے کہ پچھلے امتیوں کا آپ کی خدمت میں آنا اور استغفار کرنا اور کرانا جب ہی متصور ہے کہ قبر میں زندہ ہوں (آب حیات ص:40) اور حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی یہ سابق واقعہ ذکر کر کے آخر میں لکھتے ہیں: پس ثابت ہوا کہ اس آیت کریمہ کا حکم آنحضرت ﷺ کی وفات کے بعد بھی باقی ہے، (اعلاء السنن ج10 ص:330)۔

ان اکابر کے بیان سے معلوم ہوا کہ قبر پر حاضر ہو کر شفاعت و مغفرت کی درخواست کرنا، قرآن کریم کی آیت کے عموم سے ثابت ہے، بلکہ امام سبکی فرماتے ہیں کہ یہ آیت کریمہ اس معنی میں صریح ہے (شفاء السقام ص:128) اور خیر القرون میں یہ کاروائی ہوئی مگر کسی نے انکار نہیں کیا جو اس کے صحیح ہونے کی واضح دلیل ہے، (تسکین الصدور ص:366-365، ملخصا، مطبوعہ ادارہ نصرت العلوم گوجرانوالہ)۔

نوٹ: یہ تمام حوالہ جات تفسیر تبیان القرآن مصنفہ علامہ غلام رسول سعیدی جلد 2 صفحات 714 تا 716 سے نقل کئے گئے ہیں، وہاں پر یہ بحث مفصل ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔

اس سے ثابت ہوا کہ باری تعالیٰ سے طلبِ مغفرت کے لئے اور رسول اللہ ﷺ سے طلبِ شفاعت کے لئے روضۂ رسول اور ختم المرسلین کی بارگاہِ اقدس میں حاضری از سلف تا خلف متفق علیہ امر ہے اور رسول اللہ ﷺ اپنی حیاتِ ظاہری کی طرح اس دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد بھی ہمارے احوال و اعمال کا مشاہدہ فرماتے ہیں، اذنِ باری تعالیٰ سے ہماری نصرت اور دستگیری فرماتے ہیں اور بارگاہِ رب العلیٰ میں ہمارے لئے عفو و مغفرت اور شفاعت کا وسیلۂ کاملہ قطعیہ ہیں۔

Marfat.com

# عمرے کی ادائیگی کے لئے محرم

**سوال:85**

کوئی شخص اپنی ساس یا ساس کی والدہ (نانی ساس) کے ساتھ حج یا عمرے کی ادیگی کے لئے جاسکتا ہے؟۔ (حافظ سلیم محمود، R-772 سیکٹر 7-D/3 نارتھ کراچی)۔

**جواب:**

خواتین کیلئے حج وعمرے کی وہی شرائط ہیں، جو مردوں کیلئے، ہاں! ایک شرط زائد ہے کہ اسے سفرِ حج کے دوران اپنے شوہر یا کسی محرم کی رفاقت میسر ہو۔ محرم سے مراد نسب، رضاعت (دودھ شریک کا رشتہ) یا مصاہرت کے رشتے سے ایسے قریبی رشتہ دار ہیں، جن کے ساتھ اس عورت کا نکاح ہمیشہ ہمیشہ کیلئے حرام ہو، جیسے باپ، چچا، ماموں، بیٹا، بھتیجا، بھانجا، داماد، خسر اور دودھ کے رشتے سے بھائی، باپ وغیرہ۔

امام علاؤالدین ابی بکر بن مسعود لکھتے ہیں:

واما الذی یخص النساء فشرطان: احدھما: ان یکون معھا زوجھا او محرم لھا فان لم یوجد احدھما لا یجب علیھا الحج۔

ترجمہ: اور عورتوں کے لئے دو شرطیں خاص ہیں، ان میں سے ایک شرط یہ ہے کہ اس کا شوہر یا اس کا محرم اسکے ساتھ ہو، پس اگر ان دونوں میں سے کسی ایک کو نہ پائے تو اس پر حج واجب نہیں، دوسرے مقام پر لکھتے ہیں:

ثم صفة المحرم أن یکون ممن لایجوز له نکاحها علی التابید اما بالقرابة أو الرضاع أو الصهریة لأن الحرمة المؤ بدةتزیل التهمة فی الخلوة، ولهذا قالوا: ان المحرم اذا لم یکن مأموناً علیه لم یجز أن تسافر معه۔

ترجمہ: "محرم وہ شخص ہے جس سے ہمیشہ ہمیشہ کے لئے نکاح حرام ہو، خواہ حرمتِ نکاح رشتۂ قرابت کی وجہ سے ہو یا رشتۂ رضاعت کی وجہ سے ہو یا رشتۂ سسرالی کی وجہ سے (مثلاً داماد)، کیونکہ دائمی حرمت سے خلوت میں تہمت کا اندیشہ زائل ہو جاتا ہے، اسی لئے فقہاء

Marfat.com

کرام نے کہا ہے کہ اگر محرم بھی قابلِ اعتماد نہ ہو(یعنی اس سے آبرو محفوظ نہ ہو) تو اس کے ساتھ بھی عورت کا سفر پر جانا جائز نہیں ہے، (بدائع الصنائع، جز ثانی ،صفحہ 87، 188 مطبوعہ مرکز اہل سنت برکات رضا، گجرات، ہند)''۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

(القسم الثانی المحرمات بالصهرية) وهی اربع فرق (الاولیٰ) امهات الزوجات وجداتهن من قبل الاب والام وان علون۔

ترجمہ:'' (دوسری قسم سسرالی رشتے سے محرمات کے بیان میں) اور وہ چار قسموں پر ہیں (ان میں سے ایک) بیوی یا بیویوں کی مائیں اور دادیاں، نانیاں، (خواہ وہ باپ کی طرف سے ہوں یا ماں کی طرف سے) اگر چہ اوپر تک ہوں، (فتاویٰ عالمگیری جلد اول ص 274 مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)''۔

لہٰذا داماد ساس یا ساس کی والدہ (نانی ساس) کے ہمراہ حج یا عمرے کے سفر پر جاسکتا ہے، کیونکہ وہ سسرالی رشتے کی بناء پر اس کا محرم ہے، واللہ اعلم بالصواب۔

## حج سے تمام گناہوں کا معاف ہوجانا

**سوال:** 86

آپ سے ایک مسئلہ یہ میں نے سنا ہے کہ حج سے پہلے کے تمام گناہ بندے کے حج کرنے کے بعد معاف ہوجاتے ہیں، میں نے 2002ء میں حج کیا جب سے لے کر آج تک اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں پوری پابندی کرتی ہوں نماز قضاء وغیرہ بھی ادا کرلیتی ہوں، (عذرا جہاں، کورنگی)۔

**جواب :**

آپ نے جو لکھا ہے کہ'' حج سے پہلے کے تمام گناہ بندے کے حج کرنے کے بعد معاف ہوجاتے ہیں''، ادائیگیٔ حج کے لئے جانے سے قبل کبیرہ گناہوں کی توبہ کی جائے، فرائض کی ادائیگی مثلاً قضا نمازوں کی ادائیگی یا ادائیگی کا عزم، زکوٰۃ کی ادائیگی، حق العبد

Marfat.com

یعنی اگر کسی کا حق اس کے ذمے ہے، تو اس حق کی ادائیگی یا اس سے اس حق کو معاف کرائے۔ حدیث مبارک میں ہے: نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جس نے حج کیا اور فحش کلام نہ کیا اور فسق نہ کیا تو گناہوں سے ایسا پاک ہو کر لوٹا جیسے اس دن پاک تھا جس دن اپنی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا تھا، (صحیح بخاری و مسلم)۔ ایک اور حدیث میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: عمرہ سے عمرہ تک ان گناہوں کا کفارہ ہے جو درمیان میں ہوئے اور حج مبرور کا ثواب جنت ہی ہے، (صحیح بخاری و مسلم)۔

اس حدیث کا مفہوم یہ ہے کہ بندے سے جو صغیرہ گناہ نادانستہ طور پر سرزد ہو جاتے ہیں اعمال صالحہ کی برکت سے اللہ تعالیٰ انہیں معاف فرما دیتا ہے، چنانچہ حدیث پاک میں ہے: حضرت ابو ہریرہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: پانچ نمازیں (ایک نماز سے دوسری نماز تک) اور جمعہ دوسرے جمعہ تک اور ایک رمضان سے دوسرے رمضان تک کفارہ ہے ان گناہوں کے لئے جو اس درمیان ہوئے جب کہ وہ گناہِ کبیرہ سے اجتناب کرتا ہو، (صحیح مسلم)۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: بتاؤ تو کسی دروازے پر نہر ہو وہ اس میں ہر روز پانچ بار غسل کرے، کیا اس کے بعد بدن پر میل رہ جائے گا عرض کی نہیں اس کے بدن پر کوئی میل باقی نہیں رہے گا فرمایا: یہی مثال پانچوں نمازوں کی ہے اللہ تعالیٰ ان کے سبب خطاؤں کو محو (مٹا) فرما دیتا ہے، (صحیح بخاری و مسلم)۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے فرماتے ہیں: ایک صاحب آئے عرض کی یا رسول اللہ ﷺ مجھ پر حد قائم فرمایئے آپ نے اس سے کوئی سوال نہ فرمایا اور نماز کا وقت آ گیا پھر اس شخص نے نبی ﷺ کے ساتھ نماز ادا کی، رسول اللہ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے تو وہ شخص پھر کھڑا ہو گیا اور عرض کیا: یا رسول اللہ ﷺ میں نے ایسا فعل کیا ہے کہ جس کے باعث مجھ پر حد واجب ہو گئی ہے تو مجھ پر حد قائم فرمایئے جو کتاب اللہ میں ہے، آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تم نے ہمارے ساتھ نماز ادا نہیں کی اس عرض کی جی ہاں! آپ نے فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے تیرے لئے تیرے گناہ کو جو تیرے نزدیک موجب حد تھا

Marfat.com

معاف فرمادیا، (بخاری ومسلم)۔

ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ ایک صاحب سے ایک گناہ صادر ہوا حاضر ہوکر عرض کیا، اس پر یہ آیت نازل ہوئی، ترجمہ: ''نماز قائم کرو دن کے دونوں کناروں اور رات کے کچھ حصے میں بیشک نیکیاں گناہوں کو دور کرتی ہیں، یہ نصیحت ہے نصیحت ماننے والوں کے لئے، (سورۃ ہود: 114)''۔

انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ ﷺ! کیا یہ خاص میرے لئے ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری تمام امت کے لئے، ایک روایت میں یہ بھی آیا آپ نے فرمایا: کہ میری امت سے جو بھی نیک عمل کرے، (صحیح بخاری ومسلم)۔

ان احادیث مبارکہ کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ عبادات کی برکت سے صغیرہ اور غیر ارادی گناہوں کو معاف فرمادیتا ہے کسی عذر شرعی کی بناء پر فرض ترک ہوگیا ہے تو وہ معذور ہے عذر اٹھ جانے کے بعد اسے ادا کرے۔ اگر بلا عذر شرعی محض کوتاہی یا سرکشی کی بناء پر مثلاً فرض نماز وقت پر نہیں پڑھی، یا رمضان میں روزہ بلا عذر شرعی ترک کردیا تو یہ عمل بجائے خود فسق اور کبیرہ گناہ ہے، ان قضاء شدہ نمازوں اور روزوں کی قضاء کرے اور بلا عذر قضاء کا جو گناہ کیا ہے، اس کی اللہ تعالیٰ سے معافی بھی مانگے اور توبہ کرے، واللہ اعلم بالصواب۔

Marfat.com

# کتاب النکاح

Marfat.com

## حرمتِ رضاعت

**سوال:87**

کیا فرماتے ہیں مفتیانِ دین علماءِ کرام قرآن وسنت کی روشنی میں ازراہِ کرم جواب سے جلد از جلد مرحمت فرمائیں، کہ میرے ایک دوست کے بھائی محمد صالح شاہ اور اس کی کزن چچا کی بیٹی فاطمہ بنت رحیم شاہ کی شادی ان کے والدین طے کرنا چاہتے ہیں، مگر دونوں کے والدین یہ جانتے ہیں کہ محمد صالح شاہ نے اپنی چچی فاطمہ کی والدہ کا شیر خوارگی کی عمر میں دودھ پیا تھا۔ جہاں تک میری معلومات ہے کہ ان دونوں کا نکاح نہیں ہوسکتا جو کہ میں نے اپنے دوست کو بتایا تھا مگر اس نے کہا کہ کوئی شرعی فتویٰ ثبوت کے طور پر ہو، جو وہ والدین اور اپنے چچا کو دکھائے تا کہ کسی بھی غلطی اور گناہ سے بچا جاسکے۔ دوسری بات یہ ہے کہ کیا محمد صالح شاہ کے کسی بھی بھائی سے نکاح ہوسکتا ہے یا نہیں؟، (محمد عباس ہاشمی اختر القادری رضوی، ڈاکخانہ ٹنڈو مٹھا خان تحصیل وضلع سانگھڑ)۔

**جواب:**

قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَاُمَّھٰتُکُمُ الّٰتِیْٓ اَرْضَعْنَکُمْ وَاَخَوٰتُکُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ۔

ترجمہ: ’’اور تمہاری مائیں، جنہوں نے تمہیں دودھ پلایا اور تمہاری رضاعی بہنیں (تم پر حرام کی گئیں)، (النساء، آیت 23)‘‘۔

۱۔عن عائشة قالت : قال لی رسول اللہ ﷺ:"یحرم من الرضاعة ما یحرم من الولادة"۔

ترجمہ: ’’حضرت عائشہ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا: رضاعت سے وہ تمام رشتے حرام ہو جاتے ہیں جو نسب سے حرام ہوتے ہیں، (صحیح مسلم، رقم الحدیث:3505، مکتبہ نزار مصطفیٰ الباز، مکۃ المکرمۃ)‘‘۔

Marfat.com

۲۔ عن ابن عباس قال : قیل للنبی ﷺ: الا تتزوّج ابنة حمزة؟، قال : "انها ابنة اخی من الرضاعة۔"

ترجمہ:'' ابن عباس فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ سے عرض کی گئی کہ آپ حضرت حمزہ کی صاحبزادی سے نکاح کیوں نہیں کرلیتے ؟، ارشاد فرمایا:'' وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے''، ( صحیح بخاری، رقم الحدیث:5100، مکتبۃ العصریہ، بیروت )''۔

علامہ نظام الدین رحمۃ اللہ علیہ فتاوٰی عالمگیری میں لکھتے ہیں:

"یحرم علی الرضیع ابواہ من الرضاع واصو لهما وفروعهما من النسب والرضاع جمیعاً حتیٰ ان المرضعة لو ولدت من هذاالرجل او غیره قبل هذاالارضاع اوبعده اوارضعت رضیعاًاو ولد لهذاالرجل من غیرهذه المرأة قبل هذاالارضاع اوٗبعده اوٗ ارضعت امراة من لبنه رضیعا فالکل اخوة الرضیع واخواته واولادهم اولاداخوته واخواته واخوالرجل عمه واخته عمته واخوالمرضعة خاله واختها خالته وکذا فی الجد والجدة

ترجمہ:'' دودھ پینے والے پر اس کے رضاعی ماں باپ اور ان کے تمام اصول اور فروع حرام ہوجاتے ہیں، خواہ وہ نسباً اصول وفروع ہوں یا رضاعاً حتیٰ کہ اگر دودھ پلانے والی کے ہاں اس کے موجودہ شوہر سے یا کسی اور شوہر سے کوئی اولاد ہو، خواہ دودھ پلانے سے پہلے ہوں یا دودھ پلانے کے بعد ہو یا وہ کسی اور بچے کو دودھ پلائے یا دودھ پلانے والی کے شوہر کی کسی اور بیوی سے اولاد ہو، خواہ اس کو دودھ پلانے سے پہلے یا بعد، تو یہ سب دودھ پینے والے کے بھائی اور بہن اور ان کی اولاد اس کے بھائیوں اور بہنوں کی اولاد ہیں، دودھ پلانے والی کے شوہر کا بھائی اس کا چچا ہے اور اس کی بہن اس کی پھوپھی ہے اور دودھ پلانے والی کا بھائی اس کا ماموں ہے اور بہن اس کی خالہ ہے، اسی طرح دادا، دادی اور نانا، نانی کے رشتے ہیں''، ( فتاوٰی عالمگیری، جلد اول، ص:343 مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ )''۔

رضاعت ( دودھ شریک ) رشتہ دوطرفہ متعدی نہیں ہوتا بلکہ جانبِ واحد سے متعدی ہوتا

Marfat.com

ہے، یعنی جس بچی یا بچے نے کسی عورت کا دودھ پیا ہے، اس پر رضاعی ماں باپ کی ساری اولاد حرام ہے، جبکہ رضاعی ماں باپ کی اولاد پر صرف یہ بچہ یا بچی حرام ہے، جس نے دودھ پیا ہے، اس کے باقی بہن بھائی حرام نہیں ہے (بشرطیکہ حرمت کا کوئی اور سبب نہ ہو)۔لہٰذا فاطمہ بنت رحیم شاہ کی شادی محمد صالح شاہ کے دوسرے بھائیوں سے ہوسکتی ہے، رضاعت کا رشتہ صرف محمد صالح کے ساتھ قائم ہوا ہے، دوسرے بھائیوں کے ساتھ نہیں۔

## ثبوتِ رضاعت

**سوال:88**

میری بیٹی آمنہ کا رشتہ میرے چچازاد بھائی کے بیٹے عامر شہزاد سے ہورہا تھا، عامر شہزاد نے اپنی خالہ مریداں کا دودھ پیا ہے، جب میری بیٹی آمنہ چھ ماہ کی تھی تو میں اسے گاؤں لے گئی، وہاں ایک روز میں گھر میں کام کاج میں مصروف تھی کہ آمنہ رونے لگی مریداں نے اسے دودھ دینے کی غرض سے گود میں ڈال لیا اور کپڑا اٹھا ہی رہی تھی کہ میں وہاں آگئی اور اس پر غصہ کرنے لگی کہ میرے شوہر کی اجازت نہیں ہے، اس نے آمنہ کو میری گود میں دے دیا، جب میں نے اسے گود میں لیا تو خدا گواہ ہے کہ اس کا منہ سوکھا ہوا تھا، اس وقت آمنہ کی عمر ایک سال تھی اور مریداں کی بیٹی کی ساڑھے تین سال تھی، پھر تین سال قبل جب میں نے مریداں سے پوچھا کہ کیا تم نے میری بیٹی آمنہ کو دودھ پلایا ہے؟ تو اس نے کہا کہ مجھے تو معلوم نہیں کہ میں نے آمنہ کو دودھ پلایا ہے۔اب جب رشتے کی بات چلی تو وہ کہتی ہے کہ میں نے آمنہ کو دودھ پلایا ہے اور اس بات پر کوئی گواہ بھی نہیں ہے، ایسی صورت میں سوال یہ ہے کہ کیا عامر شہزاد اور آمنہ اقبال کا آپس میں نکاح جائز ہے یا نہیں؟، (غلام سکینہ، فیڈرل بی ایریا کراچی)۔

**جواب:**

رضاعت کا ثبوت دودھ پلانے والی کے اقرار سے ہوگا یا گواہانِ شرعیہ سے ہوگا۔عالمگیری میں ہے:

Marfat.com

الرضاع یظهر باحد أمرین أحدهما الاقرار والثانی البینة کذا فی البدائع ۔ ولایقبل فی الرضاع الا شها دة رجلین اورجل وامر اتین عدول کذا فی المحیط۔

ترجمہ: ”رضاعت دوطریقوں سے ثابت ہوگی، ایک یہ ہے کہ مرضعہ (دودھ پلانے والی) خود اقرار کرے، دوسرا یہ کہ اس پر شرعی گواہ ہوں، اور شہادت قبول نہیں کی جائے گی مگر یہ کہ دو عادل مرد ہوں یا ایک مرد اور دو عادل عورتیں ہوں ”محیط“ میں اس طرح سے ہے، (فتاویٰ عالمگیری جلد 1 صفحہ 347، مکتبۂ رشیدیہ کوئٹہ)“۔

صورت مسئولہ میں شہادت شرعیہ موجود نہیں ہے، مدعیہ کے بیان میں اضطراب پایا جاتا ہے، جس سے صورت حال مشکوک ہوگئی ہے، فتاویٰ عالمگیری میں ہے:

لا تثبت الحرمة بالشک۔ ترجمہ: ”شک سے حرمتِ رضاعت ثابت نہیں ہوتی، (فتاویٰ عالمگیری، جلد 1 صفحہ 344 مکتبۂ رشیدیہ کوئٹہ)“۔

لہٰذا صورت مسئولہ میں عامر شہزاد اور آمنہ کا آپس میں نکاح جائز ہے، فقط واللہ اعلم الصواب۔

## خالہ کے نکاح میں رہتے ہوئے اس کی بھانجی سے نکاح حرام ہے

**سوال:** 89

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ فاطمہ کی خالہ زید کے نکاح میں ہے۔ کیا فاطمہ بھی زید کے ساتھ نکاح کر سکتی ہے؟ اگر کر سکتی ہے تو کیسے اور نہیں کر سکتی تو کیسے، مہربانی فرما کر قرآن وحدیث کی روشنی میں تفصیلاً وضاحت فرمائیں، (محمد جان نعیمی ہزاروی، ضلع وتحصیل مانسہرہ)۔

**جواب:**

محرماتِ نکاح کی نو اقسام میں سے تیسری قسم ”جمع بین المحارم“ ہے، یعنی وہ عورتیں کہ ان میں اگر ایک کو مرد فرض کریں تو دوسری اس کے لئے حرام ہو، مثلاً ”دو بہنیں“ کہ ایک کو مرد فرض کریں، تو بھائی بہن کا رشتہ ہوا یا ”پھوپھی بھتیجی“، کہ پھوپھی کو مرد فرض

Marfat.com

کریں، تو ''چچا اور بھتیجی'' کا رشتہ ہوا اور بھتیجی کو مرد فرض کریں، تو ''پھوپھی اور بھتیجے'' کا رشتہ یا ''خالہ بھانجی'' کہ خالہ کو مرد فرض کریں، تو ''ماموں اور بھانجی'' کا رشتہ ہوا اور بھانجی کو مرد فرض کریں، تو بھانجے اور خالہ کا رشتہ ہوا، علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: والاصل ان کل امرأتین لو صورنا احداھما من أی جانب ذکرالم یجزِ النکاح بینھما برضاع أو نسب لم یجز الجمع بینھما ھکذا فی المحیط۔

ترجمہ: ''اور قاعدہ یہ ہے کہ ایسی دو عورتیں جن میں سے ایک کو مرد فرض کریں تو ان کا آپس میں نکاح جائز نہ ہو، نسب کے رشتے سے ہی خاص نہیں بلکہ رضاعی رشتے میں بھی دونوں کا جمع کرنا حرام ہے، ''محیط'' میں بھی اسی طرح ہے، (فتاویٰ عالمگیری، جلد: 1 ص: 277، مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

اللہ جل شانہٗ نے محرمات نکاح کے تفصیلی احکام میں ارشاد فرمایا: وان تجمع بین الاختین۔ (ترجمہ) ''اور کسی شخص کا (بیک وقت) اپنے نکاح میں دو بہنوں کا جمع کرنا بھی حرام ہے، (النساء)''۔ آیت میں اگرچہ صراحت کے ساتھ دو بہنوں کو نکاح میں جمع کرنا حرام قرار دیا گیا ہے، لیکن مفسرین کرام اور فقہاء کرام کا اس پر اجماع ہے کہ ایسی ہر دو عورتوں کو بیک وقت ایک شخص کے نکاح میں جمع کرنا حرام ہے، جن میں سے ایک کو مرد فرض کریں تو ان دونوں میں حرمت کا رشتہ قائم ہو جائے۔

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنه : أنّ رسول اللہ ﷺ قال: "لایُجمع بین المرأۃ وعمّتھا، ولا بین المرأۃ وخالتھا"۔

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''بھتیجی اور اس کی پھوپھی'' کو اور ''بھانجی اور اس کی خالہ'' کو نکاح میں ایک ساتھ جمع نہ کیا جائے، (صحیح بخاری، رقم الحدیث: 5109)''۔

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنه : أنّ رسول اللہ ﷺ نھیٰ عن اربع نسوۃ اِن یّجمع بینھن "المرأۃ وعمّتھا" "والمرأۃ وخالتھا"۔

Marfat.com

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے چار عورتوں کو نکاح میں جمع کرنے سے منع فرمایا ہے، ''بھتیجی اور اس کی پھوپھی'' اور'' بھانجی اور اس کی خالہ''، (صحیح مسلم، رقم الحدیث:3333)''۔

عن الزہری قال: حدثنی قبیصۃ بن ذؤیب: أنہ سمع أبا ہریرۃ یقول: نھیٰ النبی ﷺ أن تنکح المرأۃ علی عمّتھا، والمرأۃ علی خالتھا۔ فنری خالۃ أبیھا بتلک المنزلۃ۔

ترجمہ: ''زہری فرماتے ہیں کہ قبیصہ بن ذویب نے یہ حدیث بیان کی کہ انہوں نے ابوہریرہ سے سنا، وہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے'' عورت اور اس کی پھوپھی'' کو ایک نکاح میں (جمع) کرنے سے منع فرمایا، اور اسی طرح'' عورت پر اس کی خالہ'' کو (جمع کرنے سے منع فرمایا)۔ (زہری کہتے ہیں) ہمارا خیال یہ ہے بیوی کے باپ کی خالہ کا بھی یہی حکم ہے، (صحیح بخاری، رقم الحدیث:5110)''۔

عن ابی ھریرۃ، عن رسول اللہ ﷺ :''أنہ نھیٰ أن تنکح المرأۃ علی عمّتھا، أو خالتھا''۔

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اس سے منع فرمایا کہ پھوپھی کے نکاح میں ہوتے ہوئے اس کی بھتیجی سے نکاح کیا جائے یا بھتیجی کے نکاح میں ہوتے ہوئے اس کی پھوپھی کے ساتھ یا خالہ کے نکاح میں ہوتے ہوئے اس کی بھانجی کے ساتھ یا بھانجی کے نکاح میں ہوتے ہوئے اس کی خالہ سے نکاح کیا جائے، (سنن نسائی، رقم الحدیث:3290)''۔

مزید لکھتے ہیں: فان تزوج الاختین فی عقدۃ واحدۃ یفرق بینھما وبینہ فان کان قبل الدخول فلا شئی لھما وان کان بعد الدخول یجب لکل واحدۃ منھما الاقل من مھر مثلھا ومن المُسمّٰی کذا فی المضمرات ۔وان تزوجھما فی عقدتین فنکاح الاخیرۃ فاسد ویجب علیہ أن یفارقھا واو علم القاضی بذلک یفرق بینھما فان فارقھا قبل الدخول لایثبت شئی من الاحکام وان

Marfat.com

فارقها بعد الدخول فلها المهر ويجب الاقل من المسمى ومن مهر المثل وعليها العِدّةُ ويثبت النسب ويعتزل عن امرأته حتّٰى تنقضى عدة أختها كذا فى محيط السرخسى۔

ترجمہ: ''اگر دو بہنوں سے بیک وقت نکاح کیا تو کسی سے بھی نکاح نہیں ہوا، فوراً دونوں کے درمیان علیحدگی کر دی جائے گی، اگر ازدواجی تعلق قائم ہونے سے پہلے ہی علیحدگی کی گئی تو کوئی مہر واجب نہ ہوا اور اگر اس کے بعد علیحدگی ہوئی، تو ان میں سے ہر ایک کو (اگر دونوں سے دخول ہوا ہو تو) ''مہرِ مثل'' اور ''مقرّر مہر'' میں سے جو کم ہو وہ دیا جائے گا، ''مضمرات'' میں اسی طرح ہے۔ اور اگر دونوں سے یکے بعد دیگرے نکاح کیا ہو، تو جس سے بعد میں نکاح کیا، وہ فاسد ہوگا اور شوہر پر واجب ہے کہ اس سے فوراً علیحدگی اختیار کر لے، (اگر قاضی کو علم ہو جائے) تو وہ تفریق کر دے پس اگر مباشرت سے پہلے تفریق کی تو اس کے لئے کوئی حکم ثابت نہیں ہے، اور اگر مباشرت کے بعد تفریق ہوئی، تو اس کے لئے مہر مثل یا مقرر مہر میں سے جو کم ہو وہ دیا جائے گا، اور اس پر عدت لازم ہوگی، (بچہ پیدا ہو تو ثابت النسب ہوگا، اور اپنی بیوی سے دور رہے گا جب تک اس کی بہن کی عدّت پوری نہ ہو جائے، ''محیط سرخسی'' میں اسی طرح ہے، (فتاویٰ عالمگیری، جلد 1 ص: 277، 278، مطبوعہ: مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

صورتِ مذکورہ میں فاطمہ اور اس کی خالہ زید کے نکاح میں جمع نہیں ہو سکتیں، اور یہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی قائم کردہ حدیں ہیں جن کی پابندی از حد ضروری ہے۔

## حرمتِ مصاہرت

**سوال:** 90

محترم مفتی صاحب! یہ سوال میری چھوٹی ہمشیرہ کا ہے، جو میں ان کے الفاظ میں بیان کر رہا ہوں، اس امید کے ساتھ کہ آپ اپنی علمی قابلیت کو بروئے کار لاتے ہوئے شریعت محمدی کی روشنی میں اس کا جواب مرحمت فرمائیں گے۔ میری شادی میرے

Marfat.com

تایازاد کزن سے فروری 2002ء میں آج سے تقریباً چار سال پہلے ہوئی، سن 1994ء میں ہماری منگنی ہوئی شادی سے تقریباً دو سال پہلے کی بات ہے، میں اور میرا بڑا بھائی اپنے تایا کے گھر میں رہ رہے تھے (پڑھائی کے سلسلے میں کیونکہ والدین سعودیہ میں رہتے تھے) میرے تایا مجھ سے اور میرے بڑے بھائی سے کافی پیار کرتے تھے، اکثر مجھ سے اپنی ٹانگیں دبواتے تھے، ایک دن وہ اخبار پڑھ رہے تھے، اور انہوں نے کہا کہ میری ٹانگیں دباؤ، جب میں ان کی ٹانگیں دبا رہی تھی، تو انہوں نے پوچھا تمہارا پیٹ خراب ہے تو اپنی زبان دکھاؤ، تھوڑی دیر کے بعد انہوں نے کہا کہ اپنی زبان باہر نکالو اور ہاتھ لگا کر کہا کہ تمہاری زبان تو کافی نرم ہے، اور پھر انہوں نے زبان چوس لی، یہ عمل انہوں نے دوبارہ کیا، اللہ گواہ ہے کہ اس میں لکھا سب سچ ہے، اس بات سے میں بہت روئی تھی۔

اس واقعہ کے بعد گھر میں کافی جھگڑا ہوا، تایا اس بات سے سرے سے ہی منکر ہو گئے، خاندان کے لوگ میری بات کو مانتے بھی تھے، لیکن تایا کے سامنے کہنے کی جرات نہ کر سکے، نہ ہی کسی نے اس بابت شریعت سے رجوع کرنے کے بات کی یا کوشش کی، تایا کیونکہ خاندان میں سب سے بڑے ہیں، اور ان کا خاندان میں کافی رعب و دبدبہ ہے، جس کی وجہ سے کوئی ان سے بحث نہیں کرتا، میرے بار بار منع کرنے کے باوجود خاندان کے بڑوں نے میری شادی تایا کے بیٹے کے ساتھ کر دی، منگنی کے تقریباً 8 سال گزرنے کے بعد میرے دل میں تایازاد کے لئے پسندیدگی کے جذبات بھی تھے۔ ہماری شادی ہوئی، اس واقعہ کے بعد جو کہ بڑی مشکل سے ہوئی، شادی کے بعد اس گھر میں، مجھ پر ہر وقت ایک خوف طاری رہتا تھا، شادی سے پہلے کا واقعہ میرے دماغ پر ہر وقت سوار رہتا ہے اور مجھے انتہائی خوف محسوس ہوتا ہے، مختلف جھگڑے ہوئے۔

تایا کا بیان ہے کہ: ''بلکہ وہ لڑکی آئس کریم کھا رہی تھی، میں نے اس سے مانگی تو اس نے کہا کہ ختم ہوگئی ہے اور صرف میرے منہ میں باقی ہے، جو کہ میں نے (یعنی تایا نے) اپنے زبان کے ساتھ اٹھالی، اس وقت اس کی زبان بھی میرے منہ میں آگئی تھی، اور کہ اس میں

Marfat.com

کسی قسم کی شہوت نہ تھی اور میں اس پر قرآن اٹھانے کو تیار ہوں''۔
اب اصل صورتحال (جوکہ میں نے سوال میں بیان کی ہے) کی روشنی میں، میں حلفاً کہتی ہوں کہ تایا کا یہ بیان مکمل طور پر جھوٹ ہے۔
میں اور میرے گھر والے اس مسئلہ کی وجہ سے بہت پریشان ہیں، اور ہم نے ابھی تک اس سلسلے میں کوئی تحریری فتوی نہیں لیا، اس لئے جناب سے گذارش ہے کہ شریعت کی روشنی میں تفصیل سے بتائیں کہ میری ہمشیرہ کے لئے کیا حکم ہے؟ تحریر فرمائیں، (حماد آصف، رجسٹرار آفس نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی، سیکٹر G-5/2، اسلام آباد)۔

**جواب:**

وہ عورتیں، جن سے نکاح حرام ہے، ان کو 9 قسم پر منقسم کیا جاتا ہے، جس میں ایک قسم حرمتِ مصاہرت ہے، مرد وعورت ایک دوسرے کو شہوت سے چھوئیں یا ایک دوسرے کی شرمگاہ کو دیکھیں، تو عورت کے اصول وفروع مرد پر حرام ہوجائیں گے۔ اور مرد کے اصول وفروع عورت پر حرام ہوجائیں گے۔ اس کو حرمتِ مصاہرۃ کہتے ہیں۔
اس کے بارے میں علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: وکما تثبت ھذہ الحرمۃ بالوطء تثبت بالمس والتقبیل والنظر الی الفرج بشھوۃ کذافی الذخیرہ---
ترجمہ: ''حرمت مصاہرت، جس طرح وطی (مباشرت) سے ثابت ہوتی ہے، اسی طرح شہوت کے ساتھ چھونے، بوسہ لینے اور فرج (شرمگاہ) کی طرف نظر کرنے سے بھی ثابت ہوتی ہے، جیسا کہ ''ذخیرہ'' میں ہے، آگے چل کر لکھتے ہیں:
وکذا لوعضھا بشھوۃ ھکذا فی الخلاصہ۔
ترجمہ: ''اور اسی طرح اگر شہوت کے ساتھ دانت سے کاٹا ہوتو اس سے بھی حرمت ثابت ہوجائے گی، ''خلاصہ'' میں بھی اسی طرح ہے۔ (فتاویٰ عالمگیری، جلد 1 ص: 274, 275-، مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔
علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں: قال فی "الذخیرۃ": واذا قبلھا اولمسھا اونظر الی

Marfat.com

فرجها ثم قال: لم ی کن عن شهوة، ذكر الصدر الشهيد انه فى القبلة يفتى بالحرمة، مالم يتبين انه بلا شهوة، وفى المس والنظر لا، الا ان تبين انه بشهوة لان الاصل فى التقبيل الشهوة، بخلاف المس والنظر،.......... ومنهم من فصل فى القبلة فقال: ان كانت على الفم يفتى بالحرمة ، ولا يصدق انه بلاشهوة ، وان كانت على الرأس اوالذقن اوالخد فلا الا اذا تبين انه بشهوة و كان الامام ظهير الدين يفتى بالحرمة فى القبلة مطلقا، ويقول: لايصدق فى انه لم يكن بشهوة۔

ترجمہ: ''''ذخیرہ'' میں فرمایا: جب (کسی عورت کو) بوسہ دیا یا چھوایا اس کی شرمگاہ (فرج) کی طرف نظر کی، پھر کہتا ہے کہ یہ عمل شہوت سے نہیں تھا، صدر الشہید ذکر کرتے ہیں کہ بوسہ لینے میں حرمت کا فتویٰ دیا جائے گا، جب تک کہ یہ بالکل واضح نہ ہو کہ یہ بوسہ لینا شہوت کے بغیر تھا اور چھونے اور (شرمگاہ کی طرف) نظر کرنے پر حرمت کا فتویٰ نہیں دیا جائے گا، سوائے اس صورت کے کہ (ان دونوں امور کا) شہوت کے ساتھ ہونا بالکل واضح ہو، کیونکہ بوسہ لینے میں اصل شہوت ہے اور دیکھنے میں ایسا نہیں ہے (یعنی اصل شہوت نہیں ہے)، بعض فقہاء نے بوسہ لینے میں بھی تفصیل بیان کی ہے اور فرمایا ہے کہ: اگر بوسہ منہ پر لیا ہو، تو فتویٰ حرمتِ مصاہرت پر ہے اور اس کا شہوت کے بغیر ہونا سچا نہیں جانا جائے گا، اور اگر بوسہ پیشانی پر لیا ہو یا ٹھوڑی پر یا رخسار پر تو حرمت مصاہرت ثابت نہیں ہوگی، جب تک کہ شہوت سے نہ ہو،۔ اور امام ظہیر الدین بوسہ لینے میں مطلقاً حرمت کا فتویٰ دیتے ہیں، اور فرماتے ہیں: کہ اس کا بلا شہوت ہونے کا دعویٰ سچا نہیں مانا جائے گا۔

علامہ شامی آگے چل کر لکھتے ہیں:

وقال فى "الفيض": ولو قام اليها وعانقهامنتشرا اوقبلها وقال لم يكن عن شهوة لا يصدق، ولو قبل ولم تنتشر آلته وقال كان عن غيرشهوة يصدق، وقيل لا يصدق لو قبلها على الفم، وبه يفتى اه۔

ترجمہ: ''اور ''فیض'' میں فرمایا: کہ اگر اٹھ کر اس عورت کی طرف بڑھا اور اس کو گلے لگایا،

Marfat.com

اس حال میں کہ انتشارِ آلہ تھا یا بوسہ لیا اور کہتا ہے کہ شہوت سے نہیں تھا، تو اس کے قول کو نہیں مانا جائے گا۔ اور اگر اس نے بوسہ لیا اور انتشارِ آلہ نہیں ہوا اور وہ کہتا ہے کہ شہوت سے نہیں تھا تو اس کا قول معتبر مانا جائے گا اور بعض فقہاء نے فرمایا کہ اگر منہ پر بوسہ لیا ہے، تو اس کے بلاشہوت ہونے کے دعویٰ کی تصدیق نہیں کی جائے گی، (ردالمحتار علی الدرالمختار جلد 4 ص:90 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)"۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: ویشترط أن تکون المرأۃ مشتھاۃ کذا فی التبیین، والفتویٰ علی أن بنت تسع محل الشھوۃ لا مادونھا کذا فی معراج الدرایۃ وقال الفقیہ ابواللیث مادون تسع سنین لاتکون مشتھاۃ وعلیہ الفتویٰ کذا فی فتاوی قاضی خان۔

ترجمہ: "اور حرمت مصاہرت کے لئے شرط ہے کہ عورت مشتہاۃ ہو (یعنی وہ عمر اور جسمانی وضع کے اعتبار سے ایسی ہو کہ اسے دیکھ کر مرد کو جنسی شہوت آئے)، "تبیین" میں اسی طرح ہے، اور فتویٰ اس پر ہے کہ نو سال کی عمر والی لڑکی محلِ شہوت ہے، اگر اس کی عمر اس سے کم ہو تو وہ محلِ شہوت نہیں ہے، "معراج الدرایہ" میں بھی اسی طرح ہے، اور فقیہ ابواللیث فرماتے ہیں کہ جو لڑکی نو سال سے کم عمر کی ہو،، وہ مشتہاۃ نہیں ہے، (یعنی اس پر شہوت کی نظر ڈالنے سے حرمت مصاہرت ثابت نہیں ہوتی)، اسی پر فتویٰ ہے، فتاویٰ قاضی خان میں بھی اسی طرح ہے، (فتاویٰ عالمگیری، جلد 1 ص:275-274، مطبوعہ مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)"۔

اب صورت مسئولہ میں برتقدیر صدقِ سائل لڑکی کے تایا اور خسر نے اس کی زبان چوسی اور خسر اس بات کا اقرار بھی کرتا ہے، اور منہ کا بوسہ لینے کی صورت میں مرد کا دعوائے عدمِ شہوت غیر معتبر ہے، جب کہ یہاں اس سے بھی بڑھ کر زبان بھی چوسی گئی ہے، جبکہ قرائن بھی اس حقیقت کے مؤید ہیں کہ اس شخص نے یہ عمل شہوت سے کیا ہے، اس لئے مذکورہ بالا لڑکی اور اس کے شوہر کے درمیان حرمت مصاہرت کا تعلق قائم ہو جاتا ہے اور دونوں کا آپس میں نکاح شروع ہی سے ناجائز تھا، اس لئے دونوں کو فوراً علیحدگی اختیار کر لینی چاہیے۔

Marfat.com

# حرمتِ مصاہرت ثابت نہیں

**سوال:**91

ایک گھر میں تقریباً 14 سال سے Joint Faimly رہتی ہے، ابھی پچھلے جمعہ اچانک بھابھی نے اپنے دیور (سائل) پر الزام لگایا کہ اس نے ان کے کمرے میں آکر (جہاں وہ اپنے شوہر اور بچوں کے ساتھ سو رہی تھی) اُن کے رخسار پر بوسہ دیا ہے یہ بھابھی کا قول ہے، جبکہ دیور (سائل) کا قول یہ ہے کہ یہ سب ڈرائنگ روم میں سو رہے تھے، میں اپنے کسی کام سے کمرے میں داخل ہوا تو میں نے یہ دیکھا کہ بھابھی کی قمیص حد سے زائد پیچھے سے اٹھی ہوئی ہے، میں اس کو ڈھانپنے کے لئے گیا، ان کا بیٹا بھی ساتھ سو رہا تھا ڈھانپتے ہوئے اچانک میرا ہاتھ بھابھی کے چہرے پر لگ گیا جس سے وہ اٹھ گئیں اور انہوں نے غلط بات سمجھی۔

جواب طلب بات یہ ہے کہ آیا بھابھی کا قول معتبر ہوگا یا دیور کا؟ میری بیوی کے بقول بھابھی نے مجھ کو معاف کر دیا ہے لیکن بھائی اور بھابھی نے ترکِ کلام کیا ہوا ہے، میرے لئے شریعت کا کیا حکم ہے؟۔(خالد احمد، بلاک 6 گلشن اقبال، کراچی)۔

**جواب:**

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

(وان ادعت الشھوۃ )فی تقبیلہ أو تقبیلھا ابنہ (وأنکرھا الرجل فھو مصدق)۔

ترجمہ: ”اور اگر عورت نے دعویٰ کیا کہ مرد نے اس کو بشہوت چھوا، یا اس عورت نے اس کے بیٹے کو بشہوت چھوا اور مرد نے اس کا انکار کیا تو مرد کا قول معتبر مانا جائے گا، (ردالمحتار علی الدرالمختار جلد:4 ص:92 مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت)۔“

حدیث میں ہے: عن عقبۃ بن عامر أن رسول اللہ ﷺ قال: "ایاکم والدخول علی النساء" فقال رجل من الانصار: یا رسول اللہ افرأیت الحمو قال الحمو الموت، ”(اجنبی) عورتوں کے پاس جانے سے اجتناب کرو، انصار میں سے ایک شخص

Marfat.com

نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! دیور کا کیا حکم ہے؟، فرمایا کہ دیور موت ہے، (صحیح مسلم، رقم الحدیث 5570، جلد 9، مکتبہ نزارِ مصطفیٰ الباز مکۃ المکرّمۃ)

عن علی بن الحسین: کان النبی ﷺ فی المسجد، وعنده ازواجه، فرحن، فقال لصفیة بنت حیی: "لاتعجلی حتیّ أنصرف معک"۔ وکان بیتها فی دار أُسامة، فخرج النبی ﷺ معها، فلقیه رجلان من الانصار، فنظرا الی النبی ﷺ ثمّ أجازا، وقال لهما النبی ﷺ: "تعالیا، انها صفیة بنت حیی"۔ قالا: سبحان الله یارسول الله ﷺ، قال: "انّ الشیطان یجری من الانسان مجری الدم، وانّی خشیت أن یلقی فی أنفسکما شیئاً"۔

ترجمہ: "علی بن حسین سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مسجد میں تھے اور آپ کی زوجہء مطہرہ آپ کے پاس تھیں، وہ جانے لگیں تو آپ نے حضرت صفیہ سے فرمایا: ٹھہرو تاکہ میں بھی تمہارے ساتھ چلوں اور ان کا حجرہ حضرت اسامہ کے مکان میں تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ان کے ساتھ نکلے تو آپ کو انصار کے دو شخص ملے، انہوں نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو دیکھا اور آگے نکل گئے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ان دونوں سے فرمایا: ادھر آؤ، یہ صفیہ بنت حی ہے (یعنی میری بیوی ہے)۔ دونوں نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم: سبحان اللہ! (یعنی آپ کی ذات کے بارے میں مومن کسی بدگمانی کا تصور بھی نہیں کرسکتا) آپ نے فرمایا کہ شیطان انسان کے جسم میں خون کی طرح دوڑتا ہے تو مجھے خدشہ ہوا کہ مبادا وہ تمہارے دل میں کوئی وسوسہ ڈال دے، (صحیح بخاری، جلد 2 رقم الحدیث 2038، مطبوعہ مکتبۃ العصریۃ، بیروت)۔

مسلمان کو چاہئے کہ وہ مواضع تہمت اور مواقع تہمت سے ہمیشہ اجتناب کرے، اپنی عزت وآبرو کا تحفظ مومن کی شرعی ذمہ داری ہے، کسی ایسے مقام پر جانا یا ٹھہرنا، جہاں دوسرے لوگ بدگمانی کی بنا پر ہدفِ تہمت بنا سکتے ہوں۔ ایک روایت میں ہے: من سلک مسالک الظن اتهم، ورواه الخرائطی فی مکارم الاخلاق مرفوعاً بلفظ: من اقام نفسه مقام التهم فلایلومن من اساء الظن به۔

Marfat.com

ترجمہ: جو بدگمانیوں کی راہوں پر چلے گا، وہ ہدف تہمت بنے گا، اور مکارم اخلاق میں خرائطی نے ان الفاظ کے ساتھ مرفوعاً روایت کیا کہ" جو مقامِ تہمت پر ٹھہرا، تو پھر اسے چاہئے کہ بدگمانی کرنے والوں کو ملامت نہ کرے (بلکہ اپنے آپ کو ملامت کرے کہ اس نے خود انہیں موقع فراہم کیا)، علامہ اسماعیل بن محمد العملونی الجراحی نے مندرجہ بالا روایات کا حوالہ دے کر یہ لکھا ہے کہ: اگرچہ "اتقوا مواضع التهمة"، ترجمہ: (مقامات تہمت سے بچو!) کی روایت لفظاً ثابت نہیں ہے، لیکن مندرجہ بالا روایات کی بنا پر معنیً ثابت ہے، (کشف الخفاء ومزیل الالباس، جزالاول، صفحہ 44، مطبوعہ مکتبۃ الغزالی، دمشق)۔

صورتِ مسئولہ میں حرمتِ مصاہرت ثابت نہیں ہوئی، آپ کی بھابھی نے آپ کو معاف کر کے اعلیٰ ظرفی کا مظاہرہ کیا ہے اور چاہئے کہ ترکِ کلام نہ کریں اور دیور کے لئے لازم ہے کہ آئندہ محتاط رہے۔

## شادی اور تقریبات پر فائرنگ اور آتش بازی

**سوال**:92

شادی کے موقع پر فائرنگ کرنا کیسا ہے، قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب مدلل ارشاد فرمائیں، (سلمان حسین، لیاقت آباد، کراچی)۔

**جواب**:

زمانہ قدیم سے ہی حیاتِ انسانی کے تمام شعبوں میں طرزِ بود وباش، معاشرتی میل جول اور خوشی وغم کے جذبات واحساسات کے پیرائیہ اظہار کے طور طریقے بدلتے چلے آرہے ہیں، اس حوالے سے مزید غور کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ ہر قوم کی اپنی ایک ثقافت ہوتی ہے، جو اس قوم کی شناخت بھی ہوتی ہے اور ہر قوم خوشی کا اظہار زمانے کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی ثقافت کے مطابق کرتی رہی ہے، مرورِ زمانہ کے ساتھ ساتھ رسوم ورواج اور ثقافتیں بھی بدلتی رہتی ہیں، کہیں سادگی کا عنصر نمایاں، تو کہیں اظہارِ ثقافت کی زیادہ سے زیادہ نمود ونمائش پائی جاتی ہے، اور وہ رسومات جب تک شریعت سے

Marfat.com

متصادم نہ ہوں، شرعاً ان پر طعن نہیں کیا جا سکتا، اور ان رسومات کے مذموم ومحمود ہونے کا مدار نیت پر ہے جیسا کہ امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں: فی الواقع نکاح میں بغرضِ اعلان بندوقیں چھوڑنے کی ممانعت شرع میں کہیں ثابت نہیں۔ ہلالِ عید اور رمضان میں صدہا سال سے توپوں کے فائر کئے جاتے ہیں اس سے بھی اعلان ہی مقصود ہوتا ہے اس اعلان پر شرعاً عمل کا جزئیہ ردالمحتار میں مذکور ہے۔ نیتِ ریا وتفاخر نہ فقط شادی کی بندوقوں بلکہ نماز کو حرام کر دیتی ہے، رسم کا اعتبار جب تک کسی فساد عقیدہ پر مشتمل نہ ہو اصل رسم کے حکم میں رہتا ہے اگر رسم محمود ہے، محمود ہے، مذموم ہو مذموم ہے، مباح ہو مباح ہے، واللہ تعالیٰ اعلم، (فتاویٰ رضویہ، جلد 24، ص:119، رضا فاؤنڈیشن لاہور)"۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے شادیوں میں کی جانے والی مختلف رسومات مثلاً آتش بازی، بندوق اور گانا بجانا، لکڑی کھیلنا، نوشہ (دولہا) کو پالکی میں سوار کرنے سے متعلق سوال ہوا، آپ نے جواب میں فرمایا: نوشہ کو پالکی میں سوار کرنا مباح وجائز ہے لان من الرسوم العامۃ التی لا مضر فیھا من الشرع، (اس لئے کہ یہ اُن عادی رسموں میں سے ہے شریعت میں جن پر کوئی طعن نہیں) اور لکڑی پھینکنا، بندوقیں چھوڑنا اور اس قسم کے سب کھیل جائز ہیں جبکہ اپنے اور دوسرے کی مضرت کا اندیشہ نہ ہو، ایک اور سوال کہ "اعلان کے لئے شادی میں بندوقیں چھوڑنا جائز ہے یا نہیں؟" کے جواب میں لکھتے ہیں: جائز ہے۔ اخرج الترمذی عن ام المؤمنین الصدیقۃ رضی اللہ تعالیٰ عنھا قالت قال رسول اللہ ﷺ اَعلنوا ھذا النکاح واجعلوہ فی المساجد واضربوہ علیہ بالدفوف وروی احمد بسند صحیح وابن حبان فی صحیحہ والطبرانی فی الکبیر وابو نعیم فی الحلیۃ والحاکم فی المستدرک عن عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ تعالیٰ عنھما عن النبی ﷺ قال اَعلنوا النکاح، واللہ تعالیٰ اعلم۔

ترجمہ: "امام ترمذی نے سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے تخریج فرمائی کہ آپ نے فرمایا کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: لوگو! نکاح کا اعلان کیا کرو (یعنی اس کی تشہیر کیا

Marfat.com

کرو) اور مسجدوں میں نکاح کیا کرو اور اس کی تشہیر کے لئے دف بجایا کرو۔ امام احمد نے سند صحیح سے ابن حبان نے اپنی صحیح میں، طبرانی نے الکبیر میں، اور ابو نعیم نے الحلیہ میں اور حاکم نے المستدرک میں حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حوالے سے نبی کریم ﷺ سے روایت فرمائی کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ نکاح کا اعلان کیا کرو، (فتاویٰ رضویہ، جلد 23، ص: 277، 289، 290، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)"۔ آج کل آتش بازی کی ممانعت کا قانون موجود ہے اور تقریبات کے موقع پر فائرنگ سے بعض اوقات حادثات بھی رونما ہو جاتے ہیں، اس لئے قانون کی پابندی بھی ضروری ہے اور فی نفسہ ازروئے شرع پابندی کے جواز کے باوجود احتیاط پر عمل کرنا افضل ہے، اور اس حد تک آتش بازی اور فائرنگ جو اسراف کی حد میں داخل ہو جائے، بہر حال ممنوع ہے۔ آگ کا کھیل تو ویسے بھی مسلمانوں کے شایانِ شان نہیں ہے۔

## جبری نکاح کا حکم

**سوال:** 93

میری بیٹی رضوانہ جس کی شادی میری سالی کے بیٹے کے ساتھ ہوئی۔ دوسری طرف میری بیوی گردوں کی خرابی کی وجہ سے 2005ء کو اس دنیا سے رخصت ہوئی، اس پر میری بیٹی کراچی آئی ہوئی تھی۔ چونکہ میری بیٹی امید سے تھی، میری بیٹی نے بڑے آپریشن سے بچے کو جنم دیا۔ اس کے تین ماہ بعد اس کے شوہر نے کہا کہ میری ماں نے بمع بیوی اور بچے اپنے پاس سیہون بلانے کو کہا ہے، اس پر میں نے اجازت دی کہ اپنے گھر سیہون جاؤ۔ اجازت دینے کے بعد چونکہ میری بیٹی آپریشن کی وجہ سے کمزور تھی۔ اس کے ساتھ اس سے تیسرے نمبر پر میری بیٹی ارم کو ساتھ روانہ کیا تاکہ بچے کو سنبھال سکے۔ واضح ہو کہ اس سے قبل میری بیٹی کی ساس نے میری دوسری بیٹی ارم کا رشتہ اپنے دوسرے بیٹے کے لئے مانگا تھا۔ لیکن میں نے صاف انکار کر دیا۔ جس کی وجہ صرف یہ تھی کہ میری پہلی بیٹی مشکلات میں تھی۔ اس کا شوہر کچھ بھی نہیں کماتا۔ اور کچھ بھی جو تھوڑا بہت کماتا ہے۔ وہ ماں کو دے دیتا

Marfat.com

ہے۔ بجائے اپنی بیوی کو دینے کے۔ جو کہ ازروئے شریعت محمدی ﷺ بیوی کا حق ہے۔ اور شوہر کا فرض ہے۔ اس کا شوہر کوئی اخراجات میری بیٹی کے برداشت نہیں کرسکتا۔ اسی وجہ سے دوسرے رشتے کے لئے میں نے انکار کردیا۔ اور اپنے تیسرے نمبر والی بیٹی کی منگنی کہیں اور کردی۔ جس میں میرے داماد کی مرضی بھی شامل تھی۔ بہرحال پہلی شادی شدہ بیٹی کے ساتھ بچے کی دیکھ بھال کے لئے اپنی تیسرے نمبر والی بیٹی کو بھیجا۔ اس کے ٹھیک ڈیڑھ ماہ بعد جب ارم کراچی آئی۔ تو اس نے بتایا کہ میرا زبردستی نکاح کروادیا اپنے بیٹے کے ساتھ اور ان کو معلوم تھا۔ کہ ارم کسی اور کی امانت ہے۔ حالانکہ میں اس رشتے کے لئے دو دفعہ منع کرچکا تھا۔ ارم کے نکاح میں نہ میں شریک ہوا اور نہ ہی ہمارے رشتے داروں میں سے کوئی یہاں تک کہ میری شادی شدہ بیٹی جو کہ اسی گھر میں رہتی ہے۔ اسے بھی پتہ نہ تھا۔ اس پر میری تیسرے نمبر والی بیٹی نے کہا کہ مجھ سے زبردستی نکاح کروایا ہے۔ میں اس وقت ہوش میں نہیں تھی۔ مجھ پر جادو ہوا تھا۔ اور میں اس رشتے سے خوش نہیں ہوں، جہاں میرے ماں باپ نے میری منگنی طے کی ہے، میں وہیں خوش ہوں۔ میں وہاں خوش نہیں رہوں گی۔ اسباب یہ ہے کہ میری پہلی بیٹی وہاں بھوک سے مر رہی ہے۔ اسی کے اخراجات پورے نہیں کرسکتا۔ اس بنا پر اپنی دوسری بیٹی نہیں دینا چاہتا۔ آپ سے گذارش ہے کہ شریعتِ محمدی ﷺ کے مطابق فتویٰ صادر فرمائیں کہ نکاح جائز ہے یا نہیں؟۔ (محمد نواز، ڈیفنس ویو، فیز II بنگلہ نمبر G-199 مدینہ اسٹاپ نذر ارم مسجد کراچی)۔

**جواب:**

صورت مسئولہ میں فقہائے احناف کی تصریحات کے مطابق جبر کی حالت میں نکاح ہوجاتا ہے، امام احمد رضا قادری قدس سرہ لکھتے ہیں:

اقول وبتقریری هذا اندفع ماعسیٰ ان یتوهم من ان النکاح مما یستوی فیه الهزلِ والجدفلا یحتاج الی نیة وقصد متی لو تکلما بالایجاب والقبول هازلین اومکرهین ینعقد۔

Marfat.com

ترجمہ: ''اقول (میں کہتا ہوں) میری اس تقریر سے اس شبہ کا ازالہ ہوگیا، جس میں کہا گیا کہ نکاح تو ان امور میں سے ہے، جن میں مذاق اور قصد برابر ہیں، لہٰذا اس میں قصد اور ارادہ کی ضرورت نہیں حتی کہ جب مرد وعورت نے ایجاب وقبول کے کلمات بول دیئے اگرچہ مذاق یا جبر سے کہے ہوں، تو نکاح ہو جائے گا، (فتاویٰ رضویہ، جلد ۱۱ص:128)''۔

مزید لکھتے ہیں:

نکاح اگرچہ جبر واکراہ سے بھی ہو جاتا ہے، فی الهندیة الاصل ان تصرفات المکره کلها قولا منعقدة عندنا الا ان مایحتمل الفسخ منه کالبیع والاجارة یفسخ وما لایحتمل الفسخ منه کالطلاق والعتاق والنکاح والتدبیر والاستیلاد والنذور فهو لازم کذا فی الکافی ا ہ

ترجمہ: ''ہندیہ میں ہے قاعدہ یہ ہے کہ جس پر جبر کیا گیا ہو اس کے اس حالت کے تمام تصرفات نافذ العمل ہوں گے، ہاں وہ تصرفات جو فسخ کا احتمال رکھتے ہوں جیسے بیع اور اجارہ کہ یہ فسخ قرار پائیں گے، اور جو فسخ کا احتمال نہیں رکھتے، مثلاً طلاق، عتاق، نکاح، مدبّر بنانا، ام ولد بنانا اور نذر تو یہ امور لازم ہو جائیں گے، (فتاویٰ رضویہ، جلد ۱۱ص:203-202)''۔

لہٰذا صورتِ مسئولہ میں نکاح منعقد ہو گیا۔

## جعلی نکاح نامے کی حیثیت

**سوال**:94

ایک شخص نے کسی لڑکی سے جھوٹا اور جعلی نکاح نامہ تیار کرلیا ہے۔ لڑکی اور اس کے والدین کو اس نکاح کا کوئی علم نہیں۔ از راہِ کرم یہ ارشاد فرمائیں کہ اس جھوٹے نکاح نامہ کی بنیاد پر شرعی نکاح ثابت ہو گا یا نہیں ہو گا؟ یعنی اس صورت میں ہمیں لڑکے سے طلاق لینا ضروری ہے؟ نکاح نامہ میں جو وکیل اور گواہان رکھے گئے ہیں۔ وہ سب کے سب فرضی ہیں اور ہم لڑکی والے ان کو پہچانتے بھی نہیں۔

واضح رہے کہ لڑکی نے نکاح نامہ پر نہ دستخط کئے ہیں اور نہ ایجاب وقبول ہوا ہے، (پروفیسر

Marfat.com

میر محمد سومرو، ساکن ہنگورجہ تحصیل سوبھودیرو ضلع، خیر پور میرس)۔

**جواب :**

استفتاء میں مستفتی نے چند دعوے کیے ہیں:

(1) لڑکی کے ساتھ نکاح کے ثبوت کے لئے نکاح نامہ تو موجود ہے، لیکن جعلی ہے۔

(2) نکاح نامے میں دلہا و دلہن کے دستخط اور گواہوں کے نام اور دستخط موجود ہیں، لیکن مستفتی کا دعویٰ ہے کہ لڑکی کے دستخط فرضی اور جعلی ہیں اور گواہان بھی فرضی ہیں۔

(3) ایجاب و قبول ہوا ہی نہیں ہے۔

ہمارا منصب افتاء ہے، قضا نہیں ہے، ہمارا جواب اس مفروضے پر مبنی ہوتا ہے کہ استفتاء میں بیان کردہ بیان اور حقائق اگر درست ہیں، تو صورتِ مسئولہ کا شرعی جواب یہ ہے، باقی رہا یہ سوال کہ استفتاء میں بیان کردہ صورتِ مسئلہ آیا حقیقت پر مبنی ہے اور واقعہ کے مطابق ہے؟ قطعیت کے ساتھ اس کا فیصلہ کرنا عدالت کا کام ہے۔ پس اگر استفتاء میں بیان کردہ صورتِ مسئلہ درست ہے تو شرعاً نکاح منعقد ہی نہیں ہوا، لہٰذا طلاق کی ضرورت ہی نہیں کیونکہ طلاق، اس نکاح کی قید سے آزاد کرنے کا نام ہے، جو شرعاً منعقد ہو چکا ہو، فقط واللہ تعالیٰ اعلم۔

## غیر رجسٹرڈ نکاح کی شرعی حیثیت

**سوال:95**

نیاز بی بی بنت شیر اکبر کا نکاح محمد حنیف ولد محمد اسلم خان کے ساتھ 4، اپریل 1997ء کو مصری خان ولد فضل الرحمٰن کی وکالت پر گواہان حاجی محمد نور ولد نواب اور محمد ایوب ولد نواب کے روبرو قاضی نکاح خواں نے پڑھایا۔ جس میں نیاز بی بی کے والد شیر اکبر اور ان کے ساتھ کئی قریبی رشتے دار بھی موجود تھے، اس نکاح کا اندراج رجسٹر میں نہیں کرایا، جو کہ ہمارے ہاں اکثر رخصتی پر یہ نکاح رجسٹرڈ کیا جاتا ہے۔ لہٰذا اس نکاح کی شرعی حیثیت کیا ہے۔ بغیر رجسٹریشن نکاح ہوا یا نہیں؟ محمد حنیف کے طلاق دیئے بغیر نیاز بی بی دوسرے فریق سے نکاح کر سکتی ہے؟ (نصیر احمد الحسنی، اسلامک سینٹر، نارتھ ناظم آباد، کراچی)۔

Marfat.com

**جواب:**

نکاح ایجاب وقبول سے منعقد ہوتا ہے، نکاح کے شرعی طور پر منعقد ہونے کے لئے فارم پر کرنا یا رجسٹریشن کرانا شرط نہیں، البتہ یہ قانونی ضرورت بھی ہے اور دستاویزی ثبوت کی وجہ سے تنازعات کے حل میں مدد ملتی ہے، لہٰذا یہ مستحسن امر ہے اور ایسا کرنا بہتر ہے۔ امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں: ''قاضی کا رجسٹر شرعاً کوئی شرطِ نکاح نہیں، رجسٹر آج سے نکلے ہیں، پہلے نکاح کیونکر ہوتے تھے، ہاں یادداشت کے لئے درج ہونا بہتر ہے، واللہ تعالیٰ اعلم، (فتاویٰ رضویہ، جلد: 21، ص: 169، جلد: 23، ص: 193، مطبوعہ: رضا فاؤنڈیشن،)''۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: النکاح ینعقد بالایجاب والقبول۔ ترجمہ: ''نکاح ایجاب وقبول سے منعقد ہوجاتا ہے، (فتاویٰ عالمگیری، جلد 1، ص: 270، مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

لہٰذا مذکورہ بالا گواہوں کی موجودگی میں محمد حنیف کا نکاح نیاز بی بی سے منعقد ہوگیا اور چونکہ نیاز بی بی کے والد بھی نکاح کے وقت موجود تھے، اس لئے بجا طور پر ولی کی رضا بھی اس میں شامل ہے۔ اور اب وہ اس کی پابند ہے، بغیر اس کے طلاق دیئے، یا اس کی زندگی میں اس کے نکاح میں رہتے ہوئے کسی اور شخص سے نکاح کرنا حرام ہے اور اگر نکاح کیا تو منعقد ہی نہیں ہوگا اور زنا کی مرتکب ہوگی۔

## میاں بیوی کے ایک دوسرے پر الزامات لگانے سے ازخود نکاح باطل نہیں ہوتا

**سوال:96**

ایک دفعہ T.V پر میں نے کسی وکیل سے سنا کہ اگر میاں بیوی ایک دوسرے پر الزامات لگائیں اور اگرچہ وہ غلط ہوں یا صحیح، تو شرعی حیثیت سے نکاح ٹوٹ جاتا ہے۔ مجھے آپ سے یہ دریافت کرنا ہے کہ کیا یہ درست ہے؟، (اسامہ بن سہیل، گلشن اقبال اصفہانی روڈ، کراچی)۔

**جواب:**

وکیل کا یہ بیان شرعاً غلط اور باطل ہے کہ اگر زوجین (میاں بیوی) ایک دوسرے

Marfat.com

پر زنا کی تہمت لگائیں، تو اس امر سے قطع نظر کہ تہمت زنا فی الواقع صحیح ہے یا غلط، ان دونوں کا نکاح از خود (Automaticaly) ٹوٹ جائے گا، ایسا ہرگز نہیں ہے، وکیل صاحب کو شریعت کا علم نہیں ہے اور شرعی علم کے بغیر ایسے فتوے جاری نہیں کرنے چاہئیں۔ اگر شوہر اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگائے، یا اس کے نکاح میں رہتے ہوئے اس عورت کے ہاں جو بچہ پیدا ہوا ہے، اسے ولد الزنا کہے اور اسے اپنی صحیح النسب اولاد ماننے سے انکار کردے، اور پھر معاملہ قاضی کی عدالت میں پہنچ جائے تو قاضی عورت سے شوہر کے دعوے (یعنی الزامِ زنا) کی صداقت کے بارے میں پوچھے گا، اگر وہ اقرار کرے تو اس پر حدِ زنا جاری ہوگی، لیکن اگر وہ شوہر کے دعوے اور الزام کو رد کردیتی ہے اور اپنی عفت اور پاک دامنی کا دعویٰ کرتی ہے (ظاہر ہے کہ یہ اس صورت حال کی بابت ہے، جب شوہر کے پاس اپنی بیوی پر ثبوتِ زنا کے گواہ نہیں ہیں اور بیوی اعترافِ جرم سے انکاری ہے)، تو قاضی ان دونوں کے درمیان ''لِعان'' کرائے گا، قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّآ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۢ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَتَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَيَدْرَؤُا عَنْهَا الْعَذَابَ اَنْ تَشْهَدَ اَرْبَعَ شَهٰدٰتٍۢ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ ۝ وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝

ترجمہ: ''اور جو لوگ اپنی بیویوں پر زنا کی تہمت لگائیں، اور ان کے پاس خود ان کے سوا اور کوئی گواہ نہ ہوں، تو ان میں سے کسی ایک شخص کی گواہی یہ ہے کہ وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر یہ کہے کہ بے شک وہ (اپنی بیوی پر زنا کی تہمت لگانے میں) سچوں میں سے ہے ○ اور پانچویں بار یہ کہے کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹوں میں سے ہو ○ اور عورت سے حدِ زنا اس طرح دور ہو سکتی ہے کہ وہ چار مرتبہ اللہ کی قسم کھا کر کہے کہ بے شک وہ (یعنی اس کا خاوند) ضرور جھوٹوں میں سے ہے ○ اور پانچویں بار یہ کہے کہ اس پر اللہ کا غضب نازل ہو اگر وہ (خاوند) سچوں میں سے ہو ○ (النور: 6 تا 9)''۔ حدیث مبارک میں ہے:

Marfat.com

عن ابن عباس رضی اللہ عنھما: أن ھلال بن امیة قذف امرأته عندالنبی ﷺ بشریک بن سحماء، فقال النبی ﷺ: "البینة أوحدٌ فی ظَھرک" فقال: یارسول اللّٰہ، اذا رأی احدنا علی امرأته رجلا، ینطلق یلتمس البینة؟ فجعل یقول : "البینة والا ؟حد فی ظھرک"۔ فذکرحدیث اللعان۔

ترجمہ:''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنھما بیان کرتے ہیں کہ ہلال بن امیہ نے اپنی بیوی پر شریک بن سحماء کے ساتھ زنا کی تہمت لگائی (اور نبی ﷺ کے سامنے اپنا مقدمہ پیش کیا)،تو نبی ﷺ نے فرمایا: تم گواہ پیش کرو، ورنہ تمہاری پیٹھ پر حدقذف کے کوڑے لگائے جائیں گے،اس نے کہا: یارسول ﷺ! جب ہم میں سے کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی اجنبی شخص کو حالتِ گناہ میں دیکھے،تو کیا وہ گواہوں کو تلاش کرنے چل پڑے گا؟، آپ نے پھر یہی فرمایا کہ تم گواہوں کو پیش کرو ورنہ تمہاری پیٹھ پر حدِ قذف لگائی جائے گی، پھر''لِعان'' کے احکام نازل ہوئے ،(صحیح بخاری،جلدنمبر 2،رقم الحدیث:2671،مطبوعہ مکتبۂ عصریہ،بیروت)''۔

امام مسلم حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے لِعان جاری کرنے سے پہلے شوہر کو(ان الفاظ کے ساتھ )نصیحت وتذکیر فرمائی :انّ عذاب الد نیا اھون من عذاب الآخرة ،قال :لا والّذی بعثک بالحق ما کذبت علیھا، ثم دعاھافوعظھا وذکّرھا واخبرھا انّ عذاب الدنیا اھون من عذاب الآخرة۔

ترجمہ:''دنیا کی سزا (حدقذف) آخرت کے عذاب کے مقابلے میں معمولی ہے،اس شخص نے کہا:قسم اس ذات کی جس نے آپ کوحق کے ساتھ بھیجا ہے، میں نے اس پر جھوٹی تہمت نہیں لگائی۔ پھر آپ نے اس عورت کو بلایا اور اس کو وعظ ونصیحت کی (یعنی عذاب آخرت سے ڈرایا)اور فرمایا: دنیا کی سزا (حدزنا) آخرت کے عذاب کے مقابلے میں بہت معمولی ہے،(صحیح مسلم،رقم الحدیث:3676)''۔

لِعان کا طریقہ:شوہر قاضی کے سامنے چار بار اللہ تعالیٰ کی قسم کھا کر کہے گا کہ وہ (اپنی بیوی پر

Marfat.com

زنا کا الزام لگانے میں ) سچا ہے، اور پانچویں بار کہے گا کہ اگر میں جھوٹا ہوں تو مجھ پر اللہ تعالیٰ کی لعنت ہو، پھر بیوی چار مرتبہ قاضی کے سامنے قسم کھا کر یہ کہے گی کہ میرا شوہر مجھ پر زنا کا الزام لگانے میں جھوٹا ہے اور پانچویں بار کہے گی کہ اگر اس کا شوہر اس پر زنا کا الزام لگانے میں سچا ہو تو اس ( عورت ) پر اللہ تعالیٰ کا غضب نازل ہو۔

لِعان کی چند شرطیں ہیں، ان کی بابت علامہ امجد علی اعظمی لکھتے ہیں:

لِعان کے لئے چند شرطیں ہیں: '' (1) نکاح صحیح ہو، اگر اس عورت سے اس کا نکاح فاسد ہوا اور تہمت لگائی، تو لِعان نہیں (2) زوجیت قائم ہو، خواہ دخول ہوا ہو یا نہیں لہٰذا اگر تہمت لگانے کے بعد طلاق بائن دینے کے بعد تہمت لگائی یا زوجہ کے مرجانے کے بعد، تو لِعان نہیں اور اگر تہمت کے بعد رجعی طلاق دی یا رجعی طلاق کے بعد تہمت لگائی، تو لِعان ساقط نہیں (3) دونوں آزاد ہوں (4) دونوں عاقل ہوں (5) دونوں بالغ ہوں (6) دونوں مسلمان ہوں (7) دونوں ناطق ہوں یعنی ان میں کوئی گونگا نہ ہو (8) ان میں کسی پر حدِ قذف نہ لگائی گئی ہو (9) مرد نے اپنے اس قول پر گواہ نہ پیش کئے ہوں (10) عورت زنا سے انکار کرتی ہو اور اپنے کو پارسا کہتی ہو اِصطلاحِ شریعت میں پارسا اس کو کہتے ہیں جس کے ساتھ وطی حرام نہ ہوئی ہو نہ وہ اس کے ساتھ مُتّہَم ہو لہٰذا طلاق بائن کی عدت میں اگر شوہر نے اس سے وطی کی اگرچہ وہ اپنی نادانی سے یہ سمجھتا تھا کہ اس سے حلال ہے تو عورت عفیفہ نہیں یوں ہی اگر نکاح فاسد کر کے اس سے وطی کی تو عفت جاتی رہی یا عورت کی اولاد ہے جس کے باپ کو یہاں کے لوگ نہ جانتے ہوں اگرچہ حقیقتاً وہ ولد الزنا نہیں ہے یہ صورت مُتّہَم ہونے کی ہے اس سے بھی عفت جاتی رہتی ہے اور اگر وطی عارضی سبب سے حرام ہو، مثلاً حیض ونفاس وغیرہ میں (جن میں وطی حرام ہے ) وطی کی، تو اس سے عفت نہیں جاتی (11) صریح زنا کی تہمت لگائی ہو یا اس کی جو اولاد اس کے نکاح میں پیدا ہوئی اس کو یہ کہتا ہو کہ یہ میری نہیں یا جو بچہ عورت کا دوسرے شوہر سے ہے اس کو کہتا ہو کہ یہ اس کا نہیں (12) دارالاسلام میں یہ تہمت لگائی ہو (13) عورت قاضی کے پاس اس کا مطالبہ کرے (14) شوہر تہمت

Marfat.com

لگانے کا اقرار کرتا ہو یا دو مرد گواہوں سے ثابت ہو۔

وہ مزید لکھتے ہیں کہ: اگر مسلمان مرد کی بیوی اہلِ کتاب میں سے ہے، تو اس پر لعان جاری نہیں ہوسکتا، (بہارِ شریعت جلد: 1، ص: 943,944، مطبوعہ: شیخ غلام علی اینڈ سنز)"۔

عن نافع: ان ابن عمررضی اللّٰہ عنھما أخبرہ: ان رسول اللّٰہ ﷺ فرق بین رجل وامراۃٍ قذفھا وأحلفھما۔

ترجمہ: "نافع کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے انہیں خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی بیوی پر زنا کا الزام لگانے والے مرد اور عورت دونوں کو قسم دلائی اور پھر ان کے درمیان تفریق فرمادی، (صحیح بخاری، رقم الحدیث: 5313)"۔

لعان کے بعد زوجین کے درمیان از خود تفریق نہیں ہوتی بلکہ لعان کے بعد وہ عورت اس پر حرام ہوجائے گی، لیکن نکاح سے خارج نہیں ہوگی بلکہ لعان کے بعد حاکمِ اسلام یا قاضی ان کے درمیان تفریق کرے گا۔

علامہ بدرالدین عینی حنفی لکھتے ہیں: فذھب مالک والشافعی ومن تبعھما الی ان الفرقۃ تقع بنفس اللعان قال مالک وغالب اصحابہ بعد فراغ المراۃ وقال الشافعی واتباعہ وسحنون من المالکیۃ بعد فراغ الزوج وقال الثوری وابو حنیفۃ واتباعھما لا تقع الفرقۃ حتیٰ یوقعھا علیھما الحاکم وعن احمد روایتان۔

ترجمہ: "امام مالک، امام شافعی اور ان کے موافقین کا یہ نظریہ ہے کہ نفسِ لعان سے لعان کرنے والوں کے درمیان از خود تفریق واقع ہوجاتی ہے، امام مالک اور ان کے اکثر اصحاب کا قول یہ ہے کہ عورت کے لعان سے فارغ ہونے کے بعد تفریق ہوجاتی ہے اور امام شافعی، اور ان کے پیروکار اور امام مالک کے مقلدین میں سے سحنون کا قول یہ ہے کہ شوہر کے قسم سے فارغ ہونے کے بعد زوجین کے درمیان فرقت لازم ہوجاتی ہے، امام سفیان ثوری، امام ابوحنیفہ اور ان دونوں کے متبعین کا قول ہے کہ نفسِ لعان سے تفریق نہیں ہوتی تاوقتیکہ (لعان کے بعد) قاضی ان دونوں کے درمیان تفریق کرے، اور امام

Marfat.com

احمد بن حنبل کے اس مسئلے میں دو قول ہیں، (یعنی ایک قول کے مطابق احناف کے ساتھ ہیں اور دوسرے کے مطابق شوافع کے ساتھ)، (عمدۃ القاری جلد 20 ص: 295 ادارۃ الطباعۃ المنیر، مصر)''۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں: وحُرم وطؤھا بعد اللعان قبل التفریق۔

ترجمہ: ''اور لعان کے بعد اگرابھی (دونوں کے درمیان) تفریق نہ ہوئی ہو تب بھی (شوہر کے لئے) اس عورت سے وطی حرام ہے، (اور ابن عابدین شامی نے محرکات واسباب وطی کو بھی حرمت میں شامل کیا ہے)، (ردالمحتار علی الدرالمختار جلد: 5، ص: 126، دار احیاء التراث العربی، بیروت)''۔

اس سے ثابت ہوا کہ لِعان طلاقِ بائن کے حکم میں ہے، بیوی اگر شوہر پر زنا کا الزام لگائے تو لعان جاری نہیں ہوگا اور نکاح قائم رہے گا، تاوقتیکہ شوہر طلاق نہ دے۔

لیکن امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں: قال سھل: حضرت ھذا عند رسول اللہ ﷺ، فمضت السنة بعد فی المتلاعنین ان یفرق بینھما، ثم لایجتمعان ابدا۔

ترجمہ: ''سہل کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے پاس اس (لِعان) کے موقع پر حاضر تھا، اس کے بعد (لعان کرنے والے زوجین کے بارے میں) یہ سنت جاری ہوگئی کہ ان کے درمیان تفریق کردی جائے، پھر وہ کبھی بھی (نکاح میں) جمع نہیں ہوں گے، (سنن ابی داؤد رقم الحدیث: 2244)''۔

علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

أی مادام حکمہ باقیاً ، فلو خرجا أو احدھما عن أھلیة اللِعان لہ أن ینکحھا کما یأتی، وعلیہ حمل الحدیث المذکور، ولاینافیہ قولہ ابداکمافی قولہ تعالیٰ: اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا (الکھف: 20)۔

ترجمہ: ''یہ دائمی تفریق اس وقت تک مؤثر ہے، جب تک اس کا حکم باقی ہے، اگر وہ دونوں یا

Marfat.com

ان میں سے ایک اہلیت لِعان سے خارج ہوگیا (مثلاً شوہر اپنی بیوی پر زنا کے الزام سے رجوع کرلے تو اس پر حدِ قذف لگے گی) تو پھر لعان کے بعد بھی اس سابقہ بیوی سے نکاح کرسکتا ہے، (کیونکہ لِعان کی بناپر تفریق طلاق بائن کے حکم میں ہے اور طلاق بائن کے بعد باہمی رضا مندی سے دونوں میں نکاح ہوسکتا ہے)، اور آگے چل کر شامی نے آیت قرآنی سے استدلال کیا ہے کہ کلمہ ''ابداً'' ہمیشہ قطعی دائمی کے حکم میں نہیں ہوتا، (ردالمحتار علی الدر المختار، جلد:5،ص:119 دار احیاء اراث العربی، بیروت)''۔

## حرمتِ نکاح

**سوال:**97

زید نے ایک مطلقہ عورت سے شادی کی اس عورت کی پہلے خاوند سے اولاد (لڑکی) ہے اور زید کی بھی (پہلی بیوی سے) اولاد ہے، اب زید (اپنی پہلی بیوی کے) بیٹے کا نکاح اس عورت کی بیٹی سے کرنا چاہتا ہے۔ آیا شریعتِ مطہرہ کی روشنی میں یہ نکاح درست ہے یانہیں؟، (قاری محمد زمان چشتی، مدرس: دار العلوم نعیمیہ)۔

**جواب:**

صورتِ مسئولہ میں برصدقِ بیانِ سائل یہ نکاح جائز ہے، علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: لاباس بان یتزوج الرجل امرأةویتزوج ابنه ابنتهاأو أمها کذافی محیط السرخسی۔
ترجمہ:''کسی شخص نے ایک عورت سے نکاح کیا اور اس شخص کے لڑکے نے عورت کی لڑکی سے نکاح کیا جو اس عورت کے پہلے شوہر سے تو حرج نہیں، یونہی اگر لڑکے نے عورت کی ماں سے نکاح کیا جب بھی یہی حکم ہے (بشرطیکہ حرمتِ نکاح کی اور کوئی وجہ نہ ہو)، (فتاویٰ عالمگیری، جلد:1،ص:277، مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔
مفتی محمد نور اللہ نعیمی ایسے ہی ایک سوال کے جواب میں لکھتے ہیں: اگر صورتِ سوال صحیح اور واقعی ہے تو یہ نکاح کرنا یقیناً روا ہے، قرآن کریم میں ہے: واحل لکم ماوراء ذالکم، فتاویٰ عالمگیری، جلد:2،ص:6 میں محیط سرخسی سے ہے اور بحرالرائق، جلد:3،ص:98،

Marfat.com

درمختار، شامی جلد:2،ص:383 میں بحر الرائق اور فتاویٰ خیریہ سے ہے: والنظم من الدر واما بنت زوجة ابيه اوابنه فحلال بحر الرائق میں اضافہ فرمایا: وقد تزوج محمد بن الحنفيه امرأةوزوج ابنه بنتها، سب عبارات کا حاصل یہ ہے کہ یہ نکاح کرنا حلال ہے اور اہل بیتِ کرام میں بھی ہوا، حضرت مولیٰ علی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے امام محمد بن حنفیہ نے ایک عورت سے نکاح کیا اور اسی عورت کی بیٹی کا نکاح اپنے بیٹے سے کرادیا اپنی بیوی کی لڑکی اپنے صاحبزادے کو نکاح کردی، (فتاویٰ نوریہ، جلد:2،ص:433، مطبوعہ: بصیر پوراوکاڑہ)"۔

## حقیقی بھائی کی رضاعی بہن سے نکاح

**سوال:**98

ایک بچے نے ایک عورت کا دودھ پیا۔اس بچے کے بڑے بھائی کا رشتہ اس عورت کی لڑکی سے آیا ہے کیا یہ شادی ہوسکتی ہے۔ برائے مہربانی اس بات کی شرعی تصدیق فرمادیجئے کہ یہ شادی جائز ہے یا نہیں؟، (تحسین، مکان نمبر 2-65 قصبہ موڑ، کراچی)۔

**جواب:**

صورتِ مسئولہ میں برصدقِ بیانِ سائل جس بچے نے عورت کا دودھ مدتِ رضاعت (یعنی ڈھائی سال کی عمر تک) پیا تو اس بچے کی رضاعت ثابت ہے اور اس عورت کی تمام اولاد خواہ وہ دودھ پلانے سے پہلے کی ہو یا بعد کی اس شوہر سے ہوں یا دوسرے شوہر سے وہ سب اس دودھ پینے والے کے لئے رضاعی بہن بھائی ہوگئے اور ان میں سے کسی کی شادی اس دودھ پینے والے سے نہیں ہوسکتی۔لیکن اس کے دوسرے بھائی بہن جنہوں نے اس عورت کا دودھ نہیں پیا اس سے رضاعت کا کوئی رشتہ نہیں ہے۔لہٰذا ان کے آپس میں نکاح جائز ہیں۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

(وتحل اخت اخيه رضاعا)۔۔۔۔کأن يكون لاخيه رضاعااخت نسبا وبهما۔

Marfat.com

ترجمہ: ''حقیقی بھائی کی رضاعی بہن یا رضاعی بھائی کی حقیقی بہن یا رضاعی بھائی کی رضاعی بہن سے نکاح جائز ہے،(ردالمحتار علی الدرالمختار: جلد: 4،ص:301، داراحیاء التراث العربی، بیروت)''

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے سوال کیا گیا کہ: زید بکر کا چچازاد بھائی ہے اور رضاعی بھی زید کے صرف ایک حقیقی چھوٹا بھائی ہے اور بکر کے ایک چھوٹا بھائی اور ایک بہن جو کہ حقیقی ہیں اور بکر کی بہن دونوں بھائیوں سے چھوٹی ہے تو زید کے چھوٹے بھائی کا نکاح بکر کی چھوٹی بہن سے جائز ہے یا نہیں؟، چونکہ زید اور بکر آپس میں رضاعی بھائی ہیں۔

جواب میں لکھتے ہیں: بکر نے اگر زید کی ماں کا دودھ پیا ہے تو زید اور اس کا بھائی بکر کے بھائی ہوئے نہ کہ خواہر بکر کے اور اگر زید نے بکر کی ماں کا دودھ پیا ہے تو زید خواہر بکر کا بھائی ہوا نہ کہ زید کا بھائی بہر حال زید کے بھائی اور بکر کی بہن میں نکاح جائز ہے لقولهم تحل اخت اخيه رضاعا (فقہاء کے قول کے مطابق بھائی کی رضاعی بہن حلال ہے)، واللہ تعالیٰ اعلم ،(فتاویٰ رضویہ ،جلد: 11،ص: 279،مطبوعہ: رضافاؤنڈیشن، لاہور)''۔

## لاعلمی میں بہن بھائی کا نکاح

**سوال**:99

کچھ دن پہلے ہمارے محلے میں ایک عجیب وغریب واقعہ پیش آیا۔ ہوا یوں کہ ہمارے محلے میں ایک لڑکی کی شادی ہوکر آئی ،شادی کے چھ ماہ بعد ان دونوں کو پتہ چلا کہ وہ آپس میں بہن بھائی ہیں، جو تین سال کی عمر میں بچھڑ گئے تھے، یہ بات معلوم ہوتے ہی لڑکی نے خودکشی کرلی، جبکہ لڑکا دبئی چلا گیا اور وہیں شفٹ ہوگیا تاکہ یہاں شرمندگی نہ ہو۔اب ایسے میں اسلام کیا کہتا ہے، کیا وہ لڑکا گنہگار ہے یا نہیں؟۔(نبیل بھٹی، لاڑکانہ)۔

**جواب**:

صورت مذکورہ میں وہ لڑکا یا لڑکی شرعاً گناہ گار نہیں ہیں، اگر انہیں نکاح کے وقت

Marfat.com

اس کا علم نہیں تھا، تاہم اللہ تعالیٰ سے توبہ کرتے رہیں، لڑکی کا خودکشی کرنا شرعاً فعلِ حرام ہے، اس کے لئے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں عفو ومغفرت کی دعا کرتے رہنا چاہئے۔ البتہ اگر نکاح کرانے والوں اور شرکاءِ مجلس نکاح کو ان دونوں کے اس بھائی بہن کے رشتے کا علم تھا، اور انہوں نے اسے حلال جان کر کیا تو کفر ہے، توبہ کریں اور تجدیدِ ایمان وتجدیدِ نکاح کریں، اور اگر اسے حرام قطعی جانتے ہوئے کیا، تو وہ سب فاسق وفاجر ہیں، توبہ کریں اور اللہ کے غضب سے ڈریں۔ اور اگر نکاح کرانے والوں اور شرکاءِ مجلس نکاح کو بھی اس رشتے کا علم نہیں تھا، تو پھر وہ سب بھی عنداللہ معذور ہیں، بہرحال اللہ تعالیٰ سے توبہ کرتے رہیں اور معافی مانگتے رہیں۔ باقی نکاح کرنے والا بھائی چونکہ بہن کے رشتے سے لاعلم تھا، اس لئے معاشرے کو چاہئے کہ جو عنداللہ معذور ہو، اسے ملامت نہ کریں۔

## تحلیلِ شرعی کے لئے زوجِ غیر کے ساتھ نکاحِ صحیح ضروری ہے

**سوال**:100

ایک لڑکی ''ک'' کا نکاح بنام ''الف'' سے ہوا۔ شادی کے تقریباً سات سال بعد اس کے خاوند نے ''ک'' اس کو تحریری طور پر تین طلاقیں دے دیں اور حق مہر وعدت کے تمام واجبات ادا کر دیئے۔ ایک سال کے بعد دونوں میں مفاہمت کے امکانات پیدا ہوگئے اور ''تحلیلِ شرعی'' کے لئے راضی ہوگئے۔ جس کے لئے ایک شخص ''ش'' سے غیر مشروط طور پر نکاح کرلیا، نکاح لڑکی کے والد نے پڑھایا، صرف لڑکی کی والدہ موجود تھی اور کوئی گواہ نہیں تھا، اس شخص یعنی ''ش'' نے ازدواجی تعلقات بھی تین مرتبہ قائم کئے، لیکن اس نکاح کو پوشیدہ رکھا گیا اور ایک ماہ بعد اپنی مرضی سے بغیر کسی دباؤ یا شرط، اس نے ''ک'' کو فون پر اس کے والد کے روبرو تین طلاق دے دیں اور لڑکی نے عدت بھی مکمل کرلی۔ اب لڑکی ''ک'' دوبارہ اپنے سابقہ شوہر ''الف'' سے نکاح کرنا چاہتی ہے۔ اب دریافت یہ کرنا ہے کہ آیا تحلیلِ شرعی کے لئے کیا گیا نکاح درست ہوا یا نہیں؟ اور اب ''ک'' اپنے سابقہ شوہر ''الف'' سے دوبارہ نکاح کرسکتی ہے یا نہیں؟، (ایم یاسین عابد

Marfat.com

قریشی، ناظم آباد، کراچی)۔

**جواب:**

نکاح کا اعلانیہ طور پر ہونا، نکاح کے مستحبات میں سے ہے، اور دو گواہوں کی موجودگی میں ہونا شرائطِ نکاح میں سے ہے، جیسا کہ اعلانِ نکاح کے حکم میں حدیث مبارکہ میں ہے: عن عائشة رضی اللّٰہ تعالیٰ عنہا قالت: قال رسول اللہ ﷺ: اَعلِنوا هذا النکاح واجعلوه فی المساجد واضربوه علیه بالدفوف۔

ترجمہ: ''حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا: کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: لوگو! نکاح کا اعلان کیا کرو (یعنی اس کی تشہیر کیا کرو) اور مسجدوں میں نکاح کیا کرو اور اس کی تشہیر کے لئے دف بجایا کرو، (سنن ترمذی، رقم الحدیث:1089)''۔

نکاح کے منعقد اور صحیح ہونے کی شرط یہ ہے کہ دو مسلمان گواہوں کے سامنے مجلسِ نکاح میں ایجاب وقبول کیا جائے، امام اعظم ابوحنیفہ، امام احمد اور امام شافعی رحمہم اللہ کا یہی مسلک ہے، اور ان ائمۂ ثلاثہ کی دلیل یہ حدیث ہے: عن ابن عباس ان النبی ﷺ قال: البغایا اللاتی ینکحن انفسهن بغیر بینة ۔

ترجمہ: ''حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: بدکار عورتیں وہ ہیں جو بغیر گواہوں کے اپنا نکاح کرتی ہیں، (سنن ترمذی، رقم الحدیث:1103)''۔

شیخ الاسلام برہان الدین ابوالحسن علی بن ابی بکر الفرغانی لکھتے ہیں: ولا ینعقد نکاح المسلمین الا بحضور شاهدین حرین عاقلین بالغین أو رجل وامرأتین۔

ترجمہ: ''مسلمانوں کا نکاح منعقد نہیں ہوتا جب تک وہاں دو آزاد عاقل وبالغ مسلمان مرد گواہ یا ایک مرد اور دو عورتیں بطور گواہ موجود نہ ہوں''۔ اس کی شرح میں علامہ کمال الدین ابن ہمام لکھتے ہیں: أما اشتراط الشهادة فلقوله علیه السلام "لا نکاح الا بشهود"

ترجمہ: ''پس شہادت (گواہوں) کی شرط نبی کرم ﷺ کے اس قول کے مطابق لگائی گئی ہے کہ ''گوا ں کے بغیر نکاح (منعقد) نہیں''، (فتح القدیر مع ہدایہ، جلد 3، ص:

Marfat.com

190,191 مطبوعہ: مرکز اہلسنّت برکات رضا، گجرات، ہند)''۔

علامہ سرخسی حنفی لکھتے ہیں: ہمیں رسول اللہ ﷺ کی یہ حدیث پہنچی ہے کہ''لا نکاح الا بشھود۔ (گواہوں کے بغیر نکاح نہیں ہوتا)''اور ہمارے علماء (حنفیہ) اسی حدیث پر عمل کرتے ہیں اور امام مالک، ابن ابی لیلیٰ، اور عثمان بتّی رحمہم اللہ یہ کہتے ہیں کہ نکاح میں گواہ شرط نہیں بلکہ اعلان شرط ہے حتی کہ بچوں اور مجنونوں کے سامنے بھی نکاح کا اعلان کردیا تو نکاح درست ہوگا اور اگر گواہوں کو یہ حکم دیا کہ وہ گواہی ظاہر نہ کریں تو نکاح درست نہیں ہوگا، (المبسوط، جلد 5، ص: 31، مطبوعہ: دارالمعرفۃ، بیروت)''۔

صحتِ نکاح کے لئے گواہوں کا ہونا شرط ہے، یعنی دو آزاد عاقل و بالغ مسلمان مرد یا ایک مرد اور دو عورتیں ہونا ضروری ہے، اور مذکورہ صورت میں لڑکی کے والد نے نکاح پڑھایا اور گواہ کی صورت میں صرف ایک عورت (یعنی لڑکی کی والدہ) موجود تھی، گواہی کا نصاب مکمل نہیں، امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں: لان النکاح بغیر شھود فاسد لا باطل۔

ترجمہ:''گواہوں کے بغیر نکاح فاسد ہے باطل نہیں، (فتاویٰ رضویہ، جلد 26، ص: 28، رضافاؤنڈیشن، لاہور)''۔

سوال میں بیان کردہ صورت سے واضح ہے کہ دوسرا نکاح''ش'' سے تحلیلِ شرعی کی غرض سے پڑھایا گیا اور تحلیل شرعی کی بابت امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز درمختار (جلد 5 ص: 34 تا 36، مطبوعہ بیروت) کی ایک عبارت کی تلخیص فرماتے ہوئے لکھتے ہیں:

''درمختار میں ہے: لاینکح مطلقۃ بالثلاث ختی یطأھا غیرہ بنکاح نافذ خرج الفاسد والموقوف، ترجمہ:''تین طلاقوں سے مُطلّقہ عورت سے دوبارہ اس وقت تک نکاح نہیں ہوسکتا، جب تک دوسرا خاوند (شرعی طور پر) نافذ (اور موٴثر وصحیح) نکاح کے ساتھ اس عورت سے جماع نہ کرلے، صحیح اور نافذ نکاح کی قید سے نکاح فاسد اور نکاح موقوف خارج ہوگیا، (فتاویٰ رضویہ، جلد 12، ص: 423، رضافاؤنڈیشن، لاہور)''۔

Marfat.com

صورتِ مذکورہ بالا میں جب نکاح صحیح طور پر منعقد ہی نہیں ہوا تو وہ عورت طلاق کا محل ہی نہیں بنی، لہٰذا طلاق کیسے مؤثر ہوگی؟، اور اس سے شوہرِ اوّل کے لئے حِلّت کیسے ثابت ہوگی؟۔ اس خاتون، اور اس کے ساتھ نکاحِ فاسد میں شریک شخص اور دیگر شرکاء معاملہ سب کو اللہ تعالیٰ سے توبہ کرنی چاہئے۔ اور "تحلیلِ شرعی" اب بھی از روئے قرآن "زوجِ غیر" کے ساتھ غیر مشروط نکاح اور پھر اس کا اپنی مرضی سے طلاق دینا اور عدت کا گزر جانا ضروری ہے۔

## عنین کا حکم

**سوال:**101

12 مئی کو میرے چھوٹے بھائی نوید کی شادی ہوئی لیکن شادی کے بعد سے اب تک وہ اس کے ساتھ ازدواجی تعلقات استوار نہیں کر سکا، لڑکی والوں کا کہنا ہے کہ اب لڑکی کی شادی لڑکے کے بڑے بھائی سے کر دی جائے اور وہ اس کے لئے تیار نہیں ہے۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ لڑکی والے ہم کو وقت دیں تاکہ ہم اس کا علاج کرواسکیں لیکن لڑکی والے اس کے لئے تیار نہیں ہو رہے ہمیں یہ معلوم کرنا ہے کہ اس صورت میں کیا کرنا ہوگا؟ عدت سے متعلق کیا حکم ہے؟ اور کیا یہ نکاح جائز ہے یا نہیں؟، (جاوید، اورنگی، کراچی)۔ میری بیٹی کی شادی 12 مئی کو ہوئی اور لڑکا حقِ زوجیت ادا کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ اس صورت میں ہم اس کے بھائی سے نکاح کرنا چاہتے ہیں۔ آیا عدت کرنا ہوگی یا کوئی کفارہ ہوگا؟، (محمد شریف، اورنگی، کراچی)۔

**جواب:**

جو شخص اپنی بیوی کے ازدواجی حقوق ادا کرنے کی اہلیت نہ رکھتا ہو، اسے اصطلاحِ فقہ میں "عنین" کہتے ہیں۔

عبدالرزاق عن معمر عن الزهری عن سعید بن المسیب قال: قضی عمر بن الخطاب رضی الله عنه فی الذی لایستطیع النساء ان یؤجل سنة، قال معمر: وبلغنی انه یؤجل سنة من یوم ترفع امرها۔

Marfat.com

ترجمہ: امام عبدالرزاق اپنی سند کے ساتھ سعید بن مسیب سے روایت فرماتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ایسے شخص کے بارے میں کہ جو اپنی عورت پر (جماع کی) قدرت نہ رکھتا ہو، کے بارے میں فیصلہ فرماتے کہ اس کو ایک سال کی مدت دی جائے، معمر فرماتے ہیں کہ مجھے یہ بات پہنچی کہ اس کو ایک سال کی مدت اس روز سے دی جائے گی کہ جس دن یہ معاملہ قاضی کے پاس پہنچا، (مصنف عبدالرزاق، رقم الحدیث:10720)"۔

امام احمد رضا قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں:

عورت بے موت یا طلاق جدا نہیں ہو سکتی اگرچہ مرد نامرد ہو، ہاں چارۂ کار حاکم شرعی کے یہاں دعویٰ ہے، وہ اس ثبوت لینے کے بعد کہ مرد اس پر قادر نہ ہو، مرد کو ایک سال کی کامل مہلت دے کہ اپنا علاج کرے، اس سال میں عورت مرد سے جدا نہ رہے اگر سال گزر جائے، اور اب بھی قادر نہ ہو، عورت پھر دعویٰ کرے اور حاکم پھر ثبوت لینے کے بعد عورت سے پوچھے کہ تو اپنے شوہر کے پاس رہنا چاہتی ہے یا اپنے نفس کو اختیار کرتی ہے، اگر عورت فوراً بلا تاخیر کہہ دے کہ میں نے اپنے نفس کو اختیار کیا، تو حاکم ان میں تفریق و جدائی کر دے، یہ تفریق طلاق ہوگی، اور اب بعد عدت عورت دوسرے سے نکاح کر سکے گی ورنہ نہیں، یہ حکم عورت کی جانب ہے، رہا مرد، اسے حکمِ شریعت ہے کہ جب وہ عورت کا حق ادا نہیں کر سکتا تو اس پر فرض ہے کہ عورت کو طلاق دے دے، نہ دے گا تو گنہگار و مستحقِ عذاب ہوگا۔ واللہ اعلم، (فتاویٰ رضویہ، جلد:12، ص:488)"۔

سوال میں بیان کردہ واقعات اگر درست ہیں، تو شوہر کو چاہئے کہ اپنی بیوی کو فی الفور طلاق دے دے، ورنہ وہ گنہگار ہوگا اور مستحقِ عذاب ہوگا اور شوہر کے گھر والوں کو چاہئے کہ وہ اسے برضا و رغبت طلاق دینے پر آمادہ کریں، اگر وہ اس کے باوجود طلاق دینے پر آمادہ نہ ہو تو پھر بیوی عدالت سے رجوع کرے اور عدالت شوہر کو ایک سال کا وقت دے، اگر وہ اس ایک سال کے دوران اپنی اہلیت مباشرت ثابت نہ کر سکے، تو عدالت نکاح فسخ کر دے گی اور عدت گزرنے کے بعد عورت آزاد ہوگی، جہاں چاہے اپنی مرضی سے نکاح کر سکتی ہے۔

Marfat.com

ہمیں حرمتِ مصاہرت سے متعلق دو سوالات موصول ہوئے ترتیب وار پیشِ خدمت ہیں۔

## حرمتِ مصاہرت زنا سے بھی ثابت ہوتی ہے

**سوال:102**

میں ایک رات جلسے میں شرکت کرنے کے بعد کافی دیر سے گھر آیا تو سب گھر والے سو چکے تھے، میں اپنے کمرے میں داخل ہوا اور اپنے بستر پر لیٹ گیا۔ میں نے لائٹ لگانے کی ضرورت محسوس نہیں کی۔ معمول کے مطابق میری چارپائی کے ساتھ بیوی کی چارپائی ہوتی ہے۔ مجھے کچھ خواہش ہوئی جس کی وجہ سے میں نے اپنا ہاتھ بیوی کی طرف بڑھایا اور میں نے اس کے سینے پر ہاتھ پھیرا، بعد ازاں قمیص کے اندر بھی ہاتھ داخل کیا تو اچانک مجھے خیال آیا کہ یہ میری بیوی نہیں ہے۔ میں نے لائٹ لگائی تو فی الواقع وہ میری بیوی نہ تھی بلکہ میری ساس تھی جو بیوی کی جگہ لیٹی ہوئی تھی اور ساتھ میں میری بچی بھی سو رہی تھی۔ اس کے بعد میں نے فوراً توبہ واستغفار کیا۔ میں نے حنفی علماء کرام سے اس مسئلے کی بابت دریافت کیا تو انہوں نے کہا کہ تمہاری بیوی اب تم پر حرام ہے۔ خدارا آپ اس مسئلے کو مفصل ومدلل تحریر فرما کر میری پریشانی کا شافی حل بتائیے۔ میرے سب رشتے دار بڑے غصے میں ہیں، جو بھی حکم از روئے قرآن وحدیث ہے اس سے ہمیں اپنے فتویٰ کے ذریعے آگاہ فرمائیے، (محمد عبدالرحمٰن، بنوں، صوبہ سرحد)۔

**جواب:**

وہ عورتیں، جن سے نکاح حرام ہے، ان کو 9 قسم پر منقسم کیا جاتا ہے، جس میں ایک قسم حرمتِ مصاہرت ہے، مرد و عورت ایک دوسرے کو شہوت سے چھوئیں یا ایک دوسرے کی شرمگاہ کو دیکھیں، تو عورت کے اصول وفروع مرد پر حرام ہو جائیں گے۔ اور مرد کے اصول وفروع عورت پر حرام ہو جائیں گے، اس کو حرمتِ مصاہرت کہتے ہیں۔ یہ حرمت ہمیشہ کے لئے ہوگی، اس کے حلال ہونے کی کوئی صورت نہیں۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

وَاُمَّهٰتُ نِسَآىِٕكُمْ وَرَبَآىِٕبُكُمُ الّٰتِیْ فِیْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآىِٕكُمُ الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ۔

Marfat.com

ترجمہ: ’’(اور تم پر حرام کی گئی ہیں) تمہاری بیویوں کی مائیں، اور تمہاری ان بیویوں کی بیٹیاں جن سے تم صحبت کر چکے ہو، (النسآء:23)‘‘۔

قرآن کریم نے ان عورتوں کو بھی حرام کیا ہے، جن کی ماں کے ساتھ نکاح کر کے یا بغیر نکاح وطی کر لی گئی ہو اور شہوت کے ساتھ چھونا بھی وطی کے حکم میں ہے، شہوت کے ساتھ چھونے سے بھی حرمتِ مصاہرت ثابت ہو جاتی ہے، اس کے بارے میں علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: وکما تثبت ہذہ الحرمۃ بالوطء تثبت بالمس والتقبیل والنظر الی الفرج بشھوۃ کذافی الذخیرۃ۔

ترجمہ: ’’حرمت مصاہرت، جس طرح وطی (مباشرت) سے ثابت ہوتی ہے، اسی طرح شہوت کے ساتھ چھونے، بوسہ لینے اور فرج (شرمگاہ) کی طرف نظر کرنے سے بھی ثابت ہوتی ہے، جیسا کہ ’’ذخیرہ‘‘ میں ہے، (فتاویٰ عالمگیری، جلد1ص:275-274، مطبوعہ: مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)‘‘۔

علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں: (ولا فرق فیما ذکر) وبین اللمس والنظر بشھوۃ بین عمد ونسیان وخطاء واکراہ۔

ترجمہ: ’’کسی عورت کو شہوت کے ساتھ چُھوا، یا (شرمگاہ کو بنظرِ شہوت) دیکھا حرمت ثابت ہو جائے گی، اگرچہ یہ کام جان بوجھ کر کیا ہو، بھولے سے ہو، غلطی سے ہو یا زبردستی کرایا گیا ہو، ہر صورت میں حرمت ثابت ہو جائے گی، (ردالمحتار علی الدرالمختار، فصل فی المحرمات، جلد 2ص:306 مطبوعہ: مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)‘‘۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: ثم لا فرق فی ثبوت الحرمۃ بالمس بین کونہ عامدا أو ناسیا أو مکرھا أو مخطئا کذا فی فتح القدیر۔

ترجمہ: ’’پھر کوئی فرق نہیں پڑتا کہ اس کا چُھونا، خواہ (یہ فعل) جان بوجھ کر ہو، یا بھول کر ہو یا اس سے زبردستی کرایا گیا ہو یا غلطی سے ہوا ہو، ہر صورت حرمتِ مصاہرت ثابت ہو جائے گی، (فتاویٰ عالمگیری، جلد1ص:274، مطبوعہ: مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)‘‘۔

Marfat.com

لہٰذا جب بیوی کی ماں کو شہوت سے چھولیا تو بیوی اسی وقت حرام ہوگئی اور بیوی کی ماں تو پہلے سے ہی حرام تھی، اب دونوں ماں بیٹی ہمیشہ کے لئے حرام ہوگئیں کہ ان سے نکاح کی کوئی صورت نہیں ہے۔ متارکہ کے بعد عورت کو اختیار ہے کہ اس شخص کے سوا جس سے چاہے نکاح کرسکتی ہے۔ متارکے کا طریقہ یہ ہے کہ شوہر دو گواہوں کے سامنے کہے'' میں نے اپنی بیوی کو چھوڑ دیا وہ جس سے چاہے نکاح کرسکتی ہے''۔ متارکہ کے بعد عدت شروع ہوگی۔

**سوال**:103

میری خالہ دبئی سے آئی ہیں اور اپنی سگی بہن (میری والدہ) کے گھر پر ٹھہری ہیں۔ میری خالہ کی ایک بیٹی ہے، میری امی نے خالہ سے میرے بھائی کے لئے ان کی بیٹی کا رشتہ کرلیا نکاح کے چھ سات مہینے باقی تھے اسی دوران خالہ اور بھانجے میں صحبت (زنا) ہوگئی۔ لیکن بھائی اور خالہ نے ہمیں کچھ بھی نہیں بتایا۔ خالہ بہت پرہیز گار اور پانچ وقتہ نمازی ہے۔ خالہ کی عمر 32 سال ہے اور بھائی کی عمر 18 سال ہے۔ ہمیں تو کچھ بھی نہیں پتا تھا سات مہینے بعد جب لڑکی کے ابو دبئی سے آئے تو ہم سب نے مل کر منگنی اور نکاح کردیا لیکن رخصتی نہیں ہوئی تھی نکاح کے بعد لڑکی اور لڑکے کا آمنا سامنا تھا نکاح کے تین مہینے بعد لڑکا نے لڑکی سے صحبت کرلی۔ اسی دوران لڑکا اور لڑکی کی آپس میں لڑائی ہوگئی ماموں کے حوالے سے تو لڑکے نے غصے میں آکر کہا'' میں تمہیں تین طلاقیں دیتا ہوں اگر تم ماموں کے سامنے گئی تو'' طلاق دینے کے بعد کہا کہ تمہیں سمجھ میں آئی کہ میں نے کیا کہا تیسری دفعہ بھی یہی کہا۔ میری خالہ نے خالو کو میرے بھائی کے ساتھ زنا کی بات بتادی اور طلاق والی بات بھی بتادی، خالو نے غصے میں بیٹی کو ماموں کا سامنا کرادیا، کیا طلاق واقع ہوگئی یا نہیں؟، (ایک سائل، کراچی)۔

**جواب**:

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهٰتُكُمْ وَبَنٰتُكُمْ وَأَخَوٰتُكُمْ وَعَمّٰتُكُمْ وَخٰلٰتُكُمْ وَبَنٰتُ الْأَخِ وَبَنٰتُ الْأُخْتِ وَأُمَّهٰتُكُمُ الّٰتِيْٓ أَرْضَعْنَكُمْ وَأَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ

Marfat.com

وَ اُمَّهٰتُ نِسَآىٕكُمْ وَ رَبَآىٕبُكُمُ الّٰتِیْ فِیْ حُجُوْرِكُمْ مِّنْ نِّسَآىٕكُمُ الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِهِنَّ ؗ

ترجمہ: ”تم پر حرام کی گئی ہیں تمہاری مائیں اور تمہاری بیٹیاں اور تمہاری بہنیں اور تمہاری پھوپیاں اور تمہاری خالائیں اور بھتیجیاں اور بھانجیاں اور تمہاری وہ مائیں جنہوں نے تم کو دودھ پلایا اور تمہاری رضاعی (دودھ شریک) بہنیں، اور تمہاری بیویوں کی مائیں، اور تمہاری ان بیویوں کی بیٹیاں جن سے تم صحبت کر چکے ہو، (النسآء:23)“۔

وہ عورتیں، جن سے نکاح حرام ہے، ان کو 9 قسم پر منقسم کیا جاتا ہے، وہ اسباب جن کے سبب نکاح حرام ہے ان میں ایک قسم نسب ہے، محرماتِ نسبیہ میں مائیں، بیٹیاں، بہنیں، پھوپیاں، خالائیں، بھتیجیاں اور بھانجیاں شامل ہیں، ان سے نکاح کرنا، صحبت کرنا اور کسی قسم کا کوئی بھی شہوانی عمل کرنا دائما حرام ہے۔

دوسرا سبب حرمتِ مصاہرت ہے، یعنی مرد و عورت ایک دوسرے کو شہوت سے چھوئیں یا ایک دوسرے کی شرمگاہ کو دیکھیں، تو عورت کے اصول و فروع مرد پر حرام ہو جائیں گے۔ اور مرد کے اصول و فروع عورت پر حرام ہو جائیں گے، اس کو حرمتِ مصاہرت کہتے ہیں۔ یہ حرمت ہمیشہ کے لئے ہوگی، اس کے حلال ہونے کی کوئی صورت نہیں۔ قرآن کریم نے ان عورتوں کو بھی حرام کیا ہے، جن کی ماں کے ساتھ نکاح کر کے یا بغیر نکاح وطی کر لی گئی ہو یا انہیں شہوت کے ساتھ چُھوا، شہوت کے ساتھ چھونے سے بھی حرمتِ مصاہرت ثابت ہو جاتی ہے، اس کے بارے میں علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: وکما تثبت هذه الحرمة بالوطیٔ تثبت بالمس والتقبیل والنظرالی الفرج بشهوة کذافی الذخیرہ۔

ترجمہ: ”حرمت مصاہرت، جس طرح وطی (مباشرت) سے ثابت ہوتی ہے، اسی طرف شہوت کے ساتھ چھونے، بوسہ لینے اور فرج (شرمگاہ) کی طرف نظر کرنے سے بھی ثابت ہوتی ہے، جیسا کہ ”ذخیرہ“ میں ہے، (فتاویٰ عالمگیری، جلد 1 ص:275-274، مطبوعہ: مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)“۔ اب صورت مسئولہ میں بر تقدیرِ صدقِ سائل اس کے بھائی نے خالہ سے زنا کیا اور خالہ تو پہلے ہی حرام تھی اب اس کی اولاد بھی اس پر حرام ہوگئی، اور دونوں کا

Marfat.com

آپس میں نکاح شروع ہی سے ناجائز تھا، نکاح منعقد ہی نہیں ہوا، تو طلاق کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، یعنی جب وہ خاتون اس لڑکے کے لئے محلِ نکاح ہی نہیں بنتی، تو اس کے ساتھ نکاح ابتداءً ہی منعقد نہیں ہو سکتا۔ پس وہ محل طلاق ہی نہیں ہے، کیونکہ طلاق تو نکاح کی بندش کو اٹھانے کا نام ہے، لہٰذا دونوں کو فوراً علیحدگی اختیار کر لینی چاہیے، اور اللہ تعالیٰ سے توبہ کرنی چاہیے۔

Marfat.com

# کتاب الطلاق

Marfat.com

## "دلالتِ حال" نسبت طلاق کے لئے کافی ہے

**سوال:104**

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا کہ میں تجھے طلاق دے دوں گا اور پھر کہا طلاق، طلاق، طلاق، آیا ان الفاظ سے طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟۔(معرفت صاحبزادہ نورالعارفین صدیقی، آشٹن، اولڈھم، یو۔کے)۔

**جواب:**

فقہائے کرام کی تصریحات کے مطابق وقوع طلاق کے لئے نسبت شرط ہے اور نسبت یہ ہے کہ طلاق دیتے وقت شوہر اپنی بیوی کی زوجیت کا اظہار کرے، مثلاً یوں کہے کہ میری بیوی کو طلاق ہے یا بیوی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہے کہ اس کو طلاق ہے یا طلاق دیتے وقت بیوی کا نام ذکر کرے، جس طلاق میں نسبت نہ ہو وہ طلاق واقع نہیں ہوگی، البتہ نسبت کا صریح لفظوں میں پایا جانا ضروری نہیں ہے۔ اگر شوہر کی نیت طلاق کی ہو، تو بھی طلاق واقع ہوجائے گی۔ علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں: ولا یلزم کون الاضافة صریحة فی کلامه الخ۔

ترجمہ: "کلام میں (بیوی کی طرف) نسبت کا صریح ہونا لازمی نہیں ہے۔ آگے چل کر لکھتے ہیں: لان دلالة الحال قائمة مقام النیة الخ۔

ترجمہ: "اس لئے کہ دلالتِ حال نیت کے قائم مقام ہے، (ردالمحتار علی الدرالمختار ج:4، ص:338، 339 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)"۔

نسبت معنوی کی بنا پر وقوع طلاق کی مثالیں کتب فقہ میں بکثرت موجود ہیں، شیخ الامام محمد بن محمد بن شہاب المعروف ابن بزاز کردری حنفی متوفی 827ھ لکھتے ہیں: قال لها بعد الخلع من ساعته هرسه هرسه اخاف وقوع الثلاث وان لم توجد الاضافة لانه سبق ذکر الطلاق۔

Marfat.com

ترجمہ: ''(شوہر نے) بیوی سے خلع کے بعد اسی وقت کہا: ''تین کی تین''، (اس میں) اگرچہ (بیوی کی طرف) نسبت نہیں پائی گئی، (پھر بھی) تینوں طلاق واقع ہونے کا اندیشہ ہے، کیونکہ طلاق کا ذکر پہلے گزر چکا ہے''۔

اس کے بعد آگے چل کر لکھا: ''این زن کہ مراست بسہ'' لایقع وقال ابوبکر العیاض ان نویٰ یقع وقال الورشتنی رحمہ اللہ طلقت امرأتہ لانہ وجدت الاضافۃ فی اول الکلام۔

ترجمہ: ''(شوہر نے کہا:) یہ جو میری بیوی ہے (اس کو) تین طلاق واقع ہوں، (تو طلاق) واقع نہیں ہوگی، اور ابوبکر عیاض نے کہا: (اگر شوہر نے) نیت کی ہے تو واقع ہوگی اور ورشتنی رحمہ اللہ تعالیٰ نے کہا: اس کی بیوی کو طلاق واقع ہوجائے گی، کیونکہ ابتدائے کلام میں نسبت ہے۔

اس سے پیشتر انہوں نے لکھا: وسئل احمد القلانسی عمن وکزا امرأتہ فقال "اینک یک" یقع طلاق ثم ذکر ثانیا وقال "اینک دو طلاق" وکذا فی الوکزۃ الثالثہ، قال تطلق ثلاثاً الخ۔

ترجمہ: ''احمد القلانسی سے پوچھا گیا کہ ایک شخص نے اپنی بیوی کو مکا مار کر کہا: ''اس کو ایک''، تو ایک طلاق واقع ہوجائے گی، پھر دوبارہ ذکر کیا اور کہا: ''اس کو دو طلاق''، اسی طرح تیسری بار مکا مار کر کہا: ''اسے تین طلاق''، تو (احمد القلانسی) نے کہا: (اس کی بیوی کو) تین طلاق واقع ہوجائیں گی، (فتاویٰ بزازیہ برحاشیہ فتاویٰ عالمگیری ج:4،ص:179، 172 مطبوعہ مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

امام احمد رضا قادری سے دریافت کیا گیا: محمد مظفر کا اپنی والدہ سے جھگڑا ہو رہا تھا، اس کی والدہ نے کہا کہ اپنی بی بی کو نہ چھوڑو گے تو تم سور کھاؤ، اسی طرح تین مرتبہ بولی، مظفر نے کہا کہ طلاق دیتے ہیں پھر اس نے بلاقصد غصہ کے ساتھ اپنی والدہ کے سامنے کہا: طلاق، طلاق، طلاق بغیر مخاطب کرنے کسی کو، اب شرعاً صورتِ مسئولہ میں مظفر کی بی بی پر طلاق

Marfat.com

پڑے گی یا نہیں؟۔

جواب میں اعلیٰ حضرت رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: ''تین طلاقیں ہوگئیں، بے حلالہ اس کے نکاح میں نہیں آسکتی،(فتاویٰ رضویہ ج:12،ص359،مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔

مولانا محمد امجد علی رحمۃ اللہ علیہ سے ایک طویل سوال میں پوچھا گیا: ساس نے داماد سے کہا کہ یہ کمینہ پن ہے کوئی اپنی بیوی کو اس طرح نہیں مارتا ہے، تم یہاں سے نکل جاؤ، (شوہر نے) یہ سن کر کہا: طلاق دیا، طلاق دیا، طلاق دیا، اس وقت زید کی بیوی اپنے چچا کے مکان کے سائبان میں تھی الخ۔

اس کے جواب میں علامہ امجد علی خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے لکھا:

اگرچہ زید کے ان الفاظ میں اضافت نہیں ہے اور وقوعِ طلاق کے لئے اضافت ضروری ہے مگر چونکہ ساس کے جواب میں کہا تھا، لہٰذا زید کے الفاظ کے یہی معنیٰ متعین ہیں کہ تمہاری بیٹی کو طلاق الخ،(فتاویٰ امجدیہ، جلد: دوم،ص:227،228)۔

صورتِ مسئولہ میں شوہر کے کلام میں اگرچہ (بیوی کی طرف) نسبت صریحہ نہیں ہے، لیکن چونکہ پہلے شوہر نے طلاق دینے کا ارادہ ظاہر کیا ہے، جیسا کہ خط کشیدہ الفاظ سے ظاہر ہے، لہٰذا اس قرینے کے پیشِ نظر صورتِ مسئولہ میں نسبت معنوی پائی گئی اور مذکورہ خاتون کو تین طلاقیں واقع ہوگئیں۔ متکلم کی ''دلالتِ حال'' نیت کے قائم مقام ہے اور یہاں ''دلالتِ حال''، الفاظِ طلاق کی ادائیگی سے پہلے، ارادۂ طلاق کا اظہار ہے۔

## ازدواجی تعلقات میں کشیدگی اور طلاق

**سوال** :105

میرے خاوند نے دو سال پہلے مجھے ایک طلاق دی اس کے بعد ہم نے رجوع کر لیا، پھر چھ ماہ بعد انہوں نے مجھے دوسری طلاق دی اور پھر ہم نے رجوع کر لیا اس کے چار ماہ بعد ایک بار جب پاکستان سے میرے بھائی اور بہنوئی نے مجھے موبائل پر فون کیا اور میری ان سے بات ہوئی، جب میرے خاوند گھر آئے تو انہوں نے موبائل چیک کر کے پوچھا کہ

Marfat.com

کیا آج تمہارا پاکستان سے فون آیا تھا، (میں یہ بتاتی چلوں کہ کچھ جھگڑوں کی وجہ سے دونوں خاندانوں کی بول چال بند تھی، میرے خاوند کو بالکل پسند نہیں کہ میں یا وہ فون کریں اور دوسرا یہ کہ وہ بہت شکی، اور وہمی طبیعت کے مالک ہیں) خیر جب میرے خاوند نے مجھ سے پوچھا کہ کیا تمہاری بات ہوئی ہے تمہارے گھر والوں سے میں نے کہا کہ ہاں، انہوں نے کہا کہ کس کس سے ہوئی ؟ میں نے کہا کہ بھائی، بہن، امی سے ہوئی (یہ میں نے جھوٹ کہا تھا جبکہ میری بات صرف بھائی اور بہنوئی سے ہوئی تھی) پھر انہوں نے کہا کہ کیا بہنوئی سے بھی ہوئی، میں نے بات نہ واضح کرتے ہوئے کہا کہ شاید ہوئی ہو، کیونکہ مجھے ان کی طبیعت کا اندازہ تھا، انہوں نے کہا ''اچھا اگر تو گل کیتی تے تو میری بیوی نہیں''۔ بقول میرے خاوند کے کہ یہ الفاظ میں نے طلاق کی نیت سے استعمال نہیں کیے۔ بلکہ میرے دل میں یہ تھا کہ بیویاں اپنے شوہروں کی اطاعت گزار ہوتی ہیں۔ اگر تم کو میری عزت کا خیال ہوا تو اگلی بار تم بات نہ کرو گی۔ میں نے یہ مسئلہ جب Dues Bury England کے مفتی موسیٰ سے پوچھا! تو انہوں نے کہا کہ آپ کے شوہر سے بات کرنی پڑے گی کہ آیا ان کی نیت کیا تھی۔ پھر میرے خاوند نے کہا کہ اگر میں نے اس کو طلاق دینی ہوتی تو جس طرح پہلی دونوں بار طلاق کا لفظ استعمال کیا اب بھی کرتا۔ خیر مفتی صاحب نے اجماع کر کے کہا کہ طلاق نہیں ہوئی۔ مجھے کبھی کبھی شک پڑتا ہے کہ کیا معلوم اس وقت ان کی نیت کیا ہو۔ بہت پریشان رہتی ہوں۔ پر میرے خاوند بہت قسمیں اٹھاتے ہیں۔ اور مفتی صاحب کا کہنا ہے کہ یہ پھر اس کا اور اللہ کا معاملہ ہے، اگر وہ غلط بیانی کرتا ہے۔ آپ میری صحیح رہنمائی کریں۔ میرے شوہر نے مجھ پر بہت گندے الزامات اور بہتان لگائے ہیں، اپنے گھر والوں کے کہنے پر اس کی حمایت اور تائید میرے خاوند نے بھی کی۔ اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟، اب 4 ماہ سے میں نے اپنے خاوند سے علیحدگی اختیار کی ہوئی ہے، وہ بچوں سے ملنے آتے ہیں، پر نان نفقہ بالکل نہیں دیتے، کہتے ہیں کہ جب میں تمہارے ساتھ رہنا چاہتا ہوں، تو تم کیوں الگ رہتی ہو، وہ کہتے ہیں کہ کبھی مجھ کو طلاق نہیں دیں گے۔ چاہے دوسری شادی بھی کر لیں۔ اپنے

Marfat.com

خاوند کے بارے میں یہ بتاتی چلوں کہ دینی اعتبار سے نابلد ہیں اور جھوٹے اور لالچی انسان ہیں، (یاسمین، معرفت محمود احمد، مکان نمبر 558، گلی نمبر 16 مرگلہ، اسلام آباد)

**جواب:**

اسلامی تعلیمات کی رو سے میاں بیوی کو ازدواجی زندگی باہمی حسن سلوک اور اتحاد و اتفاق کے ساتھ گزارنی چاہئے، ایک دوسرے کی خامیوں سے حتی الوسع صرف نظر کرنی چاہئے، خاص کر شوہروں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ اگر تمہاری بیویاں تمہیں پسند نہ آئیں، تو صبر کا مظاہرہ کرو ممکن ہے کہ اس میں تمہارے لئے کوئی بہتری ہو۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰۤى اَنْ تَكْرَهُوْا شَیْــٴًـا وَّ یَجْعَلَ اللّٰهُ فِیْهِ خَیْرًا كَثِیْرًا ﴿۱۹﴾ (النساء:19)۔

ترجمہ: ”پھر اگر وہ تمہیں پسند نہ آئیں، تو قریب ہے کہ کوئی چیز تمہیں ناپسند ہو اور اللہ اس میں بھلائی رکھے، اس تمہید کے بعد صورت مسئولہ میں شوہر پہلے دو طلاقیں دے چکا ہے، از روئے شرع شوہر کو مزید صرف ایک طلاق دینے کا حق ہے، آئندہ کبھی اگر شوہر نے ایک طلاق دے دی، تو بیوی ہمیشہ کے لئے اس پر حرام ہو جائے گی۔ استفتاء میں درج پنجابی کے خط کشیدہ الفاظ سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوئی، صحیح قول کے مطابق اگر شوہر ان الفاظ سے طلاق کی نیت کرتا تو بھی طلاق واقع نہ ہوتی۔ فتاویٰ عالمگیری جلد 1 ص:386 پر ہے:

ولوقال "توزن من نئی" لایقع ان نوی وھو المختار

ترجمہ: ”اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے، تو میری بیوی نہیں ہے، تو طلاق واقع نہیں ہوگی، اگرچہ اس کی نیت طلاق کی ہو اور یہی مختار (مذہب) ہے“۔ لہٰذا نکاح باقی ہے، عورت اگر شوہر کے ساتھ رہنے پر راضی نہ ہو بشرطیکہ شوہر کی طرف سے کوئی زیادتی نہ ہو تو ایسی عورت کا خرچہ شوہر کے ذمہ لازم نہیں ہے، عالمگیری جلد 1 ص:545 پر ہے:

وان نشزت فلا نفقة لھا حتی تعود الیٰ منزلہ الخ۔

ترجمہ: ”اگر عورت مرد کی نافرمانی کرے، تو مرد کے ذمہ اس کا خرچہ نہیں ہے، جب تک کہ

Marfat.com

وہ واپس اپنے شوہر کے ساتھ اس کے گھر میں نہ رہے''۔

## طلاقِ ثلاثہ کے بعد شوہر اول سے نکاح کا حکم

**سوال**:106

آپ نے 18 جون کے دین ودانش ایڈیشن میں ایک سائل کے جواب میں مسئلہ طلاق کے ذیل میں بیان فرمایا کہ تین طلاقوں کے بعد عورت سابقہ شوہر سے نکاح نہیں کرسکتی اس کے علاوہ کسی بھی مرد سے نکاح کے سلسلے میں آزاد ہے، پوچھنا یہ ہے کہ اگر تینوں طلاقیں دینے کے بعد میاں بیوی اپنے فیصلے پر پشیماں ہوں، اور بچوں وغیرہ کو تباہ ہونے سے بچانے کے لئے دوبارہ گھر بسانا چاہیں، تو شریعت اس کا کوئی حل پیش کرتی ہے یا نہیں؟ کیونکہ ہمارے ضلع میں ایک واقعہ ہوا ہے کہ تین طلاقوں کی عدت گزرنے کے بعد اس عورت کا نکاح کسی نامعلوم مرد سے ہوا اور مباشرت کے بعد اس نے طلاق (تین بار) دے دی، اور اس کی عدت گزرنے کے بعد پھر پہلے مرد سے نکاح کردیا گیا، کیا قرآن وسنت میں ایسے کسی طریقے کی گنجائش موجود ہے یا نہیں؟، اگر نہیں تو ان لوگوں اور نکاح خواں کا یہ عمل کیسا ہے اور شریعت اس پر کیا حد لگاتی ہے۔ ایسا نکاح کرنے والے امام کے پیچھے نماز ہوگی یا نہیں اور مسجد میں اسے مستقل امام مقرر کیا جائے یا نہیں؟، برائے مہربانی جلد اخبار میں جواب سے نوازیں، (رشید احمد خان، دکان نمبر 147 پرانی لکڑمنڈی، منڈی بہاؤالدین)۔

**جواب**:

ہمارے حق میں کیا بہتر ہے اور کیا ہوا ہے، یہ بات ہمارا خالق ومالک رب تبارک وتعالیٰ ہم سے بہتر جانتا ہے۔ چنانچہ سورۃ النساء آیت نمبر 11 میں احکام وراثت بیان کرتے ہوئے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ لَا تَدْرُوْنَ اَيُّهُمْ اَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا

ترجمہ: ''تمہارے باپ اور تمہارے بیٹوں میں سے کون تمہارے نفع کے اعتبار سے تمہارے زیادہ قریب ہے؟''۔

قرآن میں اللہ تعالیٰ نے جو احکام قطعیت کے طور پر بیان کردیئے ہیں، ان میں ردوبدل

Marfat.com

کا کسی کو اختیار نہیں ہے، طلاق کے حوالے سے سورۂ بقرہ کی آیت نمبر 229 میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪ فَاِمْسَاكٌۢ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌۢ بِاِحْسَانٍ ؕ

''طلاق کی وہ صورت جس میں شوہر کو طلاق کے بعد اپنی مطلقہ بیوی سے رجوع کا حق حاصل ہے، وہ فقط دو (رجعی) طلاقیں ہیں، پھر (اس کے بعد اس کے پاس دو راستے ہیں) یا تو معروف طریقے سے (رجوع کرکے) اسے اپنے نکاح میں روکے رکھے یا بھلائی کے ساتھ اس کا راستہ کھلا چھوڑ دے''۔۔۔۔۔۔۔ آگے چل کر فرمایا: فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ

ترجمہ: ''اگر وہ (دو طلاق رجعی کے بعد ایک) طلاق (اور دے دے) تو اب (تین طلاق کے بعد) وہ مطلقہ عورت اس (سابق شوہر) کے لئے حلال نہیں، یہاں تک کہ وہ عورت اس (سابق شوہر) کے علاوہ کسی اور شوہر سے نکاح کرلے''، پھر اگر وہ (زوج ثانی اپنی مرضی سے) اسے طلاق دے دے، تو (اس عورت اور اس کے سابق شوہر) دونوں پر کوئی گناہ نہیں کہ اگر انہیں گمانِ (غالب) ہو کہ وہ (اب دوبارہ شروع ہونے والی اپنی ازدواجی زندگی میں) اللہ کی حدود کو قائم رکھ سکیں گے، تو (عدتِ طلاق) گزرنے کے بعد لوٹ کر دوبارہ نکاح کرلیں۔ اس کے علاوہ ان کے رجوع کی حلال اور جائز ہونے کوئی صورت نہیں ہے۔

## الفاظِ طلاق

**سوال:107**

میرے شوہر شاہنواز احمد خان نے گھریلو پریشانیوں سے تنگ آکر غصہ کرتے ہوئے لفظِ طلاق استعمال کیا۔ جھگڑا اس وجہ سے شروع کیا کہ پانچ ہزار کا مطالبہ کیا یہ کہہ کر کہ میں چلا جاؤں گا اور تمہیں چھوڑ دوں گا تم نکاح کرلینا۔ میں نے کہا میرے دل میں کوئی ایسی بات نہیں ہے، اس پر کہا کہ میرے دل میں تو ہے۔ 2 جون 2006ء جمعہ کی رات تقریباً ساڑھے دس بجے غصہ کرتے ہوئے کہا کہ ''میں ریحانہ کو طلاق دیتا ہوں، میں ریحانہ کو طلاق دیتا ہوں''، میں نے کہا کہ فرید بھائی کو فون کرتی ہوں (میرے چھوٹے جیٹھ

Marfat.com

ہیں) اور بھائی صاحب (میرے بڑے جیٹھ خورشید) کو اس پر شاہنواز نے کہا کہ ذرا سوچ سمجھ کر فون کرنا، اگر دونوں بھائی آجاتے ہیں تو ان کے سامنے تین بار کہہ کر قصہ ختم کر دیتا ہوں کہ میں ریحانہ کو طلاق دیتا ہوں اور اپنے کپڑے وغیرہ لے کر شکیل (میرے دیور) کے ہاں چلا جاؤں گا، پھر میں نے فون نہیں کیا۔ آیا مذکورہ صورت میں کتنی طلاق واقع ہوئی ہیں؟، (ریحانہ بیگم، ماریہ اپارٹمنٹ نارتھ کراچی)۔

**جواب:**

صورتِ مسئولہ میں بر تقدیرِ صدقِ سائلہ اس کے شوہر کا یہ قول کہ "تمہیں چھوڑ دوں گا تم نکاح کر لینا" یہ مستقبل میں طلاق دینے کے ارادے کا اظہار ہے اور شرعاً ارادۂ طلاق، طلاق نہیں ہے۔ طلاق انشاءآت میں سے ہے یعنی شوہر واضح طور پر (بصیغۂ حال) کہے کہ "میں تمہیں طلاق دیتا ہوں"، یا بصیغۂ ماضی کہے "میں نے تمہیں طلاق دی"، لہٰذا مذکورہ الفاظ "تمہیں چھوڑ دوں گا تم نکاح کر لینا" سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوئی۔

پھر سائلہ کے بیان کے مطابق 2 جون، 2006ء کی شب سائلہ کے شوہر نے دو مرتبہ کہا کہ "میں ریحانہ کو طلاق دیتا ہوں" ان الفاظ سے دو طلاق صریحہ واقع ہوگئیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪ فَاِمۡسَاكٌۢ بِمَعۡرُوۡفٍ اَوۡ تَسۡرِيۡحٌۢ بِاِحۡسَانٍ ؕ

ترجمہ: "طلاق (رجعی) دو بار ہے، پھر (عدت میں) حسنِ سلوک کے ساتھ روک لینا ہے یا (عدت پوری کرنے کے بعد) احسان کے ساتھ چھوڑ دینا ہے، (البقرہ 229)"۔ شوہر چاہے تو عدت کے اندر یک طرفہ طور پر عقدِ ثانی کے بغیر رجوع کر سکتا ہے، خواہ محض زبانی کہہ دے کہ میں نے رجوع کیا یا ازدواجی تعلق قائم کر لے۔ اور اگر عدت کے اندر رجوع نہ کیا اور عدت گزر گئی تو وہ عورت اب آزاد ہے، اپنی آزادانہ مرضی سے پہلے شوہر کے ساتھ بھی عقدِ ثانی کر سکتی ہے اور کسی اور شخص کے ساتھ بھی نکاح کر سکتی ہے، اگر پہلے شوہر کے ساتھ عقدِ ثانی کیا تو آئندہ اس کے پاس صرف ایک طلاق کا حق باقی رہے گا اور اگر خدانخواستہ اس نے ایک طلاق دے دی تو وہ ان پہلی دو طلاقوں کے ساتھ جمع ہو کر تین

Marfat.com

طلاقیں ہو جائیں گی اور وہ عورت اس پر حرام ہو جائے گی۔ سائلہ کے بیان کے مطابق'' میں نے کہا کہ فرید بھائی کو فون کرتی ہوں (میرے چھوٹے جیٹھ ہیں) اور بھائی صاحب (میرے بڑے جیٹھ خورشید) کو اس پر شاہنواز نے کہا کہ ذرا سوچ سمجھ کر فون کرنا، اگر دونوں بھائی آجاتے ہیں تو ان کے سامنے تین بار کہہ کر قصہ ختم کر دیتا ہوں کہ میں ریحانہ کو طلاق دیتا ہوں اور اپنے کپڑے وغیرہ لے کر شکیل (میرے دیور) کے ہاں چلا جاؤں گا، پھر میں نے فون نہیں کیا'' چونکہ یہاں طلاق کو فون کرنے اور دونوں بھائیوں کے آنے پر معلق کیا تھا اور شرط نہیں پائی گئی لہٰذا اس سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوئی، واللہ اعلم بالصواب۔

## مذاکرۂ طلاق

**سوال:**108

میری شادی کو ایک سال سے زیادہ عرصہ ہو گیا ہے جبکہ میری بیٹی تین ماہ کچھ دن کی ہے جب سے میری شادی ہوئی ہے گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہے، میرے بھائی اور بہنوں کے میری بیوی سے بہت اختلافات ہیں ابھی دو دن پہلے کی بات ہے صبح ناشتہ کے ٹائم گھر میں جھگڑا ہو گیا میری بھائی کہتے تھے کہ اس کو طلاق دے دو میں نے سب کو سمجھایا لیکن میری بات کسی نے نہ مانی میں اتنا غصہ کی حالت میں تھا کہ غصہ کی حالت میں کئی بار طلاق طلاق طلاق کہتا رہا جبکہ میں نے دل سے طلاق نہیں دی بلکہ معاملہ کو ٹھنڈا کرنے کیلئے کہا جبکہ سن کر میری بیوی رونے لگی اور سب گھر والے بھی رونے لگے میں نے اپنی بیوی کو تھوڑی دیر بعد کہا کہ کچھ بھی نہیں ہوا ہے اور میں اپنی بیوی اور بیٹی کو سسرال چھوڑ کر آیا اور میں نے اس سے وعدہ لیا کہ اس جھگڑے کا کسی سے ذکر نہیں کرو گی، میں تمہیں دو چار دن میں کرائے کا گھر لے کر چلا جاؤں گا بلکہ میں اپنی اس حرکت شیطانی پر بہت شرمندہ ہوں، (سہیل عمران، الکرم اسکوائر بلاک 4 لیاقت آباد، کراچی)۔

بیان زوجہ: میں مسماۃ خالدہ بنت ضیاء الحق حلفیہ بیان دیتی ہوں کہ مورخہ 31 مئی

Marfat.com

2006ء صبح کے وقت میرے اور میری نند کے درمیان گفتگو جھگڑے کی صورت اختیار کرگئی اور بات بڑھتے بڑھتے یہ ہوئی کے میرے دیور نے مجھے گالیاں دیتے ہوئے میرے شوہر سے یہ کہا کہ آپ اسے طلاق دے دیں ہم آپ کی دوسری شادی کردیں گے اور اس پر میرے شوہر نے ان کو ڈانٹا لیکن وہ بار بار طلاق دینے پر اصرار کرتا رہا، اس دوران انتہائی غصے میں میرے شوہر نے تین بار طلاق، طلاق، طلاق کہا نہ مجھے مخاطب کیا اور نہ ہی میرا یا اپنا نام لیا، (خالدہ بنت ضیاء الحق)۔

**جواب :**

طلاق میں اضافت کا پایا جانا ضروری ہے خواہ وہ اضافتِ لفظی ہو یا معنوی ہو یا کسی ایسے کلام کے جواب میں ہو جس میں اضافت مذکور تھی، امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں:

اما وجود الاضافة فی اللفظ فاقول علی ثلثة انحاء ،الاول تحققها صریحاً فی کلام الزوج وهذا الذی ذکر الحلبی والطحاوی امثلته کقوله انت طالق او طلقتک او هذه او زینب او بنت زید او ام عمرواو اخت بکر او امرأتی طالق، الثانی تحققها فیه لاجل کونه جواباً لکلام تحققت فیه فتحقق فی الجواب ایضاًلان السوال معاد فی الجواب وهذا مافی الهندیة عن الخلاصة قالت طلاق بدست تو است،مرا طلاق کن فقال الزوج طلاق می کنم و کرر ثلثا طلقت ثلثا اه۔

ترجمہ: ''یا لفظوں میں اضافت کا موجود ہونا فاقول (تو میں کہتا ہوں) یہ تین طرح ہوتی ہے: اول یہ کہ خاوند کے کلام میں صراحۃً پائی جائے وہ یہ ہے جس کی مثالیں علامہ حلبی اور علامہ طحاوی نے یہ ذکر کی ہیں، مثلاً تو طلاق والی ہے، میں نے تجھے طلاق دی (بیوی کو اشارہ کرتے ہوئے) اس کو، نام لے کر، زینب کو، زید کی بیٹی کو، عمرو کی ماں کو، بکر کی بہن کو، میری بیوی کو طلاق۔ دوسری صورت، یہ کہ طلاق کے الفاظ کسی ایسے کلام کے جواب میں ذکر کیے

Marfat.com

جائیں جس میں اضافت مذکور تھی تو اس وجہ سے وہ اضافت جواباً طلاق کے الفاظ میں متحقق ہوگی، کیونکہ جواب میں سوال کا اعادہ ہوتا ہے، اس کی مثالیں ہندیہ میں خلاصہ سے منقول ہیں، مثلاً بیوی کہے" طلاق تیرے ہاتھ میں ہے مجھے طلاق دے"۔ تو جواب میں خاوند کہے "میں نے طلاق دی"، تین دفعہ تکرار کیا تو تین طلاقیں بیوی کو پڑیں گی اھ ت (فتاوٰی رضویہ جلد 12 ص:344.345 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن)"۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے سوال کیا گیا:

محمد مظفر کا اپنی والدہ سے جھگڑا ہو رہا تھا اس کی والدہ نے کہا کہ اگر اپنی بی بی کو نہ چھوڑو گے تو تم سور کھاؤ، اسی طرح تین مرتبہ بولی، مظفر نے کہا طلاق دیتے ہیں، پھر اس نے بلا قصد غصہ کے ساتھ اپنی والدہ کے سامنے کہا طلاق طلاق طلاق، بغیر مخاطب کرنے کسی کو۔ اب شرعاً صورتِ مسئولہ میں مظفر کی بی بی پر طلاق پڑے گی یا نہیں؟ جواب میں لکھتے ہیں:

"تین طلاقیں ہوگئیں، بے حلالہ اس کے نکاح میں نہیں آسکتی، واللہ تعالٰی اعلم، (فتاوٰی رضویہ جلد 12 ص:360 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن)"۔

صورتِ مسئولہ میں برصدقِ بیانِ سائل اور حلفیہ اقرارِ زوجہ، صورتِ مسئولہ میں مذاکرۂ طلاق موجود ہے اور جیسا کہ بے اضافت طلاق کی صورتوں میں سے دوسری صورت یہ ہے کہ: طلاق کے الفاظ کسی ایسے کلام کے جواب میں ذکر کئے جائیں جس میں اضافت مذکور تھی تو اس وجہ سے وہ اضافت جواباً طلاق کے الفاظ میں متحقق ہوگی، کیونکہ جواب میں سوال کا اعادہ ہوتا ہے۔ آپ کے تحریری وزبانی بیان کے مطابق کہ" میرے بھائی کہتے تھے کہ اس کو طلاق دے دو میں نے سب کو سمجھایا لیکن میری بات کسی نے نہ مانی میں اتنا غصہ کی حالت میں تھا کہ غصہ کی حالت میں کئی بار طلاق طلاق طلاق کہتا رہا"، آپ کا لفظِ طلاق کہنا آپ کے بھائی کے کلام کے جواب میں تھا، اسی کو اصطلاحِ فقہاء میں مذاکرۂ طلاق کہتے ہیں، لہٰذا تین طلاق مغلظہ واقع ہوگئی ہیں۔

Marfat.com

# تین طلاق کا حکم

**سوال:109**

میں روبینہ انجم سبحانی بنت سبحان خان میری شادی محمد افسر سے 28 مارچ 1986ء کو انجام پائی ہم دونوں فقہ حنفی سے تعلق رکھتے ہیں، 10 سال پہلے میرے شوہر نے غصے میں آکر ایک ہی نشست میں مجھے کئی بار یہ لفظ ادا کئے ''میں تمہیں طلاق دیتا ہوں''۔اس واقعے کا کوئی گواہ نہیں ہے، پھر وہ مکتبۂ اہلِ حدیث سے فتویٰ لے آئے کہ تین طلاق سے ایک ہی طلاق واقع ہوئی ہے ہم پھر ساتھ رہنے لگے،اس کے بعد وہ مجھ پر تشدد کرتے اور کہیں آنے جانے بھی نہیں دیتے،تالے میں مجھے بند رکھتے ،اس واقعہ کے 7 سال بعد انہوں نے 5 مرد اور 7 خواتین کی موجودگی میں قبلہ رو ہو کر کلمہ پڑھا اور کہا ''میں تمہیں طلاق دیتا ہوں، میں تمہیں طلاق دیتا ہوں، میں تمہیں طلاق دیتا ہوں''۔ میرے چار بچے ہیں، بڑے بیٹے کی عمر 18 سال، 12 سال کی ایک بیٹی، 10 سال کا ایک بیٹا پھر 8 سال کی بیٹی، تین چھوٹے بچے میرے بغیر نہیں رہتے اور میرے ساتھ ہیں وہ (بچوں کے والد) کوئی خرچہ بھی نہیں دیتے اور تشدد کر کے بچے چھین کر لے جاتا ہے،قرآن وسنت کے حساب سے باپ پر بچوں کا خرچہ کیا بنتا ہے؟،(روبینہ انجم، روفی گرین سٹی بلاک 18 گلستانِ جوہر، کراچی)۔

**جواب :**

صورتِ مسئولہ میں بر تقدیرِ صدقِ سائلہ مذکورہ شخص نے اپنی منکوحہ کو دس سال قبل جو تین طلاق دیں وہ مؤثر ہیں اور دیانتاً طلاق اسی وقت واقع ہوگئی ہے اور باوجود فقہ حنفی سے تعلق رکھنے کے،غیر مقلدین سے فتویٰ لینا محض ہوائے نفس کی پیروی اور جہالت ہے اور اس کے بعد جتنا عرصہ ساتھ گزارا وہ سب حرام اور زنا میں شمار ہوگا،آپ نے لکھا ہے کہ پہلی بار جب آپ کے شوہر نے تین طلاقیں دیں،تو اس کے گواہ نہیں ہیں،عند اللہ طلاق واقع ہونے کے لئے گواہوں کی موجودگی ،لازم نہیں ہے،آپ کے بقول آپ کے شوہر مسلک اہل حدیث سے فتویٰ لے آئے کہ ایک مجلس میں تین طلاق دینے سے ایک ہی طلاق واقع

Marfat.com

ہوتی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ پہلی بار بھی تین طلاق دینے کا اقرار کرتے ہیں اور یہ اعتراف قضاء طلاق کے لئے مؤثر ہونے کے لئے کافی ہے۔ بچوں کی کفالت اور پرورش کا حق اوّلاً ماں کو حاصل ہے۔ علامہ علاوالدین حصکفی درمختار میں لکھتے ہیں:

تربیۃ الولد (تثبت للام)۔ ترجمہ: ''حق حضانت (نگہداشت کا حق) نسبی ماں کو حاصل ہے، (جلدنمبر 5، ص:203 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت)''۔ اگر مطلقہ ماں کی عدّت ختم ہو چکی ہو اور وہ بچے کی پرورش پر اجرت کا تقاضہ کرے تو اجرت دینا باپ کے ذمے واجب ہے، البتہ اگر وہ عدّت میں ہو تو یا غیر مطلّقہ ماں اجرت کا تقاضا کریں تو ایسی صورت میں وہ اجرت کا مطالبہ نہیں کر سکتیں۔ درمختار میں ہے:

(وتستحق) الحاضنۃ (اجرۃ الحضانۃ اذا لم تکن منکوحۃ ولا معتدۃ) لابیہ۔

ترجمہ: ''بچے کی پرورش کرنے والی عورت پرورش کرنے کی اجرت کی مستحق ہوتی ہے، بشرطیکہ وہ بچے کے باپ کی منکوحہ نہ ہو اور نہ ہی وہ بچے کے باپ کی مطلّقہ معتدہ ہو، (جلدنمبر 5، ص:209 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت)''۔

بالغ بیٹا آزاد ہے چاہے ماں کے ساتھ رہے یا باپ کے ساتھ، نابالغ بچوں کی نگہداشت کا حق ماں کو حاصل ہے اور ان کا نفقہ باپ کے ذمہ ہے، نفقہ باپ کی مالی حیثیت کے مطابق طے ہوگا۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا ۚ

ترجمہ: ''اور جس کا بچہ ہے اس کے ذمہ دستور کے موافق ان (ماؤں) کا کھانا اور پہننا ہے کسی شخص کو اس کی طاقت سے زیادہ مکلّف نہیں کیا جائے گا، (البقرہ: 233)''۔ اور دوسرے مقام پر ارشاد فرمایا: لِيُنْفِقْ ذُوْ سَعَةٍ مِّنْ سَعَتِهٖ ؕ وَمَنْ قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهٗ فَلْيُنْفِقْ مِمَّاۤ اٰتٰىهُ اللّٰهُ ؕ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا مَاۤ اٰتٰىهَا ؕ

ترجمہ: ''گنجائش والے کو چاہئے کہ وہ اپنی گنجائش کے مطابق خرچہ دے اور جس پر رزق کی تنگی ہو تو وہ اسی میں سے نفقہ دے جو اللہ نے اسے دیا اللہ کسی شخص کو تکلیف نہیں دیتا مگر اسی

Marfat.com

کے مطابق جو اسے دیا ہے، (الطلاق:7)''۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

فتستحق النفقة(بقدر حالهما)، به يفتى، ويخاطب بقدر وسعه والباقي دين الى الميسرة۔

ترجمہ:''خاوند پر دونوں کی حیثیت کے مطابق نفقہ واجب ہوگا، اسی پر فتویٰ دیا جائے گا، اور خاوند اپنی وسعت کے مطابق ادائیگی کا مکلّف ہوگا اور جو رقم باقی رہ جائے، تو وہ اس کے ذمہ قرض ہوگا، جس کو اپنی سہولت سے ادا کرے گا''۔

علامہ ابن عابدین شامی اس کی تشریح میں لکھتے ہیں:

قالفی "البحر" : واتفقوا على وجوب نفقة الموسرين اذا كانا موسرين، على نفقة المعسرين اذا كانا معسرين، وانما الاختلاف فيما اذا كان احدهما موسرا والآخرمعسرا، فعلى ظاهر الرواية الاعتبار لحال الرجل ، فان كان موسرا وهي معسرة فعليه نفقة الموسرين، وفي عكسه نفقة المعسرين۔ واما على المفتى به فتجب نفقة الوسط في المسألتين وهو فوق نفقة المعسرة ودون نفقة الموسرة۔

ترجمہ:''''بحر'' میں ہے: سب کا اتفاق ہے کہ اگر دونوں خوش حال ہیں، تو ان کے حال کے مطابق خاوند پر نفقہ واجب ہوگا، اور اگر دونوں تنگ دست ہیں، تو ان کے حال کے مطابق خاوند پر نفقہ ہوگا، اور اختلاف صرف اس صورت میں ہے، جب دونوں میں سے ایک امیر اور دوسرا غریب ہے، ظاہر روایت کے اعتبار سے مرد کے حال کا اعتبار ہوگا، پس اگر خاوند خوشحال ہو، اور زوجہ تنگ دست، تو ان پر خوشحالی کا نفقہ واجب ہوگا، اور اس کے برعکس ہو تو تنگ دستی کا نفقہ واجب ہوگا، اور مفتیٰ بہ قول یہ ہے کہ درمیانہ نفقہ دونوں مسئلوں میں واجب ہوگا، اور وہ یہ ہے کہ خوشحالی سے کم اور تنگ دستی سے زائد ہو''......آگے چل کر لکھتے ہیں:

ويؤيده قول "البدائع": حتى لوكان الرجل مفرطا في اليسار يأكل خبز.

Marfat.com

الحواری ولحم الدجاج والمرأة مفرطة فی الفقر تأکل فی بیت اھلھا خبز الشعیر یطعمھا خبز الحنطة ولحم الشاة ۔

ترجمہ: ''''بدائع'' میں ہے: اگر خاوند انتہائی خوشحال ہونے کی بنا پر صاف باریک آٹا اور مرغ کا گوشت کھاتا ہے اور بیوی انتہائی تنگ دستی کی بنا پر اپنے گھر والوں کے ہاں جو کی روٹی کھاتی ہے، تو خاوند اسے گندم کی روٹی اور بکرے کا گوشت نفقے کے طور پر کھانے کو دیگا''، (ردالمحتار علی الدرالمختار جلد 5 ص: 226-225 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

ولا یقدر نفقتھا بالدراھم والدنانیز علی أی سعر کانت بل یقدر بھا علی حسب اختلاف الاسعار غلا ورخصا رعایة للجانبین کذافی البدائع۔

مفہوم: '' نفقہ کا تعین اشیاء ضرورت کی مروجہ قیمت سے صرف نظر کرکے (ایک مستقل معیار کے طور پر) درہم ودینار (روپوں) سے نہیں کیا جاسکتا، کیونکہ ہمیشہ اتنے ہی روپے دیئے جائیں، اس لئے کہ اشیاء ضرورت کی قیمتیں کم وبیش ہوتی رہتی ہیں) بلکہ (ہر دور میں) مہنگائی اور ارزانی کے اعتبار سے نفقہ کا تعین ہوگا تاکہ جانبین کی رعایت ملحوظ رہے۔ ارزانی وگرانی دونوں ادوار کے مصارف یکساں ں ہوسکتے، بلکہ گرانی میں اس کے لحاظ سے نفقہ کی مقدار بڑھائی جائے گی اور ارزانی میں کم کی جائے گی بدائع الصنائع میں بھی اسی طرح سے ہے، (فتاویٰ عالمگیری جلد 1 ص: 547 مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

## طلاق میں اضافت

**سوال:**110

میرا ایک مسئلہ ہے کہ ہم دونوں میاں بیوی میں گھریلو بات پر لڑائی ہوئی۔ بہت ہی شدید غصے میں لڑائی اسقدر بڑھ گئی کہ ہم دونوں ہوش وحواس کھو چکے تھے، اور میں نے شدید غصے میں اسے دومرتبہ طلاق، طلاق کہا۔ نہ تو میں نے اپنی بیوی کا نام لیا اور نہ ہی یہ کہا کہ تجھے طلاق، اس طرح کی بات بالکل نہیں۔ صرف طلاق، طلاق کہا۔ میرے یہ الفاظ

Marfat.com

کہنے سے پہلے ہم دونوں کے درمیان گالیاں چل رہی تھیں اور تقریباً ڈیڑھ گھنٹے پہلے جب جھگڑا شروع ہوا تو اس وقت کہا تھا کہ مجھے علیحدگی چاہیے جس وقت طلاق کے لفظ کہے اس وقت بدکلامی ہو رہی تھی۔ اب ہم دونوں ہی بہت پریشان ہیں ہمارا ڈیڑھ سال کا بچہ ہے، براہِ کرم قرآن وسنت کی روشنی میں ہمارے اس مسئلے کا حل بتائیں، (فیصل خان، بلاک 14 فیڈرل بی ایریا، کراچی)۔

**جواب:**

طلاق میں اضافت ضروری ہے، امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں:

اما وجود الاضافة فی اللفظ فاقول علی ثلثة انحاء ،الاول تحققها صریحاً فی کلام الزوج وهذا الذی ذکر الحلبی والطحاوی امثلته کقوله انت طالق او طلقتک او هذه او زینب او بنت زید او ام عمرواو اخت بکر او امرأتی طالق، الثانی تحققها فیه لاجل کونه جواباً لکلام تحققت فیه فتحقق فی الجواب ایضاًلان السوال معاد فی الجواب وهذا مافی الهندیة عن الخلاصة قالت طلاق بدست تو است،مرا طلاق کن فقال الزوج طلاق می کنم و کرر ثلثا طلقت ثلثا۔

ترجمہ: ''یا لفظوں میں اضافت کا موجود ہونا فاقول (تو میں کہتا ہوں) یہ تین طرح ہوتی ہے: اول یہ کہ خاوند کے کلام میں صراحۃً پائی جائے اس کی صورت وہ ہے جو علامہ حلبی اور علامہ طحاوی نے ان الفاظ میں ذکر کی ہیں: مثلاً تو طلاق والی ہے، میں نے تجھے طلاق دی (یا بیوی کی جانب اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ میں نے اسے طلاق دی) یا بیوی کا نام لے کر کہا کہ (مثلاً اس کا نام زینب ہے) میں نے زینب کو طلاق دی، (یا اس کی کنیت کی نسبت سے کہا کہ) میں نے زید کی بیٹی کو یا عمرو کی ماں کو یا بکر کی بہن کو طلاق دی، یا یوں کہا میری بیوی کو طلاق۔ دوسری صورت یہ ہے کہ طلاق کے الفاظ کسی ایسے کلام کے جواب میں ذکر کئے جائیں جس میں اضافت مذکور تھی، تو اس وجہ سے وہ اضافت جواباً طلاق کے الفاظ میں

Marfat.com

متحقق ہوگی، کیونکہ جواب میں سوال کا اعادہ ہوتا ہے، اس کی مثالیں فتاویٰ عالمگیری میں خلاصہ سے منقول ہیں، مثلاً بیوی کہے ''طلاق تیرے اختیار میں ہے مجھے طلاق دے''، تو جو اب میں خاوند کہے'' میں نے طلاق دی'' تین دفعہ تکرار کیا تو تین طلاقیں بیوی کو پڑیں گی اھ ت (فتاوی رضویہ جلد 12 ص: 344.345 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن)''۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے سوال کیا گیا:

محمد مظفر کا اپنی والدہ سے جھگڑا ہو رہا تھا تو اس کی والدہ نے کہا کہ: اگر اپنی بی بی کو نہ چھوڑ دو گے تو تم سور کھاؤ، اسی طرح تین مرتبہ بولی، مظفر نے کہا طلاق دیتے ہیں، پھر اس نے بلا قصد غصہ کے ساتھ اپنی والدہ کے سامنے کہا طلاق طلاق طلاق، بغیر مخاطب کرنے کسی کو۔ اب شرعاً صورتِ مسئولہ میں مظفر کی بی بی پر طلاق پڑے گی یا نہیں؟

جواب میں لکھتے ہیں:

تین طلاقیں ہوگئیں، تحلیلِ شرعی کے بغیر اس کے نکاح میں نہیں آسکتی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

(فتاوی رضویہ جلد 12 ص: 360 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن)''۔

صورتِ مسئولہ میں برصدقِ بیانِ سائل، چونکہ مذاکرۂ طلاق موجود ہے اور جیسا کہ بے اضافت طلاق کی صورتوں میں سے دوسری صورت یہ ہے کہ:

طلاق کے الفاظ کسی ایسے کلام کے جواب میں ذکر کئے جائیں جس میں اضافت مذکور تھی تو اس وجہ سے وہ اضافت جواباً طلاق کے الفاظ میں متحقق ہوگی، کیونکہ جواب میں سوال کا اعادہ ہوتا ہے، اسی کو اصطلاح فقہاء میں مذاکرۂ طلاق کہتے ہیں، لہٰذا دو طلاق واقع ہوگئی ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۪ فَاِمۡسَاكٌۢ بِمَعۡرُوۡفٍ اَوۡ تَسۡرِيۡحٌۢ بِاِحۡسَانٍ ؕ

ترجمہ: ''طلاق (رجعی) دو بار ہے، پھر (عدت میں) حسنِ سلوک کے ساتھ روک لینا ہے یا (عدت پوری کرنے کے بعد) احسان کے ساتھ چھوڑ دینا ہے، (البقرہ 229)''۔

شوہر چاہے تو عدت کے اندر یک طرفہ طور پر عقد ثانی کے بغیر رجوع کر سکتا ہے، خواہ محض زبانی کہہ دے کہ میں نے رجوع کیا یا ازدواجی تعلق قائم کر لے۔ اور اگر عدت کے اندر

Marfat.com

رجوع نہ کیا اور عدت گزر گئی تو وہ عورت اب آزاد ہے، اپنی آزادانہ مرضی سے پہلے شوہر کے ساتھ بھی عقدِ ثانی کر سکتی ہے اور کسی اور شخص کے ساتھ بھی نکاح کر سکتی ہے، اگر پہلے شوہر کے ساتھ عقدِ ثانی کیا، تو آئندہ اس کے پاس صرف ایک طلاق کا حق باقی رہے گا، کیونکہ پہلے دی ہوئی طلاقیں رجوع کے باوجود آئندہ طلاق کے ساتھ جمع ہونے کے لئے مؤثر رہتی ہیں، لہٰذا شوہر اول کے رجوع یا عقد ثانی کے بعد اگر خدانخواستہ اس نے ایک طلاق دے دی تو وہ ان پہلی دو طلاقوں کے ساتھ جمع ہو کر تین طلاقیں ہو جائیں گی اور وہ عورت اس پر حرام ہو جائے گی، اسے انتہائی محتاط زندگی گذارنی ہوگی۔

## بیوی کو مشروط طلاق دینا

**سوال:111**

محمد اشرف نے تقریباً ڈیڑھ سال پہلے یہ الفاظ کہے ''اگر تم نے اپنے بھائی سے بات کی تو میری طرف سے تم کو طلاق ہوگی''۔ اس کے بعد وہ دونوں میاں بیوی کی حیثیت سے رہتے رہے اور ایک سال سے بیوی کا بھائی اس سے ملتا بھی ہے اس کے گھر میں کھانا کھاتا اور رہتا بھی ہے۔ بہن جاہل ہے وہ ضد سے یہ سب کچھ کر رہی ہے۔ محمد اشرف نے بیان دیا کہ ''میں نے اپنی بیوی سے کہا ہے کہ اگر تم نے اپنے بھائی سے بات کی تو میری طرف سے اس کو طلاق ہوگی''۔ اس بیان کے گواہ محمد اشرف کی ہمشیرہ اور ایک بہنوئی موجود ہیں۔ معلوم یہ کرنا چاہتا ہوں کہ اس وقت دونوں میاں بیوی کی کیا حیثیت ہے کیا وہ دونوں میاں بیوی رہ رہے ہیں یا نہیں؟۔ (محمد عربی فورمین، کوئٹہ)۔

**جواب:**

اگر سائل کا بیان درست ہے اور شوہر (محمد اشرف) نے اپنی بیوی کو براہِ راست مخاطب کر کے یہ کلمات کہے ہیں اور وہ ان کلمات کا اقرار کرتا ہے، تو جب پہلی بار بیوی نے بھائی سے بات کی، تو اس پر ایک طلاق رجعی واقع ہوگئی، اس کے بعد چونکہ وہ بدستور میاں بیوی کی حیثیت سے رہتے رہے، لہٰذا رجوع ہو گیا اور ان کا نکاح قائم ہے۔ آئندہ شوہر کے

Marfat.com

پاس صرف دو طلاق کا اختیار باقی ہے، اگر شوہر منکر ہے اور مدعی کے پاس چونکہ ایک مرد اور ایک عورت گواہ ہے لہٰذا اس سے نصابِ شہادت پورا نہیں ہوتا، بصورتِ انکار شوہر کو قسم دی جائے گی، یہ مسئلہ قضا یعنی عدالتی ثبوت کے اعتبار سے ہے، عند اللہ حقیقتِ حال اور دیانت پر فیصلہ ہوتا ہے۔

## خلع اور حقِ حضانت

**سوال:112**

میری بیٹی پانچ ماہ کی حاملہ ہے خلع ہونے کی صورت میں کیا بچے کی پیدائش سے پہلے اس کے ماں یا باپ کے پاس رہنے کا فیصلہ ہوسکتا ہے یا نہیں؟۔ بچے کی ولادت کے بعد بچہ کتنے عرصے تک ماں کے پاس رہ سکتا ہے اور اس کے بعد شریعت کیا کہتی ہے، (سید ارشاد علی، 23-x- عثمان گارڈن بلاک 13، گلستان جوہر، کراچی)۔

**جواب:**

بچے کی پیدائش کے بعد اس کی پرورش ونگہداشت کا حق بچے کی ماں کو حاصل ہے، علامہ علاؤ الدین حصکفی لکھتے ہیں:

الحضانةللأم------ (ثم) أی عدم الأم بأن ماتت أو لم تقبل أو أسقطت حقها أو تزوجت بأجنبی (أم الأم) وان علت عند عدم أهلية القربىٰ (ثم أم الأب وان علت) بالشرط المذكور ،وأما أم ابى الأم فتؤخر عن أم الأب بل عن الخالة أيضاً ـ

ترجمہ: ”بچے کی پرورش کا حق ماں کو حاصل ہے--------آگے چل کر لکھتے ہیں:

ترجمہ: ”ماں فوت ہوجائے یا بچے کو قبول نہ کرے یا اپنا حق حضانت ساقط کردے، یا کسی ایسے شخص کے ساتھ نکاح کرلے جو بچے کے لئے اجنبی ہے، تو پھر ماں کے بعد نانی کو پرورش کا حق ہے یہ استحقاق بالترتیب اوپر تک جائے گا، اگر قریب والے میں پرورش کی اہلیت نہ ہو، پھر دادی کو اور مذکورہ کے ساتھ یہ سلسلہ اوپر تک جائے گا، پھر نانا کی ماں، دادی بلکہ خالہ

Marfat.com

سے بھی مؤخر ہے۔
علامہ علاؤالدین حصکفی درمختار میں لکھتے ہیں:

تربیت الولد( تثبت للام)النسبیة۔

ترجمہ:''حق حضانت ( نگہداشت کا حق )نسبی ماں کو حاصل ہے،(جلد نمبر 5،ص:203 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی بیروت)''۔
علامہ علاؤالدین حصکفی لڑکے کے حقِ پرورش کے متعلق لکھتے ہیں:

(والحاضنة) أما أو غیرهما (أحق به) أی بالغلام حتی یستغنی عن النساء وقدر بسبع وبه یفتی لأنه الغالب۔

ترجمہ:''پرورش کرنے والی ماں ہوں یا کوئی اور اس کو یہ حق اس وقت تک حاصل ہے جب تک لڑکا عورتوں کی نگرانی سے مستغنی نہ ہوجائے،جس کی مدت کا اندازہ سات سال لگایا گیا ہے اور اسی پر فتویٰ ہے،کیونکہ اکثر صورتوں میں یہ ضرورت اسی عمر تک رہتی ہے۔
لڑکی کی پرورش کے بارے میں لکھتے ہیں:

(الأم والجدة) لأم أو لأب(احق بها) بالصغیرة (حتی تحیض) ای تبلغ (وغیرهما احق بها حتیٰ تشتهی) وقدر بتسع وبه یفتی۔

ترجمہ:''ماں اور نانی اور دادی لڑکی کے حیض آنے تک ان کی پرورش کا استحقاق رکھتی ہیں، (ان کی عدم موجودگی یا عدم دستیابی کی صورت میں ) دوسری پرورش کرنے والی عورتوں کا استحقاق لڑکی کے مشتہاۃ ( قریب البلوغ ) ہونے تک ہے اور اس کی مدت کا اندازہ 9 سال لگایا گیا ہے،اور اسی پر فتویٰ ہے،(ردالمحتار علی الدرالمختار،جلد 5 ص:210 تا 216 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی،بیروت)''۔
صورتِ مسئولہ میں بچے کی پیدائش کے بعد اگر لڑکا ہو تو سات سال،اور لڑکی ہو تو نو سال کی عمر تک ماں کے پاس رہیں گے اور اس کی پرورش کا خرچہ (جب تک وہ بچہ اپنی بقاء و نگہداشت کیلئے ماں کی محتاج ہے ) بچے کے باپ کے ذمے ہے،اور یہ خرچہ وہ اپنے مالی

Marfat.com

معیار کے مطابق دینے کا پابند ہوگا، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَعَلَى الْمَوْلُوْدِ لَهٗ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ
ترجمہ: ''اور جس کا بچہ ہے، اس کے ذمہ دستور کے موافق ان (ماؤں) کا کھانا اور پہننا ہے، (البقرۃ: 233)''۔

(وتستحق) الحاضنة (اجرة الحضانة اذا لم تكن منكوحة ولا معتدة) لابيه۔

ترجمہ: ''بچے کی پرورش کرنے والی (ماں) اجرتِ حضانت کی حق دار ہے، بشرطیکہ نہ وہ کسی شخص کے نکاح میں ہو اور نہ ہی اس (زیرِ نگہداشت) بچے کے باپ کی عدت (طلاق) میں ہو، (جلد نمبر 5، ص: 209 مطبوعہ دار احیاء التراث العربی بیروت)''۔

## طلاقِ بائن

**سوال**: 113

میرے شوہر نے مجھے دو مرتبہ یہ کہا کہ میں نے تجھے آزاد کیا، ابھی جب یہ مجھے چھوڑ کر گئے تو دوبارہ یہی الفاظ دہرائے وہ کہتا ہے کہ میں نے طلاق کے الفاظ استعمال نہیں کئے اس صورت میں اس کی شرعی حیثیت کیا ہے برائے مہربانی آپ قرآن وحدیث کی روشنی میں اس بات کا فیصلہ دے دیجئے، (شہلا ظفر، R-822 بلاک 14 فیڈرل بی ایریا، کراچی)

جواب: علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

ولو قال اعتقتك طلقت بالنية كذا فى معراج الدراية۔

ترجمہ: ''اور اگر (خاوند) نے اپنی بیوی سے کہا: ''میں نے تجھے آزاد کیا''، اگر (یہ کلمات ادا کرتے وقت) ان کی نیت طلاق کی تھی، تو ایک طلاق واقع ہو جائیگی، جیسا کہ معراج الدرایہ میں ہے، (فتاویٰ عالمگیری جلد 1 ص: 376 مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)''۔

یہ طلاقِ بائن کا کلمہ ہے اور اس کا دارومدار نیت پر ہے، عام فقہی قاعدہ یہ ہے کہ بائن، بائن کو لاحق نہیں ہوتی ہے، لیکن اگر ثانی کو اوّل کی خبر بنانا ممکن ہو تو، ثانی سے اوّل ہی مراد ہوتی ہے، چونکہ شوہر نے ''میں نے تجھے آزاد کیا'' کا کلمہ دو مرتبہ متصلاً کہا ہے، اس لئے اس سے

Marfat.com

ایک طلاق بائن واقع ہوگی، اس کے بعد جب دوبارہ آپ کو چھوڑ کر جاتے وقت یہی کلمہ اگر عدت کے اندر طلاق کی نیت سے کہا ہے، تو اس سے دوسری طلاقِ بائن واقع ہو جائے گی۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

اذا امکن جعله اخبارا عن الاول کانت بائن کانتِ بائنٌ بائنٌ اوابنتکِ بتطلیقة فلا یقع لانه اخبارٌ فلا ضرورة فی جعلهٖ انشاء بخلاف ابنتک باخری او انت طالق بائنٌ۔

ترجمہ: ''طلاق بائن کو (دوسری) بائن لاحق نہیں ہوتی، جبکہ دوسری کو پہلی کی حکایت وخبر قرار دینا درست ہو، جیسے شوہر یوں کہے، تو بائن ہے، بائن ہے یا یہ کہے کہ میں نے تجھے ایک طلاق بائن دی تو یہ دوسری بائن واقع نہیں ہوگی، کیونکہ یہ پہلی ہی کی حکایت وخبر ہے۔تو اسے انشاء یعنی نئی طلاق قرار دینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے، ہاں اگر وہ کوئی ایسے کلمات کہہ دے، جنہیں پہلی کی خبر قرار دینا ممکن نہ ہو تو وہ دوسری طلاق شمار ہوگی، جیسے یوں کہے کہ: ''میں نے تجھے دوسری طلاق بائن دی، (ردالمحتار علی الدرالمختار، ج4 ص:409-408، داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

لایلحق البائن البائن بان قال لها انت بائن ثم قال لها انت بائن لایقع الا طلقة واحدة بائنة لانهٗ یمکن جعله خبراعن الاول.

ترجمہ: ''طلاق بائن، بائن کو لاحق نہیں ہوتی، مثلاً کسی نے اپنی بیوی سے کہا تو بائن ہے، پھر اس سے کہا تو بائن ہے، تو اس سے ایک ہی طلاق بائن واقع ہوگی، کیونکہ دوسری کو پہلی کی حکایت وخبر قرار دینا ممکن ہے، (فتاویٰ عالمگیری ج1 ص:377 مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)''

اور اگر شوہر کی نیت طلاق کی نہیں، تو یہ کلمات لغو ہوں گے اور کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی، لیکن اگر طلاق دیتے وقت شوہر کی نیت طلاق کی تھی، مگر بعد میں وہ منکر ہو گیا، تو قضاءً عدمِ وقوعِ طلاق کا حکم نہیں دیا جائے گا۔

Marfat.com

## ''تم تو میری بیوی نہیں ہو''، الفاظِ طلاق نہیں

**سوال**:114

میرے شوہر نے آج سے تقریباً آٹھ دس سال پہلے جھگڑے کے دوران غصے میں دو تین مرتبہ کہا ''تم تو میری بیوی نہیں ہو'' اس کے بعد میں نے اپنے شوہر سے کہا کہ تمہارا میرا تعلق صحیح نہیں ہے، انہوں نے کہا: میں نے طلاق کی نیت سے نہیں کہا، آپ سے گزارش ہے کہ جلد میرے مسئلے کا حل کر دیجئے، کہ مجھے طلاق واقع ہوئی یا نہیں؟۔(ایک دینی بہن، معرفت علامہ جمیل احمد نعیمی)۔

**جواب**:

اسلامی تعلیمات کی رو سے میاں بیوی کو ازدواجی زندگی باہمی حسن سلوک اور اتحاد واتفاق کے ساتھ گزارنی چاہئے، ایک دوسرے کی خامیوں سے حتی الوسع صرف نظر کرنی چاہئے، استفتاء میں درج خط کشیدہ الفاظ سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوئی، صحیح قول کے مطابق اگر شوہر ان الفاظ سے طلاق کی نیت کرتا تو بھی طلاق واقع نہ ہوتی۔

ولوقال "توزن من نئی" لایقع ان نوی وھو المختار۔

ترجمہ: ''اگر کوئی شخص اپنی بیوی سے کہے، تو میری بیوی نہیں ہے، تو طلاق واقع نہیں ہوگی، اگرچہ اس کی نیت طلاق کی ہو اور یہی مختار (مذہب) ہے''۔لہٰذا نکاح باقی ہے۔فتاویٰ عالمگیری جلد 1 ص:386 مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)''۔

## مسئلۂ طلاق

**سوال** :115

میرا مسئلہ کچھ یوں ہے کہ 7 سال قبل میرے اور شوہر کے بیچ جھگڑا ہو رہا تھا کہ اتنے میں میرے شوہر نے کہا: ''چپ ہو جاؤ ورنہ کچھ بول دوں گا''۔بولوں ابھی ''طلاق''۔ پھر بولوں! چپ ہو جاؤ، میں نے ان کو چپ کرایا، ہمارے بیچ کوئی طلاق کی بات نہیں چل رہی تھی اور نہ میں نے ان سے کبھی طلاق کا مطالبہ کیا۔ پھر انہوں نے قرآن اٹھایا اور کہا: کہ

Marfat.com

میں یہ لفظ آئندہ نہیں بولوں گا۔ اس کے تین سال بعد میرے شوہر نے پھر لفظ ''طلاق'' کہا، جھگڑے کے دوران ۔ تب بھی کوئی مطالبہ یا کوئی بات طلاق کی نہیں چل رہی تھی، پھر ان سے میں نے کہا کہ ہمارے بیچ نازک رشتہ ہے اور دوبار آپ بول چکے ہیں، تو انہوں نے پھر قرآن اٹھایا اور کہا کہ آئندہ یہ لفظ نہیں بولوں گا۔ میں نے یہی سمجھا کہ انہوں نے دو طلاقیں دیں یا دوبار بولا۔ اور ان کو سمجھایا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایک طلاق کے بعد رجوع ہو جائے تو وہ ختم ہو جاتی ہے۔ بہرحال پھر انہوں نے کچھ مہینے قبل جھگڑے میں کہا کہ میں تجھے طلاق دیتا ہوں۔ پھر میں نے کہا کہ اب ہماری ۳ ہو گئی ہیں اور میرا آپ کا کوئی رشتہ نہیں، تو انہوں نے کہا کہ یہ دوسری بار ہے، اس کے بعد میں اپنی امی کے گھر آ گئی۔ پھر میری ان سے فون پر بات ہوئی اور انہوں نے کہا کہ ''میں نے دے دوں گا'' کہا تھا اور وہ اللہ کی قسم اٹھا کر کہتے ہیں۔ بہرحال اب وہ یہ کہتے ہیں کہ میں نے صرف ایک طلاق دی ہے اور ہم اب بھی میاں بیوی ہیں۔ برائے مہربانی میرا مسئلہ قرآن وسنت کی روشنی میں حل کر دیجئے، تاکہ میں سکون سے رہ سکوں۔ میری آخرت اور دنیا دونوں سرخرو ہو سکیں۔ ایک بات یاد رہے کہ میں نے ان سے ان تینوں موقعوں پر طلاق کی بات یا مطالبہ نہیں کیا، اچانک غصے کی حالت میں وہ یہ نکال دیتے۔ اب وہ یہی کہتے ہیں کہ ایک طلاق ہوئی ہے۔ فقہ حنفی کی روشنی میں جواب دیجئے کہ ہمارا نکاح باقی ہے یا نہیں یا کتنی طلاق واقع ہوئی ہیں۔
(بشریٰ بنت اقبال، A-492، بلاک 3 گلشن اقبال، کراچی)

**جواب:**

صورت مسئولہ میں متعدد احتمالات ہیں، جس کی وجہ سے علی التعین ایک حکم بیان کرنا مشکل ہے، لہٰذا تمام احتمالات میں سے ہر ایک کا حکم حسب ذیل ہے:

پہلی مرتبہ شوہر نے یہ الفاظ کہے ''بولوں ابھی طلاق'' اور پھر کہا: ''پھر بولوں''، دوبارہ ''پھر بولوں'' کہنا اس بات کا قرینہ ہے کہ پہلی بار اس نے طلاق کی نیت کی ہے، لہٰذا ایک طلاقِ رجعی واقع ہو گئی۔ تین سال کے بعد جب دوبارہ شوہر نے لفظ طلاق بولا، تو اس صورت میں

Marfat.com

بھی اگر اس نے یہ لفظ اپنی بیوی کو طلاق کی نیت سے بولا ہے، تو ایک اور طلاقِ رجعی واقع ہوگئی۔ اور شوہر کا یہ کہنا "ایک طلاق کے بعد رجوع ہو جائے تو وہ ختم ہو جاتی ہے" بظاہر اس بات پر قرینہ ہے کہ مذکورہ لفظ طلاق بہ نیت طلاق زوجہ کہا ہے۔ لہٰذا مذکورہ خاتون کو ایک اور طلاقِ رجعی واقع ہوگئی۔ شوہر کا یہ کہنا کہ طلاقِ رجعی کے بعد رجوع کر لیا جائے، تو وہ طلاق کالعدم ہو جاتی ہے، درست نہیں ہے، بلکہ وہ آئندہ طلاقوں کے ساتھ جمع ہونے کے لئے بدستور مؤثر رہتی ہے، تاہم دو طلاقِ رجعی کے بعد شوہر کو پھر بھی رجوع کا حق حاصل رہتا ہے۔ شوہر نے جب تیسری بار "میں تجھے طلاق دیتا ہوں" کے الفاظ کہے تو اب یہ طلاق پچھلی دو طلاقوں کے ساتھ مل کر تین طلاقیں ہو جائیں گی۔ لیکن اگر شوہر کہتا ہے کہ میں نے "طلاق دے دوں گا" کے الفاظ کہے تھے، تو بیوی سے گواہ طلب کئے جائیں گے، اگر گواہوں سے ثابت ہو جائے تو تیسری طلاق کا حکم لگا دیا جائے گا اور بیوی شوہر کے لئے حرام ہو جائے گی ورنہ شوہر کے انکار کی صورت میں قسم کے ساتھ اس کا قول معتبر ہوگا اور اس صورت میں نکاح قائم رہے گا۔

## مشروط طلاق

### سوال:116

میں نے مختلف وجوہات کی بنا پر اپنے شوہر سید محمد طارق کو طلاق دینے کا نوٹس دیا تھا اور اس نوٹس کے جواب میں انہوں نے ایک خط تحریر کر کے روانہ کیا جس کی نقل منسلک ہے یہ خط مجھے 11 اگست 2006ء کو ملا۔ اس خط میں ایک طلاق کا ذکر ہے میں گذشتہ دو سال سے والدین کے ساتھ مقیم ہوں اور اس خط کے موصول ہونے کے بعد بھی اُس مقررہ تاریخ پر یا اس کے بعد شوہر کے گھر نہیں گئی اور تا حال والدین کے گھر میں رہ رہی ہوں، خط کی تحریر مندرجہ ذیل ہے:

ڈیئر ریشماں! السلام علیکم!

تم ایک طویل عرصے سے میکے میں بیٹھی ہو اور میرے بار بار بلانے پر بھی واپس نہ آئی اب

Marfat.com

میں تم کو حتمی طور پر کہتا ہوں کہ 14 اگست 2006ء یومِ آزادی کے دن دوپہر بارہ بجے تک واپس آجاؤ ورنہ تم پر میری جانب سے پہلی طلاق نافذ ہوجائے گی اور اسی دن سے عدت شروع ہوجائے گی، دورانِ عدت جب اور جس وقت واپس آنا چاہو آسکتی ہو وہ رجوع سمجھا جائے گا، ورنہ عدت پوری ہونے پر تمہیں یہی طلاق بائن ہوجائے گی، خیر اندیش طارق۔

مہربانی فرما کر اس خط کی شرعی حیثیت پر فتویٰ صادر فرمائیں۔

۱۔ کتنی مدت تک مجھے انتظار کرنا ہوگا کہ طلاق مکمل ہوجائے؟

۲۔ میں ایک ڈاکٹر ہوں اور نوکری کرتی ہوں لہٰذا اس مدت کے دوران تو کوئی عدت نہیں کیونکہ مجھے نوکری پر جانا ضروری ہے۔

۳۔ اگر خاص مدت کے بعد خود بخود طلاق ہوجاتی ہے تو میرے پاس تو کوئی تحریر نہیں ہے کہ مجھے مکمل طلاق ہوگئی ہے شوہر کی جانب سے مکمل طلاق کی تحریر کس طرح حاصل کی جاسکتی ہے؟، (ریشماں صدیقی، A-33/9 دستگیر سوسائٹی فیڈرل بی ایریا، کراچی)۔

**جواب:**

صورتِ مسئولہ میں اگر سائلہ ریشماں صدیقی کا بیان درست ہے، تو ان کے شوہر نے انہیں ایک مشروط طلاق دی تھی کہ اگر وہ 14، اگست 2006ء (یوم آزادی) کو 12 بجے دن تک واپس شوہر کے پاس چلی گئیں تو فبھا، ورنہ ایک طلاق واقع ہوجائے گی، اور وہ 14، اگست 2006ء کو 12 بجے دن تک واپس شوہر کے پاس نہیں گئیں، لہٰذا شرط کے مفقود ہونے پر یہ طلاق رجعی واقع ہوگئی۔ دوسری بات جو شوہر (طارق) نے خط میں اپنی بیوی (ریشماں صدیقی) کو لکھی، یہ ہے کہ: ''دورانِ عدت جب اور جس وقت واپس آنا چاہو، آسکتی ہو، وہ رجوع سمجھا جائے گا، ورنہ عدت پوری ہونے پر تمہیں یہی طلاق بائن ہوجائے گی''۔ سائلہ چونکہ 14، اگست 2006ء بارہ بجے دوپہر تک شوہر کے ہاں نہیں گئی، پس اس بنا پر ایک طلاقِ رجعی واقع ہوگئی اور اسی تاریخ سے عدت بھی شروع ہوگئی، عدت شروع ہونے کے لئے کسی نیت یا خاص عمل کی ضرورت نہیں ہے، طلاق کے بعد عدت

Marfat.com

ازخود شروع ہو جاتی ہے۔ پھر دورانِ عدّت نہ تو شوہر نے رجوع کیا اور نہ ہی بیوی خود شوہر کے پاس گئی، کیونکہ شوہر نے دورانِ عدّت اس کے واپس آجانے پر رجوع کو معلّق ومشروط کیا تھا۔ لہٰذا عدّت کے گزرتے ہی یہ طلاق بائن ہوگئی۔ اب یہ خاتون (ریشماں صدیقی) باہمی رضامندی سے اپنے سابق شوہر کے ساتھ بھی نکاح کرسکتی ہے اور کسی دوسرے مرد کے ساتھ بھی۔ سابق شوہر کے ساتھ نکاح کی صورت میں خدانخواستہ اگر اس نے دوبارہ ایک یا دو طلاقیں دیں، تو تجدیدِ نکاح کے باوجود یہ پہلی طلاق ان کے ساتھ جمع ہونے کے لئے مؤثر رہے گی، یعنی نکاحِ ثانی کے بعد اگر اس نے ایک طلاق دی، تو وہ اس پہلی طلاق کے ساتھ مل کر دو ہو جائیں گی اور اگر دو طلاقیں دیں تو وہ اس پہلی کے ساتھ مل کر تین ہو جائیں گی۔ شرعی تقاضوں کے مطابق شوہر کا یہ خط ثبوتِ طلاق کے لئے کافی ہے، قانونی کارروائی اور طلاق کی توثیق کے لئے یو۔ سی ناظم سے رجوع کریں۔

## طلاقِ معلّق بالشرط

**سوال:117**

گذشتہ چند ماہ سے گھریلو جھگڑے کی وجہ سے میری بیوی اپنے والدین کے گھر گئی ہوئی تھی، میں کئی مرتبہ لینے گیا لیکن بے سود رہا۔ فون پر بات ہوئی، میں نے اسے سمجھایا لیکن وہ اپنی بات پر مُصر رہی، میں نے کہا کہ طلاق لکھ کر بھیج دوں؟، پھر ماں باپ کے پاس بیٹھی رہوگی۔ اس نے جواباً کہا کہ میں پوری زندگی آپ کے ساتھ رہوں گی طلاق مجھے قطعاً نہیں چاہئے لیکن میری شرائط وہی ہیں۔ شرائط سے اس کی مراد یہ ہے کہ میں اس کے والدین اور بھائیوں کے ماتحت رہوں اور گھر میں اس کی مرضی کے خلاف کچھ نہ ہو۔ جب کوئی بات بنتی نظر نہیں آئی تو بقائمی ہوش وحواس اور طبیعت میں سختی کے ساتھ طلاق دینے کی نیت سے میں نے یہ الفاظ کہے ''تین قبول کر''، اس کے بعد (میں نے غالباً)، ''طلاق قبول کرلو'' کے الفاظ کہے اور پھر میں نے فون بند کردیا۔ ان الفاظ کی ادائی کے دوران بھی وہ اپنی بات پر بضد رہی شاید میری بات پر توجہ بھی نہیں دی اور میرے کہے ہوئے الفاظ شاید اس

Marfat.com

نے نہیں سنے اور میں نے اپنی بات کہہ کر فون بند کر دیا۔ گھر آ کر میں نے اپنی بہنوں سے کہا کہ میں نے اسے فارغ کر دیا ہے، طلاق دے دی ہے۔ اب معلوم یہ کرنا ہے کہ آیا طلاق واقع ہوگئی یا نہیں؟، اگر ہوگئیں تو کتنی؟، (معرفت: سید مختار حسین شاہ، امام مسجد محلہ جدون آباد، ہری پور، ہزارہ صوبہ سرحد)۔

**جواب:**

شوہر کا اپنی بیوی کو طلاق کی نیت سے یہ کہنا کہ: ''تین قبول کر''۔ یہ طلاقِ کنایہ کے الفاظ ہیں اور چونکہ نیتِ طلاق موجود ہے، اس لئے تین طلاقیں واقع ہو جائیں گی۔ اب تحلیل شرعی کے بغیر عدّت کے اندر اور عدّت کے بعد دونوں کے درمیان نکاح نہیں ہوسکتا۔ علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: ولو قال لھا: تؤ سہ دہ ونوی الطلاق، یقع۔ ترجمہ: ''شوہر نے اپنی بیوی کو طلاق کی نیت سے کہا: تجھے تین دیئے، تو طلاق واقع ہو جائے گی، (فتاویٰ عالمگیری، جلد: 1، ص: 380)''۔

## خلع

**سوال: 118**

عرض ہے کہ میرے ایک قریبی عزیز کی بیٹی کا نکاح تقریباً ایک سال پہلے ہوا تھا اور ایک سال کے بعد رخصتی ہونا تھی لہٰذا گھریلو طور پر عورتوں میں کافی اختلافات پڑ گئے جس کی وجہ سے خلع تک نوبت آ گئی لہٰذا اب کوئی صورت بات بنتی نظر نہیں آ رہی لہٰذا آپ سے گذارش ہے کہ خلع کی صورت میں شرعی کیا پہلو ہیں؟، (حنیف شیخ بلالی، کراچی)۔

**جواب:**

خلع زوجین کی رضامندی سے ہوتا ہے، یعنی بیوی کچھ مال دے کر خلع حاصل کرے یا مطالبہ مہر سے دستبردار ہو جائے، اس سے طلاق بائن ہو جاتی ہے۔ مال کے بدلے نکاح زائل کرنے کو خلع کہتے ہیں۔ خلع میں عورت کا قبول کرنا شرط ہے اور اس کے الفاظ معین ہیں ان الفاظ کے علاوہ اور لفظوں سے خلع نہ ہوگا۔ خلع ایک طلاق بائن کے

Marfat.com

درجے میں ہوتا ہے۔ صورتِ مسئولہ میں اگر زوجین خلع پر رضامند ہوجاتے ہیں تو چونکہ رخصتی تاحال نہیں ہوئی اور عورت غیر مدخولہ ہے لہٰذا اس پر عدت نہیں ہے۔

## زوجِ مفقود الخبر

**سوال:119**

میرے خاوند فاروق قیصر کوٹ لکھپت جیل لاہور میں بطور کانسٹیبل کام کرتے تھے۔ 1994 میں وہ صبح گھر سے اپنی ڈیوٹی پر گئے، گھر سے نکلتے ہی کچھ لوگوں نے انہیں اغوا کرلیا، شام تک میرے خاوند گھر واپس نہیں آئے، تو ہم نے ان کے آفس (جیل) سے معلوم کیا، تو انہوں نے بتایا کہ وہ اس دن ڈیوٹی پر نہیں آئے۔ ہم نے اس دن ہی ان کی اغوا کی رپورٹ متعلقہ تھانے میں درج کرادی تھی۔ پولیس نے بھی کافی عرصہ اس کی تفتیش کی، مگر آج تک ان کا کوئی سراغ نہیں ملا۔ آج ان کے اغوا کو گیارہ سال کا عرصہ گزر چکا ہے، لیکن اس کا کوئی پتا نہیں ہے۔ عرض یہ ہے کہ میں اس وقت سے اپنے ضعیف والدین کے ساتھ رہ رہی ہوں، میرے تین بچے ہیں، میرے والدین میری اور میرے بچوں کی اس دن سے کفالت کررہے ہیں۔ میرے والدین کب تک میرا ساتھ دیں گے۔ دراصل میں اپنا اب گھر بسانا چاہتی ہوں تاکہ باقی ماندہ زندگی باعزت اور شرعی طور پر گزرے۔ میرے میکے والے بھی مجھے قبول نہیں کررہے ہیں۔ اور نہ میری کفالت کرنے کو تیار ہیں۔ ان تمام حالات کے مدنظر میں نے دوسری شادی کرنے کا فیصلہ کیا ہے تاکہ میں اپنا گھر بسا سکوں۔ ان حالات کے تحت کیا میں دوسری شادی کرسکتی ہوں یا نہیں۔ آپ سے درخواست ہے کہ میرے اس مسئلے کا حل بتایا جائے اور اس سلسلے میں ہماری شریعت کیا کہتی ہے، اور شریعت کی ہی رو سے فتویٰ دیا جائے، (نسیم فاروق، مکان نمبر 586/16 فیڈرل بی ایریا، کراچی)۔

**جواب:**

خاوند کے لاپتہ (مفقود الخبر) ہونے کی صورت میں امام ابوحنیفہ کا موقف:

علامہ ابوالحسن مرغینانی لکھتے ہیں کہ:

Marfat.com

واذاتم له مأة وعشرون سنة من يوم ولد حكمنا بموته وهذه رواية الحسن عن ابى حنيفةوفى ظاهر المذهب يقدر بموت الاقران وفى المروى عن ابى يوسف بمأة سنة وقدره بعضهم بتسعين والاقيس ان لا يقدر بشئى والارفق ان يقدر بتسعين واذا حكم بموته اعتدت امرأته عدة الوفات من ذالک الوقت وقسم ماله بين ورثة الموجودين۔

ترجمہ: ''امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ جب مفقود (لاپتہ) کی زندگی کے ایک سو بیس سال پورے ہوجائیں گے تو اس کو مردہ قرار دیا جائے گا اور ظاہر مذہب یہ ہے کہ جب اس کے تمام معاصرین فوت ہوجائیں گے، تو اس کو مردہ قرار دیا جائے گا۔ امام ابویوسف سے نوے سال کی روایت ہے: بعض مشائخِ حنفیہ نے بھی 90 سال مقرر کئے ہیں، زیادہ قیاس یہ ہے کہ وقت مقرر نہ کیا جائے۔ اور زیادہ مناسب یہ ہے کہ 90 سال مدت مقرر کی جائے اور جب اس کو مردہ قرار دے دیا جائے گا، تو اس کی بیوی عدتِ وفات گزارے گی اور اس کا ترکہ وارثوں میں تقسیم کردیا جائے گا، (ہدایہ اولین، ص:598، کتاب المفقود)''۔

امام ابوالحسن لکھتے ہیں: امام ابوحنیفہ کی دلیل یہ ہے کہ لاپتا شخص کا نکاح یقین سے ثابت اور معروف ہے، اور غائب ہوجانا تفریق کو واجب نہیں کرتا اور اس کی موت مشکوک ہے اور یقین شک سے زائل نہیں ہوتا، اس لئے جب تک اتنی مدت نہ گذر جائے، جس میں اس کی موت کا یقین ہوجائے۔ اس وقت تک اس کو مردہ قرار نہیں دیا جائے گا۔ اور عرف اور عادت میں ایک آدمی ایک سو بیس سال سے زیادہ نہیں رہتا یا اپنے تمام معاصرین کی موت کے بعد زندہ نہیں رہتا، اس لئے اس مدت کے گذرنے کے بعد اس کو مردہ فرض کرلیا جائے گا۔ علامہ ابن ہمام نے تخفیف کرکے اس مدت کو ستر سال قرار دیا ہے۔

امام ابوحنیفہ اور مشائخ حنفیہ کی عبارات کو بغور مطالعہ کرنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اس لاپتا شخص کی بیوی کو اس کی عمر کے ایک سو بیس سال یا تمام معاصرین کی موت تک یا ستر یا نوے سال تک انتظار کرنے کا حکم دیا ہے۔ جس کا اتنا مال اور ترکہ موجود ہو، جس کو اس

Marfat.com

کی بیوی ستر یا نوے سال تک بیٹھ کر کھا سکے۔

سنن دار قطنی میں حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: امرأة المفقود امرأته حتی یاتیها البیان ''لاپتا شخص کی بیوی اس کی بیوی قرار پائے گی جب تک کہ کوئی وضاحت نہ آجائے یا کوئی خبر نہ آجائے''۔ علامہ ابن ہمام فرماتے ہیں، اس حدیث کی سند میں محمد بن شرجیل ایک ضعیف راوی ہے۔ ابو حاتم نے کہا یہ شخص حضرت مغیرہ کی طرف منکر اور باطل روایات منسوب کرتا ہے۔ ابن قطان نے کہا اس کا ایک راوی سوار بن مصعب متروکین میں مشہور ہے اور اس سلسلہ میں حضرات صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے آثار اور اقاویل متعارض ہیں۔

خاوند کے لاپتا (مفقود الخبر) ہونے کی صورت میں امام مالک کا موقف:

علامہ ابن سحنون مالکی نے امام مالک سے پوچھا آیا مفقود کی بیوی امام مالک کے قول کے مطابق حاکم کی اجازت کے بغیر بھی چار سال عدت گذار سکتی ہے؟ امام مالک نے فرمایا: نہیں! امام مالک نے فرمایا: اگر مفقود کی بیوی بیس سال بھی انتظار کرتی رہے، اس کے بعد حاکم کے پاس اپنا مقدمہ پیش کرے تو حاکم اس میں غور و فکر کرے اور جس جگہ وہ شخص گیا تھا، وہاں اس کی تفتیش کرے اور جب اس کا پتا نہ چل سکے اور وہ مایوس ہو جائے تو پھر اس کو چار سال ٹھہرنے کا حکم دے۔ امام مالک سے پوچھا گیا کہ چار سال ٹھہرنے کے بعد چار ماہ دس دن عدت گذارنے کے لئے بھی حاکم کی اجازت ضروری ہے یا وہ یہ مدت از خود بھی گذار سکتی ہے۔ امام مالک نے فرمایا: ہاں اس کی عدت وفات کے ساتھ حاکم کا کیا تعلق ہے؟،

سحنون از ابن القاسم از امام مالک از یحیٰ بن سعید از سعید بن میسب روایت کرتے ہیں کہ حضرت عمر بن الخطاب نے فرمایا جس عورت کا شوہر لاپتا ہو جائے، وہ چار سال انتظار کرے پھر چار ماہ دس دن عدت وفات گذارے اس کے بعد وہ نکاح کے لئے حلال ہو جائے گی۔

۶ ربیع الآخر ۱۳۱۸ھ کو مفتی المالکیہ شیخ الجامع الازہر نے گیارہ معاشرتی مسائل میں امام مالک کے مذہب کی نصوص پر مشتمل ایک فتویٰ جاری کیا، جس کی جامع ازہر کے تمام علماء نے

Marfat.com

تصدیق کی ہے جن میں حنفی علماء بھی شامل ہیں۔ اس فتویٰ کو مصر کی وزارتِ اوقاف نے فتاویٰ اسلامیہ میں شائع کیا ہے۔ اس فتویٰ سے پہلے علماءِ ازہر نے فقہ حنفی سے اس پر تصریحات پیش کی ہیں کہ ضرورت کے وقت دوسرے مذہب پر عمل کیا جاسکتا ہے۔

صدرالافاضل علامہ امجد علی اعظمی رحمہ اللہ تعالیٰ ''فتاویٰ امجدیہ'' کے حاشیے میں، جو یا تو ان کا اپنا املا کرایا ہوا ہے اور یا ان کے، تلمیذِ رشید اور نائب خصوصی، مفتی اعظم ہند علامہ محمد شریف الحق امجدی رحمہ اللہ تعالیٰ کا تحریر کردہ ہے: لیکن اگر شوہر کے مفقود الخبر ہونے کی وجہ سے عورت دوسری شادی پر اتنی مجبور ہو جائے کہ دوسرا کوئی چارۂ کار نہ ہو حالتِ ملجیہ پیدا ہو جائے، تو مذہب امام مالک رضی اللہ عنہ پر عمل کرنے کی اجازت ہمارے علماء نے بھی دی ہے۔ خصوصاً اس دور پرفتن میں ہمارے علماء کا تقریباً اس پر اتفاق ہے کہ اس خصوص میں امام مالک رضی اللہ عنہ کے مذہب پر فتویٰ دیا جائے، مگر اس خصوص میں چند باتیں قابلِ لحاظ ہیں، اول یہ کہ مذہب امام مالک رضی اللہ عنہ یہ نہیں کہ شوہر کے غائب ہونے کے دن سے چار سال گزار کر شوہر کی وفات کا حکم دیا جائے، بلکہ یومِ قضاء (یعنی جس دن قاضی لاپتا شوہر کی موت کا حکم لگائے) سے چار سال انتظار کرنا ضروری ہے، جیسا کہ فتاویٰ رضویہ ج۵، ص۵۰۰ پر کتاب مُدَوَّنہ کے حوالے سے مذکور ہے، دوسرے یہ کہ اس کے لئے قضائے قاضی شرط ہے، درمختار میں ہے: انما یحکم بموتہ بقضاء لانہ امر محتمل فمالم ینضم الیہ القضاء لایکون حجۃ۔

ترجمہ: شوہر کی موت کا حکم قضائے قاضی سے دیا جائے، کیونکہ یہ ایک ایسا معاملہ ہے جو دوسری جہت (زندگی) کا بھی احتمال رکھتا ہے، تو جب تک اس کے ساتھ قاضی کا فیصلہ نہیں ملے گا، یہ حجت نہیں ہوگا، (جلد: ۳، ص: ۳۳۱، کتاب المفقود، نعمانیہ)''۔ اس زمانے میں جب کہ یہاں حاکمِ اسلام نہیں، علمائے بلد، جو مرجع فتویٰ ہوں، اس خصوص میں قاضی کے قائم مقام ہیں، واللہ تعالیٰ اعلم (فتاویٰ امجدیہ دوم، ص: 91 مطبوعہ مکتبۂ رضویہ آرام باغ کراچی)''۔

Marfat.com

مختصر یہ کہ انتہائی مجبوری کی حالت میں جب عورت کے لئے اپنے نفس پر قابو پانا دشوار ہو جائے، اسے خدشہ ہو کہ بشری کمزوری کی بناء پر وہ حرام میں مبتلا ہو جائے گی، تو ایسے موقع پر امام مالک کے مذہب پر فتویٰ دیا جاسکتا ہے یا قاضی فیصلہ دے سکتا ہے۔ شیخ الحدیث علامہ غلام رسول سعیدی مدظلہ العالی نے شرح صحیح مسلم جلد ثالث صفحات 1095 تا 1120 میں اس مسئلے پر مفصل و مدلّل بحث کی ہے اور لکھا ہے کہ آثارِ صحابہ بھی اس سلسلے میں موجود ہیں اور چونکہ امام اعظم ابوحنیفہ نے اثرِ صحابہ کو اپنی اجتہادی رائے پر ترجیح دی ہے، اس لئے التزاماً مذہبِ حنفی کے مطابق بھی کہا جاسکتا ہے اور جیسا کہ امام مالک کے قول سے ثابت ہے اور صدر الشریعہ مولانا امجد علی رحمہ اللہ تعالیٰ نے لکھا کہ وہ عورت جس کا خاوند مفقود الخبر (لاپتا) ہے، جب عدالت سے رجوع کرے گی، تو قاضی اس کی تلاش کے تمام ذرائع اختیار کرنے کے باوجود لاپتا رہنے پر اس کی وفات کا حکم دے گا اور اس وقت سے وہ عورت چار سال اور عدت وفات گزارنے کے بعد کسی دوسرے شخص سے عقد کر سکے گی۔

علامہ سعیدی نے اس امکانی صورت پر بھی بحث کی ہے کہ اگر ان تمام مراحل سے گزرنے کے بعد عورت کسی شخص سے نکاح کر لیتی ہے اور پھر تقدیرِ الٰہی سے وہ شخص واپس آموجود ہوتا ہے تو کیا کیا جائے، چنانچہ وہ لکھتے ہیں: ”جب مفقود لوٹ آئے اور یہ ظاہر ہو جائے کہ وہ زندہ ہے اور ابھی دوسرے شخص نے اس سے مقاربت نہیں کی تھی اور نہ ہی اس کو مفقود کے زندہ ہونے کا پہلے علم تھا تو اب یہ مفقود کی زوجہ ہے، خواہ عقد نکاح ہو چکا ہو، اور اگر دوسرے شوہر کو مفقود کی حیات کا علم تھا تو اس نے مقاربت کی ہو یا نہ کی ہو مفقود کے لوٹ آنے کے بعد وہ مفقود کی بیوی ہوگی، اور اگر یہ معلوم ہو جائے کہ مفقود، دورانِ عدت فوت ہوا ہے یا عدت کے بعد دوسرے نکاح سے پہلے فوت ہوا ہے یا عقد کے بعد مقاربت سے پہلے فوت ہوا ہے تو وہ عورت مفقود کی وارث ہوسکتی ہے اور اگر مقاربت کے بعد فوت ہوا ہے تو وہ عورت مفقود کی وارث ہوسکتی ہے اور اگر مقاربت کے بعد فوت ہوا ہے درآں حالیکہ دوسرے شوہر کو اس کی حیات کا علم نہیں تھا تو اب یہ وارث نہیں ہوگی۔ (شرح صحیح مسلم جلد

Marfat.com

ثالث ص: 1107 مطبوعہ فرید بک اسٹال، لاہور)''۔

## تحریری طلاق نامہ لڑکی کو نہ ملے تب بھی طلاق واقع ہو جاتی ہے

**سوال:**120

میری بیوی اور میرے درمیان کچھ اختلافات ہو گئے تھے، جس کی وجہ سے میری بیوی ناراض ہو کر اپنے والدین کے گھر چلی گئی تھی، تقریباً عرصہ دس ماہ گذر جانے کے بعد میں نے کافی اثر ورسوخ استعمال کیا، لیکن کوئی مسئلہ حل نہ ہوا۔ اس کے بعد میں وکیل کے پاس چلا گیا، اپنا قصہ سنایا اور پھر اس کو طلاق کا نوٹس تیار کرنے کو کہا۔ وکیل نے تین طلاق کا نوٹس تیار کر دیا اور میں نے طلاق نوٹس کی ایک کاپی سسرال والوں کے پتہ پر بھیج دی۔ اور ایک کاپی یونین کونسل کے پتا پر روانہ کر دی۔ کچھ دنوں کے بعد دونوں کا پیاں الگ الگ مجھے مل گئیں، جو وصول نہ ہوئی تھیں، اور نہ ہی ان پر دستخط موجود تھے، اس کے بعد میں نے ایک جرگہ بٹھایا اور پوچھا کہ آپ کو میری طرف سے طلاق کا نوٹس ملا کہ نہیں، جس پر سسرال والوں نے جواب دیا کہ نہیں ملا۔ اور میں نے طلاق کا نوٹس مورخہ 26 اپریل 2005ء کو دیا تھا اور ابھی تقریباً چھ ماہ ہو چکے ہیں۔

میں یہ جاننا چاہتا ہوں کہ آیا طلاق ہو گئی ہے یا نہیں ہوئی؟ مہربانی فرما کر قرآن وسنت کی روشنی میں فتویٰ دیا جائے، میرے دو بچے ہیں، اور میری بیوی بھی دوبارہ میرے ساتھ بخوشی زندگی گذارنا چاہتی ہے، کیا طلاق مؤثر ہے یا غیر مؤثر؟۔ (محمد یعقوب، تحصیل حاصل پور ضلع بہاولپور)۔

**جواب:**

کتب فتاویٰ میں یہ مسئلہ درج ہے کہ اگر کسی شخص نے کاتب یا وثیقہ نویس سے کہا کہ میری بیوی کے نام طلاق لکھ دو اور اس نے لکھ دی تو طلاق واقع ہو جائے گی، جیسا کہ فتاویٰ شامی میں ہے: ولو قال للکاتب: اکتب طلاق امرأتی کان اقرارا بالطلاق وان لم یکتب۔

Marfat.com

ترجمہ: ''اور اگر اس (شوہر) نے کاتب سے کہا کہ میری بیوی کے نام طلاق لکھ دو تو یہ طلاق کا اقرار ہے، خواہ کاتب نے لکھا نہ ہو (تب بھی طلاق واقع ہو جائے گی)، (رد المحتار علی الدر المختار، ج4ص:337 مطبوعہ دار احیاء التراث العربی)''۔

چونکہ آپ نے اپنی مرضی سے وثیقہ نویس سے اپنی بیوی کے نام تین طلاقیں لکھوائیں اور اس طلاق نامے پر دستخط کردیئے، تو اسی وقت طلاق واقع ہوگئی، طلاق کے مؤثر ہونے کے لئے بیوی کو تحریری طلاق نامے کا ملنا ضروری نہیں ہے، جس وقت طلاق نامے پر دستخط ہوئے، اسی وقت سے عدت بھی شروع ہوگئی، اب آپ کا اپنی بیوی سے کوئی تعلق باقی نہیں ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

## طلاقِ مغلظہ کے بعد تعلقات

**سوال:**121

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے میں کہ ایک میرے قابلِ احترام بنام مولانا علامہ فتح محمد ولد نظام دین ساکن نئی آبادی کھرالہ تحصیل وضلع جہلم کے رہائشی نے دو شادیاں کی ہوئی ہیں، دوسری شادی 1982ء کو ہوئی تھی۔ اس عورت کو کچہری میں جاکر 50 روپے والے اسٹامپ پیپر پر لفظ طلاق۔ طلاق۔ طلاق لکھ کر (جس طلاق نامے کی فوٹو کاپی ساتھ ارسالِ خدمت ہے) طلاق دے دی اور بمطابق قانونِ پاکستان ایک طلاق نامہ جو کہ اصل تھا، مطلقہ بیوی کو ارسال کردی۔ اب جس عورت کو طلاق دی گئی ہے، وہ عورت طلاق نامہ وصول کرنے سے انکاری ہے اور محترم طلاق دینے والے بزرگوار ماشاء اللہ دینِ خداوندی پر عبور حاصل ہے دونوں یہ کہتے ہیں کہ طلاق اگر وصول نہ کی جائے تو طلاق نہیں ہوتی اور یہ دونوں ایک دوسرے سے بات چیت کرتے ہیں اور ایک ہی جگہ پر رہائش پذیر ہیں۔

جناب عالی! اسلام کی روح سے ان قابلِ احترام بزرگوار کے بارے میں کیا حکم ہے اور اس طلاق شدہ عورت کے بارے میں کیا احکاماتِ خداوند ہیں، جناب فتویٰ صادر فرمایا جائے

Marfat.com

تاکہ باقی اس گھر میں رہنے والے فریق خدا کے غضب سے بچ سکیں،(شاہد محمود ولد مولانا فتح محمد، نئی آبادی کھرالہ تحصیل وضلع جہلم)۔

**جواب:**

ہمیں مذکورہ بالا استفتاء کے ساتھ شوہر کا اسٹامپ پیپر تحریری طلاق نامہ کی فوٹو اسٹیٹ کاپی بھی منسلک کرکے ارسال کی گئی ہے جس پر شوہر فتح محمد صاحب اور دو گواہوں محمد ناصر اور حافظ سجاد حیدر کے دستخط بھی ثبت ہیں اور سید صفات احمد شاہ (اوتھ کمشنر) نے اپنے دستخطوں اور مہر کے ساتھ اس کی توثیق کی ہے، للہذا صورت مسئولہ میں چونکہ شوہر نے اپنی بیوی کا نام لے کر تین دفعہ طلاق، طلاق، طلاق کہہ کر طلاق دے دی ہے، اس لئے طلاق واقع ہوگئی۔ وقوع طلاق کے لئے بیوی کا طلاق نامے کو وصول کرنا ضروری نہیں ہے، بس جس وقت شوہر نے طلاق نامے پر دستخط کئے، طلاق اسی وقت سے مؤثر ہوگئی اور عدت بھی شروع ہوگئی اور طلاق مغلظہ ہونے کی بنا پر ان کا عدت کے اندر یا عدت کے بعد تحلیل شرعی کے بغیر آپس میں نکاح نہیں ہوسکتا، تاہم یہ مطلقہ خاتون عدت اسی سابق مُطلِّق شوہر کے مکان میں گذاریں گی، ایامِ عدت کا نفقہ بھی شوہر کے ذمے ہوگا، لیکن دورانِ عدت بھی اس طلاق دینے والے شوہر اور اس طلاق یافتہ عورت کا آپس میں معاملہ اجنبی والا ہوگا، ستر وحجاب کی پابندی ہوگی، الگ رہنا ہوگا۔ اس طلاقِ مغلظہ کے بعد ان کا آپس میں میاں بیوی کی حیثیت سے رہنا حرام ہے، زنا کے زمرے میں آئے گا، انہیں اللہ تعالیٰ سے ڈرنا چاہئے اور اس محلے یا بستی کے لوگوں کو انہیں اس پر متوجہ کرنا چاہئے، اگر وہ اس کے باوجود باز نہ آئیں تو ان کا سماجی مقاطعہ (Sociol Boycott) کرنا چاہئے، البتہ چونکہ مطلقہ خاتون اسی مُطلِّق شوہر سے صاحبِ اولاد ہیں، ان کے پانچ جوان بچے ہیں، للہذا ان کے لئے بہتر یہ ہے کہ اگر وہ یا ان کی اولاد مالی استطاعت رکھتے ہیں تو وہ اپنی اولاد کے ساتھ الگ مکان میں رہیں، کیونکہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ: جو مقامِ تہمت پر ٹھہرا، تو پھر اسے چاہئے کہ بدگمانی کرنے والوں کو ملامت نہ کرے (بلکہ اپنے آپ کو ملامت کرے کہ

Marfat.com

اس نے خود انہیں موقع فراہم کیا)، لیکن اگر ان کی اور ان کی اولاد کی اتنی مالی استطاعت نہیں ہے اور سابق طلاق دینے والے شوہر کا مکان اتنا وسیع ہے کہ وہ اپنے بچوں کے ساتھ شرعی ستر وحجاب کی پابندی کو قائم رکھتے ہوئے اجنبی کی حیثیت سے رہ سکتے ہیں اور شوہر اپنی اولاد کی ماں ہونے کی حیثیت سے انہیں اس کی اجازت دیتا ہے، تو پھر وہ وہاں اپنی اولاد کے ساتھ رہ سکتی ہیں، لیکن یہ امر واضح رہے کہ شرعاً وہ ایک دوسرے کے لئے ہمیشہ اجنبی رہیں گے، واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

## ثبوتِ طلاق کے طریقے

**سوال:122**

میرا نام اسماء بیگم ہے، میرے شوہر محمد حماد نے مختلف مواقع پر مجھے تین طلاقیں دیں ان الفاظ کے ساتھ ''میں نے تمہیں طلاق دی'' اور طلاق کا کوئی گواہ نہیں ہے، اب میرا شوہر مجھے اپنے ساتھ رہنے کے لئے کہتا ہے، اس بارے میں مجھے آپ اپنے فیصلے سے نوازیں، (اسماء بنت محمد امین شیخ، L-505 سیکٹر 5/B-2 نارتھ کراچی)۔

**جواب:**

صورتِ مسئولہ میں بر تقدیر صدقِ سائلہ مذکورہ شخص نے اپنی منکوحہ کو جو تین طلاقیں دی ہیں، وہ مؤثر ہیں اور دیانتاً طلاق اسی وقت سے واقع ہوگئی اور آپ نے لکھا ہے کہ آپ کے شوہر نے جو تین طلاقیں دی ہیں، تو اس پر کوئی گواہ نہیں ہے، عنداللہ طلاق واقع ہونے کے لئے گواہوں کی موجودگی، لازم نہیں ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَآ اَنْ يَّتَرَاجَعَآ۔

ترجمہ: ''پھر اگر (شوہر اپنی بیوی کو دو طلاق دینے کے بعد) اسے تیسری طلاق بھی دے دے، تو اب وہ عورت اس (سابق شوہر) کے لئے حلال نہیں، یہاں تک کہ (عدت گزارنے کے بعد) وہ (مطلقہ) عورت (اپنے سابق شوہر کے علاوہ) کسی اور مرد سے نکاح

Marfat.com

کرلے (اور خدانخواستہ ان کے درمیان نباہ نہ ہو اور وہ شوہر ثانی اسے طلاق دیدے، تو اب عدت گزارنے کے بعد وہ شوہر اول سے نکاح کرسکتی ہے)، (البقرۃ:230)''۔ وقوعِ طلاق کے بعد آپ کے شوہر کا آپ کو تحلیلِ شرعی کے بغیر رکھنے کا ارادہ، گناہ پر جسارت ہے اور ایک گونہ اس پر اپنے قلبی اطمینان کا اظہار ہے۔

لیکن قضاء یعنی دینوی احکام کے اعتبار سے ثبوتِ طلاق کے دو طریقے ہیں، ایک یہ کہ شوہر خود طلاق کا اقرار کرے، دوسرا یہ کہ طلاق پر دو گواہ موجود ہوں، اور اگر عورت طلاق طلاق کی مُدَّعِیَہ ہے مگر شوہر منکر ہے، تو عدالت اسے قسم دے گی، کیونکہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ:

عن عمرو بن شعیب، عن ابیه، عن جده: ان النبی ﷺ قال فی خطبته: "البیّنه علی المُدّعی وَالیمین علیٰ المدعی علیه"۔

ترجمہ: ''عمر ابن شعیب اپنے والد سے، وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا: کسی بھی دعوے کے ثبوت کے لئے مدعی پر لازم ہے کہ وہ گواہ پیش کرے (ورنہ گواہ نہ ہونے کی صورت میں) مدعیٰ علیہ اگر قبول دعویٰ کا انکار کرتا ہے، تو اس سے قسم لی جائے گی، (سنن ترمذی، رقم الحدیث:1339)''۔

یعنی کسی بھی دعوے کے ثبوت کے لئے مدعی پر لازم ہے کہ وہ گواہ پیش کرے (ورنہ گواہ نہ ہونے کی صورت میں) مدعیٰ علیہ اگر قبول دعویٰ کا انکار کرتا ہے، تو اسے قسم دی جائے گی۔

اور اس طرح قضاء نکاح قائم رہے گا، کیونکہ اسلامی احکام کی طرح دنیا کی کوئی بھی عدالت محض دعوائے مدعی پر اس کے حق میں فیصلہ نہیں دیتی۔ اگر شوہر جھوٹی قسم کھاتا ہے، تو وہ گنہگار ہے، اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کی عدالت میں حقیقت واقعہ کے مطابق فیصلہ ہوگا، اور اس کی ساری زندگی گناہ میں گزرے گی۔

Marfat.com

## طلاقِ غیر مدخولہ

**سوال:** 123

میرا نکاح ۱۱ر اکتوبر ۲۰۰۵ء میں فرقان احمد خان کے ساتھ ہوا تھا، میرا نام عائشہ حیدر خان ہے، فرقان احمد خان جو کہ میرے شوہر تھے، انہوں نے اپنی والدہ کے دباؤ میں آکر مجھے طلاق کا نوٹس بھجوا دیا ہے، جس میں تین بار طلاق کا لکھا ہوا ہے، اور ان کے دستخط ہیں، میری رخصتی نہیں ہوئی تھی، میں اپنے گھر میں ہی ہوں اور وہ اپنے گھر میں اب آپ مجھے اس کا فتویٰ دے دیجئے کہ آیا میرا نکاح فرقان احمد خان سے دوبارہ ہوسکتا ہے؟ اور اس کی کیا مدت ہے؟ اور پرانا نکاح ابھی تک برقرار ہے یا نہیں؟ اور میں نے اپنے نکاح کا مہر بھی نہیں لیا ہے، اس صورت میں کیا طریقہ ہے؟ قرآن وسنت کی روشنی میں فتویٰ دیجئے، (عائشہ حیدر، R-770/16 الیف بی ایریا، کراچی)۔

جواب: علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: اذا طلق الرجل امراته ثلاثا قبل الدخول بها وقعن علیها فان فرق الطلاق بانت باالاولیٰ ولم تقع الثانیة و الثالثة۔

ترجمہ: ''اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو دخول سے پہلے تین طلاق دے دے تو وہ طلاق واقع ہوجاتی ہیں پس اگر علیحدہ علیحدہ الفاظ سے طلاق دی ہو تو پہلی طلاق سے طلاقِ بائن ہوجائے گی اور دوسری اور تیسری طلاق واقع نہیں ہوگی، (عالمگیری جلد اول ص: 373)''۔

صورت مسئولہ میں برتقدیر صدقِ سائلہ چونکہ ابھی تک رخصتی نہیں ہوئی اور خلوت صحیحہ (دونوں میاں بیوی کا تنہائی میں جمع ہونا) بھی نہیں پایا گیا اور شوہر نے تین طلاق (منسلکہ طلاق نامہ میں) علیحدہ علیحدہ دی ہیں، لہٰذا پہلی طلاق سے ہی نکاح ختم ہوگیا اور دوسری دو طلاقیں واقع نہیں ہوں گی، اس لئے کہ غیر مدخولہ (جس کے ساتھ مباشرت نہ کی گئی ہو) کو طلاقِ رجعی نہیں ہوتی بلکہ ایک طلاق دینے سے بھی بائن ہوجاتی ہے اور طلاق بائن دینے کے بعد وہ عورت محلِ طلاق نہیں رہتی، اس لئے طلاق کے دوسرے الفاظ لغو ہوجاتے ہیں، اس صورت میں یہ شوہر دوبارہ نکاح کرسکتا ہے، عدت اور تحلیلِ شرعی کی ضرورت نہیں۔ اللہ

Marfat.com

تعالیٰ کا قرآن مجید میں ارشاد ہے: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَیْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ

ترجمہ: ''اے ایمان والو! جب تم مسلمان عورتوں سے نکاح کرو، پھر ہاتھ لگانے سے پہلے انہیں طلاق دے دو، تو تمہارے لئے ان پر کچھ عدت نہیں، جسے تم شمار کرو، (الاحزاب:49)''

مگر پہلے والے نکاح میں جو مہر مقرر ہوا تھا، شوہر پر واجب ہے کہ آدھا مہر عورت کو ادا کرے، اللہ تعالیٰ کا قرآن مجید میں ارشاد ہے:

وَ اِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَ قَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِیْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ۔

ترجمہ: '' اور اگر تم نے عورتوں کو چھونے سے پہلے طلاق دے دی، اور تم ان کے لئے مہر ٹھہرا چکے تھے، تو جو مقرر ہوا تھا، اس کا آدھا (واجب) ہے، (البقرۃ:237)''۔

## تحلیلِ شرعی کے لئے شخصِ غیر کی قید

**سوال** :124

میں نے اپنی بیوی کو طلاق دے دی ہے میں پھر اس سے نکاح کرنا چاہتا ہوں اور حلالہ کرنا چاہتا ہوں حلالہ غیر مرد کے ساتھ ہوتا ہے لہٰذا میں اس وقت اس کے لئے غیر مرد ہوں کیا یہ کام میں خود کر سکتا ہوں؟، (انیس محمد، لیاقت آباد، کراچی)۔

**جواب:**

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَیْرَهٗ ؕ فَاِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِمَاۤ اَنْ یَّتَرَاجَعَاۤ۔

ترجمہ: ''پھر اگر (وہ شوہر) اسے (تیسری) طلاق دے دی، تو وہ (عورت) اس (تیسری طلاق) کے بعد اس کے لئے حلال نہیں ہوگی، یہاں تک کہ وہ (عورت) اس کے علاوہ کسی اور مرد سے نکاح کرلے۔ پھر اگر وہ (دوسرا خاوند) اسے طلاق دے دے، تو ان پر کوئی گناہ نہیں کہ (عدت کے بعد نکاح کر کے) آپس میں رجوع کرلیں، (البقرۃ:230)''۔

Marfat.com

تحلیلِ شرعی کے لئے آیت میں "غیرہ"، "ہٗ" ضمیر مذکر ہے، جس سے مراد زوجِ اوّل کے علاوہ دوسرا شخص ہے، آپ حلالے کے متعلق نہ سوچیں۔

حدیث مبارک میں ہے :عن عبداللّٰہ بن مسعود قال: لعن رسول اللّٰہ ﷺ المحلّل والمحلّل لہ۔

ترجمہ: "حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: حلالہ کرنے اور حلالہ کرانے والے پر (بشرطِ تحلیل) رسول اللہ ﷺ نے لعنت فرمائی، (سنن ترمذی رقم الحدیث:1120)"

## طلاق ہوئی یا نہیں؟

**سوال :125**

میرا میری بیوی سے جھگڑا ہو رہا تھا اس دوران اس نے مجھ سے کہا کہ مجھے طلاق دے دو، میں نے جواب میں کہا کہ "تجھے طلاق دوں گا، طلاق دوں گا، طلاق دوں گا"۔ میں حلفیہ کہنے کو تیار ہوں کہ میں نے یہی الفاظ کہے تھے، اور میں نے آئندہ کے لئے کہا تھا فی الحال میں نے طلاق نہیں دی، جبکہ میری بیوی کہتی ہے کہ اس نے مجھے طلاق دی ہے۔ آیا اس صورت میں طلاق واقع ہوگئی یا نہیں؟، (عبدالرحیم، گلستانِ جوہر بلاک 13 کراچی)۔

**جواب :**

صورتِ مسئولہ میں برصدقِ بیانِ سائل شوہر کے الفاظ "تجھے طلاق دوں گا، طلاق دوں گا، طلاق دوں گا" سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی، کیونکہ یہ مستقبل میں طلاق دینے کے ارادے کا اظہار ہے اور شرعاً ارادۂ طلاق، طلاق نہیں ہے۔ چونکہ آپ کے ادا کردہ تمام الفاظ ارادۂ طلاق کو ظاہر کرتے ہیں اور ارادۂ طلاق، طلاق نہیں ہے۔ لہٰذا ان تمام الفاظ سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔ قضاء یعنی دینوی احکام کے اعتبار سے ثبوتِ طلاق کے دو طریقے ہیں، ایک یہ کہ شوہر خود طلاق کا اقرار کرے، دوسرا یہ کہ طلاق پر دو گواہ موجود ہوں، اور اگر عورت طلاق کی مُدّعیہ ہے، مگر شوہر منکر ہے، تو عدالت اسے قسم دے گی، کیونکہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ:عن عمرو بن شعیب، عن ابیہ، عن

Marfat.com

جدہ: ان النبی ﷺ قال فی خطبتہ : "البیّنہ علی المُدّعی والیمین علیٰ المدعی علیہ"۔

ترجمہ:'' عمر بن شعیب اپنے والد سے، وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا: کسی بھی دعوے کے ثبوت کے لئے مدعی پر لازم ہے کہ وہ گواہ پیش کرے (ورنہ گواہ نہ ہونے کی صورت میں) مدعیٰ علیہ اگر قبول دعویٰ کا انکار کرتا ہے، تو اس سے قسم لی جائے گی، (سنن ترمذی، رقم الحدیث:1339)''۔یعنی کسی بھی دعوے کے ثبوت کے لئے مدعی پر لازم ہے کہ وہ گواہ پیش کرے (ورنہ گواہ نہ ہونے کی صورت میں) مدعیٰ علیہ اگر قبول دعویٰ کا انکار کرتا ہے، تو اسے قسم دی جائے گی۔ اور اس طرح قضاءً نکاح قائم رہے گا، کیونکہ اسلامی احکام کی طرح دنیا کی کوئی بھی عدالت محض دعوائے مدعی پر اس کے حق میں فیصلہ نہیں دیتی۔ اگر شوہر جھوٹی قسم کھاتا ہے، تو وہ گنہگار ہے، اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کی عدالت میں حقیقت واقعہ کے مطابق فیصلہ ہوگا، اور اس کی ساری زندگی گناہ میں گزرے گی۔

## جبری طلاق کی ایک صورت

**سوال:**126

ہم نے اپنی بہن کا نکاح ایک جگہ کیا اور سوچا کہ رخصتی کچھ عرصے بعد کریں گے اس رشتے سے ہمارے اور لڑکے کے گھر والے سب خوش تھے، لیکن ہمارے کچھ رشتے دار جنہوں نے اس نکاح سے پہلے ہم سے بہن کا رشتہ مانگا تھا جو ہم نے کسی وجہ سے قبول نہ کیا ان لوگوں کو اس نکاح پر اعتراض تھا انہوں نے ہر ممکن کوشش کی کہ یہ نکاح ٹوٹ جائے، لڑکی کو اغوا کرنے کی دھمکی بھی دی اور یہ بھی کہا کہ لڑکے کو قتل کردیں گے۔ ان لوگوں نے دس بارہ افراد کا ایک گروپ بنا کر لڑکے کو گھیر لیا اس وقت ان کے پاس ہتھیار بھی تھے جس کے دم پر انہوں نے لڑکے سے ایک سادہ کاغذ پر دستخط کروالیا اور کہا کہ اب منہ سے بھی بولو کہ میں نے طلاق دی۔ لڑکے نے انکار کردیا جس پر انہوں نے مار پیٹ شروع کردی آخر کار لڑکے

Marfat.com

کے منہ سے بھی بلوالیا، طلاق کے الفاظ یہ تھے، (میں نے علی گوہر وگن کی بیٹی شازیہ کو طلاق، طلاق، طلاق دی)۔ کیونکہ وہ لوگ ایسے ہیں کہ اگر وہ نہ کہتا تو اسے واقعی قتل کردیا جاتا۔ اب اس طلاق کو نہ تو لڑکا قبول کررہا ہے اور نہ ہی لڑکی، معلوم یہ کرنا ہے کہ یہ طلاق ہوئی یا نہیں؟، (وقار احمد وگن، D-33 پی ٹی سی ایل کالونی جناح ہسپتال)۔

**جواب:**

اصولی طور پر فقہ حنفی میں ''طلاق مکرَہ'' (یعنی جس سے جبراً طلاق دلائی گئی ہو) معتبر ہے، البتہ اگر ''اکراہ تام'' یا ''اکراہ مُلجی''، ہو، یعنی ایسی ضربِ شدید جس میں جان یا عضو کے تلف ہونے کا حقیقی خطرہ ہو، جیسے آج کل بندوق کی نوک (Gun Point) پر دھمکی دی جاتی ہے، اور بظاہر ایسا لگتا ہے کہ وہ اس دھمکی پر عمل کرلے گا، تو اسے ''اکراہ مُلجی'' یا ''اکراہِ تام'' کہتے ہیں۔ ایسے ''اکراہِ مُلجی'' کی صورت میں ہمارے فقہائے کرام نے کہا ہے کہ اگر جبر کرکے تحریراً طلاق لے لی جائے تو وہ مؤثر نہیں ہوگی، لیکن اگر جبر کرکے زبانی طلاق دلوادی جائے تو وہ مؤثر ہوجائے گی۔ چنانچہ علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

وفی "البحر" "أن المراد الاکراہ علی التلفظ بالطلاق ، فلو أکرہ علی أن یکتبَ طلاقَ امرأتہ فکتب لا تُطلّق ، لأن الکتابۃ أقیمت مقام العبارۃ باعتبار الحاجۃ ولا حاجۃ ھنا ، کذا فی "الخانیۃ" ولو أقر با لطلاق کاذباً أو ھازلاً وقع قضاءً لا دیانۃ ۔

ترجمہ: ''اور ''البحر الرائق'' میں ہے کہ ''اکراہ'' سے مراد یہ ہے کہ لفظاً طلاق دینے پر مجبور کردیا گیا ہو، اگر (شوہر) کو مجبور کردیا گیا ہو کہ اپنی بیوی کو طلاق لکھ دے، پھر اس نے (بامر مجبوری) لکھ دیا، تو طلاق واقع نہیں ہوگی، کیونکہ تحریر اس وقت طلاق لفظی کے قائم مقام ہوتی ہے، جب اس کی حاجت ہو اور یہاں اسے حاجت نہیں ہے، (کیوں کہ وہ خود اپنی مرضی سے طلاق نہیں دینا چاہتا)، ''خانیہ'' میں اسی طرح ہے، اور اگر شوہر نے (اپنی بیوی کو) جھوٹ کے طور پر یا بطورِ مذاق طلاق دینے کا اقرار کیا، تو طلاق قضاءً واقع ہوجائے

Marfat.com

گی (یعنی اگر معاملہ عدالت میں گیا تو عدالت وقوعِ طلاق کا فیصلہ دے گی، کیوں کہ عدالتوں میں معاملات کا فیصلہ ظاہری قرائن وشواہد پر ہوتا ہے، نیتوں پر نہیں ہوتا، جب کہ عنداللہ نیت کا اعتبار ہوگا)، (مگر) دیانتاً نہیں ہوگی، (ردالمحتار علی الدرالمختار جلد :4،ص: 324 داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے پوچھا گیا: کہ ایک شخص نے کسی کے جبر وظلم سے محض ناچار ومجبور ہوکر اپنی بیوی کو طلاق دے دی اور طلاقنامہ لکھ دیا تو اس صورت میں طلاق پڑے گی یا نہیں؟۔

آپ نے جواب میں لکھا کہ: طلاق بخوشی دی جائے خواہ بجبر، واقع ہوجائے گی۔ نکاح شیشہ ہے اور طلاق سنگ، شیشہ پر پتھر خوشی سے پھینکے یا جبر سے یا خود ہاتھ سے چھٹ پڑے شیشہ ہر طرح ٹوٹ جائے گا، مگر یہ زبان سے الفاظ کہنے میں ہے، اگر کسی کے جبر واکراہ سے عورت کو خطرہ میں طلاق لکھی یا طلاق نامہ لکھ دیا اور زبان سے الفاظِ طلاق نہ کہے تو طلاق نہ پڑے گی۔ تنویر الابصار میں ہے: ویقع طلاق کل زوج بالغ عاقل ولو مکرَھا او مُخطئا وفی ردا لمحتار عن البحر ان المراد  الاکراہ علی التلفظ بالطلاق، فلو اُکرہ علی أن یکتب طلاق امرأتہ فکتب لا تطلق، لأن الکتابۃ أقیمت مقام العبارۃ باعتبار الحاجۃ ولا حاجۃ ھنا۔

ترجمہ: ''ہر عاقل بالغ خاوند کی طلاق نافذ ہوجائے گی اگرچہ اسے مجبور کیا گیا ہو یا غلطی سے طلاق دے دی، اور ردالمحتار میں بحر سے منقول ہے کہ جبر سے مراد لفظ طلاق کہنے پر مجبور کیا گیا ہو، اور اگر اس کو اپنی بیوی کو طلاق لکھنے پر مجبور کیا گیا تو اس نے مجبور ہوکر لکھ دی تو طلاق نہ ہوگی، کیونکہ کتابت کو تلفظ کے قائم مقام محض حاجت کی بناء پر کیا گیا ہے اور یہاں خاوند کو حاجت نہیں ہے''۔ مگر یہ سب اس صورت میں جبکہ اکراہ شرعی ہو کہ اسے ضرر رسانی کا اندیشہ ہو اور وہ ایذا پر قادر ہو، صرف اس قدر کہ اس (مکرِہ) نے اپنے سخت اصرار سے مجبور کردیا اور اس کے لحاظ پاس سے اسے لکھتے بنی، اکراہ کے لئے کافی نہیں، یوں لکھے گا تو

Marfat.com

طلاق ہوجائے گی، کما لایخفی (جیسا کہ ظاہر ہے)،(فتاویٰ رضویہ جلد: 12، ص:385، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔

صورتِ مسئولہ میں اگر شوہر نے جبر کی بنا پر صرف تحریری طلاق پر اکتفا کی ہوتی، تو طلاق واقع نہ ہوتی اوران کا نکاح بدستور قائم رہتا، لیکن چونکہ لفظاً بھی طلاق دے دی ہے، لہٰذا فقہ حنفی کی رو سے طلاق واقع ہوگئی۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: اذاطلق الرجلُ امراتہ ثلاثا قبل الدخول بھا وقعن علیھا فان فرق الطلاق بانت باالاولیٰ ولم تقع الثانیۃ والثالثۃ۔

ترجمہ:''اگر کوئی شخص اپنی بیوی کو دخول سے پہلے تین طلاق دے دے تو وہ طلاق واقع ہوجاتی ہیں پس اگر علیحدہ علیحدہ الفاظ سے طلاق دی ہو تو پہلی طلاق سے طلاقِ بائن ہوجائے گی اور دوسری اور تیسری طلاق واقع نہیں ہوگی،(عالمگیری جلد اول ص:373)''۔

صورتِ مسئولہ میں منسلکہ تحریری'' طلاق نامہ'' کے مطابق تین طلاقیں واقع ہوچکی ہیں، اور زوجین میں حرمتِ مغلظہ قائم ہوچکی ہے اور رجعت کی کوئی گنجائش نہیں ہے، اور چونکہ رخصتی نہیں ہوئی اور زوجین میں خلوتِ صحیحہ نہیں ہوئی، اس لئے مطلقہ پر کوئی عدت نہیں ہے، وہ طلاق کے وقت سے ہی کہیں بھی نکاح کرنے کے لئے آزاد ہے، اللہ تعالیٰ کا قرآن مجید میں ارشاد ہے: یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا نَکَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْھُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْھُنَّ فَمَا لَکُمْ عَلَیْھِنَّ مِنْ عِدَّۃٍ تَعْتَدُّوْنَھَا۔

ترجمہ:''اے ایمان والو! جب تم مسلمان عورتوں سے نکاح کرو، پھر ہاتھ لگانے سے پہلے انہیں طلاق دے دو، تو تمہارے لئے ان پر کچھ عدت نہیں، جسے تم شمار کرو،(الاحزاب:49)''

اور مطلقہ اپنے سابق شوہر سے نصف مقررہ مہر کی بھی حقدار ہے، اللہ تعالیٰ کا قرآن مجید میں ارشاد ہے:

وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْھُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْھُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَھُنَّ فَرِیْضَۃً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ۔

Marfat.com

ترجمہ: ''اور اگر تم نے عورتوں کو چھونے سے پہلے طلاق دے دی، اور تم ان کے لئے مہر ٹھہرا چکے تھے، تو جو مقرر ہوا تھا، اس کا آدھا (واجب) ہے، (البقرہ: 237)''۔

## مطلقہ غیر مدخولہ کا مہر (1)

**سوال:** 127

میرے لڑکے ذیشان مسعود ولد محمد مسعود نے اپنی بیوی طاہرہ ولد محمود کو طلاق کا نوٹس بھیجا جو کہ اس نے وصول کیا، نوٹس کے الفاظ یہ تھے:

''فریق اول (ذیشان مسعود ولد محمد مسعود) نے تین طلاقیں دو گواہوں کی موجودگی میں 27، اپریل 2006ء کو دی''۔

دونوں کا صرف نکاح ہوا تھا رخصتی نہیں ہوئی تھی ذیشان مسعود سسرال جاتے تھے تنہائی میں بھی بیٹھتے تھے مگر کوئی ملاپ یا ازدواجی تعلقات استوار نہیں ہوئے، کھلے کمرے میں بیٹھتے تھے جس میں گھر والوں کا گزر ہوتا تھا، مہر کی رقم پچیس ہزار روپے ہے۔ معلوم یہ کرنا ہے آیا حق مہر ادا کیا جائے گا یا نہیں؟، (محمد مسعود، B.10/38 جوہر اسکوائر گلستان جوہر کراچی)۔

**جواب:**

صورتِ مسئولہ برصدق بیان سائل چونکہ شوہر نے ایک لفظ میں تین طلاقیں دی ہیں لہٰذا تین طلاق واقع ہوگئیں اور بغیر تحلیل شرعی کے دوبارہ ان کا نکاح نہیں ہوسکتا۔ سائل کے بیان کے مطابق چونکہ دونوں کے درمیان نہ تو ازدواجی تعلقات استوار ہوئے اور نہ ہی خلوت صحیحہ ہوئی لہٰذا شوہر پر نصف مہر کی ادائیگی لازم ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ

ترجمہ: ''اور اگر تم نے عورتوں کو چھونے سے پہلے طلاق دے دی، اور تم ان کے لئے مہر ٹھہرا چکے تھے، تو جو مقرر ہوا تھا، اس کا آدھا (واجب) ہے، (البقرہ: 237)''۔

Marfat.com

## مطلقہ غیر مدخولہ کا مہر (2)

**سوال** :128

میرا نام کنول رانی ہے، میرا نکاح شیخ ہمایوں سے 3، اپریل 2002ء کو ہوا لیکن رخصتی نہیں ہوئی اور ہمارے درمیان کسی قسم کے ازدواجی تعلقات استوار نہیں ہوئے۔ ایک بار ہمایوں نے غصے میں ہم سے کہا کہ میری طرف سے تمہیں اجازت ہے کہ تم جس سے چاہو شادی کرلو اور میرے والدین بھی میرے لئے لڑکیاں تلاش کر رہے ہیں اور جب ہم نے کہا کہ یہ لکھ کر دیں تو وہ مکر گئے اور کہنے لگے کہ چاہے کچھ بھی کرلو میں تمہیں لٹکا کر رکھوں گا مگر طلاق نہیں دوں گا، تب ہم نے اپنے مسئلے کے حل کے لئے کورٹ سے رجوع کیا، کورٹ نے 16 جولائی 2004ء کو خلع کے آرڈر جاری کردیئے، کورٹ سے جو خلع لی گئی ہے وہ کتنی مؤثر ہے؟۔ (کنول رانی، دستگیر، کراچی)۔

**جواب** :

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: ولو قال تزوجی و نوی الطلاق أو الثلاث صح و ان لم ینو شیئاً لم یقع کذا فی العتابیۃ۔

ترجمہ: ''اگر شوہر نے اپنی بیوی سے کہا کہ تو نکاح کرلے، ایک طلاق کی نیت سے یا تین طلاق کی نیت سے، تو صحیح یہ ہے کہ طلاق واقع ہوجائے گی اور اگر طلاق کی نیت نہ ہو تو کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی، (فتاویٰ عالمگیری جلد 1 ص:376 مطبوعہ مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

صورتِ مسئولہ میں برصدقِ بیانِ سائلہ شوہر کے الفاظ'' چاہے کچھ بھی کرلو میں تمہیں لٹکا کر رکھوں گا مگر طلاق نہیں دوں گا'' سے واضح ہوتا ہے کہ مذکورہ الفاظ بہ نیتِ طلاق نہیں کہے گئے، لہٰذا اس سے کوئی طلاق واقع نہیں ہوگی۔

قاضی مُجاز یا عدالت نکاح کو فسخ کرے تو یہ'' طلاقِ بائن'' کے درجے میں ہے، اس کے نتیجے میں ''فسخِ نکاح'' کے بعد زوجین عدت کے اندر یا عدت گزرنے کے بعد باہمی رضامندی سے تجدیدِ نکاح کرسکتے ہیں اور بیوی کی رضامندی نہ ہو تو وہ عدت کے بعد اپنی آزادانہ

Marfat.com

مرضی سے جہاں چاہے نکاح کرسکتی ہے۔

اللہ تعالیٰ کا قرآن مجید میں ارشاد ہے: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا اِذَا نَكَحْتُمُ الْمُؤْمِنٰتِ ثُمَّ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ فَمَا لَكُمْ عَلَیْهِنَّ مِنْ عِدَّةٍ تَعْتَدُّوْنَهَا ۚ

ترجمہ: ''اے ایمان والو! جب تم مسلمان عورتوں سے نکاح کرو، پھر ہاتھ لگانے سے پہلے انہیں طلاق دے دو، تو تمہارے لئے ان پر کچھ عدت نہیں، جسے تم شمار کرو، (الاحزاب:49)''

ادائیگی مہر کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا قرآن مجید میں ارشاد ہے:

وَ اِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَ قَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِیْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ۔

ترجمہ: '' اور اگر تم نے عورتوں کو چھونے سے پہلے طلاق دے دی، اور تم ان کے لئے مہر ٹھہرا چکے تھے، تو جو مقرر رہا تھا، اس کا آدھا (واجب) ہے، (البقرۃ:237)''۔

خلع کورٹ کے ذریعے نہیں ہوتا بلکہ زوجین کی باہمی رضامندی سے ہوتا ہے، جس میں بیوی اپنے مطالبہ مہر کے حق سے دستبردار ہو کر کہے کہ تم مجھے اس کے عوض طلاق دے دو اور شوہر اس کے مطالبے کو قبول کرتے ہوئے کہے کہ میں نے تمہیں خلع دیا، یہ خلع ہے اور طلاق بائن کے حکم میں ہے۔

عدالتی نکاح دراصل حاکم مجاز کی جانب سے فسخ نکاح ہے، اس کے لئے وجوہ شرعیہ کا ہونا ضروری ہے کہ شوہر بیوی کو طلاق دینے پر بھی آمادہ نہ ہو اور اسے مکمل حقوق کی ادائیگی کے ساتھ رکھے بھی نہیں، نان نفقہ نہ دے، ظلما مارے پیٹے، حقوق زوجیت ادا نہ کرے اور معلق (Hung) رکھے، وغیرہ۔ لہٰذا عدالتی طلاق کے موثر ہونے کا مدار اس پر ہے کہ اس سلسلے میں جج نے حدود شرعیہ اور احکام شرعیہ کو ملحوظ رکھا یا نہیں، صرف اتنی بات خلع کے جواز کا سبب نہیں بن سکتی کہ عورت یہ کہے کہ: میں اس شوہر کے ساتھ رہنا نہیں چاہتی، فقط واللہ اعلم بالصواب۔

Marfat.com

# امام شافعی کے نزدیک تین طلاق کا حکم

**سوال**:129

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلے کے بارے میں کہ میرے شوہر نے مجھے ٹیلی فون پر تقریباً سات یا آٹھ مرتبہ کہا کہ ''میں نے تمہیں طلاق دی''، یہ الفاظ تقریباً سات یا آٹھ مرتبہ کہے اب وہ اس بات پر مصر ہے کہ ہم رجوع کر سکتے ہیں۔ کیا اس کا رجوع کرنا صحیح ہے؟۔ واضح رہے کہ میرے شوہر کا مسلک شافعی ہے اور میں اہلسنّت وجماعت سے تعلق رکھتی ہوں، برائے کرم قرآن وسنت کی روشنی میں جواب دیں، (سمیرا، M-C703 گرین ٹاؤن شاہ فیصل کالونی، کراچی)۔

جواب: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: فَاِنۡ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنۡۢ بَعۡدُ حَتّٰى تَنۡكِحَ زَوۡجًا غَيۡرَهٗ ؕ فَاِنۡ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيۡهِمَآ اَنۡ يَّتَرَاجَعَآ

ترجمہ: ''پھر اگر (شوہر اپنی بیوی کو دو طلاق دینے کے بعد) اسے تیسری طلاق بھی دے دے، تو اب وہ عورت اس (سابق شوہر) کے لئے حلال نہیں، یہاں تک کہ (عدت گزارنے کے بعد) وہ (مطلقہ) عورت (اپنے سابق شوہر کے علاوہ) کسی اور مرد سے نکاح کرلے (اور خدانخواستہ ان کے درمیان نباہ نہ ہو اور وہ شوہر ثانی اسے طلاق دیدے، تو اب عدت گزارنے کے بعد وہ شوہر اول سے نکاح کرسکتی ہے)۔ (البقرۃ: 230)''۔ اس کے علاوہ ان کے رجوع کی حلال اور جائز کوئی صورت نہیں ہے۔

علامہ یحیٰ بن شرف الدین نووی شافعی لکھتے ہیں:

وقداختلف العلماء فیمن قال لامر أته انت طالق ثلثافقال الشافعی ومالک وابوحنیفة احمد وجماھیر العلماء من السلف والخلف یقع الثلاث۔

ترجمہ: ''ایک شخص نے اپنی بیوی سے کہا: تجھے تین طلاق (یا تجھے تین طلاقیں دیتا ہوں)، تو اس کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے، امام شافعی، امام مالک، امام اعظم ابوحنیفہ اور امام احمد بن حنبل رحمہم اللہ اجمعین اور جمہور علماء سلف وخلف کا رحمہم اللہ اجمعین کے نزدیک تین

Marfat.com

طلاقیں واقع ہوجائیں گی ،(شرح صحیح مسلم للنووی جلد 1 ص 478 مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی )''۔

صورتِ مسئولہ میں برصدق بیان سائلہ اس کے شوہر نے تقریباً سات یا آٹھ مرتبہ کہا کہ'' میں نے تمہیں طلاق دی''، تین بار کی ادائیگی سے طلاق مغلظہ واقع ہوگئیں اور باقی طلاقیں لغو ہوگئیں، بغیر تحلیل شرعی کے دونوں کا میاں بیوی کے حیثیت سے رہنا ناجائز وحرام ہے، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک بھی تین طلاق سے عورت حرام ہوجاتی ہے اور بغیر تحلیل شرعی کے ان کے رجوع کی حلال اور جائز کوئی صورت نہیں ہے، واللہ اعلم بالصواب۔

## انکارِ طلاق کی صورت میں شرعاً کیا حکم ہے

**سوال:**130

میرا نام افشاں انجم بنت سید رحمت علی ہے، میری شادی 20 سال قبل زبیر احمد بن قاضی معیز الدین سے ہوئی میرے تین بیٹے ہیں، میں پانچ سال سے لاہور میں مقیم ہوں اور میرے شوہر راولپنڈی میں ہوتے ہیں میں پانچ سال سے اپنے شوہر سے الگ رہ رہی ہوں اور بچے میرے ساتھ ہی لاہور میں ہیں جہاں وہ اپنی تعلیم مکمل کررہے ہیں اور شوہر کوئی نان ونفقہ نہیں دے رہے ہیں ہمارے درمیان مستقل لڑائی جھگڑے رہتے تھے اور میرے شوہر ان جھگڑوں کے دوران طلاق کے الفاظ ادا کرتے رہتے تھے کبھی ایک بار اور کبھی دوبار بھی ادا کرتے کہ'' میں تمہیں طلاق دیتا ہوں'' اور پھر ایک دودن کے اندر رجوع کرلیتے اور جب میں اعتراض کرتی کہ تم نے مجھے طلاق دے دی ہے تو قرآن پاک اٹھا کر کہتے کہ میں نے ایسا نہیں کہا اور ایک بار میرے شوہر نے مسجد کے امام صاحب کے سامنے قرآن پاک اٹھا کر کہا کہ میں نے طلاق کے الفاظ ادا نہیں کئے بلکہ میں تو یہ کہہ رہا تھا کہ دے دوں گا اور میرے پاس کوئی گواہ نہ ہوتے جو میری بات کی تصدیق کرتے اسی وجہ سے کوئی میری بات کا یقین نہیں کرتا۔ اب جبکہ مجھے اپنے شوہر سے الگ رہتے پانچ سال ہورہے ہیں کبھی کبھی ان سے فون پر بات ہوتی ہے، ایک بار میں اور میرے بچے ان کو لینے گئے تھے تو شوہر نے

Marfat.com

ہم سے جھگڑا شروع کیا اور وہاں پر موجود ایک مرد اور ایک عورت کے سامنے انہوں نے کہا کہ میں نے طلاق دی، طلاق دی، طلاق دی اور میرا نام لے کر انہوں نے یہ الفاظ ادا کئے تھے مگر جب ان سے پوچھا تو قسمیں کھانے لگے کہ وہ لوگ جھوٹ بول رہے ہیں، میں نے ایسا کچھ نہیں کہا۔ پھر ہم یعنی میں اور بچے واپس لاہور آگئے۔ اب آپ مجھے بتایئے کہ کیا مجھے طلاق ہوگئی ہے اور اگر ہوگئی ہے تو مجھے اس بات کو ثابت کرنے کے لئے کیا کرنا ہوگا مجھے اپنے مسئلے کیلئے فتویٰ چاہیے تاکہ میرے پاس ثبوت ہو اور اگر طلاق نہیں ہوئی ہے تو اس 5 سال کی علیحدگی کے بارے میں کیا حکم ہے، وہ کوئی خرچہ نہیں دیتے ہیں، اب بھی فون پر کبھی کبھی بات چیت ہوتی ہے، ان حالات میں مجھے کیا کرنے چاہیے براہِ مہربانی مجھے تحریری طور پر جواب دے دیں، (افشاں انجم، نیو کالونی مصطفیٰ آباد، لاہور)۔

**جواب:**

صورتِ مسئولہ میں برتقدیر صدقِ سائلہ شوہر نے کئی مرتبہ طلاق کے یہ الفاظ ادا کئے ہیں کہ میں تمہیں طلاق دیتا ہوں ان الفاظ سے طلاق واقع ہو جاتی ہے اور تین مرتبہ ادا کئے جاچکے ہوں تو تین طلاقِ مغلظہ ہو جائیں گی اور رجوع کی کوئی گنجائش باقی نہیں رہتی، رجوع یا تجدیدِ نکاح کا اختیار صرف دو طلاق تک ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اَلطَّلَاقُ مَرَّتٰنِ ۖ فَاِمۡسَاكٌۢ بِمَعۡرُوۡفٍ اَوۡ تَسۡرِيۡحٌۢ بِاِحۡسَانٍ ؕ

ترجمہ: ''طلاق (رجعی) دو بار ہے، پھر (عدت میں) حسنِ سلوک کے ساتھ روک لینا ہے یا (عدت پوری کرنے کے بعد) احسان کے ساتھ چھوڑ دینا ہے، (البقرہ 229)''۔

تیسری طلاق دینے کے بعد بغیر تحلیلِ شرعی کے دونوں کا شوہر بیوی کی حیثیت سے رہنا حرام ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

فَاِنۡ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنۡۢ بَعۡدُ حَتّٰى تَنۡكِحَ زَوۡجًا غَيۡرَهٗ ؕ فَاِنۡ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيۡهِمَاۤ اَنۡ يَّتَرَاجَعَاۤ۔

ترجمہ: ''پھر اگر (شوہر اپنی بیوی کو دو طلاق دینے کے بعد) اسے تیسری طلاق بھی دے

Marfat.com

دے، تو اب وہ عورت اس (سابق شوہر) کے لئے حلال نہیں، یہاں تک کہ (عدت گزارنے کے بعد) وہ (مطلقہ) عورت (اپنے سابق شوہر کے علاوہ) کسی اور مرد سے نکاح کرلے (اور خدانخواستہ ان کے درمیان نباہ نہ ہوا اور وہ شوہر ثانی اسے طلاق دیدے، تو اب عدت گزارنے کے بعد وہ شوہر اول سے نکاح کرسکتی ہے)، (البقرۃ:230)''۔

قضاء یعنی دینوی احکام کے اعتبار سے ثبوتِ طلاق کے دو طریقے ہیں، ایک یہ کہ شوہر خود طلاق کا اقرار کرے، دوسرا یہ کہ طلاق پر دو گواہ موجود ہوں، اور اگر عورت طلاق کی مُدَّعِیَہ ہے، مگر شوہر منکر ہے، تو عدالت اسے قسم دے گی، کیونکہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ:

عن عمرو بن شعیب، عن ابیه، عن جده: ان النبی ﷺ قال فی خطبته: "البیّنه علی المُدّعی و الیمین علیٰ المدعی علیه"۔

ترجمہ: '' عمر ابن شعیب اپنے والد سے، وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا: کسی بھی دعوے کے ثبوت کے لئے مدعی پر لازم ہے کہ وہ گواہ پیش کرے (ورنہ گواہ نہ ہونے کی صورت میں) مدعیٰ علیہ اگر قبول دعویٰ کا انکار کرتا ہے، تو اسے قسم لی جائے گی، (سنن ترمذی، رقم الحدیث:1339)''۔

یعنی کسی بھی دعوے کے ثبوت کے لئے مدعی پر لازم ہے کہ وہ دو عادل مرد بطور گواہ پیش کرے (ورنہ گواہ نہ ہونے کی صورت میں) مدعیٰ علیہ اگر قبول دعویٰ کا انکار کرتا ہے، تو اسے قسم دی جائے گی، شوہر کی قسم کے بعد فیصلہ ہوگا اور اس طرح قضاء نکاح قائم رہے گا، کیونکہ اسلامی احکام کی طرح دنیا کی کوئی بھی عدالت محض دعوائے مدعی پر اس کے حق میں فیصلہ نہیں دیتی۔ اگر شوہر جھوٹی قسم کھاتا ہے، تو وہ گنہگار ہے، اور آخرت میں اللہ تعالیٰ کی عدالت میں حقیقت واقعہ کے مطابق فیصلہ ہوگا، اور اس کی ساری زندگی گناہ میں گزرے گی۔

امام احمد رضا قدس سرہ العزیز لکھتے ہیں:

'' بحالتِ اختلاف، طلاق کا ثبوت گواہوں سے ہوگا اور دو گواہ عادل شرعی شہادت بروجہ شرعی ادا کریں کہ اس شخص نے اپنی زوجہ کو طلاق دی، طلاق ثابت ہو جائیگی، پھر اگر شوہر نفی

Marfat.com

کے گواہ دے گا یا اس بات کے کہ مطلقہ بعد طلاق اس سے بولی کچھ اصلاً مسموع نہ ہوگا، ہاں! اگر عورت گواہ بروجہ شرعی نہ دے سکے تو شوہر پر حلف رکھا جائیگا اگر حلف سے کہہ دے گا کہ اس نے طلاق نہ دی، طلاق ثابت نہ ہوگی اور اگر حاکم شرعی کے سامنے حلف سے انکار کرے گا تو طلاق ثابت مانی جائیگی، (فتاویٰ رضویہ جلد: 12 صفحہ 453 ، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاہور)"۔ اگر شوہر تین طلاقیں دے کر منکر ہو جاتا ہے اور طلاق کے وقت کوئی گواہ موجود نہیں تھے اور اس کے بعد بدستور اسی مطلقہ عورت کے ساتھ ازدواجی زندگی گزارتا ہے تو یہ شرعاً حرام اور زنا کی زندگی ہے، کیونکہ خلق کو تو دھوکہ دیا جاسکتا ہے، خالق کو دھوکہ نہیں دیا جاسکتا۔ مذکورہ صورت میں سائلہ تین طلاق کی مدعیہ ہے اور شوہر اس سے منکر ہے اور بربیانِ مدعیہ اس کے پاس اپنے دعویٰ کے ثبوت کے لئے دو عادل مرد گواہوں کا موجود ہونا ضروری ہے لیکن اس کے پاس مذکورہ نصاب مکمل نہیں، ایسی صورت میں بیوی کو چاہئے کہ وہ اپنے شوہر کو قائل کریں کہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اور آخرت کے عذاب سے ڈرو، اور وہ تین طلاق جو آپ زبانی دے کر منکر ہو گئے ہیں، ان کا اقرار کرلیں اور لکھ کر دے دیں، اگر انہیں خوفِ خدا آجائے تو شریعت پر عمل کریں۔ اور اگر خدانخواستہ وہ بدستور انکار پر ڈٹے رہیں تو ان کے انکار اور گواہوں کے نہ ہونے کی وجہ سے قضاءً حرمت اور تفریق کا حکم نہیں لگایا جاسکتا، لہٰذا بظاہر حکماً نکاح قائم رہے گا، اگرچہ دیانتاً اور اللہ تعالیٰ کے ہاں آخرت میں جوابدہی کے اعتبار سے وہ نکاح باقی نہیں ہے، دنیا میں احکامِ شرعی کا اطلاق ظاہرِ حال، قرائن اور شہادتوں یا اقرار وانکار پر ہوتا ہے، لیکن اللہ تعالیٰ کی عدالت میں حقیقتِ حال کے مطابق فیصلے ہوں گے، یعنی ظاہر حال کے مطابق دنیوی عدالتوں سے جو فیصلے جاری ہوتے ہیں اور نافذ ہو جاتے ہیں، وہ حقیقت حال کو تبدیل نہیں کرتے۔

اگر آپ کو کامل یقین ہے کہ شوہر آپ کو تین طلاق دے چکا ہے تو ان حالات میں آپ کے لئے جائز شرعی اور قانونی راستہ یہ ہے کہ آپ عدالت سے رجوع کریں اور عدالت کے ذریعے فسخ نکاح کرائیں، چونکہ جائز شرعی وجوہ موجود ہیں، اس لئے یہ فسخِ نکاح شرعاً وقانوناً

Marfat.com

معتبر ہوگا، واللہ اعلم بالصواب۔

## طلاقِ مدہوش

**سوال:**131

میرا نام ریحان حسین خان ہے میری بیوی کا نام شازیہ ہے ہماری شادی کو بارہ سال ہوگئے ہیں اور ہماری 3 بیٹیاں ہیں، پچھلے کئی سالوں سے مجھے دماغ کی ایک بیماری ہے جس کو ڈاکٹرز Panic Disorder کہتے ہیں اور ان دوروں (Attacks) کے درمیان مجھے ایسا لگتا ہے جیسے میں مر رہا ہوں اور یہ اٹیک ایک جنون کی طرح ہوتا ہے اور جتنی دیر اٹیک رہتا ہے، مجھے کچھ یاد نہیں رہتا اور مجھے کچھ پتہ نہیں ہوتا کہ میں نے کیا کیا، یا کیا کہا ہے جب بھی ہوتا ہے میرے گھر والے مجھے بتاتے ہیں کہ تم نے ایسا ایسا کیا تھا، پہلے یہ دورے زیادہ ہوتے تھے، لیکن علاج ہوتے رہنے کی وجہ سے ان میں کچھ کمی آئی ہے۔ میرا مستقل علاج آغا خان ہسپتال، کراچی میں ہو رہا ہے۔ 18، جون 2006ء اتوار کو میرے بھائی کے گھر رہنے گئیں ان کے ساتھ والدہ بھی تھیں رات کو مجھے بھی وہیں رکنے جانا تھا رات کو جب میں وہاں گیا تو میرا اپنی بیوی سے کسی بات پر جھگڑا ہوگیا اور میں وہاں سے اپنے گھر آگیا ڈاکٹرز نے مجھے ٹینشن لینے سے منع کیا ہے کیونکہ اس کی وجہ سے اٹیک بڑھ جاتے ہیں، بہر حال جب میں گھر آگیا تو مجھے پھر اٹیک ہوا اس وقت میں اپنی بیوی کو فون کر رہا تھا اس کے بعد مجھے کچھ پتہ نہیں کیا ہوا! میں زمین پر پڑا ہوا تھا اور میرے چاروں طرف میری الٹیاں (قے) تھیں، صبح جب میں بیوی بچوں کو لینے گیا تو میری بیوی نے بتایا رات کو آپ نے فون کیا تھا اور فون پر مجھے طلاق دی، مگر مجھے کچھ بھی یاد نہیں، ہاں صرف اتنا یاد ہے کہ میں اپنی بیوی سے لڑ کر آیا تھا۔ اب ہم سب پریشان ہیں کہ اس کا شرعی مسئلہ کیا ہوگا؟۔ (ریحان حسین خان فیڈرل بی ایریا، کراچی)۔

**جواب:**

صورتِ مسئولہ میں برصدقِ بیانِ سائل اگر طلاق دینے والے کی طلاق دیتے

Marfat.com

وقت وہی کیفیت تھی جیسا کہ سائل نے بیان کی ہے کہ وہ اس وقت دورے (Attack) کی حالت میں تھا تو طلاق واقع نہیں ہوگی۔شرعاً درستگیٔ عقل شرط طلاق ہے اور اختلال عقل مانع طلاق ہے۔ہدایہ میں ہے:ولا یقع طلاق الصبی والمجنون والنائم لقوله علیه السلام کل طلاق جائز الّا طلاق الصبی والمجنون ولان الاهلیة بالعقل الممیّز وهماعدیما العقل والنائم عدیم الاختیار۔

ترجمہ:''اور بچے کی اور مجنوں (جنون والے) کی ،اور سوئے ہوئے شخص کی طلاق واقع نہیں ہوگی،جیسا کہ نبی کریم ﷺ کا قول ہے کہ ہر (طلاق دینے والے شخص کی) طلاق جائز (واقع) ہے مگر بچے کی اور مجنوں کی جائز نہیں ہے،اس لئے کہ یہ دونوں عقل سے تمیز کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتے اور دونوں میں عقل کا عنصر نہیں پایا جاتا اور سویا ہوا شخص (چونکہ) اختیار نہیں رکھتا،(ہدایہ اولین جلد 2 ص:338 مطبوعہ محمد علی کارخانہ اسلامی کتب کراچی)''۔علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

ولا یقع طلا ق الصبی وان کا ن یعقل والمجنو ن والنا ئم والمبر سم والمغمی علیه والمد هو ش هکذ ا فی فتح القدیر۔

ترجمہ:''اور بچے (نابالغ) کی طلاق واقع نہیں ہوگی اگرچہ وہ عقل رکھتا ہو اور مجنوں کی اور سوئے ہوئے شخص کی،ذات الجنب (برسام) کے مریض کی طلاق،مغمی (بیمار جس پر بے ہوشی طاری ہو) مدہوش کی طلاق واقع نہیں ہوگی،فتح القدیر میں اسی طرح ہے،(فتاویٰ عالمگیری جلد 1 ص:353 مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)''۔

اگر صورت مندرجہ بالا صحیح اور واقعی ہے اور سائل پر بوقت طلاق دورہ (Panic Attack) پڑا تھا اور اس نے اس حالت میں اپنی بیوی کو طلاق دی تو وہ طلاق شرعاً لغو وباطل قرار دی جائے گی،یہ جواب صحت سوال وبیان مذکور پر مبنی ہے اور اگر سوال وبیان صحیح نہ ہوں تو جواب بھی یہ نہیں ہوگا۔

Marfat.com

## فیملی کورٹس کے فاضل جج صاحبان کی خدمت میں مؤدّبانہ گذارشات

آج کل بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں ماضی کے مقابلے میں طلاق کی شرح ویسے بھی زیادہ ہوچکی ہے، اسی تناسب سے ''عدالتی فسخِ نکاح'' کی شرح میں بھی اضافہ ہوا ہے، جسے عرفِ عام میں ''خلع'' کہا جاتا ہے، حالانکہ یہ شرعی ''خُلع'' نہیں ہے۔ شرعی خلع یہ ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا یُقِیْمَا حُدُوْدَ اللّٰہِ ۙ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْہِمَا فِیْمَا افْتَدَتْ بِہٖ ؕ تِلْکَ حُدُوْدُ اللّٰہِ فَلَا تَعْتَدُوْھَا ۚ وَمَنْ یَّتَعَدَّ حُدُوْدَ اللّٰہِ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۲۹﴾

ترجمہ: ''اگر تمہیں یہ خوف ہو کہ یہ دونوں (زوجین) اللہ کی حدود کو قائم نہ رکھ سکیں گے، تو عورت نے جو بدلِ خلع دیا ہے (شوہر کے اسے لینے میں) تم دونوں پر کوئی حرج نہیں ہے، یہ اللہ کی حدود ہیں، سوتم اللہ کی حدود سے تجاوز نہ کرو۔ اور جنہوں نے اللہ کی حدود سے تجاوز کیا، تو وہی لوگ ظالم ہیں، (البقرہ:229)''۔ اس ارشاد باری تعالیٰ کی رو سے ''خلع'' یہ ہے کہ میاں بیوی اس نتیجے پر پہنچ جائیں کہ وہ ''حقوقِ زوجین'' کی بابت اللہ تعالیٰ کی مُقرَّرہ حدود کو قائم نہ رکھ پائیں گے، باہمی اعتماد نہ رہا یا نفرت پیدا ہوگئی یا کوئی اور داخلی یا خارجی سبب بن گیا اور شوہر یک طرفہ طور پر طلاق دینے پر آمادہ نہیں ہے، تو پھر بیوی نے نکاح کے موقع پر جو ''حقِ مہر'' لیا ہے، وہ شوہر کو واپس کردے اور شوہر اس کے عوض اسے طلاق دے دے، یہ ''طلاق بائن'' ہوتی ہے، اس کے بعد شوہر کو عدت کے اندر بھی یک طرفہ رجوع کا حق نہیں رہتا، البتہ باہمی رضامندی سے دوبارہ نکاح کرسکتے ہیں، بشرطیکہ ایک ہی طلاق دی ہو۔ ''خلع'' قاضی کے یک طرفہ حکم سے نافذ نہیں ہوتا، اس پر زوجین کی رضامندی ضروری ہے اور قاضی کو چاہئے کہ ترغیب یا ترہیب (جس میں وہ تعزیراً حوالات میں بھی رکھ سکتا ہے) سے شوہر کو آمادہ کرے۔ فیملی کورٹس کے جج صاحبان عام طور پر شرعی حدود وقیود کی رعایت نہیں کرتے، بس صرف قانونی تقاضوں کو پیشِ نظر رکھتے ہیں۔ اب لگتا ہے کہ اس سلسلے

Marfat.com

میں ضابطۂ کار (Procedural Law) کو اور آسان بنا دیا گیا ہے اور بعض جج صاحبان چیمبر میں ہی بیٹھ کر نکاح کو فسخ (Dissolve) کر دیتے ہیں۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ جس تیز رفتاری سے حکومت جدید روشن خیالی (Enlightened Moderation) اور آزاد خیالی (Liberalism) لانا چاہتی ہے، ہمارا معاشرہ اس کا ساتھ نہیں دے پا رہا۔ اس لئے آئے دن لوگ عدالت سے ''فسخِ نکاح'' کی ڈگری (Decree) لے کر دارالافتاء میں آتے ہیں کہ یہ شریعت کے مطابق ہے یا نہیں؟، نہ صرف یہ کہ مفتی کے لئے ہر فیصلے کی تائید و توثیق دشوار ہوتی ہے، بلکہ ''عدالتی ڈگری'' کے باوجود اسے معاشرہ بھی آنکھیں بند کر کے قبول کرنے لئے تیار نہیں ہوتا اور معاشرتی اخلاقی اقدار (Social Ehtical values) اور معاشرتی مزاحمت (Social Resistance) کی بھی اپنی ایک طاقت ہوتی ہے۔ بیشتر فیصلے ''قضا علی الغائب'' (IN ABSENTIA) ہوتے ہیں۔ چونکہ ہمارے جج بھی ماشاء اللہ مسلمان ہیں اور انہیں یہ معلوم ہے کہ مجرّد دعویٰ ثبوت مقدِمہ کے لئے کافی نہیں ہوتا بلکہ ہر مقدمے میں مُدّعی سے اس کے دعوے کے حق میں ثبوت مانگا جاتا ہے، ''مُدّعیٰ علیہ'' (Respondent) کو اپنی صفائی اور وضاحت کا موقع دیا جاتا ہے کہ یا تو وہ اعتراف جرم (Confession) کرے اور یا اپنی براءت پیش کرے۔ آج کل بالعموم یہ ہو رہا ہے کہ ''مُدّعیٰ علیہ'' نہ تو اصالتاً (Personally) عدالت میں حاضر ہوتا ہے اور نہ ہی وکالتاً (Through Attorney)، اس کو عدالت کی جانب سے رسمی طور پر طلبی کا نوٹس (Summon) بھیج دیا جاتا ہے، بیلف چلا جاتا ہے، اس کے دروازے پر نوٹس چسپاں کر آتا ہے یا اخبارات میں اشتہار ''اطلاع عام بابت طلبی بہ عدالت فلاں'' دیدیا جاتا ہے۔ جج، وکلاء اور عام لوگ کب اطلاع عام کے ان روزمرہ اشتہاروں کو پڑھتے ہیں یا وہ اخباران کی دسترس میں ہوتا ہے۔ جج کے منصب کو اتھارٹی اور قوت مملکت اور سربراہِ مملکت کی طرف سے حاصل ہوتی ہے،

Marfat.com

لٰہذا جج پر لازم ہے کہ وہ حکومت یعنی پولیس کو پابند بنائے کہ وہ ''مُدّعیٰ علیہ'' کو عدالت میں پیش کرے، کیونکہ یہ محض دادرسی اور حق طلبی کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ حلال وحرام کا بھی مسئلہ ہے۔ حالانکہ جب ہم معلوم کرتے ہیں تو پتا چلتا ہے کہ عام طور پر ''مُدّعیٰ علیہ'' اسی شہر یا ملک میں موجود ہوتا ہے، اس کا صحیح پتا بھی فریق مخالف کو معلوم ہوتا ہے۔ یہ استثنا صرف ان مقدمات میں معتبر ہوسکتا ہے، جہاں ''مُدّعیٰ علیہ'' یا تو بالکل لاپتا (مفقود الخبر) ہوتا ہے یا ملک سے باہر ہوتا ہے، تاہم وہاں بھی ممکنہ طور پر پاکستانی سفارت خانے کی مدد حاصل کی جاسکتی ہے۔ نیز جج کو اس بات کا پابند ہونا چاہئے کہ وہ ان وجوہ کو باقاعدہ قلمبند کرے، جن کی رو سے اس کے اطمینان اور شرح صدر اور پیش کردہ ثبوت وشواہد (Proof & Evidence) کے مطابق عورت کے لئے عملاً ممکن نہیں رہا کہ وہ شرعی حدود کو قائم رکھتے ہوئے رشتۂ ازدواج کو قائم رکھ سکے یا اس کے فتنہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے، ہم ان میں سے بعض وجوہ کا تذکرہ آگے چل کر کریں گے۔ یہیں سے ''فسخِ نکاح'' (Dissoution) اور خُلع کے معاملات کو الگ کردینا چاہئے۔ ''فسخِ نکاح'' کے مقدّمے میں صرف اتنی بات کافی نہیں کہ عورت کہے کہ میں شوہر کے ساتھ رہنا ہی نہیں چاہتی، جب کہ اس کی معقول وجوہ موجود نہ ہوں۔ اگر خدانخواستہ قانون میں سقم ہے تو جج صاحبان کو پھر بھی شریعت کی رعایت، شرعی حدود وقیود، خوفِ خدا، فکرِ آخرت اور حلال وحرام کی نزاکت اور حسّاسیّت کو پیش نظر رکھنا چاہئے۔ بعض حضرات ایک حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ قاضی (Judge) کو معقول وجوہ واسباب کے بغیر بھی ''فسخِ نکاح'' کا اختیار حاصل ہے، چنانچہ ارشاد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ہے:

عن ابن عباس: انّ امرأۃ ثابت بن قیس اتتہ النبی ﷺ فقالت: یارسول اللہ، ثابت بن قیس، ماأعتِبُ علیہ فی خُلق ولادین، ولکنی اکرہ الکفر فی الاسلام، فقال رسول اللہ ﷺ: اتردِّین علیہ حدیقتہ قالت: نعم، قال

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ : اقبل الحديقة و طلقها تطليقة۔

ترجمہ: ”عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ ثابت بن قیس بن شماس کی بیوی نبی کریم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم! ثابت کے دین اور اخلاق کے بارے میں مجھے کوئی شکایت نہیں ہے، مگر یہ کہ میں اسلام میں رہتے ہوئے کفر (ناشکری اور شوہر کی نافرمانی) سے ڈرتی ہوں، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم اس کا وہ باغ (جو ثابت نے نکاح کے وقت مہر میں دیا تھا) واپس کر دو گی، انہوں نے عرض کیا: جی ہاں: چنانچہ انہوں نے (مہر میں لیا ہوا) وہ (باغ) شوہر کو واپس کر دیا، رسول اللہ ﷺ نے (ثابت سے) فرمایا: باغ قبول کر لو اور اسے ایک طلاق دے دو، (صحیح بخاری، رقم الحدیث: 5273)“۔

صحیح بخاری میں اس سے اگلی روایت میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے اسے (ثابت کو) طلاق کا حکم فرمایا اور ثابت نے طلاق دے دی، اس سے آگے ایک اور روایت میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ثابت کو حکم فرمایا تو انہوں نے بیوی سے (بذریعہ طلاق) علیحدگی اختیار کر لی۔ یہ حدیث ”فسخِ نکاح“ سے متعلق نہیں ہے، یعنی یہ نہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے بذاتِ خود بحیثیت حاکم وقاضی نکاح فسخ فرمایا بلکہ آپ نے بیوی کو مہر واپس کرنے اور شوہر کو طلاق دینے پر آمادہ فرمایا اور یہی خلع ہے۔ اور میری خواہش ہے کہ ہمارے فیملی کورٹس کے جج فسخِ نکاح (Dissolution of Marriage) کو آخری اور ناگزیر امکانی صورت (Option) کے طور پر اختیار کریں۔ جج کی پہلی ترجیح مصالحت (Reconcilliation) ہونی چاہیے، دوسری ترجیح شوہر کو رضا کارانہ طلاق پر آمادہ کرنا اور تیسری دونوں کو خلع پر آمادہ کرنا ہونی چاہیے، کیونکہ اگرچہ شریعت نے انتہائی ناگزیر صورتِ حال میں زوجین میں طلاق یا تفریق کی گنجائش رکھی ہے، لیکن اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام حلال امور میں یہ سب سے زیادہ اس کے غضب کا باعث ہے، امام ابوداؤد اپنی سند کے ساتھ حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت کرتے

Marfat.com

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ابغض الحلال الی اللہ عزوجل الطلاق، ترجمہ: ''یعنی حلال امور میں اللہ عزوجل کے نزدیک سب سے زیادہ مبغوض چیز طلاق ہے، (سنن ابوداؤد، رقم الحدیث: 2171)''۔ بابل کے مقام پر دو فرشتے ہاروت وماروت بنی اسرائیل کو بطورِ آزمائش جادو سکھاتے تھے اور قرآن مجید میں ان کے جادو سیکھنے کا جو سب سے مذموم پہلو بتایا، وہ یہ ہے کہ: فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ط ترجمہ: ''یعنی وہ لوگ دونوں فرشتوں سے اس (جادو) کو سیکھتے تھے، جس کے ذریعے مرد اور عورت میں علیحدگی کرادیں، (البقرہ:102)''۔اس لئے جیسا کہ میں نے عرض کیا، فیملی کورٹس کے جج صاحبان کو زوجین میں علیحدگی (Separation) کا عدالتی اختیار انتہائی ناگواری کے ساتھ آخری ناگزیر و ناپسندیدہ ترجیح (Option) کے طور پر استعمال کرنا چاہیے۔ جہاں تک رسول اللہ ﷺ کی ذات کا تعلق ہے، آپ کو ویسے بھی مومنوں پر ولایتِ تامّہ اور مکمل تصرف کا حق حاصل ہے، اس سے زیادہ جتنا کسی عام حاکم یا قاضی کو یا کسی وَلِیِ اقرب کو حاصل ہے، ارشادِ باری تعالیٰ ہے: اَلنَّبِیُّ اَوْلٰی بِالْمُؤْمِنِیْنَ مِنْ اَنْفُسِهِمْ۔ترجمہ: ''نبی کو مومنوں پر اس سے زیادہ تصرف کا حق حاصل ہے، جتنا خود ان کو اپنی ذات پر ہے، (الاحزاب:6)''۔ اس لئے رسول اللہ ﷺ کا فیصلہ بہر حال نافذ ہے اور آپ ﷺ وجوہ کو بتانے کے پابند نہیں ہیں، جبکہ عام جج، قاضی اور حاکم کی ولایت شرعی حدود وقیود کے ساتھ مشروط ہے۔ فقہِ حنفی میں ''عدالتی فسخ نکاح'' کے بارے میں بہت زیادہ احتیاط سے کام لیا گیا ہے اور یہ تقریباً ناممکن العمل ہے، احتیاط میں یہ شدّت اس لئے اختیار کی گئی ہے کہ یہ حلال وحرام کا مسئلہ ہے، تاہم دیگر ائمۂ ثلاثہ کے نزدیک بعض حدود وقیود کے ساتھ اس کی گنجائش موجود ہے۔ اور فقہِ حنفی میں بھی یہ اصول مُسلّم ومختار ہے کہ ضرورت شدیدہ کی بنا پر فسخِ نکاح کے لئے دوسرے ائمۂ کرام کے قول پر فیصلہ دیا جاسکتا ہے، ان میں سے چند صورتیں یہ ہیں:

Marfat.com

(1) شوہر بے انتہا مار پیٹ کرتا ہے، جسمانی وذہنی اذیّت ( Physical & Mental Torturing ) میں مبتلا رکھتا ہے، نہ حقوق ادا کرتا ہے نہ طلاق دے کر گلو خلاصی کرتا ہے، بس اسے معلّق (Hung) رکھنا چاہتا ہے، تو ایسی صورت میں جج ثبوت وشواہد اور قرائنِ قطعیہ کی بنا پر ''فسخِ نکاح'' کا فیصلہ دے سکتا ہے، لیکن اسے وجوہ ریکارڈ پر لانی چاہئیں۔

(2) شوہر نان نفقہ نہیں دیتا اور بیوی کے پاس کفالت کا کوئی اور ذریعہ نہیں ہے، اس کی دوصورتیں ہوسکتی ہیں: (الف) یہ کہ شوہر مالدار ہے مگر ظلماً نہیں دیتا، اگر اس کا مال ظاہر ہو تو جج حکومت کے ذریعے جبراً شوہر سے نان نفقہ یعنی مصارفِ ضروریہ دلائے یا اسے قید کردے جب تک وہ خود رضا کارانہ طور پر دینے پر آمادہ نہ ہو۔ (ب) اور اگر شوہر مفلس اور نادار ہے اور بظاہر اس بات کے آثار بھی نہیں ہیں کہ وہ جلد بیوی کا نفقہ دینے کے قابل ہوجائے گا اور بیوی کے لئے کوئی متبادل ذریعہ بھی دستیاب نہیں ہے، نہ ہی کوئی اور کفیل ہے اور نفقہ سے عجز کی بنا پر بیوی کے فتنہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے، ایسی صورت میں جج نکاح فسخ کرسکتا ہے اور اسے تفصیلی وجوہ فیصلے میں درج کرنی چاہئیں۔

(3) شوہر کسی مُوذی مرض میں مبتلا ہے، جیسے برص وجذام یا کینسر وغیرہ اور نکاح کے وقت بیوی کو معلوم نہیں تھا، اسے دھوکے میں رکھا گیا تھا، بعد میں اس پر یہ حقیقت ظاہر ہوئی، اگر وہ اس کے باوجود رشتۂ ازدواج کو قائم رکھنا چاہے تو یہ اس کے لئے سعادت کی بات ہے، اللہ تعالیٰ کے ہاں آخرت میں اجر پائے گی، لیکن اگر وہ کسی طور پر بھی آمادہ نہ ہو تو جج نکاح فسخ کرسکتا ہے اور تفصیلی وجوہ اپنے فیصلے میں درج کرے۔

(4) شوہر کو خدانخواستہ طویل قید (جیسے پندرہ سال یا عمر قید) ہوگئی ہے اور بیوی جواں عمر ہے، اس کے لئے اپنے فطری جذبات کو قابو میں رکھتے ہوئے حدودِ شرع میں رہنا ممکن نہیں ہے اور گناہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے یا کوئی اس کا کفیل نہیں ہے اور وہ عدالت سے فسخِ نکاح کا مطالبہ کرتی ہے تو جج فسخ نکاح کا فیصلہ دے سکتا ہے۔

Marfat.com

(5) شوہر بلا سبب و بلا عذر مرض وغیرہ مسلسل طویل عرصے تک حقوقِ زوجیت ادا نہیں کرتا، تو جج تنبیہ کے بعد اور تنبیہ کے غیر مؤثر ہونے کے بعد نکاح فسخ کرسکتا ہے۔

(6) شوہر مجنون ہوگیا، مناسب وقت گزرنے پر بھی علاج سے صحت یاب نہ ہوسکا، اس کے جنون سے بیوی کے جسم وجاں کو خطرہ لاحق ہے یا وہ اب حقوقِ زوجیت کی ادائیگی اور بیوی کی کفالت کا اہل ہی نہیں رہا، تو جج نکاح فسخ کرسکتا ہے۔ لیکن اگر کوئی خدا ترس ماہر ڈاکٹر یہ کہے کہ شوہر کی یہ کیفیت عارضی ہے اور مناسب وقت میں اسے افاقہ ہوجائے گا، تو ''فسخِ نکاح'' سے پہلے مناسب مہلت دینی چاہیے۔

(7) عنین (Impotent) شوہر اور مفقود الخبر یعنی لاپتا شوہر کے فسخِ نکاح کے مسائل تفصیل طلب ہیں، اس لئے ان پر کسی مناسب موقع پر الگ تفصیل سے بات ہوگی۔

علامہ غلام رسول سعیدی نے شرح صحیح مسلم جلد ثالث (صفحات: 1094 تا 1121) میں اس مسئلے پر تفصیلی بحث کی ہے اور ''فسخِ نکاح'' کے بارے میں ائمہ اربعہ کے مسلک کو اصل مآخذ کے حوالہ جات کے ساتھ بیان کیا ہے اور یہ بھی بتایا ہے کہ کون کون سے مواقع ہیں جہاں دوسرے ائمہ کے قول پر فیصلہ کیا جاسکتا ہے۔ اسی طرح ہندوستان میں ''مجلس قضائے شرعیہ'' بہار، اکابر علماءِ اہلسنت نے قائم کی تھی اور انہوں نے ''فسخِ نکاح'' کے بارے میں کچھ اصول متفقہ طور پر طے کئے تھے، جن میں سے ''فسخِ نکاح'' کے بارے میں بعض متفقہ وجوہ کا تذکرہ مفتی عبدالواجد قادری نے ''فتاویٰ یورپ'' میں کیا ہے۔

آخر میں میری دردمندانہ گذارش ہے کہ اگر کوئی عورت خدانخواستہ خوفِ خدا سے عاری ہے، اس پر نفسانی خواہشات یا ہوسِ زر کا غلبہ ہے یا عشرتوں کی دلدادہ ہے اور کسی بھی جائز سبب کے بغیر شوہر کے ساتھ بہر صورت رہنے کے لئے تیار نہیں ہے، تو ایسی صورتِ حال میں شوہروں کو چاہیئے کہ وہ رضا کارانہ طور پر خُلع پر آمادہ ہوجائیں یا یک طرفہ طور پر طلاق دے دیں، اس پر وہ عنداللہ اجر پائیں گے اور عورت فتنہ اور گناہ میں

Marfat.com

مبتلا ہونے سے بچ جائے گی۔ اور اگر شوہر رضا کارانہ طور پر اس پر آمادہ نہ ہو تو عدالت مناسب دباؤ ڈال کر اس سے طلاق دلوائے۔

## ماں کا حقِ نگہداشت ساقط ہونے کی صورتیں

**سوال:132**

منکہ مسمی شعیب یونس ولد محمد یونس کی شادی مسماۃ فارینہ بنت امان اللہ سے 11 اگست 2001ء کو ہوئی تھی۔ اس سے میرا ایک ساڑھے چار سالہ بیٹا محمد مصطفیٰ ہے۔ اس تمام عرصے میں میری بیوی کا رویہ مجھ سے کبھی محبت کا نہیں رہا اور اکثر اوقات وہ میکے میں رہنے کی خواہشمند رہتی جس پر کبھی کبھی ناراضی بھی ہوتی تھی ایک دن اچانک مجھ پر ایک عجیب انکشاف ہوا اور اس روز میں نے اسے ایک ایسے موبائل فون پر کسی لڑکے کو SMS کرتے ہوئے پکڑا جو میں نے اسے نہیں دلایا تھا اور مجھ سے خفیہ رکھا ہوا تھا، رنگے ہاتھوں پکڑے جانے کے بعد اس نے اعتراف کیا کہ اس کے تعلقات دوسرے لڑکوں سے ہیں۔ اس موبائل پر تقریباً SMS750 آئے اور تقریباً 500 گئے، جس کی تفصیل پرنٹ کے ساتھ منسلک ہے۔ یہ سب جاننے کے بعد میری غیرت نے گوارہ نہ کیا کہ ایسی عورت کو اپنے ساتھ رکھوں مگر پھر بھی میں نے ہوش میں رہتے ہوئے اس کے والدین کو بلایا اور ساری صورت حال ان کے سامنے رکھی اور ایک طلاق دے کر ان کے ساتھ بھیج دیا اس پر اس کے والدین نے نہ کسی شرمندگی کا اظہار کیا اور نہ ہی معافی مانگی اور میرے بچے کو ساتھ لے کر چلے گئے۔ میرا تعلق ایک دین دار گھرانے سے ہے، میں نے اس وقت ممتا کے جذبات کو ٹھیس پہنچنے کے خیال سے بچے کو ساتھ لے جانے کی اجازت دے دی، مگر اس کی بے راہ روی اور غیر اخلاقی حرکات کو دیکھتے ہوئے میں چاہتا ہوں کہ اپنے بچے کو ساتھ رکھوں اور اس کی پرورش دینی ماحول میں کروں۔

محترم مفتی صاحب ان حالات میں آپ کا مشورہ اور فتویٰ درکار ہے تا کہ میں اپنے بچے کو اس گندے ماحول سے نکال کر اپنے پاس رکھوں اور اس کی تربیت دینی ماحول میں کرسکوں،

Marfat.com

جب وہ میرے پاس تھا تو اسکول بھی جاتا تھا لیکن اس کی ماں نے چار ماہ سے اسے اسکول نہیں بھیجا، بچے کا مستقبل خراب ہو رہا ہے۔ برائے مہربانی بچے کی کفالت اور حصول کے لئے شرعی اور قانونی رہنمائی فرمائیں تاکہ بچے کا مستقبل محفوظ ہو اور وہ ایک دین دار انسان بن سکے، (محمد شعیب، C-205، پرنس ایونیو، گارڈن، کراچی)۔

**جواب:**

شرعاً بچے کی پرورش کا حق ماں کو حاصل ہوتا ہے لیکن اگر ایسے اسباب پائے جائیں جو اس کے حق کو ساقط کر دیں، تو بچے کو اس کی پرورش میں نہیں دیا جائے گا، علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

أحق الناس بحضانة الصغير حال قيام النكاح أو بعد الفرقة الا م الا ان تكون مرتدة أو فاجر ة غير مامونة كذا فى الكافى ۔

ترجمہ:'' نکاح قائم رہے یا (بذریعۂ طلاق) تفریق ہو جائے، (دونوں صورتوں میں) بچے کی پرورش کا سب سے زیادہ حق اس کی ماں کو کو حاصل ہے، لیکن اگر وہ مرتدہ ہو جائے یا (فسق و) فجور میں مبتلا ہو جائے، بچے کی صحیح نگہداشت نہ کرے تو (پھر اس کا حق ساقط ہو جاتا ہے)'' کافی'' میں بھی اسی طرح ہے، آگے چل کر لکھتے ہیں: و كذا لو كانت سارقة أو مغنية أو نائحة فلا حق لها هكذا فى النهر الفائق ۔

ترجمہ:'' اور اسی طرح اگر وہ (ماں) چور یا گانے والی یا نوحہ خوانی کا پیشہ اختیار کئے ہوئے ہے، تو اس کے لئے حقِ پرورش نہیں ہے،'' النھر الفائق'' میں اسی طرح مذکور ہے، (فتاویٰ عالمگیری، جلد:1 ص:541 مکتبۂ رشیدیہ، کوئٹہ)''۔

علامہ علاؤ الدین حصکفی لکھتے ہیں:

'' تربيت الولد(تثبت للام) النسبية ( ولو بعد الفرقة الا أن تكون مرتدة أو فاجرة) فجوراً يضيع الولد به، كزنا وغناء وسرقة ونياحة كما فى "البحر" و"النهر" بحثاً۔ قال المصنف: والذى يظهر العمل باطلاقهم كما هو مذهب الشافعى أن

Marfat.com

الفاسقة بترک الصلاۃ لا حضانة لها ۔ وفی "القنیة ":الأم أحق بالولد ولو سیئة السیرۃ معروفة بالفجور مالم یعقل ذلک (أو غیر مأمونة) ذکرہ فی "المجتبیٰ " بأن تخرج کل وقت وتترک الولد ضائعاً۔

ترجمہ:'' بچے کی پرورش کا حق ماں کو حاصل ہے، اگرچہ زوجین کے درمیان جدائی واقع ہوگئی ہو،لیکن اگروہ (ماں) مرتدہ ہوگئی ہے یا فاجرہ ہےاور فسق ایسا ہے، جس سے بچے کے خراب ہونے کا اندیشہ ہو، مثلاً زنا ،، گانا بجانا، چوری ، اور نوحہ کرنا جیسا کہ '' البحرالرائق '' اور '' النہرالفائق '' کی بحث میں کہا گیا ہے مصنف کہتا ہے: بظاہر اس قول کے اطلاق پر عمل کریں گے جیسا کہ امام شافعی کا مذہب ہے کہ اگر فاسقہ ماں نماز کی تارکہ ہے، تو اسے بھی بچے کی پرورش کا حق نہیں رہتا، اور '' قنیۃ '' میں ہے: ماں بچے کی پرورش کی زیادہ حق دار ہے اگرچہ وہ اپنی سیرت وکردار میں برائی کے حوالے سے جانی جاتی ہو، بچہ اس وقت تک ماں کی پرورش میں رہے گا جب تک اسے اچھائی برائی کی تمیز نہ ہو (جب وہ باشعور ہوجائے تو اسے ماں سے علیحدہ کرلیں تاکہ ماں کو دیکھ کر اس کا کردار خراب نہ ہو ) ایسے ہی اس عورت کی پرورش میں بھی نہیں دیا جائے گا، جس کے پاس بچہ غیر محفوظ ہو یعنی وہ ہر وقت بچے کو چھوڑ کر آزادانہ گھومتی پھرتی رہے، '' المجتبیٰ '' میں اسی طرح ہے۔

علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

"والحاصل أنّ الحاضنة ان کانت فاسقة فسقاً یلزم منه ضیاع الولد عندها سقط حقها ، والا فهی أحق به الی أن یعقل فینزع کالکتابیة ۔

ترجمہ:'' اور حاصلِ کلام یہ ہے کہ پرورش کرنے والی (ماں) اگر فاسقہ ہےاور اس کے پاس رہنے سے بچے کے ضائع ہونے (یا اس کی عادات واطوار بگڑنے ) کا اندیشہ ہے تو اس (ماں) کا حق پرورش ساقط ہوجائے گا، اور اگر فاسق نہ ہو تو بچے کے باشعور ہونے تک زیادہ حق دار وہی ہے، اس کے بعد اس سے لے لیا جائے گا، جیسے '' کتابیہ '' ماں کا حکم ہے، (ردالمحتار علی الدرالمختار جلد 5 ص:204,205 داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

Marfat.com

آپ نے سوال میں جو صورت درج کی ہے، اس کی رو سے ایسی ماں کی سر پرستی اور نگہداشت میں بچے کے کردار کے متاثر ہونے کا خدشہ ہے اور اس نے بچے کو اسکول سے بھی روک دیا ہے، لہٰذا آپ اس سے بچے کا مطالبہ کریں، اگر حوالے نہ کرے تو پنچائیت یا عدالت کے ذریعے حاصل کریں۔

## بچوں کی کفالت

**سوال**:133

میرا بیٹا اختر محمود 15 نومبر 2006ء کو قضائے الٰہی سے انتقال کر گیا ہے، لواحقین میں درج ذیل افراد ہیں:

(1) بیوہ اختر محمود عمر 25 سال (2) ایک بیٹی عمر 4 سال

(3) ایک بیٹا عمر 2 سال (4) والد (محمود احمد) عمر 60 سال

ا۔ وراثت کی تقسیم میں شرعی احکامات کی رُو سے ہر ایک کو کس قدر حصہ ملے گا؟

۲۔ مرحوم پر جو قرض ہے اس کی ادائیگی کے متعلق بھی شرعی فیصلے سے مطلع فرمائیں؟

۳۔ بیوہ اگر نکاحِ ثانی کرتی ہے تو کیا ان دونوں کمسن بچوں کی کفالت ان کے دادا کے ذمے ہوگی؟۔ (محمود احمد لطفی، 502- سیکٹر 5-B سرجانی ٹاؤن، کراچی)۔

**جواب**:

از روئے شرع کسی بھی متوفّٰی شخص کا ترکہ تقسیم کرنے سے قبل تین حقوق متعلق ہوتے ہیں: (1) ترکے سے اس کے مصارف تکفین و تدفین وضع کیے جاتے ہیں (2) اس کے بعد اس کے ذمہ اگر کسی کا قرض ہو، تو اس میں سے اس کی ادائیگی کی جاتی ہے (3) اس کے بعد اگر اس نے کوئی وصیت کی ہو تو زیادہ سے زیادہ تہائی ترکے کی حد تک اس سے نافذ کیا جاتا ہے، بشرطیکہ وہ وصیت کسی وارثِ شرعی کے حق میں نہ ہو، یہ تین امور تقسیم وراثت سے مقدم ہوتے ہیں، ان کو منہا کرنے کے بعد بقیہ ترکہ ورثاء میں تقسیم ہوتا ہے۔ متوفی اختر محمود کی جائیداد منقولہ وغیر منقولہ 72 حصوں میں منقسم ہوگی، متوفی کے

Marfat.com

والد (محمود احمد) کو 12 حصے، بیوہ کو 9 حصے، بیٹے کو 34 حصے، بیٹی کو 17 حصے ملیں گے۔

جہاں تک بچوں کفالت اور حق حضانت (گود لینے اور پرورش) کا تعلق ہے، شرعاً اس کے استحقاق کی ترتیب درج ذیل ہے:

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

تربیت الولد(تثبت للام)النسبیة(ثم )أی بعد الأم بأن ماتت أو لم تقبل أو أسقطت حقها أو تزوجت بأجنبی (أم الأم وان علت) عند عدم أهلیة القربیٰ(ثم أم الأب وان علت ) بالشرط المذکور ،وأما أم ابی الأم فتؤخر عن أم الأب بل عن الخالة أیضاً۔

ترجمہ: ''بچے کی پرورش کا حق نسبی ماں کو حاصل ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔آگے چل کر لکھتے ہیں: ترجمہ: ''ماں فوت ہوجائے یا بچے کو قبول نہ کرے یا اپنا حق حضانت ساقط کر دے، یا کسی ایسے شخص کے ساتھ نکاح کرلے جو بچے کے لئے اجنبی ہے، تو پھر ماں کے بعد نانی کو پرورش کا حق ہے یہ استحقاق بالترتیب اوپر تک جائے گا، اگر قریب والے میں پرورش کی اہلیت نہ ہو، پھر دادی کو اور مذکورہ کے ساتھ یہ سلسلہ اوپر تک جائے گا، پھر نانا کی ماں، دادی بلکہ خالہ سے بھی مؤخر ہے۔

مزید لکھتے ہیں: والحاضنة أما أو غیرها( أحق به) أی بالغلام حتی یستغنی عن النساء وقدر بسبع وبه یفتی لأنه الغالب

ترجمہ: ''پرورش کرنے والی عورت خواہ وہ بچے کی ماں ہو یا کوئی اور اس کو یہ حق اس وقت تک حاصل ہے جب تک لڑکا عورتوں کی نگرانی سے مستغنی نہ ہوجائے، جس کی مدت کا اندازہ سات سال لگایا گیا ہے اور اسی پر فتویٰ ہے، کیونکہ اکثر صورتوں میں یہ ضرورت اسی عمر تک رہتی ہے۔

مزید لکھتے ہیں:

(والأم والجدة) لأم أو لأب (احق بها)بالصغیرة (حتی تحیض وغیرهما احق

Marfat.com

بھا حتیٰ تشتھی) وقدر بتسع وبه یفتی۔

ترجمہ: ’’ماں اور نانی اور دادی لڑکی کے حیض آنے تک ان کی پرورش کا استحقاق رکھتی ہیں، (ان کی عدم موجودگی یا عدم دستیابی کی صورت میں) دوسری پرورش کرنے والی عورتوں کا استحقاق لڑکی کے مشتہاۃ (قریب البلوغ) ہونے تک ہے اور اس کی مدت کا اندازہ 9 سال لگایا گیا ہے، اور اسی پر فتویٰ ہے، (ردالمحتار علی الدرالمختار، جلد 5 ص: 210 تا 216 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)‘‘۔

صورتِ مسئولہ میں دونوں بچے مذکورہ بالا عمر تک ماں کے پاس رہیں گے بشرطیکہ ماں کسی ایسے شخص کے ساتھ نکاح نہ کرے جو بچے کے لئے اجنبی ہے، اس کے بعد دادا کو ان کی کفالت کا حق حاصل ہوگا لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ بچوں کو ماں سے اس طرح جدا کر دیا جائے کہ اس سے ملنے تک نہ دیں یہ حرام اور سخت حرام ہے۔ حدیث مبارک میں ہے: عن ابی موسیٰ قال لعن رسول اللہ ﷺ من فرق بین الوالدۃ وولدھا، وبین الاخ وبین اخیه۔

ترجمہ: ’’ابی موسیٰ اشعری بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے اس شخص پر لعنت فرمائی کہ جو ماں اور اس کے بچے میں جدائی پیدا کرے اور ایک بھائی کو دوسرے بھائی سے جدا کرے، (سنن ابن ماجہ: رقم الحدیث: 2250)‘‘۔

Marfat.com

# کتاب العدت

Marfat.com

## عدت

**سوال:134**

کیا عورت کو جو مہینہ آتا ہے وہ تین بار آجائے تو کیا عدت پوری ہو جاتی ہے؟،
(انیس محمد، مکان 4/887 لیاقت آباد کراچی)۔

**جواب:**

جی ہاں! اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ۔ (البقرة:228)
ترجمہ: ''اور طلاق یافتہ عورتیں اپنے آپ کو تین حیض تک (عقدِ ثانی سے) روکے رکھیں''۔

**سوال:135**

میری بیوی حلالے کے بعد بچوں کی وجہ سے عدت کرنا نہیں چاہتی، کیونکہ بچوں کو اسکول اور مدرسے چھوڑنا، گھر کا سامان لانا، بچوں کی بیماری اور گھر کے دیگر بہت سارے کام ہوتے ہیں اور یہ کام کرنے والا کوئی نہیں ہے، میرے چھ بچے ہیں کیا اس صورت میں عدت لازم ہے مہربانی فرما کر میری مشکل آسان فرمادیں، (انیس محمد، مکان 4/887 لیاقت آباد کراچی)۔

**جواب:**

عدت کا پورا کرنا لازمی ہے اور دورانِ عدت اس کا اور بچوں کا نفقہ ادا کرنا آپ کے ذمے لازم ہے اور جو اعذار آپ نے پیش کئے ہیں وہ شرعاً ناقابلِ قبول ہیں۔
اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ ۔
ترجمہ: ''جب تم اپنی عورتوں کو طلاق دو، تو ان کی عدت کے وقت (سے پہلے طهر میں) انہیں طلاق دو اور عدت کا شمار رکھو، (الطلاق:1)''۔

Marfat.com

## کیا میں دورانِ عدتِ طلاق گھر سے باہر جا سکتی ہوں؟

**سوال:136**

مسئلہ یہ ہے کہ میری شادی کے چار ماہ بعد میں بہت بیمار ہوگئی اور اپنی والدہ کے گھر آ گئی تھی، اس دوران میرا میرے شوہر سے کسی بھی قسم کا کوئی تعلق نہیں رہا نہ ہی انہوں نے کسی قسم کا خرچہ دیا میرے والدین نے سارا خرچہ اٹھایا اب میرے شوہر نے مجھے طلاق دے دی ہے تو جناب عدت کے بارے میں فرمایئے کہ میری عدت ہوگی، کتنے دن کی ہوگی؟، میں چونکہ ڈپریشن کی مریضہ بن گئی تھی تو ڈاکٹر نے مصروف رہنے کا کہا تھا اور پونے دو سال علاج بھی ہوا میں نے ابھی تین ماہ قبل ایک پرائیویٹ اسکول میں پڑھانا شروع کیا ہے۔ کیا میں عدت کے دوران اسکول جا سکتی ہوں یا نہیں؟ اسکول میں پڑھانے سے میری دماغی حالت میں کافی بہتری آئی ہے ہم دونوں پونے دو سال سے جدا تھے، اولاد کا سلسلہ بھی کوئی نہیں ہوا، (فردوس جبیں، بلاک 1 فیڈرل بی ایریا، کراچی)۔

**جواب :**

ہر مطلقہ مدخول بہا پر عدت لازم ہے، شوہر سے جدائی کتنی ہی طویل مدت سے ہو طلاق کے بعد عدت ضروری ہے اور غیر حاملہ جسے حیض آتا ہو، اس کی عدت بعد از طلاق تین حیض پورے کرنے ہیں، قرآن مجید میں ہے: وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ؕ (البقرۃ:228)

ترجمہ: ''اور طلاق یافتہ عورتیں اپنے آپ کو تین حیض تک (عقدِ ثانی سے) روکے رکھیں''۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ۔ (الطلاق: 1)

ترجمہ: تم انہیں (عدت میں) ان کے گھروں سے نہ نکالو اور وہ خود (بھی) نہ نکلیں''۔

خلاصۃ الفتاویٰ میں ہے: وفی الجامع الصغیر المطلقۃ تعتد فی بیت کانت قبل الفرقۃ فیه ولا تخرج لیلاً ولا نهاراً فی العدۃ۔

ترجمہ: جامع صغیر میں ہے مطلقہ عورت اپنے گھر میں عدت گذارے گی، دورانِ عدت رات

Marfat.com

ودن میں کسی وقت گھر سے نہیں نکلے گی ،( جلد ثانی ص:119 مطبوعہ مکتبہ حبیبیہ،کوئٹہ)۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: لا تخرج لیلاً ولا نهاراً سواء كان الطلاق ثلاثاً أو بائنا أو رجعیًا۔

ترجمہ:'' رات ودن میں کسی بھی وقت ( معتدہ ) اس مکان سے جہاں وہ طلاق سے پہلے رہائش پذیر تھی نہیں نکلے گی ،خواہ اسے تین طلاق دی گئی ہوں یا طلاق بائن یا طلاقِ رجعی،( فتاویٰ عالمگیری جلد 1 ص:534 مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)''۔

صورتِ مذکورہ میں چونکہ آپ اپنے والد کی کفالت میں ہیں اور کوئی معاشی ضرورت یا مجبوری درپیش نہیں ہے اور ملازمت کرنا آپ کی معاشی مجبوری نہیں ہے،لہٰذا عدت کے ایام میں گھر سے نہ نکلیں ، ڈپریشن وغیرہ کا عذر مسموع نہیں ہے۔

## عدتِ وفات

**سوال:**137

میرے شوہر محمد الطاف کا انتقال ۴رفروری ۲۰۰۶ء کو ہوا ہے اور میرے پانچ بچے ہیں ، جن میں سب سے بڑی بیٹی ۱۷رسال کی ، دوسری بیٹی ۱۵رسال کی ، بیٹا ۱۱رسال کا اور دو چھوٹے جڑواں ڈیڑھ سال کے بچے ہیں۔ میرے شوہر کا جڑی بوٹیوں کا سپلائی کا کام ہے، اوران کا تمام پیسہ کاروبار میں لگا ہوا ہے، میرے والد کا بھی انتقال ہو چکا ہے اور میرا کوئی سگا بھائی بھی نہیں ہے۔ میں اس سلسلے میں بہت پریشان ہوں ، اس لئے مجھے آپ سے یہ فتویٰ چاہئے کہ میں پردے میں رہ کر اپنے شوہر کے کاروبار کو چلا سکتی ہوں اور دکان پر کاروباری لوگوں سے بات چیت کرسکتی ہوں ، فی الحال میرے ماموں زاد بھائی کاروبار کو سنبھال رہے ہیں ، مگر وہ اس کاروبار کی پیچیدگیوں سے واقف نہیں ہیں جبکہ میں اپنے شوہر کی غیر موجودگی میں کئی مرتبہ کاروبار سنبھال چکی ہوں اور کاروبار کی تمام باریک بینیوں سے واقف ہوں ، اس لئے اگر اشد ضرورت پڑے تو پردے میں گھر میں یا باہر جا کر کاروبار سنبھال سکتی ہوں ، کیونکہ میرا بیٹا ابھی بہت چھوٹا ہے اور میں نہیں چاہتی کہ میری جوان بیٹی کاروبار کے سلسلے میں غیر

Marfat.com

مردوں کے سامنے جائے، آپ اس سلسلے میں فتوی دے کر میری رہنمائی کریں، (شہناز الطاف، D-120/A گلی نمبر ا، موسیٰ کالونی، فیڈرل بی ایریا، کراچی)۔

**جواب:**

قرآن مجید میں عدت سے متعلق اللہ تعالیٰ کا حکم ہے: وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا يَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ؕ ترجمہ: اور جو لوگ تم میں سے وفات پا جائیں اور (اپنی) بیویاں چھوڑ جائیں، وہ عورتیں انتظار میں رکھیں اپنے آپ کو چار مہینے دس دن، پھر جب وہ اپنی عدت پوری کر لیں تو کوئی حرج نہیں تم پر اس بات میں جو دستور (شرع) کے موافق وہ اپنے حق میں کریں، (البقرہ:234)۔

عورت کو زمانۂ عدت میں گھر سے نکلنا حرام ہے، ہاں! اگر عدت موت کی ہو اور اس کے پاس کھانے کو نہ ہو، بغیر گھر سے نکلے کام نہ چل سکے گا یا نقصان پہنچے گا تو اس ضرورت سے اس کے لئے جا سکتی ہے اور رات اسی گھر میں گزارے اور بغیر ضرورت شرعیہ نکلنا حرام ہے۔

درمختار میں علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں: (ومعتدۃ موت تخرج فی الجدیدین، وتبیت) اکثر اللیل (فی منزلها) لان نفقتها علیها، فتحتاج للخروج۔

ترجمہ: "اور جو عورت عدت وفات گزار رہی ہو وہ بوقت ضرورت دن یا رات میں نکل سکتی ہے، لیکن رات کا اکثر حصہ گھر میں گزارے، اس لئے کہ وہ اپنے اخراجات کی ذمہ دار خود ہے پس وہ اس کے لئے باہر نکلنے کی محتاج ہے، (درمختار جلد 5 صفحہ 180، مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)"۔

علامہ علاؤالدین ابی بکر بن مسعود لکھتے ہیں: واما المتوفی عنها زوجها فلا تخرج لیلاً ولا باس بان تخرج نهاراً فی حوائجها لانها تحتاج الی الخروج بالنهار لاکتساب ماتنفقه لأنه لا نفقة لها من الزوج المتوفی بل نفقتها علیها فتحتاج الی الخروج لتحصیل النفقة۔

Marfat.com

ترجمہ: ''پس وفات پا گیا ہو جس عورت کا شوہر وہ رات میں نہ نکلے، اور اپنی ضروریات کیلئے دن کے وقت نکلنے میں حرج نہیں اس لئے کہ وہ محتاج ہے دن کے وقت نکلنے کی تا کہ اپنا نفقہ حاصل کرے، کیونکہ اس کا نفقہ اس کے متوفی شوہر پر نہیں بلکہ وہ خود اس پر ہے پس وہ باہر نکلنے کی محتاج ہے تا کہ اپنا نفقہ حاصل کرے، (بدائع الصنائع جلد 3 صفحہ 299، مطبوعہ مرکز اہل سنت برکات رضا، گجرات، ہند)''۔

صورت مسئولہ میں فقہاء کرام کی تصریحات کے مطابق یہ واضح ہوتا ہے کہ معتدہ وفات اپنے اخراجات اور روزگار کے لئے دن کے وقت باپردہ باہر نکل سکتی ہے۔ لہٰذا آپ کے لئے باپردہ ہو کر شوہر کے کام کی دیکھ بھال کے سلسلے میں نکلنا جائز ہے۔

## مدتِ عدت

**سوال:138**

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ: ایک عورت کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہے اور وہ عورت حاملہ ہے، تو اس کی عدت کتنی ہوگی؟، نیز عدتِ طلاق اور عدتِ وفات کی مدت کتنی ہے؟، آیا عدت کے دوران عورت گھر سے باہر جاسکتی ہے؟۔ (زاہد اللہ، کراچی)

**جواب:**

عِدَّت (عین کی زیر کے ساتھ) کے لفظی معنیٰ ہیں: گنتی کرنا اور عُدت (عین کے پیش کے ساتھ) کے معنیٰ ہیں: کسی معاملے کی تیاری کرنا۔ اور اصطلاحی معنیٰ ہیں: نکاح ختم ہونے کے بعد ایک خاص مدّت تک عورت کا (عقدِ ثانی سے) رکے رہنا۔ اگر عورت کو شوہر نے طلاق دے دی ہے اور وہ طلاقِ مُغلَّظہ ہے، یا طلاق رجعی ہے، مگر عدت کے اندر رجوع نہیں کیا، تو اس مطلّقہ (طلاق یافتہ) عورت کو اگر حیض (Menses) آتا ہے، تو اس کی عدت تین حیض ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ۔ ترجمہ: ''اور طلاق یافتہ عورتوں پر لازم

Marfat.com

ہے کہ وہ (کسی دوسرے شخص کے ساتھ نکاح کرنے سے پہلے) اپنے آپ کو تین حیض تک روکے رکھیں (البقرہ:228)''۔

حیض اور طہر (پاکی کے ایّام) کا دورانیہ ہر عورت کا اپنا اپنا ہوتا ہے۔ اور اگر عورت کو حیض نہیں آتا، خواہ کسی طبعی یا طبّی سبب سے ہو یا کم عمر ہے اور حیض آنا شروع ہی نہیں ہوا یا وہ عمر کے اس حصے میں داخل ہوگئی ہیں، جب کہ فطری طور پر حیض کا سلسلہ موقوف ہو جاتا ہے، ان کے لئے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَالّٰٓـئِیْ یَىٕسْنَ مِنَ الْمَحِیْضِ مِنْ نِّسَآىٕكُمْ اِنِ ارْتَبْتُمْ فَعِدَّتُهُنَّ ثَلٰثَةُ اَشْهُرٍ وَّالّٰٓـئِیْ لَمْ یَحِضْنَ ؕ۔ ترجمہ: ''اور تمہاری جو عورتیں حیض سے ناامید ہو چکی ہوں یا انہیں سرے سے حیض آتا ہی نہیں اور تمہیں اس امر میں شبہ ہو (کہ ان کی عدت کیا ہے؟) تو ان کی عدت تین ماہ ہے، (الطلاق:4)''۔

جو عورت طلاق کے وقت حالتِ حمل میں ہو، تو اس کی عدت وضعِ حمل (Delivery of the child) یعنی بچہ پیدا ہونے تک ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَاُولَاتُ الْاَحْمَالِ اَجَلُهُنَّ اَنْ یَّضَعْنَ حَمْلَهُنَّ ؕ۔ ترجمہ: ''اور حاملہ عورتوں کی عدت ان کا وضعِ حمل ہے، (الطلاق:4)''۔ جن عورتوں کے شوہر وفات پا جائیں اور بیوہ رہ جائیں، تو ان کی عدت چار ماہ اور دس دن ہے: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَالَّذِیْنَ یُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَیَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا یَّتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا ۚ۔ ترجمہ: ''اور تم میں سے جو لوگ وفات پا جائیں اور (اپنے پیچھے) بیویاں چھوڑ جائیں، تو وہ عورتیں (عقدِ ثانی سے پہلے) اپنے آپ کو چار ماہ دس دن تک روکے رکھیں، (البقرۃ:234)''۔ اگر عورت بیوہ ہوگئی ہے اور وہ حاملہ ہے، تو اس صورت میں اس کی عدت وضعِ حمل تک ہی رہے گی، چنانچہ عِدّتِ وفات کے تحت علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں: (و) العدۃ (للموت اربعة اشھر وعشر مطلقا) وطئت اولا ولو صغیرۃ او کتابیة تحت مسلم الا الحامل۔

ترجمہ: ''یعنی عِدّتِ وفات جو چار ماہ دس دن ہے یہ مطلقاً سب کے لئے ہے، خواہ اس سے

Marfat.com

شوہر نے مباشرت کی ہو یا نہ کی ہو، خواہ نابالغہ ہو یا کوئی اہلِ کتاب عورت ہو جو کہ کسی مسلمان کے نکاح میں تھی، سوائے حاملہ کے (کہ اس کی عِدّت شوہر کی وفات کی صورت میں وضعِ حمل ہی رہے گی)، ردالمحتار علی الدر المختار، جلد:5، ص:150، داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

عدت کی اصل حکمت ''استبراءِ رحم'' یعنی اس امر کا یقین کہ عورت حاملہ نہیں ہے، اس کے لئے مدت کا تعین وحی ربانی سے ہوا ہے، اسی لیئے مطلّقہ حاملہ کی عدت وضعِ حمل کے ساتھ ہی ختم ہو جاتی ہے۔ البتہ شوہر کی وفات کی صورت میں ایک طرح سے سوگ بھی ہو جاتا ہے۔ اگر کسی عورت کا نکاح ہو گیا ہے، لیکن باقاعدہ رخصتی نہیں ہوئی یا میاں بیوی میں خَلوتِ صحیحہ قائم نہیں ہوئی، (خَلوتِ صحیحہ سے مراد دونوں کا تنہائی میں اس طرح سے جمع ہونا کہ ازدواجی تعلق میں کوئی طبعی مانع حائل نہ ہو) تو طلاق کی صورت میں اس عورت پر بالکل عدت نہیں ہے۔ اور وہ طلاق کے فوراً بعد کسی بھی شخص کے ساتھ اپنی مرضی سے نکاح کر سکتی ہے۔

## ازدواجی تعلقات نہ ہوں تب بھی عدت ضروری ہے

**سوال**:139

تقریباً 11 سال پہلے میرے گھر لڑکے کی ولادت کے بعد سے میرے شوہر میرے ساتھ ازدواجی تعلقات قائم رکھنے سے محروم ہیں، اس وجہ انہوں نے 15 دن قبل مجھے طلاق دے دی ہے، تین مرتبہ انہوں نے کہا کہ ''میں نے تم کو طلاق دی''۔ تحریری طور پر بھی دینے کو تیار ہیں۔ کیا میں فوری طور پر نکاحِ ثانی کر سکتی ہوں؟ یا مجھے عدت گذارنا ہوگی اگر عدت گذارنی ہے تو کتنے دن؟، (شاہدہ رشید، R-1947/2 عزیز آباد، کراچی)۔

**جواب**:

ہر مطلقہ مدخول بہا پر عدت لازم ہے، شوہر سے جدائی کتنی ہی طویل مدت سے ہو طلاق کے بعد عدت ضروری ہے اور غیر حاملہ جسے حیض آتا ہو، اس کی عدت بعد از طلاق تین حیض پورے کرنے ہیں، قرآن مجید میں ہے:

Marfat.com

وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ط (البقرۃ:228)"۔

ترجمہ:"اور طلاق یافتہ عورتیں اپنے آپ کو تین حیض تک (عقدِ ثانی سے) روکے رکھیں، صورتِ مسئولہ میں عدت پوری کیے بغیر نکاح ثانی ہرگز نہیں کیا جاسکتا اور عدت طلاق دینے کے فوراً بعد شروع ہوجاتی ہے اور اس کی مدت تین حیض کا گزرنا ہے، واللہ اعلم بالصواب۔

## دورانِ عدت جنازے میں شرکت

**سوال**:140

میری والدہ عدت میں ہیں ان کی عمر 53 سال ہے ان کی عدت کے دوران میری چچی کے والد کی وفات ہوگئی اور بغیر کسی بڑے کے پوچھے تمام بہن بھائیوں کے منع کرنے کے باوجود وہاں چلی گئیں۔ مگر وہ پورے پردے میں تھیں برقع پہن کر نقاب لگا کر گئی تھیں اور رات دس بجے واپس لوٹی تھیں۔ لوگ یہ بھی کہتے ہیں کہ انہیں میت کے بعد دس قدم بھی نہیں نکالے، اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ اور اگر امی سے یہ غلطی سرزد ہوگئی ہے تو اس کا اگر کوئی کفارہ ہے تو بتادیں اور یہ کہ لوگ کہتے ہیں کہ عدت شوہر کے لئے تحفہ ہے اس میں کیا صداقت ہے؟ اور عدت میں کیا شرعی کام کرنے چاہئیں؟۔ (عارفہ عباسی، دستگیر سوسائٹی F.B ایریا، کراچی)۔

**جواب**:

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْۢ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ط ۔

ترجمہ: تم انہیں (عدت میں) ان کے گھروں سے نہ نکالو اور وہ خود (بھی) نہ نکلیں مگر یہ کہ وہ کوئی کھلی بے حیائی کا کام کریں۔ (الطلاق:1)

عورت کے لئے عدت اسی مکان میں واجب ہے، جہاں وہ شوہر کی وفات کے وقت رہتی تھی۔ علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

(طلقت) أو مات وهي زائرة (في غير مسكنها عادت اليه فوراً) لوجوبه عليها

Marfat.com

(وتعتدان) أی معتدة طلاق وموت (فی بیت وجبت فیه) ولا یخرجان منه (الّا أن تخرج،أو ینهدم المنزل أوتخاف) انهدامه، أو (تلف مالها، أو لا تجد کراء البیت) ونحو ذالک من الضرورات،فتخرج لأقرب موضع الیه۔

ترجمہ: ''عورت کوطلاق دی گئی یااس کاشوہر وفات پا گیااوروہ اپنے گھر کے علاوہ کہیں اور گئی ہوئی تھی ،تواسے چاہئے کہ فوراً اپنے گھرلوٹ آئے ، کیونکہ یہ اس پر واجب ہے،عورت عدتِ طلاق گزاررہی ہو یاعدتِ وفات،ان دونوں کو چاہئے کہ اسی گھر میں عدت گزاریں جہاں پرعدت گزارنا،ان پرواجب ہوا ہے،سوائے اس کے کہ انہیں (اس گھر سے) نکال دیا جائے یامکان گرجائے یااس کے گرنے کا خدشہ ہو یااس کا مال تلف ہونے کا خطرہ ہو یا (مکان کرائے کا ہونے کی صورت میں کرایہ ادا کرنے کی استطاعت نہ ہو) ان جیسی صورتوں (یامجبوریوں) کی بناء پراس کے لئے جائز ہے کہ وہاں سے نکل کراس سے قریب ترین جگہ پرعدت گزارے،(ردالمحتار علی الدرالمختار جلد5 ص:180 دار احیاء التراث العربی بیروت)۔''عورت کوزمانہ عدت میں گھر سے نکلنا حرام ہے،ہاں !اگرعدتِ وفات ہواوراس کے پاس کھانے کو نہ ہو،گھر سے نکلے بغیر گذر اوقات مشکل ہو،تووہ دن دن میں ان ناگزیر ضرورتوں کے لئے نکل سکتی ہے، اور رات اسی گھر میں گزارے اور بغیر ضرورت شرعیہ نکلنا حرام ہے۔

علامہ علاؤالدین ابی بکربن مسعود لکھتے ہیں:

وأما المتوفی عنها زوجها فلا تخرج لیلاً، ولا باس بان تخرج نهاراًفی حوائجها لانهاتحتاج الی الخروج بالنهار لاکتساب ماتنفقه لأنه لا نفقة لها من الزوج المتوفی بل نفقتها علیهافتحتاج الی الخروج لتحصیل النفقة۔

ترجمہ: ''ایسی عورت جوعدتِ وفات میں ہے،تووہ رات کوگھر سے (ہرگز) نہ نکلے،البتہ دن کے وقت اپنی ضروریات کے لئے نکل سکتی ہے،اس میں کوئی حرج نہیں ہے، کیونکہ اس لئے کہ وہ محتاج ہے دن کے وقت نکلنے کی تاکہ اپنا نفقہ حاصل کرے، کیونکہ اس کا نفقہ اسکے متوفی

Marfat.com

شوہر پر نہیں بلکہ وہ خود اس پر ہے پس وہ باہر نکلنے کی محتاج ہے تا کہ اپنا نفقہ حاصل کرے، (بدائع الصنائع جلد 3 صفحہ 299، مطبوعہ مرکز اہل سنت برکات رضا، گجرات، ہند)''۔

صورتِ مسئولہ میں نہ تو آپ کی والدہ نفقہ اور دیگر ضروریات کے لئے باہر نکلنے کی محتاج ہیں اور نہ ہی دورانِ عدت جنازے میں جانا ضرورتِ شرعی ہے، اور ضرورت وہ ہوا کرتی ہے جس کے بغیر کوئی چارہ نہ ہو جیسا کہ ابتداء میں بیان کیا گیا۔ عدت حکمِ شرعی ہے، جس کی پابندی ضروری ہے، شرعی کام صرف عدت ہی میں نہیں بلکہ تمام زندگی کرنے چاہئیں، اور اس کے لئے ضروریاتِ دین کو سیکھئے اور مستند کتب کا مطالعہ کیجئے، واللہ اعلم بالصواب۔

Marfat.com

# کتاب الفرائض

Marfat.com

## ترکہ کی تقسیم

میرے چند سوالات کا اسلامی شریعت اور حدیثوں کے حوالے سے تحریری جواب عنایت فرمائیں۔

اگر کوئی شادی شدہ عورت جو کہ تین بچوں کی ماں ہو، اپنے شوہر کی غیر موجودگی میں اپنے گھر میں کسی غیر مرد سے ناجائز تعلقات کی مرتکب ہوئی ہے، جس کی وجہ سے اس کے شوہر نے اس عورت کو طلاق دے کر اس کو گھر سے نکال دیا۔

**سوال:141**

1۔ کیا اس عورت کے والد اس کو اپنی جائداد سے خارج کرسکتے ہیں؟۔

2۔ کیا اس عورت کے والد اپنی زندگی میں اس عورت کو اپنی جائداد میں سے کچھ حصہ دے سکتے ہیں، صلہ رحمی کے طور پر؟۔

3۔ والد صاحب کے پاس ایک عدد گھر اور ایک عدد فلیٹ بھی ہے، انہوں نے جب والدہ حیات تھیں تو باقاعدہ یہ کہہ دیا تھا کہ گھر بیٹے کا ہے اور فلیٹ بیٹی کا ہے اور گھر بیٹے کے نام کئے ہوئے اٹھارہ سال گزر چکے ہیں۔ کیا ایسی صورت میں والد صاحب بیٹے کو گھر اور بیٹی کو فلیٹ دے سکتے ہیں، جبکہ دونوں کی قیمت میں دس گنا کا فرق ہے۔ اب والد صاحب کا مطالبہ ہے کہ جو گھر میں نے تم کو دیا تھا وہ مجھے واپس کردو، (محمد فاروق عمران، A-10، کے ڈی اے سوسائٹی، کراچی)۔

**جواب:**

ہر عاقل وبالغ شخص اپنے ہر قول وفعل کا ذمہ دار ہے۔ شریعت کی رو سے بھی اور قانون کی نظر میں بھی، لہٰذا کسی شخص پر اپنی بالغ اولاد کے کسی فعل یا لین دین کی ذمہ داری عائد نہیں ہوتی۔ جہاں تک اولاد کو وراثت سے محروم کرنے کا سوال ہے تو اس کا اختیار شرعاً والدین کو نہیں ہے، کیونکہ وراثت یا ترکہ اس مال کو کہتے ہیں جو کوئی شخص چھوڑ کر مرجاتا ہے۔

Marfat.com

اس متروکہ مال میں مرنے والے کو زیادہ سے زیادہ ایک تہائی مال پر وصیت کے ذریعے تصرف کا حق حاصل ہے، بشرطیکہ وہ وفات سے پہلے اپنی زندگی میں ایسی وصیت کر چکا ہو، لیکن وصیت میں بھی یہ شرط ہے کہ وارث کے حق میں وہ معتبر و مؤثر نہیں ہوتی۔ باقی متروکہ مال پر وراثت کے احکام قرآن کا ثابت شدہ قانون ہے اور اس کے رد کرنے یا اس میں ردوبدل کرنے کا کسی کو اختیار نہیں ہے، کسی ایک وارث کے حق میں بھی وصیت کو اس لئے ناقابلِ اعتبار اور غیر مؤثر قرار دیا گیا ہے کہ اس طرح اللہ تعالیٰ کے مقررہ نظامِ وراثت میں تبدیلی واقع ہو سکتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے:

"سمعت أبا أمامة، سمعت رسول الله ﷺ يقول: انّ الله قد أعطى كل ذی حقّ حقّه فلا وصية لوارث"

ترجمہ: "ابو امامہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے سنا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ارشاد فرما رہے تھے: بے شک اللہ تعالیٰ نے (ترکے میں سے) ہر حق دار کو اس کا حق دے دیا ہے، تو (اب) وارث کے حق میں وصیت جائز نہیں ہے، (سنن ابی داؤد جلد 3 رقم الحدیث 2862 مطبوعہ، مؤسسۃ الریان، بیروت)"۔

اس غرض سے اپنا تمام مال اور جائیداد کا کسی ایک وارث کو دینا تاکہ دوسرے ورثاء محروم ہو جائیں ناجائز اور باعثِ گناہ ہے، بلا وجہ شرعی وارث کو محروم کرنے پر سخت وعید آئی ہے۔ حدیث مبارک میں فرمایا: عن أنس بن مالک؛ قال: قال رسول الله ﷺ: "من فرّ من ميراث وارثه، قطع الله ميراثه من الجنة يوم القيامة"۔

ترجمہ: جو شخص اپنے وارث کو میراث (پہنچنے سے) راہِ فرار اختیار کرے، اللہ تعالیٰ اس کی میراث جنت سے قطع کر دے گا، (سنن ابن ماجہ رقم الحدیث: 2703 مطبوعہ دارالفکر بیروت)

اولاد میں سے کسی کو اپنے ماں باپ سے ان کی زندگی میں یہ مطالبہ کرنے کا حق نہیں ہے کہ اپنے مال یا جائیداد یا وراثت میں سے ہمیں حصہ دو۔ ہر عاقل و بالغ زندہ شخص کو اپنے مال پر شرعی حدود میں تصرف کرنے کا پورا پورا حق ہے۔ اور جب تک کوئی شخص زندہ ہے، اس کا

Marfat.com

مال اس کی ملکیت ہے، ترکہ یا وراثت نہیں ہے کہ کوئی وارث بن کر اس میں سے اپنے حصے کا مطالبہ کرے۔

کسی شخص کی زندگی میں، اس کا ترکہ یا وراثت تقسیم نہیں ہوتی، وہ اپنے مال کا مالک ومختار ہے، جیسا چاہے اپنے مال میں تصرف کرے۔ اگر کوئی شخص اپنی زندگی میں اپنے مال کا کچھ حصہ اپنی اولاد میں تقسیم کرنا چاہتا ہے، تو شریعت کی رو سے مستحسن امر یہ ہے کہ وہ تمام اولاد کو مساوی طور پر دے، مگر یہ تقسیمِ وراثت نہیں کہلائے گی بلکہ ''ہبہ'' کہلائے گا اور ''ہبہ'' میں اولاد کے درمیان مساوات کی ترغیب دی گئی ہے۔

نبی کریم ﷺ کی حدیث مبارک ہے:

حدثنی النعمان بن بشیر اَنَّ اُمَّہٗ بنتَ رواحۃَ سأَلت اباہ بعضَ الموھوبۃ من مالہ لابنھا، فالتویٰ بھا سنۃً، ثمّ بدا لہ۔ فقالت: لا ارضٰی حتّٰی تُشھدَ رسول اللہ ﷺ علیٰ ماوھبتَ لابنی، فاخذ ابی بیدی، وانا یومئذٍ غلام، فاتیٰ رسول اللہ ﷺ فقال: یارسول اللہ ﷺ! انّ اُمّ ھذا، بنتَ رواحۃَ، اَعجبھا ان اُشھدک علی الذی وَھبتُ لابنھا، فقال رسولُ اللہ ﷺ: "یا بشیرُ! أ لکَ ولدٌ سویٰ ھذا؟" قال: نعم، فقال: اکلّھم وھبت لہ مثل ھذا؟ قال: لا۔ قال: فلا تشھدنی اِذن، فانّی لا اشھدُ علیٰ جورٍ''۔

ترجمہ: ''نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ ان کی والدہ حضرت بنت رواحہ نے ان کے والد سے درخواست کی کہ وہ اپنے مال میں سے کچھ ان کے بیٹے (حضرت نعمان) کو ہبہ کردیں، میرے والد نے ایک سال تک یہ معاملہ ملتوی رکھا، پھر انہیں اس کا خیال آیا، میری والدہ نے کہا میں اس وقت تک راضی نہیں ہوں گی جب تک کہ تم میرے بیٹے کے ہبہ پر رسول اللہ ﷺ کو گواہ نہ کرلو، میرے والد میرا ہاتھ پکڑ کر رسول اللہ ﷺ کے پاس لے گئے۔ اس وقت میں نوعمر لڑکا تھا، انہوں نے کہا! یارسول اللہ ﷺ! اس کی ماں بنت رواحہ یہ چاہتی ہیں کہ میں آپ کو اس چیز پر گواہ کرلوں، جو میں نے اپنے اس لڑکے کو ہبہ کی ہے،

Marfat.com

رسول اللہ ﷺ نے پوچھا، اے بشیر! کیا اس کے علاوہ تمہاری اور بھی اولاد ہے؟، انہوں نے کہا: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم نے سب کو اتنا ہی مال ھبہ کیا ہے؟، انھوں نے کہا نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: پھر مجھے گواہ نہ بناؤ، کیونکہ میں ظلم پر گواہ نہیں بنوں گا''۔

(صحیح مسلم، رقم الحدیث: 4104، جلد: 7، مطبوعہ نزار مصطفیٰ الباز الریاض، مکۃ المکرمۃ)

مذکورہ حدیث سے واضح ہوا کہ جب کوئی شخص اپنی حیات میں اپنی اولاد کو کچھ ہبہ کرے تو تمام اولاد کے درمیان مساوات کو روا رکھے، لیکن اگر کوئی خاص شرعی وجہ موجود ہو تو اپنی اولاد میں کسی کو زیادہ بھی دے سکتا ہے مثلاً زیادہ فرماں بردار ہے یا معذور ہے تو دیگر ورثاء کی رضامندی سے اسے زیادہ دے سکتا ہے۔ تاہم باپ کی زندگی میں اولاد کو اس سے یہ مطالبہ کرنے کا حق نہیں ہے کہ وہ اپنی وراثت تقسیم کردیں، کیونکہ ابھی تو ماشاء اللہ وہ حیات ہیں، اور ان کا مال ترکہ تو ان کے انتقال پر بنے گا، اُس وقت جو شرعی ورثاء موجود ہوں گے، وہ حسبِ احکامِ شریعت اپنے اپنے حصے کے حق دار ہوں گے۔

ہبہ کر کے اس سے رجوع کرنے کو حدیثِ پاک میں ایک معیوب اور ناپسندیدہ فعل قرار دیا گیا ہے اور یہ مکروہ ہے، رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

(۱) العائد فی ھبتہ کالعائد فی قیئہ۔ ''ہبہ کر کے اس سے رجوع کرنے والا اس شخص کی طرح ہے جو قے کر کے دوبارہ اسے چاٹ لے، (صحیح مسلم، رقم الحدیث: ۴۰۶۲)''۔

(۲) مثل الذی رجع فی صدقتہ کمثل الکلب یقیئ ثم یعود فی قیئہ فیاکلہ۔

''جو شخص صدقہ کر کے اس سے رجوع کرتا ہے، اس کی مثال اس کتے کی ہے جو قے کرتا ہے، پھر لوٹ کر اسے کھالیتا ہے، (صحیح مسلم، رقم الحدیث: ۴۰۵۸)''۔

## ایک یا دو اشخاص کا دیگر ورثاء کی موجودگی میں تمام جائیداد پر قابض ہو جانا

**سوال:** 142

عرض یہ ہے کہ میرے والدین کا انتقال ہو چکا ہے والد کا فیڈرل بی ایریا میں ڈبل اسٹوری مکان ہے، جس میں اوپر نیچے دو بھائی رہتے ہیں، ہم کل آٹھ بہن بھائی (تین

Marfat.com

بھائی اور پانچ بہنیں) ہیں، باقی بھائی بہنوں کی خواہش ہے کہ انہیں ان کا حصہ دے دیا جائے جب بڑے بھائی سے میں نے کہا کہ تم ماں باپ کے مرنے کے بعد اس مکان میں ناجائز رہ رہے ہو اس میں سب کا حق ہے تو اس نے کہا کہ فتویٰ لے آؤ، آپ قرآن وسنت کی روشنی میں فتویٰ دے دیں، (ارشد، کراچی)۔

**جواب:**

اگر سائل کا بیان درست ہے اور ورثاء وہی ہیں، جو سوال میں مذکور ہیں، تو ترکے میں سے تقسیم وراثت سے پہلے کے واجبات (مصارفِ تکفین وتدفین، ادائی قرض اگر کوئی تھا، اور تہائی ترکے کی حد تک تنفیذِ وصیت اگر متوفی نے کی ہو) شرعی ترتیب کے مطابق ادا کرنے کے بعد بقیہ ترکہ "لِلذَّکَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَیَیْنِ" (ایک لڑکے کا حصہ دو لڑکیوں کے حصے کے برابر ہے، النساء:11) کے تحت تقسیم ہوگا۔ یہ درست ہے کہ ترکہ تمام ورثاء کے درمیان اصولِ وراثت کے قوانین کے مطابق جلد تقسیم ہو جانا چاہیے تھا اور اس ترکے میں تمام ورثاء کا حصہ ہے، کسی بھی وارث کو نظر انداز نہیں کیا جانا چاہیے۔ متوفی کے ترکے کے گیارہ حصے ہوں گے، ہر بھائی کو دو حصے اور ہر بہن کو ایک حصہ ملے گا۔ جب تمام ورثاء اپنے حصے کے طلبگار ہوں، تو کسی ایک یا دو ورثاء کا زبردستی دوسروں کے حصے پر غاصب وقابض بن کر رہنا درست نہیں ہے۔

## لاوصیۃ لوارث

**سوال:**143

ایک سروے زمین جس کے سروے نمبر: 522,99,96,94 ہیں، جو تقریباً 122 ایکڑ رقبے پر واقع دیہہ ملھ تپودرسانو چھنو مراد میمن گوٹھ ضلع ملیر کراچی میں واقع ہیں۔ جس کا اصل مالک مرحوم حاجی روزو ولدیت حاجی انگارو مرحوم ہیں، حاجی روزو کے انتقال کے بعد تین بیٹے بنام، عبد، الیاس، یوسف اور چار بیٹیاں (بشمول حاجیانی مریم) ہیں۔ گورنمنٹ سندھ (ریونیو ڈپارٹمنٹ) کے مطابق پوری زمین صرف تین بیٹوں کے نام کر

Marfat.com

دی گئی ہے اور بیٹیوں کو اپنے حق سے محروم رکھا گیا ہے اور ریکارڈ میں یہ لکھا گیا ہے کہ حاجی روزو نے اپنی زندگی میں پوری زمین صرف اپنے بیٹوں کے نام کردی ہے۔اس کا ریکارڈ میں نہ کوئی گواہ ہے نہ ہی شہادت۔ہمیں اس بات کا خدشہ ہے کہ ریکارڈ میں غلط اندراج کیا گیا ہے۔شرعی نقطہ نظر سے حاجیانی مریم جو حاجی روزو مرحوم کی حقیقی وارث ہے اس کا مندرجہ بالا سروے نمبر میں اس صورتِ حال میں حق بنتا ہے کہ نہیں؟،(عبداللہ میمن، 814, بلاک 16 فیڈرل بی ایریا، کراچی)۔

**جواب:**

اگر سائل کا بیان درست ہے اور ورثاء وہی ہیں، جو سوال میں مذکور ہیں اور ترکے میں سے تقسیم وراثت سے پہلے کے واجبات (مصارفِ تکفین وتدفین، ادائیگی قرض اگر کوئی تھا، اور تہائی ترکے کی حد تک تنفیذِ وصیت اگر متوفی نے کی ہو) شرعی ترجیحات کے مطابق ادا کرنے کے بعد بقیہ ترکہ 10 حصوں میں منقسم ہوگا۔تین بیٹوں کو 6 حصے (ہر ایک کو 2 حصے) چار بیٹیوں کو 4 حصے (ہر ایک کو ایک حصہ) ملیں گے، گورنمنٹ سندھ (ریونیو ڈپارٹمنٹ) کے مطابق کاغذات میں جن بیٹوں کو نامزد (Nominate) کیا ہے، محض نامزد کرنے سے وہ اس کے مالک نہیں اور اگر مرحوم نے اپنی زندگی میں بیٹوں کے نام کیا ہو تو شرعاً جائز نہیں اور اگر وصیت بھی کی ہو تو وارث کے حق میں وصیت معتبر نہیں ہے، رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

"سمعت أبا أمامة،سمعت رسول الله ﷺ يقول: انّ الله قد أعطى كل ذى حقّ حقّه فلا وصية لوارث"۔

ترجمہ:''ابوامامہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے سنا: رسول اللہ ﷺ ارشاد فرما رہے تھے: بے شک اللہ تعالیٰ نے (ترکے میں سے) ہر حق دار کو اس کا حق دے دیا ہے، تو (اب) وارث کے حق میں وصیت جائز نہیں ہے، (سنن ابی داؤد جلد 3 رقم الحدیث 2862 مطبوعہ، مؤسسۃ الریان بیروت)''۔

Marfat.com

اس غرض سے اپنا تمام مال اور جائیداد کا کسی ایک وارث کو دینا تا کہ دوسرے ورثاء محروم ہوجائیں ناجائز اور باعثِ گناہ ہے، بلاوجہ شرعی وارث کو محروم کرنے پر سخت وعید آئی ہے۔ حدیث مبارک میں فرمایا: عن أنس بن مالک؛ قال: قال رسول اللہ ﷺ: "من فرّ من میراث وارثه، قطع الله میراثه من الجنة یوم القیامة"۔ ترجمہ: جو شخص اپنے وارث کو میراث (پہنچنے سے) راہِ فرار اختیار کرے، اللہ تعالیٰ اس کی میراث جنت سے قطع کردے گا، (سنن ابن ماجہ رقم الحدیث: 2703 مطبوعہ دار الفکر بیروت)۔

بہر حال صورتِ مسئولہ میں مرحوم روزو خان کا ترکہ اس کے تمام ورثاء میں اصولِ وراثت کے قوانین کے مطابق تقسیم کیا جائے گا، واللہ اعلم بالصواب۔

## تقسیمِ ترکہ میں مقدم کون؟

**سوال**:144

چوہدری سردار خان کا انتقال 1939ء میں ہوا، ان کی اولاد اور پسماندگان میں متعدد ورثاء تھے، جن کو ایک نقشے کی صورت میں ہم نے ان سب کی تواریخ وفات کے ساتھ مرتب کر کے اس استفتاء کے ساتھ منسلک کیا ہے۔ ان کے پوتے وحید اسلم کا 1986ء میں انتقال ہوا، متوفی وحید اسلم کے ورثاء میں ان کے تین حقیقی چچا، دو حقیقی پھوپھیاں اور چار سوتیلے چچا اور دو سوتیلی پھوپھیاں ہیں۔ لیکن وحید اسلم متوفی 1986ء کی وفات سے پہلے ان کے تینوں حقیقی چچا اور ایک حقیقی پھوپھی وفات پا چکی تھیں، ان کی وفات کے وقت ان کی چار سوتیلے (علاتی) چچا اور ایک حقیقی اور دو سوتیلی پھوپھیاں حیات تھیں۔ اسکے علاوہ حقیقی چچاؤں کی اولاد (یعنی چچا زاد) کی اولاد بھی موجود تھی۔ یہ امر بھی ملحوظ رہے کہ وحید اسلم متوفی 1986ء کے والد کے نکاح میں دو بیویاں تھیں، وحید اسلم کی حقیقی والدہ ان سے پہلے 1948ء میں وفات پا چکی تھیں جبکہ ان کی سوتیلی والدہ رحیم جان نے وحید اسلم کے بعد 1989ء میں وفات پائی۔ ہم نے چوہدری سردار خان کے ورثاء کا مفصل نقشہ بھی منسلک کر دیا ہے، کتاب وسنت اور فقہ حنفی کی روشنی میں بتائیں کہ وحید اسلم متوفی 1986ء کی وراثت

Marfat.com

کے حقدار کون کون ہیں، اور کون سے ورثاء محروم رہیں گے؟۔ (محمد امجد ریٹائرڈ سیشن جج، ماڈل ٹاؤن، بہاول پور)۔

**جواب:**

اگر سائل کا بیان درست ہے، اور متوفی وحید اسلم کے ورثاء وہی ہیں، جو سوال میں مذکور ہیں، اور وہ لاولد ہے، تو از روئے شرع سب سے پہلے اس کے ترکے سے اسکی تکفین وتدفین کے مصارف وضع کئے جائیں گے، اس کے بعد اس کے ذمہ اگر کسی کا کوئی قرضہ تھا، تو وہ ادا کیا جائے گا، اس کے بعد اگر اس نے کوئی وصیت کی ہوگی تو بقیہ ترکے کی زیادہ سے زیادہ ایک تہائی حد تک وہ نافذ العمل ہوگی۔ بعد ازاں جو ترکہ بچے گا، شریعت کے قانون وراثت کے مطابق اس کے شرعی وارثوں میں تقسیم ہوگا، اس کا ترکہ چار حصوں پر منقسم ہوگا اور اس کے سوتیلے چچاؤں میں سے ہر ایک کو ایک ایک حصہ ملے گا (یعنی فی کس 1/4 حصہ)۔

ہمیں استفتاء میں چوہدری سردار خان کے ورثاء کا مفصل نقشہ فراہم کیا گیا ہے، لیکن اس میں جو جواب مطلوب ہے، وہ چوہدری سردار خان مرحوم کے پوتے وحید اسلم ولد محمد اسلم خان متوفی 1986ء کے ترکے سے متعلق ہے۔ یہ امر ملحوظ رہے کہ وحید اسلم متوفی 1986ء کے حصہ میں جو موروثی مال آیا ہے وہ اس کے والد محمد اسلم خان ولد چوہدری محمد سردار خان متوفی 1984ء کا ترکہ ہے، ممکن ہے اس کا اپنا کوئی کمایا ہوا مال بھی ہو، تو وہ بھی اس کے مجموعی ترکے میں شامل ہوگا، البتہ محمد اسلم خان ولد چوہدری سردار خان کا جو ترکہ وحید اسلم کو منتقل ہوگا، اس میں سے ایک 1/8 حصہ محمد اسلم خان کی بیوہ رحیم جان متوفی 1989ء (جو کہ وحید اسلم کی سوتیلی والدہ ہیں) کو ملے گا، جو محمد اسلم کی وفات کے وقت حیات تھیں، چونکہ بعد میں یہ 1989ء میں وفات پاگئیں، اس لئے ان کا ترکہ ان کے اُن شرعی ورثاء کو منتقل ہوگا، جو اِن کی وفات کے وقت موجود تھے۔ وحید اسلم متوفی 1986ء کی وفات کے وقت ان کے حقیقی چچا وفات پاچکے تھے، البتہ انکے چار سوتیلے چچا زندہ تھے، اور ان کی ایک حقیقی پھوپھی اور دو سوتیلی پھوپھیاں زندہ تھیں۔ حقیقی چچا اس لئے محروم ہوگئے کہ جو وارث، مورِث (جس کی

Marfat.com

وراثت تقسیم ہو رہی ہے) کی وفات سے پہلے فوت ہو گیا ہو، وہ اسکا وارث نہیں بنتا، حق وراثت ان لوگوں کیلئے ہوتا ہے جو مورِث (وفات یافتہ شخص) کی وفات کے وقت زندہ ہوں، وحید اسلم متوفی 1986ء کی وفات کے وقت اس کی حقیقی پھوپھی جنت بی بی متوفی 1991ء، سوتیلی پھوپھی متوفی 2003ء اور شفیقہ بیگم (بدستور حیات) زندہ تھیں، لیکن یہ سب وراثت سے محروم رہیں گی، کیونکہ یہ پھوپھیاں ذوی الارحام بنتی ہیں اور چار سوتیلے چچا عصبات، اور اسلام کے قانون وراثت کا شرعی اصول یہ ہے کہ عصبات ورثاء کی موجودگی میں ذوی الارحام ورثاء ترکے سے محروم رہیں گے، اسی طرح وحید اسلم متوفی 1986ء کی وفات سے پہلے ان کے وفات یافتہ حقیقی چچاؤں کی اولاد بھی جو کہ وحید اسلم متوفی 1986ء کی وفات کے وقت بقید حیات تھے، ان کے ترکے سے محروم رہیں گے، کیونکہ اسلامی قانون وراثت کا مسلمہ اصول ہے کہ قریب کا وارث دور کے وارث کو محروم کر دیتا ہے، اور یہاں سوتیلے چچا ایک قرابت کے حامل ہونے کے باوجود حقیقی چچاؤں کی اولاد (یعنی ابنائے اعمام) کے ذو قرابتین ہونے کے باوجود ان کے قریب سے ہیں لہٰذا سارا ترکہ سوتیلے چچاؤں کو ملے گا اور حقیقی چچا زاد محروم رہیں گے۔ یہاں تک ہم نے مسئلے کا خلاصہ آسان الفاظ میں لکھ دیا ہے، اب سطور ذیل میں فنی بنیاد پر دلائل کے ساتھ جواب ملاحظہ فرمائیے:

"بر تقدیر صدق بیانِ سائل صورۃ مستفسرہ میں مرحوم وحید اسلم کی وراثت چاروں سوتیلے چچاؤں کو ملے گی۔ اور بعد ادائے حقوق مترتبہ متقدمہ، تکفین وتجہیز اور ادائے قرض اور مال کے تیسرے حصہ سے تنفیذ وصیت، کل جائیداد کے چار حصے کیے جائیں گے اور ہر ایک سوتیلے چچا کو ایک ایک حصہ آئے گا۔ حقیقی چچاؤں کی اولاد حقیقی پھوپھی اور سوتیلی پھوپھیاں جو کہ مرحوم کے وفات کے وقت زندہ تھیں حقیقی چچاؤں کی مذکر اولاد تو اس لئے محروم ہوگی کہ عصبات اقرب اگر چہ اضعف ہو، ابعد کو محروم کر دیتا ہے اور یہاں اگر چہ سوتیلے چچا ذوات قرابتین نہیں اور حقیقی چچاؤں کی مذکر اولاد ذوات قرابتین ہیں لیکن سوتیلے چچے میت سے

Marfat.com

اقرب ہونے کی وجہ سے حقیقی چچاؤں کی مذکر اولا کو محروم کر دیں گے اور مرحوم کی حقیقی اور سوتیلی پھوپھیاں اور حقیقی چچاؤں کی مؤنث اولا دذوی الارحام میں سے ہیں اور عصبات کے ہوتے ہوئے ذوی الارحام محرم ہوتے ہیں۔

درمختار میں ہے:

ثم جزء جده العم لا بوین ثم لا ب ثم ابنه لا بو ین ثم لا ب۔

ترجمہ: میت کے دادا کی جز یعنی چچا حقیقی پھر سوتیلا چچا پھر حقیقی چچا کا بیٹا پھر سوتیلے چچا کا بیٹا (ص:547 مکتبہ ماجدیہ)

معلوم ہوا اگر حقیقی چچا ورثاء میں موجود نہ ہو تو سوتیلا چچا وارث ہوتا ہے اور حقیقی چچا کا بیٹا اس وقت وارث ہوگا جب سوتیلا چچا ورثاء میں موجود نہ ہوں یہ عبارت بعینہٖ صورت مسئولہ کا جواب ہے۔

تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق کے متن میں ہے:

ثم الا عما م ثم اعما م الاب ثم اعما م الجد علی التر تیب۔

ترجمہ: پھر متوفی کے چچا پھر متوفی کے باپ کے چچا پھر دادا کے چچا ترتیب پر۔

شارح علیہ الرحمہ نے فرمایا: (قوله علی التر تیب) ای علی التر تیب الذ ی ذکر نا فی الاخوۃ وھو ان یقدِ م العم لا ب وام علی العم لاب ثم العم لاب علی ولد العم لا ب وام کذ ایعمل فی اعما م الا ب یقد م منھم ذوقرابتین عند الا ستواء فی الد رجۃ وعندا لتفاوۃ فی الدرجۃ یقد م الا علیٰ۔

ترجمہ: ''(ماتن کا قول علی الترتیب) یعنی چچاؤں میں ترجیحات اسی ترتیب پر ہونگی، جس ترتیب کو ہم نے بھائیوں میں ذکر کیا، وہ یہ کہ حقیقی چچا سوتیلے چچا، سے مقدم ہوگا، پھر سوتیلا چچا حقیقی چچا کی اولاد سے مقدم ہوگا، اسی طرح باپ کے چچاؤں میں ان میں سے دوقرابت والوں کو مقدم رکھا جائے گا جبکہ درجے میں مساوی ہوں اور درجے میں تفاوت کی صورت میں اقرب (Nearest) کو مقدم کیا جائے گا، (تبیین الحقائق جلد 6 ص:632،

Marfat.com

بحرالرائق شرح کنزالدقائق جلد4 ص:498 مکتبہ سعید ایچ،ایم کمپنی)''۔

نیز''البحرالرائق شرح کنزالدقائق میں ہے:واذااستویٰ ابنا ن فی درجة من االعصبات وفی احدهما قرا بة زا ئد ة فهی اولیٰ ،الا ان یکو ن الا خ اقرب الی المیت ،مثال القر ابة الزائدة اخ لا ب وام واخ لا ب،فالا خ من الا ب والام اولیٰ،ومثا ل السبق اخ لا ب وابن اخ لا ب وام، فالاخ اولیٰ لا نه اسبق الی المیت۔

ترجمہ:''اگرعصبات میں دو بیٹے درجے میں مساوی ہوں،اوران میں سے ایک میں زائد قرابت ہو،تو زائد قرابت والا اولیٰ ہوگا،مگر یہ کہ بھائی میت کے زیادہ قریب ہو،قرابت زائدہ کی مثال یہ ہے کہ مثلاً ایک حقیقی بھائی ہے اور ایک علاتی (باپ شریک) بھائی ہے،تو حقیقی بھائی،علاتی بھائی سے زیادہ قریب ہے،اور سبقت کی مثال یہ ہے کہ جیسے ایک علاتی بھائی ہے اور ایک حقیقی بھتیجا ہے،''تو علاتی بھائی حقیقی بھتیجے کی بہ نسبت میت سے زیادہ سبقت رکھتا ہے''،(ص:98 جلد 4)۔

درمختار کی عبارت:''ثم لا ب ثم ابنه لا بو ین''اور''تبیین الحقائق''اور''البحرالرائق'': ''ثم العم لا ب علی ولد العم لا ب وام''۔

صورت مسئولہ کے جواب میں نص ہے،لہٰذا مرحوم وحید اسلم کی جائیداد چاروں سوتیلے چچاؤں میں برابر برابر تقسیم ہوگی اور باقی افراد محروم ہوں گے،واللہ اعلم بالصواب۔

## تقسیم ترکہ اور برٹش لاء

### سوال:145

برائے مہربانی قرآن اور حدیث کی روشنی میں فتویٰ عنایت فرمائیں۔ایک شخص چوہدری سردار خان،جس کا انتقال 1939ء میں ہوا۔اس کے سات بیٹے،چار بیٹیاں اوردو بیوہ تھیں۔جائیداد کا انتقال ان کی وفات کے بعد بیٹوں کے نام ہوگیا،اور اس جائیداد کو پچھلے ماہ 2006ء میں فروخت کیا گیا۔بیٹے کہتے ہیں کہ چونکہ اس وقت برٹش لاء تھااور بیٹیوں اور بیوگان کو جائیداد میں حصہ نہیں ملتا تھا،اس لئے ان کا اس رقم میں کوئی حصہ نہیں

Marfat.com

بنتا۔ جبکہ ہماری گذارش ہے کہ قرآن اور حدیث کا قانون جو سورۂ نساء میں ہے، اس کے مطابق فیصلہ ہونا چاہئے، برائے مہربانی آپ اس کے بارے میں فتویٰ عنایت فرمائیں اور جو اس پر عمل نہیں کرے گا آخرت میں اس کی کیا سزا ہوگی؟۔(ندیم الحق، اسٹاف آفیسر ٹو چیئرمین PIA، اسلام آباد)۔

**جواب:**

ازروئے شرع کسی بھی متوفّٰی شخص کا ترکہ تقسیم کرنے سے قبل تین امور کا خیال رکھنا ضروری ہے: (1) اس سے اس کے مصارف تکفین وتدفین وضع کئے جاتے ہیں (2) اس کے بعد اس کے ذمہ اگر کسی کا قرض ہو، تو اس میں سے اس کی ادائیگی کی جاتی ہے (3) اس کے بعد اگر اس نے کوئی وصیت کی ہو تو زیادہ سے زیادہ تہائی ترکے کی حد تک اس سے نافذ کیا جاتا ہے، بشرطیکہ یہ وصیت کسی وارثِ شرعی کے حق میں نہ ہو، یہ تین امور تقسیمِ وراثت سے مقدم ہوتے ہیں، ان کو منہا کرنے کے بعد بقیہ ترکہ ورثاء میں تقسیم ہوتا ہے۔
برٹش لاء سے قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا مقررہ قانون وراثت منسوخ نہیں ہوسکتا، اللہ تعالیٰ کا قانون سب پر غالب ہے اور مسلمانوں کو احکام الٰہی پر عمل کرنا چاہئے نہ کہ برٹش لاء پر، اگرچہ برطانوی دور میں ہندوستان میں مسلم پرسنل لاء نافذ تھا، اور اسلام کا قانون وراثت قانوناً نافذ العمل تھا، لہٰذا یہ موقف سراسر باطل ہے۔
صورت مسئولہ میں متوفّٰی چوہدری سردار خان کا ترکہ کل 144 حصوں میں منقسم ہوگا، ان میں سے دو بیوگان کو 18 حصے (یعنی فی کس 9/144 حصے)، سات بیٹوں کو 98 حصے (یعنی فی کس 14/144 حصے)، چار بیٹیوں کو 28 حصے (یعنی فی کس 7/144 حصے) ملیں گے۔ اگر کوئی کسی شخص کا حق غصب کرے گا، اس کے لئے رسول اللہ ﷺ کی وعید ہے:

"من اقتطع شبراً من الارض ظلماً، طوّقه الله ايّاه يوم القيامة من سبع أرضين"۔
ترجمہ: "جو شخص کسی شخص کی زمین کا ایک بالشت ٹکڑا ظلماً اور ناحق لے گا، تو اسے سزا کے طور پر قیامت کے دن سات زمینوں کا طوق پہنایا جائے گا، (صحیح مسلم، رقم الحدیث:

Marfat.com

4055)''۔اس کے بعد ان میں سے جو افراد وفات پا چکے ہیں،تو ان کا حصۂ وراثت ان کے وارثوں کو منتقل ہو جائے گا،تا آنکہ ان کے موجودہ حیات وارثوں تک پہنچے گا،تقسیم وراثت کا ایک اصول یہ ہے کہ اگر کسی مورث (ترکہ چھوڑ کر وفات پانے والا شخص) کے انتقال کے فوراً بعد اس کی وراثت تقسیم نہ کی گئی ہو اور پھر اس پر کافی عرصہ گزر چکا ہو، یہاں تک کہ اس دوران کچھ ورثاء وفات پا چکے ہوں تو انہیں زندہ فرض کر کے ان کا حصۂ وراثت ان کے نام پر منتقل ہوگا،اور پھر وہی حصہ مرحلہ بہ مرحلہ ان کے موجودہ حیات وارثوں تک پہنچ جائے گا،فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

## لاولد چچا کے ترکے میں بھتیجے اور بھتیجیوں کا حقِ وراثت

**سوال:**146

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ش کی کوئی اولاد نہیں تھی،زوجہ کا بھی انتقال ہو چکا ہے اور نہ ہی کوئی بھائی یا بہن ہے۔انہوں نے اپنی زندگی میں اپنے دو بھتیجوں کو کاروبار میں 50% کا حصہ دار قرار دیا۔ش کا انتقال ہو چکا ہے اور دونوں بھتیجے دوسرے حصہ دار سے معاملات طے کر کے کاربار کو ختم کر رہے ہیں۔اور دونوں بھائی ان کی جائیداد میں سے حصہ لے رہے ہیں جبکہ ان بھتیجوں کی 4 بہنیں بھی ہیں۔ان بھتیجوں اور بھتیجیوں کی شادی بھی چچا نے کی ہے۔کیا چچا کی اس وراثت میں بھتیجیاں حصہ لینے کی حقدار ہیں یا نہیں؟۔براہِ کرم تفصیل سے قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب سے مطلع فرمائیں،(کوثر پروین،فیڈرل بی ایریا،کراچی)۔

**جواب:**

ازروئے شرع کسی بھی متوفّٰی شخص کا ترکہ تقسیم کرنے سے قبل تین امور کا خیال رکھنا ضروری ہے:(1)اس سے اس کے مصارف تکفین وتدفین وضع کئے جاتے ہیں (2)اس کے بعد اس کے ذمہ اگر کسی کا قرض ہو تو اس میں سے اس کی ادائیگی کی جاتی ہے (3)اس کے بعد اگر اس نے کوئی وصیت کی ہو تو زیادہ سے زیادہ تہائی ترکے کی حد تک اس

Marfat.com

سے نافذ کیا جاتا ہے، بشرطیکہ یہ وصیت کسی شرعی وارث کے حق میں نہ ہو، یہ تین امور تقسیمِ وراثت سے مقدم ہوتے ہیں، ان کو منہا کرنے کے بعد بقیہ ترکہ ورثاء میں تقسیم ہوتا ہے۔

ایسا مورِث (وراثت چھوڑ کر وفات پانے والا شخص) جو لاولد ہو، اس کے ماں باپ بھی اس سے پہلے وفات پاچکے ہوں، بیوی نہ ہو یا وفات پاچکی ہو، اسے قرآن کی اصطلاح میں ''کلالہ'' کہتے ہیں۔ اس کی وراثت کے احکام ''سورۃ النساء'' میں بیان کئے گئے ہیں۔

صورتِ مسئولہ میں اگر سائلہ کا بیان درست ہے اور ورثاء وہی ہیں جو سوال میں مذکور ہیں تو چونکہ متوفیٰ کے ورثاء میں اس کے دو بھتیجے اور چار بھتیجیاں ہیں اور ذوی الفروض میں کوئی قرابت دار موجود نہیں، لہٰذا دونوں بھتیجے عصبہ بنیں گے اور کل ترکہ انہیں ملے گا، بھتیجیاں محروم رہیں گی۔

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: الحقوا الفرائض بأهلها فما بقى فهو لاولىٰ رجل ذكر۔

ترجمہ: ''ذوی الفروض (یعنی وہ ورثاء جن کے حصے قرآن میں مقرر ہیں) کو ان کے مقررہ حصے دے دو، سو جو کچھ ان سے بچ رہے تو وہ قریب ترین مرد وارث کے لئے ہے، (صحیح بخاری، رقم الحدیث:6735)''۔

علامہ ابن عابدین شامی بحوالہ ''سراجی'' لکھتے ہیں:

لا فرض لها من الاناث واخوها عصبة لا تصير عصبة بأخيها كالعم والعمة المال كله للعم دون العمة۔

ترجمہ: ''وہ عورتیں جن کا کوئی فرض حصہ مقرر نہیں اور ان کا بھائی عصبہ ہے تو وہ اپنے بھائی کے ساتھ عصبہ نہیں بنیں گی، جیسا چچا اور پھوپھی کہ کل ترکہ چچا کو ملے گا نہ کہ پھوپھی کو، (ردالمحتار علی الدر المختار، جلد:10، ص:429، داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

اس کی شرح میں مفتی یار محمد قادری لکھتے ہیں: كذالك ابن العم يرث دون بنت العم وابن الاخ يرث دون بنت الاخ۔

Marfat.com

ترجمہ: ’’اور اسی طرح چچا کا بیٹا وارث بنے گا نہ کہ چچا کی بیٹی اور اسی طرح بھتیجا عصبہ بنے گا نہ کہ بھتیجی، (مشکوٰۃ الحواشی فی شرح السراجی، ص:60)‘‘۔

## • لاولد پھوپھی کے ترکے میں مقدم سگے یا سوتیلے بھتیجے

**سوال:** 147

ایک شخص فضل دین کا انتقال ہوا اور اس کی دو بیویاں تھیں ان دونوں کا انتقال فضل دین سے پہلے ہو چکا تھا۔ ایک بیوی سے دو بیٹے اور ایک بیٹی دوسری بیوی سے ایک بیٹا اور ایک بیٹی ہیں۔ دوسری بیوی سے جو ایک بیٹی سید خانم ہیں ان کے شوہر کا انتقال پہلے ہو چکا تھا وہ لاولد تھیں۔ میں سید خانم کا سگا بھتیجا ہوں، اور اپنے والدین کا اکلوتا بیٹا ہوں، میری پھوپھی سید خانم کے سگے بھائی اور دو سوتیلے بھائیوں اور سوتیلی بہن کا انتقال ان سے پہلے ہو چکا تھا۔ سید خانم کے سوتیلے بہن بھائیوں کی اولاد حیات ہے۔ اب سوال یہ ہے کہ سید خانم کا ترکہ صرف مجھے (حقیقی بھتیجے) کو ملے گا یا ان کے سوتیلے بھتیجوں اور بھتیجیوں کو بھی ملے گا، (محمد یوسف، کراچی)۔

**جواب:**

از روئے شرع کسی بھی متوفّٰی شخص کا ترکہ تقسیم کرنے سے قبل تین حقوق متعلق ہوتے ہیں (1) اس سے اس کے مصارف تکفین وتدفین وضع کئے جاتے ہیں (2) اس کے بعد اس کے ذمہ اگر کسی کا قرض ہو، تو اس میں سے اس کی ادائیگی کی جاتی ہے (3) اس کے بعد اگر اس نے کوئی وصیت کی ہو تو زیادہ سے زیادہ تہائی ترکے کی حد تک اس سے نافذ کیا جاتا ہے، بشرطیکہ یہ وصیت کسی وارثِ شرعی کے حق میں نہ ہو، یہ تین امور تقسیمِ وراثت سے مقدم ہوتے ہیں، ان کو منہا کرنے کے بعد بقیہ ترکہ ورثاء میں تقسیم ہوتا ہے۔ فضل دین کا ترکہ 8 حصوں میں منقسم ہوگا، اس میں سے ان کے تین بیٹوں کو 6 حصے (فی کس 2 حصے) اور 2 بیٹیوں کو 2 حصے (فی کس ایک حصہ) ملے گا، لہٰذا آپ کی پھوپھی سید خانم کا اپنے والد کے ترکے میں سے 1/8 حصہ بنے گا۔

Marfat.com

صورتِ مسئولہ میں آپ کی پھوپھی لاولد تھیں آپ کے بیان کے مطابق ان کے شوہر کا انتقال ان سے پہلے ہو چکا تھا اور آپ اپنی پھوپھی کے صرف ایک ہی حقیقی بھتیجے ہیں اور باقی ان کے سوتیلے (یعنی علاتی) بھتیجے بھانجیاں ہیں، لہٰذا آپ ان کے عصبہ وارث بنیں گے اور مرحومہ سید خانم کا پورا ترکہ آپ کو ملے گا، سراجی میں ہے: وابن الاخ لابٍ وامٍ اولیٰ من ابن الاخ لابٍ۔ ترجمہ: ''یعنی حقیقی بھتیجا، علاتی (صرف باپ شریک) بھتیجے سے ترکہ پانے میں مقدم ہے''۔

## مسلمان اور غیر مسلم کے درمیان وراثت

**سوال:148**

ایک شخص نے ایک کتابیہ (عیسائی) عورت سے شادی کی، اس سے اس کی اولاد ہوئی۔ پھر اس (شوہر) کا انتقال ہو گیا، دریافت طلب امر یہ ہے کہ:

(1) کیا وہ عیسائی عورت اپنے شوہر کی وارث بنے گی؟۔

(2) اور اس کی اولاد نے اگر عیسائی مذہب اختیار کر لیا ہے، تو کیا وہ وارث بن پائیں گے؟۔

(3) اگر بچے نابالغ ہیں، تو کیا وہ وارث بنیں گے؟، (ایم عتیق الرحمٰن سیال)۔

**جواب:**

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: عن اسامة بن زيد ان النبی ﷺ قال: لایرث المسلم الکافر و لایرث الکافر المسلم:

ترجمہ: ''حضرت اسامہ بن زید بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: مسلمان کافر کا وارث ہوتا ہے، نہ کافر مسلمان کا وارث ہوتا ہے، (صحیح مسلم رقم الحدیث: 4028، ابی داؤد رقم الحدیث: 2901)''۔

اس حدیث کے تحت علامہ نووی لکھتے ہیں:

مسلمانوں کا اس پر اجماع ہے کہ کافر مسلمان کا وارث نہیں ہوتا اور جمہور صحابہ اور فقہاء، تابعین اور بعد کے علماء کے نزدیک مسلمان بھی کافر کا وارث نہیں ہوتا، (شرح مسلم للنووی،

Marfat.com

جلد 2 ص:34،نور محمد اصح المطابع)''۔

میراث سے محروم کرنے والے چار اسباب ہیں،ایک سبب دین کا اختلاف ہے،یعنی میت اور وارث کا دین ایک دوسرے سے مختلف ہو۔

عن عمروبن شعیب ، عن ابیه ، عن جده عبدالله بن عمروقال: قال رسول الله ﷺ: لایتوارث اهل ملتین شتیٰ۔

ترجمہ:''حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد اور دادا عبداللہ بن عمرو سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو مختلف ملتوں کے افراد ایک دوسرے کے وارث نہ ہوں گے،(سنن ابی داؤد رقم الحدیث:2903)''۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

واختلاف الدین ایضا یمنع الارث والمرادبه الاختلاف بین الاسلام والکفروا ما اختلاف ملل الکفار کالنصرانیة والیهودیة والمجوسیة وعبدة الوثن فلا یمنع الارث حتی یجری التوارث بین الیهودی والنصرانی والمجوسی واختلاف الدارین یمنع الارث کذا فی التبیین۔ولکن هذا الحکم فی حق اهل الکفرلافی حق المسلمین۔

ترجمہ:''اور دین کا اختلاف بھی مانع ارث ہے،اور اس سے مراد اسلام اور کفر کے درمیان اختلاف ہے اور جب اختلاف کفار قوموں کے درمیان ہو،جیسا کہ نصرانی اور یہودی اور مجوسی اور بت پرست،تو پھر وہ وراثت سے مانع نہیں ہوگا(یعنی یہ لوگ آپس میں ایک دوسرے کے وارث ہوسکتے ہیں)۔یہاں تک کہ یہودی اور نصرانی اور مجوسی کے درمیان وراثت جاری ہوگی اور دار کا مختلف ہونا(یعنی دارالاسلام و دارالحرب) مانعِ وراثت ہے، جیسا کہ تبیین میں بیان کیا گیا ہے اور یہ حکم اہل کفر کے حق میں ہے نہ کہ مسلمان کے حق میں،(عالمگیری جلد 6 ص:454 مطبوعہ مکتبہ رشیدیہ کوئٹہ)''۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

Marfat.com

(واختلاف الدین)واسلاماً و کفراً۔

ترجمہ:''(اوردین کامختلف ہونا)مانعِ وراثت ہے یعنی کہ اسلام اور کفر کا اختلاف''۔

اس کی تشریح میں علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

قید به لأنّ الکفار یتوارثون فیما بینهم وان اختلف مللهم عندنا،لأنّ الکفر کله ملة واحدة۔

ترجمہ:''یہ قیداس لئے لگائی گئی ہے کہ ہمارے نزدیک کفار ایک دوسرے کے وارث ہوسکتے ہیں اگر چہ انکا تعلق مختلف ملتوں سے ہو،اس لئے کہ تمام کفر ملّتِ واحدہ ہے،(ردالمحتار علی الدرالمختار جلد 10 ص:418،مطبوعہ داراحیاء التراث العربی،بیروت)''۔

اس مسلّمہ شرعی اصول کے تحت کتابیہ عورت(خواہ نصرانی ہو یا یہودی)اپنے متوفّٰی مسلمان شوہر کی وارث نہیں بن سکتی۔مسلمان شوہر اور کتابیہ عورت کی اولاد اگر نابالغ ہے تو وہ دین میں''خیرالابوین''کے تابع ہے،یعنی انہیں مسلمان تصور کرتے ہوئے ان کے مسلمان باپ کی وراثت میں حصہ دیا جائے اور اگر وہ بالغ ہیں تو مسلمان ہونے کی صورت اپنے باپ کے وارث بنیں گے،لیکن اگر خدانخواستہ بالغ ہونے کے بعد وہ نصرانی یا یہودی بن گئے ہیں،تو مسلمان باپ کی وراثت سے محروم رہیں گے۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

(والولدیتبع خیر الأبوین دیناً)ان اتّحدت الدار ولو حکماً،بان کان الصغیر فی دارنا والأب ثمة،

ترجمہ:''اور اولاد دین میں خیرالابوین(یعنی ماں باپ میں سے جس کا دین بہتر ہو،جیسے ایک یہودی یا نصرانی ہے اور دوسرا مسلم،تو نابالغ اولاد مسلم متصور ہوگی،اگر ایک نصرانی ہے اور دوسرا مجوسی یا مشرک،تو نابالغ اولاد نصرانی متصور ہوگی)کے تابع ہوتی ہے،اگر دار ایک ہی ہو،خواہ حکماً ہی سہی،جیسے نابالغ اولاد دارالاسلام میں ہے اور باپ بھی وہیں ہے،(ردالمحتار علی الدرالمختار،جلد:4 ص:276 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی،بیروت)''۔

Marfat.com

## تقسیمِ وراثت سے متعلق چند اہم اصولی امور کی وضاحت

ہمیں روزنامہ ایکسپریس کی معرفت ترکے اور وراثت کے متعدد سوالات موصول ہوئے ہیں۔ سوالات کا براہِ راست جواب دینے سے پہلے ہم چند امور کی وضاحت کرنا چاہتے ہیں، جن کا جاننا ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے، اور ہر ترکے کی تقسیم سے پہلے ان کا نفاذ ضروری ہے، ہم نے یہ وضاحت اس لئے مناسب سمجھی تاکہ وراثت کے ہر سوال کے جواب میں ان کا بار بار تکرار نہ ہو، وہ امور یہ ہیں: (1) کوئی شخص زندگی میں اپنا مال اپنی اولاد میں تقسیم کرنا چاہے تو یہ تقسیم وراثت یا تقسیم ترکہ نہیں کہلائے گی بلکہ ہبہ (Gift) کہلائے گا، یہ ایک رضا کارانہ عمل ہے، اس لئے اس شخص کی اپنی صوابدید پر منحصر ہے کہ کتنا مال تقسیم کرے اور کتنا اپنے لئے پس انداز کرے۔ (2) بیوی شوہر کو یا شوہر بیوی کو جتنا مال ھبہ کرنا چاہیں کر سکتے ہیں۔ (3) اولاد کو ہبہ کرنا ہو تو مستحسن اور مستحب امر یہ ہے کہ بیٹے بیٹیوں کو مساوی حصہ دیا جائے، امتیاز نہ برتا جائے، رسول اللہ ﷺ نے اسے ظلم سے تعبیر فرمایا ہے۔ (4) (الف) اگر اولاد میں سے کسی کو اس کی غیر معمولی خدمات کا لحاظ کر کے یا اس کی کسی ذہنی یا جسمانی پسماندگی کی بنا پر یا نسبتاً زیادہ ضرورت مند ہونے کے سبب یا دینی فضیلت کی بنا پر نسبتاً زیادہ دینے کا ارادہ ہو، تو دوسروں کو اعتماد میں لے لیا جائے، تو بہتر ہے۔ (ب) اگر اولاد میں سے کوئی آوارہ و بدکردار ہے، حرام کاری اور عیاشیوں میں مبتلا ہے، تو اسے ہبہ کے وقت محروم رکھا جاسکتا ہے یا اس کے حصے میں کمی کی جاسکتی ہے۔ امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے پوچھا گیا کہ: ایک شخص کی اولاد ایک لڑکے اور تین لڑکیوں پر مشتمل ہے، لڑکا بدچلن اور بدوضع ہے، اپنی بہنوں اور باپ کو نہایت اذیت اور تکلیف دیتا ہے، زید اسے عاق کرنا چاہتا ہے کہ وہ ترکے میں سے حصہ نہ پائے۔ آپ نے جواب دیا: "عاق کرنا شرع میں کوئی چیز نہیں، نہ وہ اس کے سبب ترکے سے محروم ہو سکتے ہیں، ہاں اگر واقعی فاسق و آوارہ ہے تو یہ جائز ہے کہ اپنا سب مال بذریعہ وقف علی الاولاد یا بذریعہ بیع نامہ جدا جدا تقسیم کر کے قبضہ دے کر بذریعہ ھبہ نامہ اپنی بیٹیوں کے نام کر دے، یوں بیٹے کو آپ

Marfat.com

ہی کچھ نہ پہنچے گا، (فتاویٰ رضویہ، جلد:26،ص:364،مطبوعہ: رضافاؤنڈیشن، لاہور)''۔

(5)اولاد کو ماں باپ کی زندگی میں تقسیم وراثت کے مطالبے کا کوئی حق نہیں ہے، کیونکہ ''ترکہ''یا'' وراثت'' اسے کہتے ہیں، جو مال کوئی شخص اپنی موت کے بعد پیچھے چھوڑ جائے۔

(6)میت کے ترکے میں سب سے پہلے تین قسم کے مصارف ترجیح ذیل کے مطابق وضع کئے جانے لازمی ہیں: (الف) میت کی تکفین وتدفین کے مصارف، اگر کوئی ایک وارث رضا کارانہ طور پر اپنی طرف سے کرنا چاہے تو کرسکتا ہے۔ (ب) اس کے بعد اگر میت کے ذمہ کسی کا کوئی قرضہ ہے، تو وہ ادا کیا جائے گا۔ (ج) اگر وفات یافتہ شخص نے بیوی کا حق مہر اپنی زندگی میں ادا نہیں کیا، نہ ہی بیوی نے اپنا مہر معاف کیا ہے، تو ترکہ میں سے بیوی کا دین مہر قرض کے طور پر ہی وضع کیا جائے گا۔ (د) قرض کی منہائی کے بعد، اگر میت نے کوئی وصیت (امور خیر، صدقۂ جاریہ وغیرہ سے متعلق) کی ہے، تو اسے ترکے میں سے پورا کیا جائے گا، لیکن وصیت کی تنفیذ زیادہ سے زیادہ ایک تہائی ترکے کی حد تک ہوگی، اس سے زائد باطل (Invalid) قرار پائے گی۔ البتہ اگر کوئی ایک یا بعض یا سب ورثاء بالغ ہیں اور وہ رضا کارانہ اپنے متوفیٰ باپ/ماں یا عزیز کی پوری وصیت نافذ کرنا چاہتے ہیں، جو تہائی ترکے سے زائد ہے، تو وہ ایسا کرسکتے ہیں اور اس پر یقیناً انہیں بھی اجر ملے گا۔ (7) جہاں تک میت کے لئے ایصالِ ثواب کے مصارف کا تعلق ہے، تو اگر اس نے اپنی وفات سے پہلے ایسی کوئی وصیت کی ہے، تو وہ زیادہ سے زیادہ تہائی ترکے کی حد تک نافذ العمل ہوگی۔

(8) اگر وصیت نہیں کی تو بالغ ورثاء اپنی طرف سے یا ترکے میں سے اپنے حصے سے کرنا چاہیں تو رضا کارانہ طور پر کرسکتے ہیں، انہیں بھی اس کا اجر ملے گا، کوئی وارث اس پر رضا مند نہ ہو تو اس کے حصے میں سے ایصالِ ثواب کے مصارف وضع نہیں کئے جاسکیں گے۔

(9) نابالغ ورثاء کے حصے میں سے ایصالِ ثواب کے مصارف وضع نہیں کئے جاسکیں گے۔

Marfat.com

## شوہر اور بیوی کی مشترکہ کمائی سے بنائی ہوئی جائیداد اور تقسیمِ ترکہ

**سوال**:149

ایک پلاٹ جو بیوی اور شوہر نے مشترکہ طور پر خریدا یعنی بیوی بھی فیکٹری میں کام کرتی تھی اور شوہر بھی۔ دونوں کی کمائی سے پلاٹ خریدا گیا اور شوہر نے وہ پلاٹ اپنی بیوی کے نام سے خریدا۔ بیوی کے انتقال کے بعد پلاٹ کا مالک کون ہوگا ؟، جبکہ ورثاء میں اس کا شوہر اور ایک آٹھ سالہ بیٹا بھی ہے کیا بیوی کے والدین اور بھائی حصے دار یا دعوے دار بن سکتے ہیں، جھگڑا کر کے پلاٹ پر زبردستی قبضہ کر سکتے ہیں؟۔

**جواب**:

صورتِ مسئولہ میں اگر ورثاء وہی ہیں جو سوال میں مذکور ہیں تو وفات یافتہ خاتون کا ترکہ 12 حصوں میں منقسم ہوگا، جس میں اس کے والد کو 2/12 حصے، والدہ کو 2/12 حصے، شوہر کو 3/12 حصے اور بقیہ 5/12 حصے بیٹے کو ملیں گے، اس کے بھائی محروم رہیں گے۔ پلاٹ کی خرید میں بیوی اور شوہر کے حصے کا تناسب وہی ہوگا، جو پلاٹ کی قیمت میں ان کے حصے کا تناسب تھا، اگر یہ پلاٹ شراکت کی نیت سے خریدا تھا۔ اور اگر شوہر نے اپنا حصہ بیوی کو ہبہ کر دیا تھا تو پھر پورے پلاٹ کی وہی مالکہ ہوگی اور اب وہ اس کے ترکے میں شامل ہوگا۔ بیوی کے والدین اس کے شرعی وارث ہیں، اس کے بیٹے کی موجودگی میں اس کے بھائی محروم رہیں گے، کسی کی زمین پر ناجائز قبضہ کرنے والے کے لئے بڑی وعید آئی ہے، حدیث پاک میں ہے:

”من اقتطع شبراً من الارض ظلماً ،طوّقه الله ايّاه يوم القيامة من سبع أرضين“۔

ترجمہ: ”جو شخص کسی شخص کی زمین کا ایک بالشت ٹکڑا ظلماً اور ناحق لے گا، تو اسے سزا کے طور پر قیامت کے دن سات زمینوں کا طوق پہنایا جائے گا، (صحیح مسلم، رقم الحدیث: 4055)“۔

Marfat.com

## بیوی کا واجب الادا قرضہ کس کے ذمے ہوگا؟

**سوال**:150

کسی شخص کی بیوی کے انتقال کے بعد اس کی بیوی پر واجب الادا قرض کی ادائی کون کرے گا۔ کیا شوہر اپنی جائیداد مکان وغیرہ فروخت کر کے بیوی کا قرضہ ادا کرے گا؟ ان سوالات کے تفصیلی جواب ایکسپریس میں عنایت فرمائیں، بڑی نوازش ہوگی، (محمد فاروق، ملت ٹاؤن، ملیر کراچی)۔

**جواب**:

متوفیہ کے ترکے سے اس کا قرض ادا کیا جائے گا، اگر شوہر نے اس کی زندگی میں اس کا مہر ادا نہیں کیا تھا، تو وہ شوہر کے ذمہ اس کا قرض ہے، وہ بھی اس کے ترکے میں شامل ہو جائے گا۔ اسے بھی اس کا قرض ادا کرنے کے لئے استعمال کر سکتے ہیں، اگر متوفیہ کا ترکہ اس کے قرض کی ادائی کے لئے ناکافی ہو، تو اس کے شوہر اور دیگر ورثاء اگر تبرُّع واحسان کر کے اس کا قرض ادا کر دیں تو آخرت کے مواخذے سے اُسے نجات مل جائے گی اور ان لوگوں کو اس کا اجر بھی ملے گا، ورنہ قرض خواہوں سے درخواست کی جائے کہ رضاءِ الٰہی کے لئے اس کے ذمہ اپنا قرض معاف کر دیں یا کوئی اور صاحبِ خیر یہ قرض ادا کر دے، ورنہ حدیث پاک میں ہے:

عن ابی ھریرۃ انّ رسول اللہ ﷺ قال اتدرون ماالمفلس قالوا المفلس فینا من لا درھم لہ ولامتاع فقال انّ المفلس من امتی یأتی یوم القیامۃ بصلوٰۃ وصیام وزکوٰۃ ویأتی قد شتم ھذا وقذف ھذا واکل مال ھذا وسفک دم ھذا وضرب ھذا فیعطی ھذا من حسناتہ وھذا من حسناتہٖ فان فنت حسناتہٗ قبل ان یقضی ماعلیہ اخذ من خطایا ھم فطرحت علیہ ثم طرح فی النار۔

ترجمہ: ”حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا تم جانتے ہو کہ مفلس کون ہوتا ہے؟ صحابہ نے کہا: ہمارے نزدیک مفلس وہ شخص ہے جس کے

Marfat.com

پاس درہم ہو نہ کوئی متاع ہو، آپ نے فرمایا: میری امت کا مفلس وہ شخص ہے جو قیامت کے دن نماز، روزہ اور زکوٰۃ لے کر آئے گا اور اس شخص نے (دنیا میں) کسی کو گالی دی تھی، کسی کو تہمت لگائی تھی، کسی کا مال کھایا تھا، کسی کا خون بہایا تھا، کسی کو مارا تھا، پھر اسے اس کی نیکیاں مل جائیں گی اور اس سے اس کی نیکیاں جائیں گی اور اگر ان کے حقوق پورے ہونے سے پہلے اس کی نیکیاں ختم ہو جائیں تو ان کے گناہ اس پر ڈال دیے جائیں گے اور اس کو جہنم میں پھینک دیا جائے گا، (صحیح مسلم، رقم الحدیث: 6457)''۔

## زندگی میں وراثت تقسیم نہیں ہوتی

**سوال:** 151

میرے سات بچے (چار بیٹے، تین بیٹیاں) ہیں، بڑے بیٹے اور تین بیٹیوں کی شادی کر دی ہے۔ میرے پاس جائیداد کی صورت میں ایک مکان ہے شوہر بھی حیات ہیں۔ شرعی طور پر جائیداد کی تقسیم کس طرح ہوگی؟، (ثریا ناز، بلاک 3 گلشن اقبال، کراچی)۔

**جواب:**

زندگی میں جائیداد کی تقسیم بطورِ ترکہ و میراث نہیں ہوتی بلکہ جو کچھ دیا جاتا ہے وہ ہبہ کہلاتا ہے اور مستحسن و مستحب امر یہ ہے کہ بیٹے بیٹیوں کو مساوی حصہ دیا جائے، شوہر کو اپنی صوابدید پر جتنا چاہیں دی سکتی ہیں، اپنے لئے جو پس انداز کرنا چاہیں، یہ ان کا حق ہے، آپ کی وفات کے بعد یہ ترکہ شریعت کے مطابق تمام وارثوں میں تقسیم ہوگا۔

## کیا سوتیلا بیٹا اکیلا وارث بن سکتا ہے

**سوال:** 152

میرے والد صاحب نے پہلی شادی کی تو اس سے ہم تین بہنیں پیدا ہوئیں ہماری والدہ زندہ تھیں کہ والد صاحب نے دوسری شادی کر لی۔ دوسری بیوی کا ایک لڑکا تھا، جو اس کے پہلے خاوند سے تھا وہ بھی ہمارے والد صاحب نے ساتھ ہی لے لیا۔ بعد میں ہماری دوسری والدہ کے ہاں دو بیٹیاں پیدا ہوئیں۔ اس طرح ہم پانچ بہنیں اور ایک بھائی ہیں۔

Marfat.com

ہمارے والد صاحب کے لئے تقسیم جائیداد کا طریقہ کیا ہے؟۔
اگر اولاد میں جائیداد کی تقسیم نہ کی جائے تو اس کے کیا احکام ہیں؟۔
کیا اولاد میں سے کسی کو جائیداد سے محروم کیا جاسکتا ہے؟۔
کیا کسی ایک شخص کو پندرہ سال پہلے ساری جائیداد کا وارث بنایا جاسکتا ہے؟ کہ وہ اکیلا استعمال کرتا رہے۔قرآن وحدیث کی روشنی میں مکمل وضاحت فرمائیں،(م۔ا، نارووال، پنجاب)''

**جواب:**

آپ نے سوال میں اس امر کی وضاحت نہیں کی کہ آپ کے والد صاحب حیات ہیں یا وہ وفات پاچکے ہیں، اگر وہ بدستور حیات ہیں تو زندگی میں ان کا ترکہ تقسیم نہیں ہوگا۔ اسی طرح یہ بھی واضح نہیں کہ آپ کی دوسری والدہ بدستور حیات ہیں یا نہیں؟۔ کسی شخص پر لازم نہیں ہے کہ اپنی زندگی میں اپنی جائیداد اپنی اولاد پر تقسیم کرے، یہ اس کی اپنی صوابدید ہے، چاہے تو اولاد کو ہبہ کرے اور نہ چاہے تو نہ کرے۔ البتہ اولاد کے درمیان ھبہ میں رسول اللہ ﷺ نے مساوات کی ہدایت فرمائی ہے۔ کسی شخص کی وفات کے بعد اس کا ترکہ اللہ تعالیٰ کے قانونِ وراثت کے مطابق تقسیم ہوتا ہے، اس میں مرنے والے کی مرضی کا کوئی دخل نہیں ہوتا، نہ ہی وہ کسی کو وراثت سے محروم کرسکتا ہے۔ کسی شخص کی بیوی کا وہ بیٹا جو کسی سابق شوہر سے ہے، اس کا وارث نہیں بن سکتا، نہ منہ بولا بیٹا وارث بن سکتا ہے، البتہ وہ اپنی ماں کا وارث ہوگا۔ سوال میں درج پانچ بیٹیوں کو والد کی وفات کی صورت میں ترکے کا 2/3 حصہ ملے گا، جس میں ہر ایک کا حصہ برابر برابر ہوگا، باقی دیگر ورثاء کا ہوگا۔ اپنا تمام مال اور جائیداد کسی ایک وارث کو دینا تاکہ دوسرے ورثاء محروم ہوجائیں، ناجائز اور باعثِ گناہ ہے، بلاوجہ شرعی وارث کو محروم کرنے پر سخت وعید آئی ہے۔ حدیث مبارک میں ہے:
عن أنس بن مالک،قال:قال رسول اللہ ﷺ:''من فرّ من میراث وارثه،قطع اللّٰہ میراثه من الجنة یوم القیامة'' ۔ ترجمہ: جو شخص اپنے وارث کو (حق) میراث پانے سے فرار (کی صورتیں) اختیار کرے، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن جنت سے اس کی میراث منقطع

Marfat.com

فرمادے گا،(سنن ابن ماجہ رقم الحدیث:2703 مطبوعہ دارالفکر بیروت)۔

## ترکے کی تقسیم موجودہ قیمت کے مطابق

**سوال**:153

ہمارے والد صاحب مرحوم نے دو شادیاں کیں، دوسری شادی پہلی زوجہ کے انتقال کے بعد کی۔ پہلی زوجہ سے والد صاحب کا ایک بیٹا تھا۔ دوسری زوجہ کا انتقال والد صاحب کے انتقال کے بعد ہوا، دوسری زوجہ سے ایک بیٹا اور تین بیٹیاں ہیں، لہٰذا مسئلہ یہ ہے کہ:

۱۔والد صاحب کے مکان کی شرعی تقسیم کس طرح ہوگی۔

۲۔مکان کی کون سی قیمت معتبر ہوگی، والد صاحب کے انتقال کے وقت کی یا حالیہ قیمت؟۔

مہربانی فرما کر تفصیل سے جواب مرحمت فرمائیں،(عامر عارفین شمسی،1425/14 فیڈرل بی ایریا،کراچی)۔

**جواب**:

اگر سائل کا بیان درست ہے اور ورثاء وہی ہیں، جو سوال میں مذکور ہیں اور ترکے میں سے تقسیم وراثت سے پہلے کے واجبات (مصارفِ تکفین وتدفین، ادائیگی قرض اگر کوئی تھا، اور تہائی ترکے کی حد تک تنفیذِ وصیت اگر کوئی متوفی نے کی ہو) شرعی ترجیحات کے مطابق ادا کرنے کے بعد بقیہ ترکہ 40 حصوں میں منقسم ہوگا، مرحوم کی پہلی زوجہ کے بیٹے کو 10 حصے، دوسری بیوی کے بیٹے کو 12 حصے اور تین بیٹیوں کو 18 حصے (ہر ایک کو 6 حصے) ملیں گے، مکان چونکہ اب فروخت کیا جائے گا لہٰذا جو قیمت مکان کی اب حاصل ہوگی اسے ورثاء کے درمیان اصولِ وراثت کے قوانین کے مطابق تقسیم کیا جائے گا۔

## غیر وارث کو ترکے سے حصہ

**سوال**:154

میرے والد صاحب شیخ محمد الیاس کا انتقال 28 جولائی 2006ء کو ہوگیا ہے۔

Marfat.com

ان کے ورثاء جو حیات ہیں وہ ایک بیٹا شیخ عبدالخالق، تین بیٹیاں اور ایک بیوہ ہیں، جبکہ دو بیٹوں (محمد یونس اور عبدالمالک) اور ایک بیٹی نفیسہ کا انتقال 13 سے 20 سال پہلے ہو چکا ہے۔ مہربانی فرما کر تحریر فرمائیں کہ شرعی طور پر کس کا کتنا حصہ بنتا ہے؟ جس اولاد کا والد کی زندگی میں انتقال ہو گیا ہے شرعی طور پر ان کے بیٹے یا بیٹیوں کا کوئی حصہ بنتا ہے یا نہیں؟،

(عبدالخالق، F-153 بلاک 5 اسکیم 5 کلفٹن، کراچی)۔

**جواب:**

ازروئے شرع کسی بھی شخص کی وفات کے بعد جو ترکہ وہ چھوڑ جاتا ہے، اس میں تقسیمِ وراثت سے پہلے بالترتیب مندرجہ ذیل مصارف وضع کئے جاتے ہیں:

(1) مصارف تکفین وتدفین (2) اس کے ذمہ اگر کسی کا قرض باقی ہے تو اس کو ادا کرنا (3) اگر اس نے کوئی وصیت کی ہو تو ادائے قرض کے بعد جو ترکہ بچ رہے گا، اسکی زیادہ سے زیادہ ایک تہائی مقدار تک وصیت پر عمل درآمد ہوگا، بشرطیکہ یہ وصیت کسی وارث کے حق میں نہ ہو، یہ تین امور تقسیمِ وراثت سے مقدم ہوتے ہیں، ان کو منہا کرنے کے بعد، بقیہ ترکہ ورثاء میں شریعت کے مطابق تقسیم ہوتا ہے۔ متوفی شیخ محمد الیاس کا ترکہ 40 حصوں میں منقسم ہوگا، بیوہ (محمد الیاس) کو 5 حصے، ایک بیٹا عبدالخالق کو 14 حصے، تین بیٹیوں کو 21 حصے (ہر ایک کو 7 حصے) ملیں گے۔

صورتِ مسئولہ میں اگر سائل کا بیان درست ہے اور متوفی یا متوفاۃ کی براہ راست اپنی اولاد بیٹے اور بیٹیاں بوقت وفات زندہ ہیں، تو ان کی اُس بیٹے یا بیٹی کی اولاد (پوتے پوتیاں، نواسے نواسیاں)، جو مُورِث (ترکہ چھوڑ کر وفات پانے والے اپنے ماں یا باپ) کی وفات سے پہلے وفات پا چکی ہے، وراثت سے محروم رہے گی، کیونکہ تقسیمِ وراثت کا ایک مسلمہ اصول ہے کہ: "قریب کا وارث دور کے وارث کو محروم کر دیتا ہے"، اسے "اصولِ حَجب" بھی کہتے ہیں، یہ ایسے ہی ہے جیسے کسی شخص کی وفات کے وقت اس کے والد بھی زندہ ہیں اور دادا بھی، تو والد کا رشتہ چونکہ میت سے قریب ترین ہے، اس لئے والد کو ترکے سے

Marfat.com

حصہ ملے گا اور دادا محروم رہے گا، البتہ اگر ایسی صورت ہو جائے کہ کسی شخص کی وفات کے وقت اس کا دادا تو زندہ ہے لیکن والد پہلے وفات پا چکا ہے، اب ترکے کا جو حصہ بصورتِ حیات والد کو ملنا چاہیے تھا، وہ دادا کو ملے گا۔ یہی صورتِ حال میت کے بیٹے، بیٹیوں کی موجودگی میں پوتے پوتیوں اور نواسے نواسیوں کی ہے۔

تاہم اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَ اِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ اُولُوا الْقُرْبٰى وَ الْيَتٰمٰى وَ الْمَسٰكِيْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ وَ قُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا۝

ترجمہ: ’’اور جب (ترکے کی) تقسیم کے موقع پر قرابت دار، یتامیٰ اور مساکین آ جائیں (جو شرعاً وارث نہیں بن سکتے)، تو انہیں بھی (رضا کارانہ طور پر) ترکے میں سے کچھ دے دو اور ان سے اچھی بات کہو، (النساء:8)‘‘۔

قرآن کا یہ حکم ایجابی (Obligatory) تو نہیں ہے، استحبابی ہے، اس کی حیثیت مقاصدِ خیر کے لئے سفارش اور مشاورت کی ہے، لہٰذا جتنا حصہ ان یتیم نواسے نواسیوں کی والدہ کے حیات ہونے کی صورت میں انہیں ملنا چاہیے تھا، اگر تمام ورثاء اتفاقِ رائے سے اتنا یا اس سے کچھ کم تبرعاً اور استحساناً رضا کارانہ طور پر تقسیم ترکہ سے پہلے ان بچوں کو بطورِ ھبہ دیدیں تو یہ ایک مستحسن امر ہوگا، صلہ رحمی کا باعث ہوگا اور اللہ تعالیٰ کی رضا کا باعث ہوگا، اور اس کا اجر انہیں ملے گا۔ قرآن مجید حکیمانہ انداز میں ارشاد فرماتا ہے:

وَ لْيَخْشَ الَّذِيْنَ لَوْ تَرَكُوْا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعٰفًا خَافُوْا عَلَيْهِمْ فَلْيَتَّقُوا اللّٰهَ وَ لْيَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا۝

ترجمہ: ’’اور لوگ (یہ سوچ کر) ڈریں کہ اگر وہ (اپنی وفات) کے بعد (خدانخواستہ) کمزور (بے سہارا) اولاد چھوڑ جاتے، تو انہیں ان کے (رُلنے اور بے یار و مددگار ہونے کا کتنا) خوف ہوتا، تو انہیں چاہیے کہ اللہ سے ڈرتے رہیں اور درست بات کہیں، (النساء:9)‘‘۔

تو قرآن نے بتایا کہ اپنے پسماندگان پر کسی ایسے مشکل مرحلے کا تصور کر کے غیر وارث نادار

Marfat.com

اور کمزور رشتے داروں پر ترس کھا کر تقسیم وراثت کے وقت ان کی مدد کر لیا کرو۔

## تقسیم ترکہ

**سوال:155**

میرے شوہر کا تین سال پہلے انتقال ہو چکا ہے اور ان کے ورثاء میں ایک بیوہ (یعنی میں) چار بیٹے، تین بیٹیاں ہیں۔ مرحوم کے ترکے میں ایک دکان ہے اور ایک مکان جس میں ہم رہائش پذیر ہیں یہ مکان مرحوم نے اپنی زندگی ہی میں آج سے تقریباً چالیس سال قبل میرے والد سے میرے ہی نام پر خرید کر مجھے ہبہ کر دیا تھا اور اس کے کاغذات میرے نام سے میرے پاس موجود ہیں اور اس مکان پر میرا قبضہ بھی ہے۔ دکان جو کہ میرے شوہر کے نام ہے اور اب بیٹے اس میں کاروبار کرتے ہیں۔ میرے بیٹوں کا مطالبہ ہے کہ انہیں مکان اور دکان دونوں میں سے حصے دیئے جائیں۔ برائے مہربانی ہر ایک کے حصوں کی وضاحت فرمائیں، (توفیقا، 958/14 ایف بی ایریا، کراچی)۔

**جواب:**

صورتِ مسئولہ میں برصدق بیان سائلہ چونکہ مکان ان کے شوہر نے انہیں ہبہ کر دیا تھا اور بعد ہبہ اس پر قبضہ بھی پایا گیا چونکہ ہبہ مکمل ہو گیا لہٰذا وہ مکان مرحوم کے ترکے میں شامل نہیں ہوگا۔ اور جب میراث تقسیم کی جائے گی، تو اس ہبہ کیے ہوئے مکان کو چھوڑ کر جتنا مال وفات کے وقت ان کی ملکیت میں ہوگا، وہی تقسیم کیا جائے گا۔ اور جو ورثاء ان کی وفات کے وقت موجود ہوں گے، وہ اس کے حق دار ہیں، ہر ایک وارث کو قانونِ وراثت کے شرعی اصول کے مطابق اس کا حصہ دیا جائے گا۔ اور جو کچھ مرحوم اپنی زندگی میں دے چکے ہیں، اسے شمار نہیں کیا جائے گا۔ اگر سائلہ کا بیان درست ہے اور مرحوم کے شرعی ورثاء وہی ہیں، جو سوال میں مذکور ہیں، تو تقسیمِ وراثت سے قبل جو امور ضروری ہیں (یعنی مصارفِ تدفین، ادائیگی قرض (اگر کوئی ہو) ایک تہائی ترکے کی حد تک نفاذِ وصیت (اگر کی ہو)، ان کی تنفیذ کے بعد بقیہ ترکہ 88 حصوں میں تقسیم ہوگا۔ بیوہ کو 11 حصے، چار بیٹوں کو

Marfat.com

56 حصے (فی کس 14 حصے) تین بیٹیوں کو 21 حصے (ہر ایک کو 7 حصے) ملیں گے۔

## Inheritance

Q:156

**Dear Mufti Saheb!**

This is to request you to answer the following question for submission to a court outside Pakistan.

Mr S.K.S.Hassan died last year leaving behind him wife,a son and a daughter and no other legal heirs.What will be the share (in percentage)of his wife,son and daughter in his movable and immovable proparties according to shariah?.

K.M.Zubair,Supplements Editor,Dawn.

Ans:

If S.K.S.Hassan's legal heirs are the same as mentioned in the question, then after the payment of the basic liabilites, which are necessary before the division of all the inherited properties (movable and immovable) according to shariah, if the heirs are the same as stated in the question, the shairs of the heirs will be as under:

No: (1) Vidow.....12.5% (2) Son...... 58.33%

(3)Daughter....59.17%

Marfat.com

## ترکے میں سوتیلی اولاد کا حصہ نہیں

**سوال:157**

میرے والد صاحب نے میری والدہ کے انتقال کے بعد دوسری شادی کی، میری سوتیلی والدہ کے پہلے شوہر سے چار بچے (دولڑکے، دولڑکیاں) ہیں، اوران سب کی شادیاں ہم نے کیں سوتیلی والدہ کا انتقال 1982ء میں ہوا، میری والدہ سے پانچ بیٹے، اور چار بیٹیاں ہیں۔میرے والد کا انتقال 1992ء میں ہوا، والد کے انتقال کے بعد کیا ان چاروں کا میرے والد صاحب کے ترکے میں کوئی حصہ ہے یا نہیں؟۔(معراج الدین، 68/10لیاقت آباد کراچی)۔

**جواب:**

صورتِ مسئولہ میں برصدق بیان سائل تنفیذ متقدمہ علی الارث مرحومین کا ترکہ ان کی اولاد کے درمیان اصول وراثت کے قوانین کے تحت تقسیم ہوگا، کل ترکہ 14 حصوں میں منقسم ہوگا۔ "لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ" (ایک لڑکے کے لئے دولڑکیوں کے حصے کے برابر ہے، النساء:11) کے تحت پانچ بیٹوں کو دس حصے (فی کس دو حصے) چار بیٹیوں کو چار حصے (فی بیٹی ایک حصہ) ملیں گے۔دوسری والدہ کی جو اولاد ان کے پہلے شوہر سے ہے اسے آپ کے والد کے ترکے میں سے کوئی حصہ نہیں ملے گا۔

## پنشن ترکے میں شامل نہیں

**سوال:158**

ایک شخص نے کل وراثت میں ایک مکمل مکان جس کی بالائی منزل پر دوکمرے ایک کچن اور غسل خانہ بھی تعمیر ہے، اس کے علاوہ ایک ماہانہ آمدنی کی پنشن چھوڑی ہے، وارثوں میں ایک بیٹا اور سات بیٹیاں ہیں۔مرحوم کی وصیت میں تحریر ہے کہ اوپر کی منزل جسے بیٹے نے مکمل طور پر اپنے خرچ پر تعمیر کروایا ہے، اسی وصیت میں بڑی بیٹی جس کی شادی نہیں ہوئی ہے اسکو مکان کا آدھا حصہ دینے کی وصیت کی ہے ایک اور تحریر جو صرف بیٹے کو

Marfat.com

دی اور بیٹا اسکے اصل ہونے کا حلف اٹھا رہا ہے اسکے مطابق اوپر کی منزل کی قیمت بیٹے کو ملنی چاہیئے اور نیچے کی منزل کی آدھی قیمت اس طرح تقسیم کی جائے کہ دو حصے بیٹے کو اور ایک حصہ ہر بیٹی کو دیا جائے، ماسوائے اس بیٹی کے جس کو نیچے کی منزل کا آدھا حصہ دیا جا رہا ہے اسکے علاوہ باپ کی جو ماہانہ پنشن آتی ہے وہ بڑی بیٹی پہلے ہی اکیلے وصول کرتی ہے اور کوئی حصہ کسی بھائی یا بہن کو نہیں دیتی مکان کی قیمت اس وقت ایک کروڑ روپے ہے۔ جس وقت تحریر لکھی گئی مکان کی قیمت پندرہ لاکھ روپے تھی جس کی تقسیم مرحوم نے اس طرح کی کہ بیٹے کو اوپر کی منزل کے دو لاکھ ملنے چاہئیں ایک لاکھ ٹیکس، بل وغیرہ کی قیمت میں رکھے جائیں ۶ لاکھ روپے بڑی بیٹی کو دیئے جائیں باقی ۶ لاکھ روپے کے آٹھ حصے کیے جائیں دو حصے بیٹے کو یعنی ڈیڑھ لاکھ روپے اور ایک ایک حصہ چھ بیٹیوں کو یعنی ۷۵ ہزار روپے ہر بیٹی کو دیا جائے۔ اب مکان کی قیمت ایک کروڑ روپے ہے۔ بہنوں کا اصرار ہے کہ بیٹے کو اس قیمت کی تبدیلی کے حساب سے اوپر کی منزل کے پیسے نہ دیئے جائیں، مگر بڑی بیٹی کو موجودہ قیمت کے حساب سے مکان کا آدھا حصہ ضرور دیا جائے۔ براہِ کرم کتاب وسنت کی روشنی میں وراثت کی تقسیم واضح فرمائیے، (سید حسن ندیم، 1E/10/10 ناظم آباد کراچی)۔

**جواب:**

اگر سائل کا بیان درست ہے اور ورثاء وہی ہیں، جو سوال میں مذکور ہیں اور ترکے میں سے تقسیم وراثت سے پہلے کے واجبات (مصارفِ تکفین وتدفین، ادائیگی قرض اگر کوئی تھا، اور تہائی ترکے کی حد تک تنفیذِ وصیت اگر متوفی نے کسی صدقہ جاریہ یا غیر وارث کیلئے کی ہو) شرعی ترجیحات کے مطابق ادا کرنے کے بعد بقیہ ترکہ 9 حصوں میں منقسم ہوگا۔ "لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ" (ایک لڑکے کے لئے دو لڑکیوں کے حصے کے برابر ہے، النساء:11) کے تحت ایک بیٹے کو دو حصے اور سات بیٹیوں کو سات حصے (فی بیٹی ایک حصہ) ملیں گے، جیسا کہ مرحوم کے تحریر کردہ وصیت نامہ اور سوال سے ظاہر ہوتا ہے کہ مرحوم نے وصیت نامہ میں اپنے ورثاء کو اپنی جائیداد کے مختلف حصوں میں نامزد (Nominate) کیا

Marfat.com

ہے، محض نامزد کرنے سے وہ اس کے مالک نہیں بن جاتے اور ورثاء کے حق میں وہ وصیت معتبر نہیں ہے۔

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: "سمعت أبا أمامة،سمعت رسول الله ﷺ يقول: انّ الله قد أعطى كل ذى حقّ حقّه فلا وصية لوارث"

ترجمہ: ''ابو امامہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے سنا: رسول اللہ ﷺ ارشاد فرما رہے تھے: بے شک اللہ تعالیٰ نے (ترکے میں سے) ہر حق دار کو اس کا حق دے دیا ہے، تو (اب) وارث کے حق میں وصیت جائز نہیں ہے، (سنن ابی داوٗد جلد 3 رقم الحدیث 2862 مطبوعہ، مؤسسۃ الریان، بیروت)''۔

پنشن حکومت کی طرف سے تبرع ہے، یہ ترکہ نہیں ہے، لہٰذا حکومت اپنے قواعد وضوابط اور قانون کے مطابق ورثاء میں سے جسے چاہے دے سکتی ہے۔ بیٹے کا مکان کی بالائی منزل پر جو خرچ ہوا ہے۔ وہ اس کا حق ہے۔ اگر والد نے دو لاکھ روپے اس کیلئے طے کر دیئے تھے تو وہ ان کا حق دار ہے باقی ترکہ سب ورثاء میں شریعت کے مطابق تقسیم ہوگا، جس کی تفصیل اوپر درج کر دی ہے، البتہ تمام ورثاء باہمی رضا مندی سے اپنے والد کی خواہش کا احترام کرتے ہوئے غیر شادی شدہ بہن کو تقسیمِ وراثت سے قبل مجموعی ترکے سے کچھ رقم نکال کر دینا چاہیں، تو اب وہ ایسا کر سکتے ہیں، فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

## مرحوم کے بہن بھائی محروم رہیں گے

**سوال:159**

میرے ایک دوست نوید جنہیں 22 جنوری 2006ء کو شہید کر دیا گیا، میں نے ان سے ایک لاکھ روپیہ بطور قرضہ لیا تھا منافع ہوا تو چند ماہ انہیں منافع سے حصہ بھی دیا مگر بعدہٗ منافع کا سلسلہ بند کر دیا، میرے دوست نوید نے مجھ سے رقم کی واپسی کا تقاضہ کیا تھا اور یہ کہ مجھے اپنی رہائش کے لئے فلیٹ خریدنا ہے رقم تیار رکھنا میں نے کسی وقت بھی وہ رقم تم سے واپس لینی ہے، وہ مع اپنی بیوی اور ایک ڈیڑھ سالہ بیٹی کے کرایہ کے فلیٹ میں رہائش

Marfat.com

پذیر تھے اسکے علاوہ ان کے ہمراہ اور کوئی نہ رہتا تھا، خیر اب وہ اللہ کو پیارے ہو چکے ہیں فلیٹ بھی نہ خرید سکے اور نہ ہی میں ایک لاکھ کی رقم واپس کر سکا۔ میں ایک لاکھ کی رقم واپس کرنے کو تیار ہوں طریقہ کار کیا ہونا چاہئے، مرحوم کے ورثاء میں بیوہ، ایک بیٹی، ایک بیٹا (جو مرحوم کی شہادت کے تین ماہ بعد پیدا ہوا) مرحوم کی والدہ، 5 بھائی اور 5 بہنیں ہیں۔

دوسری صورت یہ ہے کہ مرحوم کے سسر مجھ سے ایک لاکھ روپے کا مطالبہ کر رہے ہیں کہ میں نے نوید مرحوم کو ایک لاکھ روپے بطور قرضہ دیئے تھے کہ اپنی سہولت کے مطابق جب چاہو واپس کر دینا انہوں نے مجھے اس قرضے کا ثبوت بھی دکھایا بینک سے ایک لاکھ روپے کا چیک نوید کے نام پر تھا بیوہ بھی اس قرضہ کی تائید کر رہی ہے۔ اس صورت میں مجھے کیا کرنا ہوگا یا سب سے افضل طریقہ میرے لئے کیا ہوگا؟ یہ بھی واضح رہے کہ بیوہ کی عدت پوری ہو چکی ہے اور بیوہ نے اپنے والدین کے گھر ہی عدت کے ایام پورے کئے اب مستقلاً وہیں رہ رہی ہیں، (محمد رحمت، دستگیر کراچی)۔

**جواب:**

صورتِ مسئولہ مذکورہ میں مذکورہ قرض کی ایک لاکھ رقم مرحوم کے مجموعی ترکے میں شامل کی جائے گی، امور، متقدمہ علی الارث (مصارفِ تکفین و تدفین، ادائیگی قرض اگر کوئی تھا، اور تہائی ترکے کی حد تک تنفیذِ وصیت اگر متوفی نے کی ہو) شرعی ترجیحات کے مطابق ادا کرنے کے بعد ترکے کے تہائی حصہ سے مرحوم کا قرض ادا کیا جائے گا اور اگر اس کے بعد بھی قرض باقی رہے تو دیگر ورثاء بطور فضل واحسان رضا مندی سے اگر اپنے حصوں سے دست بردار ہوں تو انکے حصوں سے ادا کیا جائے گا، ترکہ کی تقسیم درجِ ذیل طریقے پر ہوگی۔

ادائیگی قرض کے بعد کل ترکے کے 24 حصے ہوں گے، مرحوم کی والدہ کو 6 حصے، بیوہ کو 3 حصے، ایک بیٹے کو 10 حصے اور بیٹی کو 5 حصے ملیں گے، مرحوم کے بہن بھائی محروم رہیں گے، واللہ اعلم بالصواب۔

Marfat.com

# حلال وحرام
# جائز وناجائز

Marfat.com

# قتلِ خطا

**سوال**:160

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلے کے بارے میں کہ ماں حالتِ خواب میں اپنے شیر خوار بچے کے اوپر آجائے جس کے دم گھٹنے سے بچہ مرجائے کیا ماں پر دیت وکفارہ ہے کیا یہ قتل قائم مقام خطا ہے۔ نیز یہ قتل قائم مقام خطا ہے تو کیا یہ نوع صرف احناف کے مذہب میں ہے یا جمہور کا مسلک ہے اور اس کے دلائل قرآن وحدیث یا اجماع وقیاس سے کیا ہے؟۔(ماجد خان، ضلع راولاکوٹ تحصیل عباس پور)۔

**جواب**:

آپ نے استفتاء میں جو صورت بیان کی ہے، احناف کے نزدیک یہ ''قتل قائم مقام خطا'' کی صورت بنتی ہے اور جمہور کے نزدیک یہ قتلِ خطا ہے، لیکن اس پر جو حکم مرتب ہوتا ہے، وہ ایک ہی ہے۔ ڈاکٹر وھبہ الزحیلی لکھتے ہیں: القتل الخطاء کما عرفنا: ھو أن لا یقصد به الضرب ولا القتل، مثل لو سقط شخص علی غیرہ فقتله، أو رمی صیدا فاصاب انسانا، فھو نوع واحد عندالجمھور ونوعان عندا لحنفیه؛ لانھم یعتبرون حالة سقوط النائم علی غیرہ، مماجریٰ مجری الخطأ۔

ترجمہ: ''قتلِ خطا جیسا کہ ہم جانتے ہیں یہ ہے کہ نہ تو کسی شخص کو مارنے پیٹنے (Beating) کا ارادہ کیا جائے اور نہ جان سے مار ڈالنے کا، اس کی مثال یہ ہے کہ ایک شخص (غیر ارادی طور پر) دوسرے شخص پر گر پڑا اور اس طرح اس کی جان لے لی، یا ایک شکار کو نشانہ بنا کر تیر چلایا (یا گولی چلائی) اور وہ (اچانک) کسی انسان کو جا لگا (اور اس طرح اس کی جان چلی گئی)، تو یہ جمہور فقہاء کے نزدیک ایک ہی قسم ہے، اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک قتلِ خطا کی دو قسمیں ہیں: (ایک خطاء فی القصد اور دوسری خطاء فی الفعل) کیونکہ وہ اسے اس صورت پر قیاس کرتے ہیں، جیسے ایک سویا ہوا شخص نیند کی حالت میں دوسرے شخص

Marfat.com

پر گر جاتا ہے (اور اس طرح اس کی موت واقع ہو جاتی ہے) یہ قائم مقام خطا کی قسم سے ہے، (الفقہ الاسلامی وادلتہ جلد:6،ص:328،مطبوعہ: دارالفکر، دمشق)''۔

علامہ سرخسی حنفی لکھتے ہیں: ''علامہ ابوبکر رازی کی تعریف کے مطابق قتل قائم مقام خطا یہ ہے کہ مثلاً نیند میں کوئی شخص کسی پر گر پڑے اور اس کو قتل کر دے یہ عمد ہے نہ خطا کیونکہ سونے والے شخص کا قصد (ارادہ) متصور نہیں ہے، لیکن اس کا کروٹ بدل کر کسی شخص پر گرنا اس شخص کی ہلاکت کا موجب ہے، اس کے عصبات پر دیت اور کفارہ واجب ہوگا، اور اگر وہ مقتول کا وارث تھا تو اس کی وراثت سے بھی محروم ہوگا کیونکہ ہوسکتا ہے کہ اس نے کوئی کوتاہی کی ہو یا وہ نیند میں نہ ہو اور اس نے جلد میراث حاصل کرنے کے لئے ایسا کیا ہو، (المبسوط، جلد:26،ص:68،مطبوعہ: دارالمعرفۃ، بیروت، بحوالہ شرح صحیح مسلم علامہ غلام رسول سعیدی، ج:4،ص:676 فرید بک اسٹال، لاہور)''۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: وأما ماجری مجری الخطا فھو مثل النائم ینقلب علی رجل فیقتلہ فلیس ھذا بعمد ولا خطا کذا فی الکافی۔ وکمن سقط من سطح علی انسان فقتلہ أو سقط من یدہ لبنۃ أو خشبۃ وأصابت انساناً وقتلتہ أو کان علی دابۃ فوطئت دابتہ انساناً ھکذا فی المحیط ۔وحکمہ حکم الخطا من سقوط القصاص ووجوب الدیۃ والکفارۃ وحرمان المیراث کذافی الجوھرۃ النیرہ ۔

ترجمہ: ''اور ''قتل قائم مقام خطا'' مثال اس کی یہ ہے کہ کسی سونے والے شخص پر کوئی شخص گرا، جس سے وہ (سونے والا شخص) ہلاک ہو گیا پس نہ یہ قتلِ عمد ہے اور نہ ہی قتلِ خطا، ''کافی'' میں بھی اسی طرح ہے۔ اسی طرح چھت سے کوئی شخص کسی انسان پر گرا اور اس طرح اسے ہلاک کر دیا، یا ایک انسان کے ہاتھ سے اینٹ یا لکڑی گر گئی، اور وہ دوسرے شخص پر آگئی اور اس کی ہلاکت واقع ہوگئی، یا وہ سواری پر تھا اور اس کے جانور نے کسی شخص کو روند ڈالا، ''محیط'' میں بھی اسی طرح سے ہے۔ اور اس کا حکم بھی قتلِ خطا کے حکم کی طرح ہے،

Marfat.com

کہ قصاص ساقط ہوجائے گا اور دیت اور کفارہ واجب ہوگا، اور قاتل مقتول کی میراث سے محروم ہوگا، "جوہرۃ النیرہ" میں اسی طرح مذکور ہے، (فتاویٰ عالمگیری، جلد 6، ص:3 مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ)"۔

مفتی وقار الدین قادری رحمۃ اللہ علیہ سے بھی یہی سوال ہوا تو آپ نے جواب میں لکھا: قتل کی اقسام میں سے یہ قسم "قائم مقام خطا" ہے اس کی مثال یہ ہے کہ سوئے ہوئے شخص پر کوئی گرے اور وہ سونے والا مرجائے، تو اس کا حکم یہ ہے کہ قاتل پر کفارہ واجب ہوتا ہے اور قاتل کے عصبہ (ورثاء) پر دیت اور قاتل میراث سے بھی محروم ہوتا ہے۔ قتل کا گناہ نہیں ہوتا ہے۔ لہٰذا صورتِ مسئولہ میں ماں کو کفارہ دینا ہوگا اور وہ یہی ہے کہ دو مہینے کے لگاتار روزے رکھے، (وقار الفتاویٰ، جلد سوم، ص:338، مطبوعہ بزمِ وقار الدین، کراچی)"۔

قتل خطا میں قاتل پر کفارہ واجب ہوتا ہے اور قاتل کے عصبہ (ورثاء) پر دیت لازم ہے، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ اَنْ يَّقْتُلَ مُؤْمِنًا اِلَّا خَطَـًٔا ۚ وَمَنْ قَتَلَ مُؤْمِنًا خَطَـًٔا فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ مُّؤْمِنَةٍ وَّدِيَةٌ مُّسَلَّمَةٌ اِلٰٓى اَهْلِهٖٓ اِلَّآ اَنْ يَّصَّدَّقُوْا ؕ

ترجمہ: "اور کسی مؤمن کے لئے یہ جائز نہیں کہ وہ کسی دوسرے مومن کو قتل کرے سوائے اس کے کہ (اس سے) خطاء (یہ فعل سرزد ہوجائے)، (تو اس کا کفارہ) ایک مؤمن غلام کا آزاد کرنا ہے، (اور مزید یہ کہ) اس کے وارثوں کو دیت ادا کرنی ہے، سوائے اس کے کہ وہ معاف کردیں، (النساء:92)"۔

آیت کے اختتام پر ارشادِ باری تعالیٰ ہے: فمن لم یجد فصیام شہرین متتابعین توبة من اللہ۔

ترجمہ: "یعنی جو شخص (بطور کفارہ آزاد کرنے کے لئے غلام) نہ پائے تو اللہ تعالیٰ کی جانب سے قبولیتِ توبہ کے لئے دو ماہ کے لگاتار روزے رکھے۔"

Marfat.com

## قتلِ شبہِ عمد

**سوال**:161

مسمیٰ محمد فاروق نے کسی بات پر تنازع کرتے ہوئے غصہ میں آکر حاکم ولد محمد یوسف (مرحوم) کو ڈنڈے مار کر قتل کر دیا، اس کے بعد یہ مقدمہ عدالت میں پہنچا لیکن اس دوران قاتل اور مقتول کے ورثاء میں صلح ہوگئی اور مقتول کے ورثاء نے قاتل کو خون معاف کر دیا۔ اب سوال یہ ہے کہ مقتول کا خون معاف کرنے کا کس وارث کو حق حاصل ہے۔

یاد رہے کہ مقتول غیر شادی شدہ تھا اور مقتول کا والد پہلے ہی انتقال کر چکا ہے اس وقت صرف مقتول کی ماں اور پانچ بھائی ہیں جو موجود ہیں کیا قاتل کو مقتول کی ماں خون معاف کر سکتی ہے یا نہیں؟۔ برائے مہربانی تفصیل سے اس مسئلہ کی وضاحت فرمائیں، (جھاڑو، ولد یوسف خان گوٹھ گڈاب ٹاؤن، کراچی)۔

**جواب**:

صورتِ مسئولہ میں مذکورہ سوال میں جو صورت قتل کی بیان کی گئی ہے اسے قتل شبہ عمد کہا جاتا ہے۔

شمس الائمہ سرخسی لکھتے ہیں:

واما شبه العمد فهو ماتعمد ت ضربه بالعصااو السوط او الحجر اولید ۔

ترجمہ: "شبہ عمد وہ قتل ہے جس میں لاٹھی، کوڑے، پتھر یا ہاتھ سے ضرب لگانے کا قصد کیا جائے، (المبسوط جلد:26 ص:60 مطبوعہ دار المعرفۃ بیروت)"۔

قتل شبہ عمد میں قاتل گناہ گار ہوگا اور اس پر کفارہ واجب ہے ایک غلام آزاد کرے یا دو ماہ کے مسلسل روزے رکھے اور اس کے بعد عاقلہ (عصبات) پر دیت مغلظہ یعنی سو اونٹ واجب ہے جس کو وہ تین سال میں ادا کریں گے۔ عاقلہ عصبات کو کہتے ہیں یعنی باپ کی طرف سے رشتے دار جو قاتل کی جانب سے مقتول کی دیت ادا کرتے ہیں۔

علامہ نظام الدین لکھتے ہیں:

Marfat.com

وشبه العمد أن يتعمد الضرب بماليس بسلاح ولا ماجرى مجرى السلاح عندأبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ وقال أبويوسف ومحمد رحمهماالله تعالىٰ اذا ضربه بحجر عظيم أوخشبة عظيمة فهو عمد وشبه العمدأن يتعمد ضربه بما لايقتل به غالباوالصحيح قول أبي حنيفة رحمه الله تعالىٰ كذا فى المضمرات ☆ وموجبه على القولين الا ثم والكفارة وكفارته تحرير رقبة مؤمنة فان لم يجد فصيام شهرين متتابعين ودية مغلظة على العاقلة كذافي الكافي۔

ترجمہ: ”اور امام اعظم ابوحنیفہ کے نزدیک شبہ عمد یہ ہے کہ ایسی چیز سے مارنے کا قصد کرے جو اسلحہ (برائے قتل) نہ ہو اور نہ ہی اسلحہ کے قائم مقام ہو، اور امام ابو یوسف اور امام محمد رحمہما اللہ تعالیٰ کہتے ہیں کہ جب وہ کسی بڑے پتھر کے ساتھ یا کسی بڑی لکڑی کے ساتھ مارے تو وہ بھی قتل عمد ہے اور ان کے نزدیک شبہ عمد یہ ہے کہ وہ کسی ایسی چیز سے مارنے کا قصد کرے جس سے عام طور پر قتل نہ کیا جاتا ہو، اور امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ کا قول ہی صحیح ہے، جیسا کہ مضمرات میں ہے۔ اور دونوں اقوال کے مطابق ”قتلِ شبہ عمد“ کے مرتکب پر گناہ اور کفارہ لازم آتا ہے اور اس قتل شبہ عمد کا کفارہ ایک مسلمان غلام آزاد کرنا ہے پس اگر وہ نہ پائے تو دو ماہ کے مسلسل روزے رکھنا ہوں گے اور قاتل کے عصبات پر دیت مغلّظہ (سو اونٹ) واجب ہے، کافی میں اسی طرح سے ہے، (فتاویٰ عالمگیر جلد: 6 ص: 2.3 مکتبہ رُشیدیہ کوئٹہ)“۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

عفو الولى عن القاتل افضل من الصلح ،والصلح افضل من القصاص وكذا عفوالمجروح۔لاتصح توبة القاتل حتى يسلم نفسه للقود۔

ترجمہ: ”ولی مقتول کا قاتل کو معاف کر دینا صلح سے افضل ہے، صلح قصاص سے افضل ہے اور اسی طرح مجروح کا معاف کر دینا افضل ہے اور قاتل کی توبہ (عنداللہ) تب صحیح ہوگی جب وہ خودکو (ورثاء کے پاس) قصاص کے لئے پیش کرے، (ورنہ عنداللہ توبہ معتبر نہیں ہے)۔

Marfat.com

اس کی شرح میں علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

قوله (عفوالولی عن القاتل فضل) ویبرأالقاتل فی الدنیا عن الدیة والقود لانهما حق الوارث ۔بیری ۔قوله:(لاتصح توبة القاتل حتی یسلم نفسه للقود) أی لاتکفیہ التوبة وحدها۔ قال فی "تبیین المحارم واعلم ان توبة القاتل لاتکون بالاستغفار والندامة فقط بل یتوقف علی ارضاء اولیاء المقتول، فان کان القتل عمداالابدّ أن یمکنهم من القصاص منه ،فان شاؤ قتلوه وان شاؤ عفوا عنه مجانا،فان عفواعنه کفته التوبه۔ اه ملخصا۔

ترجمہ: "(ولی کا قاتل کو معاف کردینا افضل ہے) اور قاتل دنیا میں دیت اور قصاص سے بری ہو جائے گا کیونکہ یہ دونوں (دیت اور قصاص) وارث کا حق ہے، علامہ علاؤالدین حصکفی کا یہ قول کہ: (قاتل کی توبہ اس وقت تک درست نہیں جب تک کہ وہ خود کو قصاص کے لئے پیش نہ کرے) یعنی صرف اس کا توبہ کرلینا کافی نہیں ہے۔ "تبیین المحارم" میں فرمایا: جاننا چاہئے کہ قاتل کی توبہ فقط اس کی ندامت اور طلب مغفرت سے (مکمل) نہیں ہوگی، بلکہ یہ مقتول کے ورثاء کی رضامندی پر موقوف رہے گی، پس اگر اس نے قتل عمد کیا ہو تو (قبولیتِ توبہ کے لئے) ضروری ہے کہ اس مقتول کے ورثاء کو اپنے اوپر قصاص کی قدرت دے کہ اگر چاہیں تو اسے (قصاص میں) قتل کردیں اور اگر وہ چاہیں تو اسے معاف کر دیں، پس اگر وہ اس کو معاف کردیں تو اس کے لئے توبہ کافی ہے"، (ردالمحتار علی الدرالمختار جلد:10 ص:151 مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)"۔

ولایت کے چار اسباب ہیں:

قرابت، ملک، ولا، امامت۔ قرابت کی وجہ سے ولایت عصبہ بنفسہ کے لئے ہے یعنی وہ مرد جس کو اس سے قرابت کسی عورت کی وساطت سے نہ ہو یا وارث کے ذوی الفروض کے بعد جو ترکہ بچے، وہ سب لے لے، اور اگر ذوی الفروض نہ ہوں تو سارا مال یہی لے لے، ایسی قرابت والا ولی ہے، یہاں بھی وہی ترتیب ملحوظ ہے جو وراثت میں معتبر ہے یعنی سب سے

Marfat.com

مقدم بیٹا، پھر پوتا، پھر پر پوتا اگر کوئی پشت کا فاصلہ ہو یہ نہ ہوں تو پھر باپ، دادا وغیرہم اگر چہ کئی پشت اوپر کا ہو، پھر حقیقی بھائی۔

شرعاً قاتل کو معاف کرنے کا حق اولیاءِ مقتول کا ہے اور صورتِ مسئولہ میں یہ حق اس کے بھائیوں کو حاصل ہے، یہ ''قتلِ شبہ عمد'' کا کیس ہے، اور ورثاء کی جانب سے معافی کے باوجود اس (قاتل) پر دو ماہ کے روزوں کا کفارہ ہے، اور معاف کرنے کے بعد قاتل سے دنیا میں مطالبہ نہیں ہوسکتا نہ قصاص لیا جاسکتا ہے اور نہ ہی دیت لی جاسکتی ہے، لیکن مواخذہ اخروی سے بری نہیں ہوسکتا کیونکہ قتل ناحق میں تین حق اس کے ساتھ متعلق ہیں ایک حق اللہ، دوسرا حق مقتول، تیسرا حق ولی، ولیِ مقتول کو اپنا حق معاف کرنے کا اختیار تھا سو اس نے معاف کر دیا مگر حق اللہ اور حق مقتول بدستور باقی ہیں، ولی کے معاف کرنے سے وہ معاف نہیں ہوئے۔

## غیر مسلم کا چیف جسٹس یا قائم مقام بننا

**سوال:162**

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلے کے بارے میں کہ ایک اسلامی حکومت میں کسی غیر مسلم (ہندو) کو چیف جسٹس (قاضی القضاۃ) مقرر کرنا جائز ہے؟، (محمد شمیم خان فیڈرل بی ایریا، شوکت صدیقی، منور احمد نعیمی، ملیر کالونی، کراچی)۔

**جواب:**

اس مسئلے کی دو جہتیں ہیں، ایک خالص دستوری اور قانونی اور دوسری خالص اسلامی جہاں تک مملکتِ اسلامیہ پاکستان کے دستور کا تعلق ہے، تو اسکی رو سے نظامِ مملکت میں صرف دو مناصب کے لئے مسلمان ہونا شرط ہے، ایک صدر کا منصب اور دوسرا وزیرِ اعظم کا عہدہ، کیونکہ ان دونوں عہدوں کے حلف نامے میں، جو دستور پاکستان کے شیڈول میں دیا گیا ہے، مسلمان ہونا اور عقیدۂ ختمِ نبوت کا اقرار شامل ہے۔ ان کے علاوہ کسی اور عہدے کے لئے (خواہ ہائی کورٹس اور سپریم کورٹ کے جج ہوں یا چیف جسٹس

Marfat.com

ہوں، مسلح افواج کے سربراہان ہوں یا گورنر، وزراء اعلیٰ اور وفاقی وصوبائی وزراء ہوں) مسلمان ہونا شرط نہیں ہے، لہٰذا دستور پاکستان کی رُو سے کسی غیر مسلم کے چیف جسٹس آف پاکستان یا اس کا قائم مقام بننے کی گنجائش ہے، ماضی میں بھی جسٹس اے آر کارنیلیس، جو مذہبا عیسائی تھے، چیف جسٹس آف پاکستان رہ چکے ہیں۔ اگرچہ ہماری رائے میں یہ دستور کی روح کے منافی ہے، کیونکہ دستور پاکستان کی رُو سے کوئی قانون قرآن وسنت کے خلاف نہیں بن سکتا اور کسی بھی قانون کو اس حوالے سے پاکستان کی سپریم کورٹ میں چیلنج کیا جاسکتا ہے کہ یہ قرآن وسنت کے خلاف ہے اور اس کے بارے میں سپریم کورٹ آف پاکستان کی تعبیر وتشریح حتمی اور قطعی متصور ہوگی، اب جج یا چیف جسٹس خود غیر مسلم ہے اور از روئے عقیدہ اس کا قرآن وسنت کی حقانیت پر یقین ہی نہیں ہے (کیونکہ اگر قرآن وسنت کی حقانیت پر اس کا یقین ہوتا تو اسلام قبول کر لیتا)، لہٰذا صرف اتنا کہنا کافی نہیں ہے کہ اسے قرآن وسنت سے آگاہی ہے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: وَلَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿۱۴۱﴾

ترجمہ: ''اور اللہ کافروں کے لئے مسلمانوں کے خلاف (غلبہ کی) ہرگز کوئی سبیل نہیں بنائے گا، (النسآء: 141)''۔

اس آیت سے فقہاء احناف نے جو مسائل اخذ کئے ہیں ان میں دو اہم باتیں یہ ہیں کہ: (1) کافر کو مسلمان کا قاضی (جج) بنانا جائز نہیں ہے۔ (2) کافر کو مسلمان کے لشکر کا امیر (سپہ سالار یا چیف آف اسٹاف یا کمانڈر انچیف) بنانا جائز نہیں ہے، الشیخ احمد بمعروف مُلّا جیون علیہ الرحمہ لکھتے ہیں: جعله ذا عسكر و خدمته و رئيسا له غير جائز۔

ترجمہ: '' کافر کو مسلمان کے لشکر کا امیر (سپہ سالار یا چیف آف اسٹاف یا کمانڈر انچیف) بنانا جائز نہیں ہے، (التفسیراتِ احمدیہ ص: 322,223 مکتبہ حقانیہ، پشاور)''۔

ملک العلماء علامہ علاء الدین ابی بکر بن مسعود کاسانی حنفی لکھتے ہیں: واما بيان من يصلح للقضاء فنقول الصلاحية لها شرائط ۔ منها : العقل۔ ومنها :البلوغ ۔ ومنها:

Marfat.com

الاسلام ۔ومنھا :الحریۃ ۔ ومنھا: البصر ۔ومنھا: النطق ۔ومنھا: السلامۃعن حد القذف لما قلنا فی الشھادۃ۔

ترجمہ:''ان شرائط کے بیان کے بارے میں جو اہلیتِ قضاء کے لئے ضروری ہیں، حسبِ ذیل ہیں: (1) عقل، (2) بلوغ، (3) اسلام، (4) حریت (آزاد ہونا)، (5) بصر (بینا ہونا)، (6) نطق، یعنی گویائی وگفتار کی صلاحیت رکھتا ہو، (7) اس شخص پر حدِ قذف نہ لگی ہو، (بدائع الصنائع جلد:7، ص:3، مرکز اہلسنت برکاتِ رضا، گجرات، ہند)''۔

علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں: ان الکافر یجوز تقلیدہ القضاء لیحکم بین أھل الذّمّۃ ذکرہ الزّیلعی فی التّحکیم الخ

ترجمہ:''(حاکمِ اسلام) اگر کسی غیر مسلم کو غیر مسلموں کے مقدمات کا فیصلہ کرنے کیلئے قاضی (جج) مقرر کرے، تو جائز ہے، اسے ''زیلعی'' نے بابِ تحکیم میں ذکر کیا ہے، (مگر مسلمانوں کے معاملات کا فیصلہ کرنے کا اُسے اختیار نہیں)، اس کی شرح میں ابن عابدین شامی لکھتے ہیں: (لیحکم بین أھل الذّمّۃ) أی حال کفرہ، والا فقد علمت أن الکافر یصح تولیتہ مطلقاً لکن لا یحکم الا اذا أسلم۔

ترجمہ:''تاکہ (غیر مسلم قاضی) غیر مسلموں کے مقدمات کا فیصلہ کرے) یعنی جب تک وہ حالتِ کفر میں ہے، مگر یہ معلوم ہے کہ (دیگر امور میں) کافر کو حق ولایت مطلقاً حاصل ہے، لیکن جب تک وہ اسلام نہ لائے اسے منصبِ قضا تفویض نہیں ہوگا، مسلمانوں کے معاملات کا فیصلہ کرنے کا اختیار نہیں، ---------پھر آگے ''مطلب فی حکم القاضی الدُرزی والنّصرانی'' کے تحت بیان کرتے ہیں:

تنبیہ: ظھر من کلامھم حکم القاضی المنصوب فی بلاد الدروز فی القطر الشامی، ویکون درزیاً ویکون نصرانیاً فکل منھما لایصح حکمہ علی المسلمین، فان الدرزی لا ملۃ لہ کالمنافق والزندیق وان سمی نفسہ مسلماً ---------- والظاھر أنہ یصح حکم الدرزی علی النصرانی وبالعکس۔

Marfat.com

ترجمہ: ''ان کے کلام سے ظاہر ہے کہ شام کے خطے میں دُرزی اور نصرانی (کو اگر) قاضی (مقرر کر دیا گیا ہو) تو ان کا مسلمانوں کے امور میں فیصلہ کرنا صحیح نہیں ہے، کیونکہ دُرزی کا تو کوئی دین ہی نہیں ہوتا، جیسے منافق اور زندیق، اگر چہ وہ اپنے آپ کو (بظاہر) مسلمان کہے (اور آگے چل کر لکھا)، ظاہر یہ ہے کہ غیر مسلم کا ایک دوسرے کے لیے جج بنایا جانا درست ہے، (ردالمحتار علی الدر المختار ج:8، ص:24 دار احیاء التراث العربی، بیروت)''۔

علامہ امجد علی اعظمی سے سوال ہوا کہ: مسائلِ شرعیہ عبادات میں غیر مسلم کے فیصلہ کی طرف رجوع کرنا شرعاً کیا حکم رکھتا ہے باوجود یکہ امیر شریعت موجود ہیں؟ جواب میں انہوں نے لکھا کہ: ''کفار کے پاس فیصلہ لے جانا ممنوع ہے، اللہ عزوجل فرماتا ہے: اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ ؕ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ۝۶۰، ترجمہ: ''کیا آپ نے ان لوگوں کو نہیں دیکھا جو دعویٰ تو یہ کرتے ہیں کہ وہ اس (کتاب) پر ایمان لائے ہیں جو آپ کی طرف نازل کی گئی ہے اور ان (کتابوں) پر (ایمان لائے ہیں) جو آپ سے پہلے نازل کی گئی ہیں اور چاہتے یہ ہیں کہ اپنے مقدمے طاغوت کے پاس لے جائیں، حالانکہ انہیں حکم یہ دیا گیا تھا کہ وہ طاغوت کا انکار کریں اور شیطان یہ چاہتا ہے کہ انہیں گمراہ کر کے بہت دور کی گمراہی میں ڈال دے، (النساء:60)، واللہ تعالیٰ اعلم، (فتاویٰ امجدیہ، جلد سوم، ص:246، مکتبہ رضویہ آرام باغ، کراچی)''۔

## محافلِ میلاد کے بارے میں یہ کہنا کہ ''اس میں حضور ﷺ تشریف لائے ہوئے ہیں اور اس میں وحدہٗ لاشریک بھی شریک ہوتا ہے''

## سوال:163

بارہ ربیع الاول کو جشن عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ایک مقرر نے آقا ﷺ کی شان بیان کرتے ہوئے کہا'' آج کی اس محفل، اس جشن اور اس بزم کے جانِ محفل ذات مصطفیٰ ﷺ ہیں اور شرکاء محفل میں خود خداوند کریم بھی شریک ہے۔ یہ

Marfat.com

ہمارا عقیدہ ہے کہ جو محفل بھی آقا ﷺ کے نام پر کی جائے آقا ﷺ اس میں شریک ہوتے ہیں اور جس محفل میں خدا کا حبیب ﷺ بھی خود شریک ہو اس میں وحدہٗ لاشریک بھی شریک ہوتا ہے"۔

اس پر ایک علامہ صاحب نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ خدا کی ذات شریک ہونے سے پاک ہے۔ لہٰذا یہ کفریہ کلمات ہیں۔ مقرر کو توبہ تائب ہونا چاہئے۔ براہِ کرم اس مسئلہ پر قرآن وحدیث اور اقوال صحابہ وائمہ کی روشنی میں اپنے فتویٰ سے نوازیں، (ڈاکٹر محمد حامد رضا، ایم ڈی، رضا میڈیسن کمپنی مین بازار چشتیاں)۔

## سوال:164

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ ایک مقرر نے اپنی تقریر کے دوران یہ جملہ کہا "شرکاءِ محفل میں خود خداوند کریم بھی شریک ہے"۔ مقرر نے شریک ہونے کی تفصیل بیان نہیں کی۔ کہ اللہ تعالیٰ کس طرح شریک ہے۔ آپ سے دریافت کرنا ہے کہ:

(1) کیا اس جملہ پر کوئی اعتراض وارد ہوتا ہے یا نہیں؟۔ (2) کیا ایسے جملوں کو عوام الناس میں استعمال کرنا چاہئے؟۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں وضاحت فرما کر عنداللہ ماجور ہوں، (میاں طاہر حسین، چشتیاں شریف)۔

## جواب:

نوٹ: اس موضوع پر ہمارے پاس چشتیاں، پنجاب سے دو الگ الگ استفسارات آئے، ہم نے دونوں درج کر دیئے ہیں۔ ایک مستفتی ڈاکٹر محمد حامد رضا نے تین مفتیانِ کرام (مفتی عبدالقیوم خان، جامعہ منہاج القرآن، لاہور، مفتی محمد تنویر القادری، جامعہ نظامیہ رضویہ، لاہور اور ڈاکٹر مفتی غلام سرور قادری، جامعہ رضویہ، لاہور) کے جوابات بھی منسلک فرمائے ہیں۔ ان مفتیان کرام نے اس عبارت کی تاویل وتوجیہہ کر کے جواز کا قول کیا ہے۔ اس مسئلے میں ہمارا موقف درج ذیل ہے:

Marfat.com

قرآن وحدیث میں ایسے مقامات موجود ہیں جہاں اللہ جل شانہٗ اور مخلوق کے لئے ایک ہی صیغے کا اطلاق کیا گیا ہے، جیسے: (ا) اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ الخ (ب) فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ (القرآن)　(ج) اَنَا جَلِيْسُ عَبْدِيْ حِيْنَ يَذْكُرُنِيْ وَاَنَا مَعَهٗ اِذَا دَعَانِيْ (الحدیث) (د) اَنَا عِنْدَ ظَنِّيْ عَبْدِيْ بِيْ اَنَا مَعَهٗ اِذَا ذَكَرَنِيْ ،فَاِنْ ذَكَرَنِيْ فِيْ نَفْسِهٖ ذَكَرْتُهٗ فِيْ نَفْسِيْ،وَمَنْ اَتَانِيْ يَمْشِيْ اَتَيْتُهٗ هَرْوَلَةً، وَغَيْرِهَا مِنَ الْاٰيَاتِ الْكَرِيْمَةِ وَالْاَحَادِيْثِ الْمُبَارَكَةِ۔ میری عاجزانہ رائے میں ان اطلاقات کو انہی مقامات تک محدود رکھنا چاہئے ، جیسے: فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ ، يَوْمَ يُكْشَفُ عن ساق، يَدُاللّٰهِ فوقَ اَيْدِيْهِمْ وغيرها من الآيات الكريمه ،ان مواقع پر یہ کہا جائے کہ ان سے جو بھی اللہ تعالیٰ کی مراد ہے یا جو معنیٰ اس کی ذات کے شایان شان ہے۔ ہمارے لئے یہ بھی مناسب نہیں ہے کہ اس پر مزید قیاسات کریں کہ ید اللہ، وجہ اللہ ہوسکتا ہے تو "قدم الله" اور "رأس الله" کیوں نہیں ہوسکتا۔ ان اطلاقات کو ان کے محل تک محدود رکھا جائے۔ بلکہ ترجمہ کرتے وقت لکھ دیا جائے کہ اس کا حقیقی مفہوم جو اللہ کی مراد ہے، اس پر ہمارا ایمان ہے اور اس کی تعیین کے ہم شرعاً مکلف نہیں ہیں، اور زیادہ بہتر یہ ہے کہ ترجمہ کے موقع پر یہ لکھ دیا جائے: ''جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے''۔ حقیقی مفہوم کی تعیین کے اعتبار سے ایسی احادیث وآیات کو متشابہات میں سے سمجھنا چاہئے اور اس کے درپے نہیں ہونا چاہئے۔ آج کل اکثر مقررین اور نعت خواں حضرات بڑی جرأت کے ساتھ یہ بھی کہہ دیتے ہیں کہ: ''اس محفل میں حضور تشریف لائے ہوئے ہیں''، ہمارا ایمان وعقیدہ ہے کہ رسول اللہ ﷺ مبارک محافلِ میلاد میں ازراہِ لطف وکرم جب اور جہاں چاہیں تشریف لاسکتے ہیں اور ''شمائم امدادیہ'' میں مولانا اشرف علی تھانوی نے بھی یہ درج کیا ہے، لیکن تعیین کے ساتھ یہ کہنا کہ: ''ہماری اس محفل میں رسول اللہ ﷺ تشریف لائے ہوئے ہیں''، اگر غوث الاعظم محی الدین عبد القادر الجیلانی رحمہ اللہ تعالیٰ یا مسلّمہ طور پر بلند مرتبہ اولیاء کاملین یہ دعویٰ فرمائیں، تو بجا ہے اور بارگاہِ الوہیت جلّ وعلا اور بارگاہِ رسالت میں تقرب کی وجہ سے

Marfat.com

انہیں یہ مرتبہ ومقام حاصل ہے کہ وہ یقین کے ساتھ حضور انور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تشریف آوری کا مشاہدہ کرسکتے ہیں، ہر ایرے غیرے کو اتنا بڑا دعویٰ کرنا جائز نہیں ہے، کیونکہ ایسا دعویٰ یا تو غیب دانی کی بنیاد پر ہوسکتا ہے، اور بالذات علمِ غیب اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہے یا جن مقرّب ومحبوب بندوں کو اپنے کرم سے وہ مطلع فرمادے یا وہ اپنے لئے عام لوگوں کی قوتِ مشاہدہ اور صاحبِ بصیرت وبصارت ہونے کا دعویٰ کرتا ہے، یہ بہت بڑی خودستائی ہے جو اس کے لئے جائز نہیں ہے، اگر قرآن وحدیث میں ایسے کلمات (مثلاً لفظِ صلوٰۃ) آئے ہیں، جن کا اطلاق اللہ تعالیٰ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور مومنین پر بیک وقت کیا گیا ہے، تب بھی ان کے معانی کا تعین ہر ایک کے اعتبار سے الگ ہوگا، اللہ تعالیٰ کی ذات کے لئے وہی معنیٰ مراد ہوگا جو اس کی شان کے لائق ہے اور اشتراکِ لفظی کے باوجود اشتراکِ معنیٰ کا تصور بھی نہیں کیا جاسکتا۔

آیتِ درود پر کلام کرتے ہوئے علامہ غلام رسول سعیدی لکھتے ہیں:

اس آیت میں اللہ اور فرشتوں کو ایک فعل میں شریک کیا ہے اور فرمایا ہے: اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود پڑھتے ہیں، اس آیت پر یہ اشکال ہوتا ہے کہ اللہ اور اس کے غیر کو ایک فعل میں شریک کرنے سے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے منع فرمایا ہے، حدیث میں ہے: حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے سامنے خطبہ دیتے ہوئے کہا جس شخص نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی اس نے ہدایت پالی اور جس نے ان کی نافرمانی کی وہ گمراہ ہوگیا، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: تم برے خطیب ہو یوں کہو جس نے اللہ کی نافرمانی کی اور اس کے رسول کی نافرمانی کی، وہ گمراہ ہوگیا۔ اس کا جواب یہ ہے کہ عام لوگوں کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے غیر کا ذکر ایک ضمیر میں جمع کریں، کیونکہ اس سے سننے والوں کو یہ وہم ہوگا کہ یہ شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے غیر کو برابر سمجھتا ہے، اس لئے اللہ تعالیٰ اور اس کے غیر کا ذکر الگ الگ صیغوں میں کیا جائے، البتہ اللہ تعالیٰ کسی حکم یا کسی قاعدے کا پابند نہیں ہے، وہ ایک صیغہ اور ایک ضمیر میں اللہ اور اس کے

Marfat.com

غیر کاذکر کرے تو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے، ایک صیغہ میں دونوں کا ذکر کرنے کی مثال یہ آیت ہے اس میں فرمایا ہے: اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ یُصَلُّوْنَ: اللہ اور اس کے فرشتے درود پڑھتے ہیں، اور ایک ضمیر میں دونوں کے ذکر کے مراد لینے کی مثال یہ آیت ہے: وَمَا نَقَمُوْٓا اِلَّآ اَنْ اَغْنٰىهُمُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ مِنْ فَضْلِهٖ۔ ترجمہ: ”اور ان (منافقین کو) صرف یہ ناگوار ہوا کہ ان کو اللہ اور اس کے رسول نے اپنے فضل سے غنی کردیا، (التوبہ:74)“۔ اس آیت میں ”مِنْ فَضْلِهٖ“ کی ضمیر واحد اللہ اور رسول دونوں کی طرف راجع ہے، اسی طرح یہ آیت ہے: وَاللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗٓ اَحَقُّ اَنْ یُّرْضُوْهُ۔ ترجمہ: ”اللہ اور اس کا رسول اس کے زیادہ مستحق ہیں کہ ان کو راضی کیا جائے، (التوبہ:62)“۔ اس آیت میں یُّرْضُوْهُ کی ضمیر واحد اللہ اور اس کے رسول دونوں کی طرف راجع ہے۔ اسی طرح نبی ﷺ بھی اس قاعدہ کے پابند نہیں ہیں اور آپ نے بھی اللہ اور اس کے رسول کو ایک ضمیر میں فرمایا ہے جیسا کہ اس حدیث میں ہے: حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا جس شخص میں تین خصلتیں ہوں وہ ایمان کی مٹھاس کو پالے گا، ایک یہ ہے کہ: ان یکون اللہ ورسولہ اَحَبَّ الیہ مما سواھما۔ ترجمہ: ”اللہ اور اس کا رسول اس کو ان کے ماسوا زیادہ محبوب ہو، (صحیح البخاری: رقم الحدیث:16)“۔ خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ادب اور اس کی تعظیم کی وجہ سے اللہ تعالیٰ اور اس کے غیر دونوں کا ایک ضمیر میں ذکر کرنا جائز نہیں ہے، لیکن اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ اس قاعدہ کے پابند نہیں ہیں اور وہ ایک صیغہ یا ایک ضمیر میں اللہ تعالیٰ کے ساتھ اس کے غیر کو بھی جمع کر دیتے ہیں، کیونکہ جب دوسرے لوگ ایک صیغہ میں اللہ تعالیٰ اور اس کے غیر کا ذکر کریں گے، تو ان کے متعلق یہ گمان کیا جاسکتا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ اور اس کے غیر کو ہم مرتبہ اور مساوی سمجھتے ہیں، اس لئے دونوں کا ایک صیغہ یا ایک ضمیر میں ذکر کر رہے ہیں، لیکن اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول اللہ ﷺ کے متعلق یہ گمان نہیں کیا جاسکتا، اس لئے اگر وہ ایک صیغہ یا ایک ضمیر میں دونوں کا ذکر کریں، تو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے، (تبیان القرآن، جلد:9، ص:532,533)“۔ محفل

Marfat.com

میلاد النبی ﷺ کے حوالے سے ہمارے خطباء کرام فرطِ محبت، جوشِ عقیدت اور عوام سے داد وتحسین پانے کے شوق میں بعض کلمات ارشاد فرما دیتے ہیں۔ جیسے سوال میں مذکور ہیں کہ: ''اس میں وحدہٗ لاشریک بھی شریک ہوتا ہے''، اگر چہ شرعاً اس کی تاویل وتوجیہ کی گنجائش ہے، جیسا کہ منسلکہ فتاویٰ میں مفتیانِ کرام نے فرمائی ہے، لیکن میری مؤدّبانہ اور عاجزانہ رائے ہے کہ اس طرح کے اندازِ بیان سے اجتناب اولیٰ ہے، اللہ تعالیٰ کی اَحدِیَّت اور تنْزِیْہ کا جتنا پاس رکھا جاسکے، اتنا ہی افضل واولیٰ ہے۔ خاص طور پر آجکل بڑے خطباء کرام کی تقاریر کے کیسٹ عام ہوجاتے ہیں اور پھر علم سے عاری لوگ بھی ان کو اپنی مجالس میں دہراتے رہتے ہیں۔ تاویلات وتوجیہات کی تو ہر جگہ گنجائش رہتی ہے، مثلاً اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَیْهِ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ۔ ترجمہ: ''ہم اس کی (بندے کی) شہ رگ سے بھی زیادہ اس کے قریب ہیں، (ق:16)'' اور وَھُوَ مَعَکُمْ اَیْنَ مَا کُنْتُمْ۔ ترجمہ: ''تم جہاں کہیں بھی ہو، وہ (اللہ تعالیٰ) تمہارے ساتھ ہوتا ہے، (الحدید:4)''۔ اب ان آیات کی روشنی میں کوئی شخص یہ کہے کہ میں جس مجلس میں بھی رہوں، اللہ تعالیٰ میرے ساتھ شریک ہوتا ہے، تو یہ انداز میرے نزدیک بارگاہِ الوہیت کے شایانِ شان نہیں ہے، اگر چہ توجیہ وتاویل کی گنجائش موجود ہے، کیونکہ یہاں بندے اور رب کے درمیان جس معیت کا ذکر ہے اس سے معیتِ جسمانی یا معیتِ مکانی مراد نہیں ہے بلکہ اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا علم اور قدرت ہر چیز کو محیط ہے اور اسی معنیٰ میں معیت مراد ہے، بعض مُقرّبین کے لئے مَعِیَّتِ خاصّہ مراد ہوسکتی ہے، اس سے مراد اللہ تبارک وتعالیٰ کی خصوصی رحمتوں اور برکات کا بندے کے شاملِ حال رہنا ہے۔ باقی جن علامہ صاحب نے کہا ہے کہ: ''یہ کفریہ کلمات ہیں، مقرر کو توبہ تائب ہونا چاہئے''۔ یہ درست نہیں ہے اور بعض علماء کے نزدیک غیر کفر کو کفر قرار دینا بجائے خود مستلزم کفر ہوتا ہے۔ ہم نے اظہارِ رائے کے لئے یہ فتویٰ محترم مفتی محمد رفیق حسنی (جامعہ اسلامیہ مدینۃ العلوم، کراچی) کو پیش کیا، تو انہوں نے اپنی عبارتِ ذیل کے اضافے کے ساتھ اس کی تائید کی:

Marfat.com

"حضرت مولانا مفتی منیب الرحمٰن صاحب کے فتوے کی تائید کرتا ہوں بلکہ میرے نزدیک صورتِ مسئولہ کی عبارتیں اور اسی قسم کے عام مقررین اور نعت خوانوں کی عبارتیں کفر تو نہیں مگر عام مجالس میں بیان کرنا حرام ہیں بلکہ متشابہات آیات اور احادیث کا بغیر تاویل اور توضیح کے بھی عام مجالس میں بیان کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ اس قسم کے کلمات سے عوام کو جو پیغام پہنچتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کی تجسیم اور تمثیل جسمی کا ہوتا ہے چنانچہ ایسی تقریریں سننے والے میرے ایک طالبِ علم کی گفتگو سے معلوم ہوا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے جسم کا قائل ہو چکا ہے۔ اسی طرح شانِ رسالت بیان کرتے وقت یہ کہنا کہ " اللہ تعالیٰ جو لاشریک ہے وہ درود میں ہمارے ساتھ شریک ہے"، سے عوام کا یہ عقیدہ بنتا ہے شاید اللہ تعالیٰ ہماری طرح ہاتھ میں تسبیح لے کر" اللھم صل علی الخ یا الصلوٰۃ والسلام علیک یارسول اللہ" پڑھتا رہتا ہے جبکہ علماء فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی طرف صلاۃ کی نسبت ہو تو رحمت مراد ہوتی ہے۔ الغرض مذکورہ کلمات اگرچہ تاویل کی وجہ سے کفر نہیں ہیں مگر عوام کو پیغام پہنچانے اور ان کے عقیدوں کے فساد کے خطرے کے پیشِ نظر ناجائز ہیں آئندہ علماء کو یہ کلمات نہیں کہنا چاہئے، واللہ تعالیٰ اعلم"۔ اسی طرح محترم مفتی محمد اسماعیل نورانی (جامعہ انوار القرآن، کراچی) نے یہ تائیدی کلمات لکھے: " قبلہ مفتی منیب الرحمٰن صاحب مدظلہ نے جو جواب تحریر فرمایا ہے اور اس پر مفتی رفیق الحسنی دام ظلہ نے جو اضافہ فرمایا ہے وہ بالکل برحق ہے۔ فی زمانہ مقررین اور واعظین کے مذکورہ جملوں کی سخت حوصلہ شکنی اور تردید کی ضرورت ہے۔ کیونکہ جس طرح نعت خوانی کی فیلڈ میں جاہل اور چمکیلے نعت خوانوں نے نظریاتی طور پر اہل سنت کو نقصان پہنچایا ہے اسی طرح غالی قسم کے واعظین اور مقررین نے بھی اپنی بے بنیاد نکتہ آفرینیوں سے شدید نقصان پہنچایا ہے۔ اللہ عزوجل ہدایت خیر عطا فرمائے"۔

## خاتون مبلغہ کا غیر شرعی طرزِ عمل

**سوال**: 165

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ کے بارے میں کہ اہلِ سنت والجماعت

Marfat.com

سے تعلق رکھنے والی ایک مقرر خاتون (جو تنظیم المدارس سے ملحق فوقانی درجے کے ایک ادارے کی مہتمم ہیں) نے اپنی تقاریر پر مشتمل کیسٹز کی سرعام فروخت شروع کر رکھی ہے، جن میں ترنم کے ساتھ نعتیہ اشعار بھی پڑھے گئے ہیں موصوفہ سے جب دریافت کیا گیا کہ کچھ عرصہ پہلے تو آپ اپنے اجتماع کے آس پاس بھی کسی مرد کی موجودگی پسند نہیں کرتی تھیں کہ انکے کانوں تک آواز نہ چلی جائے، اور اب آپ اپنی کیسٹیں ہر جگہ پہنچانے کے لئے کوشاں ومشتاق ہیں، تو ان کا جواب یہ تھا کہ یہ دورِ حاضر کی اہم ضرورت ہے میں فرحت ہاشمی (الہدیٰ سینٹر، اسلام آباد) کی کیسٹز کے توڑ کے لئے ایسا کر رہی ہوں۔

ہم یہ دریافت کرنا چاہتے ہیں کہ ان کا یہ عمل قانونِ شرع میں کس نظر سے دیکھا جائے گا؟ کیا فرحت ہاشمی کی باتوں کا جواب دینے کے لئے اہلِ سنت میں ''مرد علماء'' ناکافی تھے۔ برائے مہربانی پہلی فرصت میں اس پر مدلّل فتویٰ تحریر فرما کر ارسال فرمائیں، کیونکہ اس سے مختلف مدارس سے تعلق رکھنے والی طالبات، معلمات ومنتظمات ذہنی انتشار کا شکار ہیں۔ بعض خوش الحان خواتین اپنی قراءت نعت وتقاریر پر مشتمل کیسٹز منظرِ عام پر لانے کے لئے تیار ہو رہی ہیں، یاد رہے کہ مذکورہ خاتون تقاریر کے حوالے سے خواتین میں خاصی مقبول ہیں، اگر اس بات کا فوری نوٹس نہ لیا گیا، تو عنقریب مرد علماء کے خطابات سننے والے مفقود ہو جائیں گے۔ اور ہر جگہ اہل سنت کی خواتین کی کیسٹیں بجتی سنائی دیں گی، (سحر سیفی، جامعہ سیفیہ خراسانیہ لبنات الاسلام، مدینہ کالونی بھسہ روڈ بڑیلہ شریف، گجرات)۔

**جواب:**

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: اِنِ اتَّقَيْتُنَّ فَلَا تَخْضَعْنَ بِالْقَوْلِ فَيَطْمَعَ الَّذِىْ فِىْ قَلْبِهٖ مَرَضٌ وَّقُلْنَ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا ۝۳۲ (الاحزاب:32)

ترجمہ: ''اگر اللہ سے ڈرتی ہو (اور یقیناً ڈرتی ہو) تو (پسِ پردہ مردوں سے بضرورت) بات کرنے میں (ایسا) نرم لہجہ اختیار نہ کرنا کہ جس کے دل میں (شہوانیت کا) روگ ہے وہ (اپنی خواہش نفس کی تکمیل کا) طمع کرنے لگے اور دستور کے مطابق (اچھی) بات کرنا''۔

Marfat.com

عن یحی بن سعید ،عن عمرة عن عائشة رضی اللّٰہ عنہا قالت: لو ادرک رسول اللّٰہ ﷺ ماأحدث النساء لمنعھنّ ،کما منعت نساء بنی اسرائیل۔ قلت لعمرة:أو منعن ؟قالت:نعم۔

ترجمہ:'' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، نبی ﷺ کی زوجہ محترمہ، فرماتی ہیں: اگر رسول اللہ ﷺ عورتوں کو اس حال پر پاتے، جو آپ کے بعد ہوا، تو آپ ان کو مسجد آنے سے منع فرمادیتے، جیسے کہ بنی اسرائیل کی عورتوں کو منع کر دیا گیا تھا، یحیٰ کہتے ہیں کہ میں نے عَمرہ سے پوچھا! کیا بنی اسرائیل کی عورتوں کو منع کیا گیا تھا؟، انہوں نے کہا: ہاں!، (صحیح بخاری رقم الحدیث :869، سنن ابی دواؤ، رقم الحدیث:570)''۔

عن عبداللّٰہ ،عن النبیﷺ قال:"صلاة المرأة فی بیتھا افضل من صلاتھا فی حجرتھا، وصلاتھا فی مخدعھا افضل من صلاتھا فی بیتھا"۔

ترجمہ:'' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عورت کا دالان میں نماز پڑھنا، صحن میں پڑھنے سے بہتر ہے اور کوٹھری میں دالان سے بہتر ہے، (سنن ابی دواؤ، رقم الحدیث:571)''۔

عن ابی موسی، عن النبی ﷺ قال: "کل عینٍ زانیة، والمرأة اذا استعطرت فمرت بالمجلس فھی کذا و کذا۔ یعنی زانیة"۔

ترجمہ:'' حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ہر آنکھ زنا کرنے والی ہے (یعنی جو اجنبی کی طرف شہوت بھری نظر سے دیکھے) اور بے شک عورت عطر لگا کر کھلی مجلس میں جائے تو ایسی اور ایسی ہے یعنی زانیہ ہے، یعنی وہ محرکات واسبابِ زنا اختیار کر رہی ہے، جس کے باعث گناہ میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے، (سنن ترمذی، رقم الحدیث:2786)''۔

اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے: وَلَا یَضۡرِبۡنَ بِاَرۡجُلِهِنَّ لِیُعۡلَمَ مَا یُخۡفِیۡنَ مِنۡ زِیۡنَتِهِنَّ

ترجمہ: اور عورتیں اپنے پاؤں زمین پر مارتی ہوئی نہ چلا کریں کہ اس زینت کا لوگوں کو علم

Marfat.com

ہو جائے جو انہوں نے چھپا رکھی ہے،(القرآن، سورۃ النور: 31)۔"

علامہ ابوبکر جصاص حنفی اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں:

"اس آیت میں یہ دلیل ہے کہ عورت کو اتنی بلند آواز کے ساتھ کلام کرنے سے منع کیا گیا ہے جس کو اجنبی مرد سن لیں، کیونکہ پازیب کی آواز سے اس کی اپنی آواز زیادہ فتنہ انگیز ہے، اسی وجہ سے ہمارے فقہاء نے عورت کی اذان کو مکروہ قرار دیا ہے کیونکہ اس میں آواز بلند کرنی پڑتی ہے اور عورت کو آواز بلند کرنے سے منع کیا گیا ہے،(احکامِ القرآن جلد 3 ص: 319 مطبوعہ سہیل اکیڈمی لاہور)۔"

علامہ شہاب الدین خفاجی حنفی لکھتے ہیں:

"علامہ ابن ہمام حنفی نے کہا ہے کہ نوازل میں تصریح ہے کہ عورت کی آواز عورت (واجب الستر) ہے اور اس پر یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ عورت کا عورت سے قرآن مجید پڑھنا مستحب ہے کیونکہ عورت کی آواز عورت ہے،(فتح القدیر جلد 6 ص: 374 مطبوعہ مکتبہ نوریہ رضویہ، سکھر)"

علامہ ابوعبداللہ خطاب مالکی لکھتے ہیں:

"عورتوں کا آواز بلند کرنا مکروہ ہے، عورتوں کا اذان دینا، بلند آواز سے نماز پڑھنا اور بلند آواز سے حج میں تلبیہ (اللھم لبیک) کہنا سب مکروہ ہے، علامہ لخمی نے کہا ہے کہ عورتوں کی اذان ممنوع ہے کیونکہ عورت کی آواز عورت ہے، علامہ خطاب مالکی کہتے ہیں کہ علامہ ابن یونس اور علامہ ابن ناجی وغیرہ نے بھی یہی کہا ہے کہ عورت کی آواز عورت ہے، لیکن صحیح یہ ہے کہ عورت کا آواز بلند کرنا عورت ہے، کیونکہ صحابہ کرام امہات المؤمنین اور دیگر صحابیات سے احادیث روایت کرتے تھے،(مواہب الجلیل جلد 1 ص: 435 مطبوعہ دار الفکر بیروت)۔"

امام رازی شافعی لکھتے ہیں:

أن المرأة منهية عن رفع صوتها بالكلام بحيث يسمع ذالك الأجانب اذ كان صو تها اقرب الى الفتنة من صوت خلخالها، ولذ الكـ كر هوا أذان النسا ء لا نه يحتاج فيه الى رفع الصوت والمرأة منهية عن ذالك۔

Marfat.com

ترجمہ: ''عورت کو اتنی بلند آواز کے ساتھ کلام کرنے سے منع کیا گیا ہے جس کو اجنبی مرد سن لیں، کیونکہ عورت کی اپنی آواز پازیب کی آواز سے زیادہ فتنہ انگیز ہے اسی وجہ سے عورت کو اذان دینے سے منع کیا گیا ہے کیونکہ اذان میں آواز بلند کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اور عورت کو آواز بلند کرنے سے منع کیا گیا ہے، (تفسیر کبیر جلد 8 ص: 367 مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت)''۔

علامہ بیضاوی شافعی لکھتے ہیں:

''پازیب کی آواز سنانے سے منع کرنا عورت کے آواز بلند کرنے کی ممانعت پر زیادہ دلالت کرتا ہے، انوار التنزیل علی ہامش عنایۃ القاضی جلد 6 ص: 374 مطبوعہ دار صادر، بیروت)''۔

جس طرح قرآن مجید میں عورت کے آواز بلند کرنے کی ممانعت بطور کنایہ اور مبالغہ ہے، سو اسی طرح حدیث میں بھی عورت کے آواز بلند کرنے کو کنایہ اور مبالغہ سے منع کیا ہے، امام بخاری روایت کرتے ہیں:

عن ابی هريرة رضی الله عنه ،عن النبی ﷺ قال: "التسبيح للرجال ، و التصفيق للنساء"۔

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (امام کو سہو پر مطلع کرنے لئے) مردوں کے لئے تسبیح (سبحان اللہ کہنا) اور عورتوں کے لئے تصفیق (یعنی دہنے ہاتھ کی انگلیاں بائیں ہاتھ کی پشت پر مارنا) ہے، (صحیح بخاری رقم الحدیث: 1303)''۔

اسی کی مثل حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے (صحیح بخاری رقم الحدیث 1304 روایت ہے، اس حدیث کو امام مسلم اور امام ابوداؤد نے بھی روایت کیا ہے۔

علامہ کمال الدین ابن ہمام متوفی 681 ہجری لکھتے ہیں:

(ويكره الجمع بينهما) أی بين الاشارة والتسبيح (لأن بأحدهما كفاية وهذا فی حق الرجال، أما النساء فيصفقن يضربن بظهور أصابع اليد اليمنى

Marfat.com

علی صفحة الکف الیسری لما مر أن لهن التصفیق لأن فی صوتهن فتنة فلا یستحب لهن التسبیح ۔

ترجمہ:" (اور تسبیح و تصفیق کا جمع کرنا مکروہ ہے)اور تسبیح یعنی سبحان اللہ کہنا مردوں کا حق ہے، رہا عورتوں کا معاملہ پس وہ تصفیق کریں دہنے ہاتھ کی انگلیاں بائیں ہاتھ کی پشت پر ماریں، جیسا کہ گزرا کہ ان کے لئے تصفیق ہے اس لئے کہ ان کی آواز" فتنہ" ہے پس ان کے لئے تسبیح (یعنی سبحان اللہ کہنا) مستحب نہیں ہے، (فتح القدیر جلد 1 ص: 419 مطبوعہ مرکز اہل سنت برکاتِ رضا، گجرات ہند)"۔

نماز میں امام کو متنبہ کرنے کے لئے بلند آواز سے سبحان اللہ کہا جاتا ہے اور چونکہ عورت کا نماز میں آواز بلند کرنا شرعاً ممنوع اور مذموم ہے اس لئے نبی ﷺ نے عورت کو سبحان اللہ کہنے کے بجائے ہاتھ کی پشت پر ہاتھ مارنے کا حکم دیا ہے، علامہ بدرالدین عینی حنفی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

شارع علیہ السلام نے عورت کے سبحان اللہ کہنے کو اس لئے مکروہ قرار دیا ہے کہ اس کی آواز فتنہ ہے اس لئے اس کو اذان، امامت، اور نماز میں بلند آواز کے ساتھ قرآن مجید پڑھنے سے منع کیا جاتا ہے، (عمدۃ القاری جلد 7 ص: 279 مطبوعہ ادارۃ الطباعۃ المنیریہ مصر)"۔

علامہ علی قاری حنفی اس حدیث کی شرح میں لکھتے ہیں:

عورت کو تصفیق (ہاتھ کی پشت پر ہاتھ مارنے) کا حکم اس لئے دیا کہ اس کی آواز عورت ہے، (مرقات جلد 3 ص: 10 مطبوعہ مکتبہ امدادیہ ملتان)"۔

خلاصۂ بحث یہ ہے کہ قرآن مجید میں عورت کو زمین پر پیر مارنے سے منع کیا ہے تاکہ اس کی پازیب کی آواز سن کر اجنبی مرد اس کی طرف متوجہ نہ ہوں اور حدیث میں عورت کو نماز میں سبحان اللہ کہنے کے بجائے ہاتھ کی پشت پر ہاتھ مارنے کا حکم دیا ہے، اس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ عورت کا آواز کو بلند کرنا بھی ممنوع ہے، فقہاء احناف کے نزدیک عورت کی آواز عورت ہے، اور جس طرح ماسوائے ضرورت کے وہ اجنبیوں پر چہرہ ظاہر نہیں کر سکتی، اسی طرح وہ

Marfat.com

بغیر ضرورت کے اجنبی مردوں پر اپنی آواز بھی ظاہر نہیں کرسکتی۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے سوال ہوا کہ "عورتوں کا بیانِ میلاد شریف آنحضرت ﷺ" زنانی محفل میں بآوازِ بلند نثر و نظم پڑھنا اور نظم خوش آوازی ولحن کے ساتھ پڑھنا اور مکان کے باہر سے ہمسایہ کے مردوں اور نامحرموں کا سننا، تو ایسا پڑھنا جائز ہے یا ناجائز ہے؟ آپ نے جواب میں لکھا:

عورت کا خوش الحانی سے بآواز ایسا پڑھنا کہ نامحرموں کو اس کے نغمہ کی آواز جائے، حرام ہے۔ نوازل للامام فقیہ ابواللیث میں ہے:

نغمة المرأة عورة۔ ترجمہ: "عورت کا اونچی آواز سے شعر پڑھنا "عورت"، یعنی محل ستر ہے"۔

کافی امام ابوالبرکات نسفی میں ہے: لا تلبی جهر الان صوتها عورة۔

ترجمہ: عورت بلند آواز سے (حج کی) تلبیہ نہ پڑھے اس لئے کہ اس کی آواز قابلِ ستر ہے۔

امام ابوالعباس قرطبی کی کتاب السماع پھر بحوالہ علامہ علی مقدسی امداد الفتاح علامہ شرنبلالی پھر ردالمحتار علامہ شامی میں ہے:

لا نجیزلهن رفع اصواتهن ولا تمطیطها ولا تلیینها وتقطیعها لما فی ذلک من استمالة الرجال الیهن وتحریک الشهوات منهم ومن هذا لم یجز ان توذن المرأة ـ والله تعالیٰ اعلم۔

عورتوں کو اپنی آوازیں بلند کرنا، انہیں لمبا اور دراز کرنا، (لہجے کو) نرم (اور پرکشش) بنانا اور ان میں تقطیع کرنا (یعنی ایک ایک لفظ جدا کرکے تخلیلی عروض کے مطابق پڑھنا)، ہم عورتوں کو ان باتوں کی اجازت نہیں دیتے، کیوں کہ ان کے سبب مردوں کا ان کی طرف میلان ہوتا ہے اور ان کے جنسی جذبات برانگیختہ ہوتے ہیں، اسی وجہ سے عورت کو یہ اجازت نہیں کہ وہ اذان دے، والله تعالیٰ اعلم۔ (ت) (فتاویٰ رضویہ ج 22، ص: 43-242 رضا فاؤنڈیشن، لاہور)۔

Marfat.com

مصنف بہارِ شریعت علامہ امجد علی اعظمی رحمہ اللہ تعالیٰ ''غنیۃ'' کے حوالے سے لکھتے ہیں:
''عورت کو عورت سے قرآن مجید پڑھنا غیر محرم نابینا سے پڑھنے سے بہتر ہے کہ اگرچہ وہ اسے دیکھتا نہیں مگر آواز تو سنتا ہے اور ''عورت کی آواز بھی عورت ہے''، یعنی غیر محرم کو بلا ضرورت سنانے کی اجازت نہیں (بہارِ شریعت جلد 1 ص: 207 مکتبۂ رضویہ آرام باغ روڈ کراچی)''۔

سوال میں جس خاتون مبلغہ کا تذکرہ ہے، آپ کے بقول شروع میں ان کا رویہ درست تھا، مگر پھر شاید نمود و نمائش کی خواہش غالب آگئی، اور فرحت ہاشمی صاحبہ کے غیر شرعی طرزِ عمل کو اپنے لئے جواز کی دلیل بنایا۔ یہ کہاں کا اصول ہے کہ برائی کا مقابلہ کرنے کے لئے خود برائی کا ارتکاب کیا جائے؟۔ دین کا مبلغ ہونے کے ناطے احکامِ شرع و دین کی پاسداری کرنا اوّلین فریضہ ہے، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

اَتَاْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَاَنْتُمْ تَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝۴۴۔

ترجمہ: '' کیا لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے ہو؟ اور اپنے آپ کو بھول جاتے ہو، حالانکہ تم کتاب پڑھتے ہو تو کیا تم نہیں سمجھتے؟، (القرآن، سورۃ البقرۃ: 44)''۔

موصوفہ کو چاہئے کہ احکامِ شرع کی پابندی کریں اور سستی و دنیاوی شہرت کے حصول اور خود نمائی کے لئے احکامِ شرع کی پامالی سے اجتناب کریں اور دین کو اپنی مرضی کے مطابق ڈھالنے کے بجائے خود کو دین میں ڈھالنے کی عادت بنائیں اور دین میں فتنے برپا نہ کریں۔

فرحت ہاشمی کی باتوں کا جواب دینے کے لئے علماء موجود ہیں اور الحمد للہ ہم نے ''عصمتِ آدم علیہ السلام'' سے متعلق فرحت ہاشمی کے گستاخانہ طرزِ عمل پر اس کا رد کیا ہے، فتویٰ کی نقل آپ کو ارسال کی جارہی ہے۔

(نوٹ): عصمتِ آدم علیہ السلام سے متعلق فتویٰ ''تفہیم المسائل جلد سوم'' میں شامل کیا جا چکا ہے۔

Marfat.com

## مرد پر ریشم کا لباس حرام ہے

**سوال** :166

کیا فرماتے ہیں علماء کرام مسئلہ ہذا میں کہ مرد کو ریشم کا لباس حرام ہے، لیکن ایسا کپڑا جس میں تھوڑی بہت ملاوٹ ہو ریشم کی جیسا کہ چائنا کا بوسکی کپڑا۔ سوال یہ ہے کہ کتنی مقدار میں ریشم مکس ہو تو حرام ہے؟، (عبدالقیوم، نورانی مسجد، جہانگیر روڈ، کراچی)۔

**جواب**:

احادیثِ مبارکہ میں ریشم پہننے پر سخت وعید فرمائی ہے، حدیث پاک میں ہے: عن ثابت قال: سمعت ابن الزبیر یخطب یقول: قال محمد ﷺ: "من لبس الحریر فی الدنیا لن یلبسه فی الآخرة۔

ترجمہ: "حضرت ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے ابن زبیر کو فرماتے ہوئے سنا: محمد ﷺ نے فرمایا: کہ جو دنیا میں ریشم پہنے آخرت میں وہ ہرگز ریشم نہیں پہنے گا، (صحیح بخاری، رقم الحدیث:5833)"۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز اس مسئلے پر احادیث نقل فرماتے ہیں:

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں:

لاتلبسوا الحریر فانه من لبسه فی الدنیا لم یلبسه فی الآخرة۔رواه الشیخان عن امیرالمؤمنین عمر والنسائی وابن حبان والحاکم وصححه عن ابی سعید الخدری والحاکم عن ابی هریرة وابن حبان عن عقبة بن عامر رضی الله تعالیٰ عنهم اجمعین۔

ترجمہ: ریشم نہ پہنو جو اسے دنیا میں پہنے گا آخرت میں نہ پہنے گا (اس کو بخاری و مسلم نے امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے۔ نسائی، ابنِ حبان اور حاکم نے اس کو صحیح قرار دیا ہے اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی ہے اور حاکم نے حضرت ابوہریرہ سے اور ابن حبان نے حضرت عامر بن عقبہ رضی اللہ عنہ سے

Marfat.com

روایت کی،(صحیح بخاری باب لبس الحریر)۔

نسائی کی ایک روایت میں ہے فرماتے ہیں ﷺ: من لبسه فی الدنیا لم یدخل الجنة، رواہ عن امیرالمؤمنین عمر رضی الله عنه، ترجمہ: جو دنیا میں ریشم پہنے گا جنت میں نہ جائے گا، امام نسائی نے اس کو امیرالمومنین عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے،(فتاویٰ رضویہ جلد 22 ص:156 مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)''۔

فتاویٰ عالمگیری میں علامہ نظام الدین لکھتے ہیں: یجب ان یعلم ان لبس الحریر وھوما کانت لحمته حریرا او سداہ حریرا حرام علی الرجال فی جمیع الاحوال عند ابی حنیفة رحمه الله تعالیٰ۔

ترجمہ:''امام اعظم ابوحنیفہ کے نزدیک تمام حالتوں میں، اگر کپڑے کا تانا اور بانا ریشم کا ہو، تو وہ امام اعظم ابوحنیفہ (رضی اللہ عنہ) کے نزدیک تمام صورتوں میں مرد پر حرام ہے، (فتاویٰ عالمگیری جلد 5 ص:330 مکتبۂ رشیدیہ کوئٹہ)''۔

صاحبِ بہارِ شریعت علامہ امجد علی رحمۃ اللہ علیہ عالمگیری کے حوالے سے لکھتے ہیں: تانا ریشم ہو اور بانا سوت مگر کپڑا اس طرح بنایا گیا ہے کہ ریشم ہی ریشم دکھائی دیتا ہے تو اس کا پہننا مکروہ ہے،(بہارِ شریعت جلد دوم ص:620 مکتبہ رضویہ آرام باغ کراچی)۔

## مالک کو بتائے بغیر بھی حقوق ادا کرنے سے انسان بری الذمہ ہو جاتا ہے

**سوال:** 167

ایک شخص نے کسی ادارے میں کام کیا، وہاں سے کچھ مال چرالیا اور اسی ادارے میں نوکری کے دوران بھی پورا وقت نہیں دے پایا۔ مالک کو وقت نہ دینے کے بارے میں معلوم تھا، مگر وہ تنخواہ دے دیا کرتا تھا۔ اب وہ شخص اس ادارے کو ایک ایسی چیز دے رہا ہے، جس سے اس ادارے کو بھرپور فائدہ پہنچے گا، مثال کے طور پر اس شخص نے اس ادارے سے 200000/= دو لاکھ روپے کا مال غائب کیا اور وہ بہت توبہ بھی کرتا ہے اور اس ادارے کے سامنے اپنے اس گناہ کا اظہار کرے گا تو بہت رُسوائی کا سامنا ہوگا۔ اب جب کہ وہ شخص

Marfat.com

اس ادارے کو اگر وہ جو چیز دینا چاہتا ہے، اس کے بدلے کوئی ایسے الفاظ کے ساتھ حیلۂ شرعی کرلے کہ اس کا یہ معاملہ عزت کے ساتھ حل ہو جائے۔

برائے مہربانی جتنا ممکن ہو آسان رہنمائی فرمائیں۔

## سوال:168

گناہ کے سبب جن لوگوں کی رقم کھالی یا چرالی اب ان لوگوں سے معافی مانگنا چاہتا ہے، برائے مہربانی ان سے کس طرح معاف کروایا جائے یا معافی مانگی جائے کہ عزت بھی بنی رہے اور کام بھی ہو جائے اور وہ لوگ معاف بھی کر سکتے ہیں، برائے مہربانی کچھ ایسے الفاظ کا شرعی حیلہ بتائیں کہ اس سے کہا جائے اور وہ معاف کر دیں، (محمد ندیم قادری، بلاک 6 لیاقت آباد، کراچی)۔

## جواب:

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اِنَّ الَّذِيْنَ يُحِبُّوْنَ اَنْ تَشِيْعَ الْفَاحِشَةُ فِى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۙ فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ؕ

ترجمہ: ''بے شک جو لوگ یہ چاہتے ہیں کہ ایمان والوں میں بے حیائی کی بات پھیلے، ان کیلئے دنیا و آخرت میں دردناک عذاب ہے، (النور:19)''۔

اگرچہ قرآن مجید میں ''فاحشہ'' اور ''فحشاء'' کا لفظ بطور استعارہ کے بالعموم زنا کے معنوں میں استعمال ہوا ہے، لیکن اس سے عام بے حیائی اور برائی اور اخلاق ذمیمہ بھی مراد ہیں، لہٰذا اس آیت کی رو سے گناہ، برائی، اور بدی کی اشاعت اور اظہارِ گناہ ازروئے قرآن معیوب اور ناپسندیدہ فعل ہے، یہی وجہ ہے کہ قومِ لوط کے جرم کی قبح وشناعت کو عیاں کرنے کیلئے قرآن نے فرمایا کہ: وَلُوْطًا اِذْ قَالَ لِقَوْمِهٖۤ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ ۫ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ ۝۲۸ اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ وَتَقْطَعُوْنَ السَّبِيْلَ ۙ۬ وَتَاْتُوْنَ فِىْ نَادِيْكُمُ الْمُنْكَرَ ؕ

ترجمہ: ''اور ہم نے لوط کو بھیجا، جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا، بے شک تم بے حیائی کا کام

Marfat.com

کرتے ہو، جوتم سے پہلے جہان والوں میں سے کسی نے نہیں کیا، کیا تم (قانون فطرت کے خلاف) مردوں سے شہوت پوری کرتے ہو اور راہزنی کرتے ہو اور تم اپنی مجلسوں میں اعلانیہ برے کام کرتے ہو، (العنکبوت:28,29)''۔

ان آیات میں قومِ لوط کے اعمال بد کا یہ رخ اجاگر کیا کہ وہ منکر، بے حیائی اور بدی کو چھپا کر کرنے کے بجائے، اس کا ڈھنڈورا پیٹتے تھے اور اس کو ذریعۂ تفاخر سمجھتے تھے، اور یہ کیفیت تب پیدا ہوتی ہے، جب کسی معاشرے میں اجتماعی ضمیر مر جاتا ہے، بدی کی قوتیں غالب آجاتی ہیں اور خیر کی قوتیں مغلوب ہو جاتی ہیں، یعنی بدی کا اعلان و اظہار اس کی شناعت و قباحت میں اضافے کا باعث ہے، شریعت کی اصل روح یہ ہے کہ ''بدی'' کو حتی الامکان مستور رکھا جائے، حدیث پاک میں ہے:

(1) عن یزیدبن نعیم عن ابیه ان ماعزاً اتی النبی ﷺ فاقرعندهٗ اربع مراتٍ فامربرجمهٖ وقال لھزال لوسترتهٗ بثوبک کان خیرالک، قال ابن المنکدران ھزالا امرماعزاً ان یاتی النبی ﷺ فیخبرهٗ۔

(ترجمہ): یزید بن نعیم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ماعز نے نبی ﷺ کے پاس حاضر ہوکر اپنے جرم (زنا) کا چار بار اعتراف کیا، تو آپ نے اسے رجم کرنے کا حکم دیا، اور آپ ﷺ نے ہزال سے فرمایا: کاش کہ تم نے اس کے جرم کی پردہ پوشی کی ہوتی یہ تمہارے لئے بہتر ہوتا، ابن منکدر کہتے ہیں کہ ھزال نے ماعز کو کہا تھا کہ حضور ﷺ کے پاس حاضر ہوکر انہیں اپنے گناہ کے بارے میں بتائے، (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث:43784377, مطبوعہ مؤسسۃ الریان، بیروت)''۔

(2) عن عبداللّٰه بن صفوان عن ابیه انه نام فی المسجدو توسدرداءہٗ فاخذ من تحت راسه۔ فجاء بسارقه الی النبی ﷺ ۔ فامر به النبی ﷺ ان یقطع۔ فقال صفوان یا رسول اللّٰه! ،لم اردھذا، ردائی علیه صدقة، فقال رسول ﷺ ''فھلا قبل ان تاتینی به''۔

Marfat.com

ترجمہ: ''عبداللہ بن صفوان نے اپنے والد (صفوان) سے روایت کیا کہ وہ مسجد میں اپنی چادر کا تکیہ بنا کر سوئے ہوئے تھے کہ (کسی شخص نے) ان کے سر کے نیچے سے (چادر چرالی)، تو وہ اپنے چور کو پکڑ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس لائے، حضور نے (اعتراف جرم کے بعد) اس کا ہاتھ کاٹنے کا حکم صادر فرمایا، تو (اس موقع پر) صفوان نے عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم! میرا ارادہ یہ نہیں تھا (کہ اس کا ہاتھ کاٹا جائے)، میری یہ چادر اس پر صدقہ ہے (یعنی اسے معاف کر دیجئے)، تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: ''تو تم نے مقدمہ میرے پاس لانے سے پہلے ایسا کیوں نہ کر دیا''، (سنن ابن ماجہ:2595)''۔

چونکہ ''حد شرعی'' کا مقدمہ جب قاضی کے سامنے پیش ہو جائے تو پھر اعتراف جرم یا گواہوں کے ذریعے جرم ثابت ہونے کے بعد مقدمہ واپس نہیں لیا جاسکتا، اس لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حد نافذ فرمادی، لیکن آپ نے اس بات کو پسند فرمایا کہ مدعی، قاضی کی عدالت میں مرافعہ سے پہلے اپنے قصوروار اور ملزم کو معاف کر دے اور اس کی ستر پوشی کرے۔ بلکہ اسلام نے مسلمان کی ستر پوشی کو بہت بڑی نیکی قرار دیا ہے، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا ارشاد ہے:

(1) من ستر مسلما ستره الله يوم القيمه۔

ترجمہ: ''جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کے عیوب کو (اپنی عفو و مغفرت اور رحمت میں) مستور فرمائے گا، (صحیح بخاری، رقم الحدیث:2442)''۔

(2) من رأى عورة اخيه فسترها كمن احيا موؤدة۔

ترجمہ: ''جس شخص نے اپنے (کسی دینی بھائی) کے عیب کو دیکھا اور اس کی پردہ پوشی کی، تو وہ (اللہ تعالیٰ کے ہاں) اس شخص کی مانند اجر پائے گا، جس نے کسی زندہ درگور بچی کو (نکال کر) اسے (نئی) زندگی عطا کر دی ہو، (سنن ابی داؤد، رقم الحدیث4855)''۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دین و شریعت کی اصل روح یہ ہے کہ خطا کار کی پردہ پوشی کی جائے، الا یہ کہ کسی خاص صورت حال میں شریعت کا تقاضا اس کے برعکس ہو۔ اب صورت

Marfat.com

مسئولہ میں چونکہ آپ پر اللہ کا کرم ہوا اور آپ نے ماضی کی معصیت کی زندگی کو ترک کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور حقوق العباد کی جو حق تلفی آپ سے ہوئی ہے، آپ اس کی تلافی کرنا چاہتے ہیں، تو یہ بڑی سعادت کی بات ہے۔ اللہ تعالیٰ ''ستار العیوب'' ہے، اس کا طریقہ یہ ہے کہ آپ صدقِ دل سے اللہ تعالیٰ سے توبہ کریں اور جتنا مال آپ نے ادارے یا افراد کا ناحق لیا ہے، اتنی مالیت آپ ان کو لوٹا دیں، اس طرح کہ وہ اس پر مالکانہ تصرف کرسکیں، خواہ آپ اسے عطیہ کا نام دیں، ہبہ کا نام دیں یا اعانت کہیں، جو بھی حالات کے تحت مناسب ہو، ان کو یہ بتانا ضروری نہیں ہے کہ آپ نے ان کا اتنا مال ناجائز طریقے سے لیا تھا۔ اور ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کرتے رہیں کہ وہ دنیا وآخرت دونوں میں اپنے ظِلِّ رحمت اور اپنے حبیب کریم ﷺ کے دامان رحمت میں پناہ عطا فرمائے اور دنیا وحشر میں رسوائی سے محفوظ فرمائے۔ اور ان افراد سے یہ کہیں کہ مجھے احساس ہے کہ دانستہ یا نادانستہ مجھ سے آپ کی حق تلفی ضرور ہوئی ہوگی، خواہ آپ کو یاد ہو یا نہ ہو، میری ان سب تقصیرات کو معاف فرمادیں تاکہ میں اپنے ضمیر کو مطمئن کرکے اور احساس گناہ کے بوجھ سے ہلکا ہوکر سفرِ حج پر روانہ ہوسکوں اور اللہ تعالیٰ کے اس اجر وثواب کا یقینی امیدوار بن سکوں، جو رسول اللہ ﷺ نے حج مبرور کیلئے بیان فرمایا ہے۔

علامہ علاء الدین حصکفی لکھتے ہیں: (ویبرأ بردها ولو بغیر علم المالک) فی "البزازیة" غصب دراهم انسان من کیسه ثم ردها فیه بلاعلمه برئ۔

ترجمہ: ''اور (جس نے کسی کی کوئی چیز غصب کرلی ہو یا باطل طریقے سے لے لی ہو تو) اسے مالک کے علم میں لائے بغیر اسے لوٹادینے سے وہ غاصب بری الذمہ ہوجائے گا، اور ''بزازیہ'' میں ہے کہ ایک شخص نے کسی دوسرے شخص کی کچھ رقم، اس کے پرس سے نکال لی اور پھر اسے بتائے بغیر واپس رکھ دیا (یا اسے لوٹا دیا) تو وہ بری الذمہ ہوجائے گا، (ردالمحتار علی الدرالمختار: جلد:9، ص:219,220، مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

علامہ شامی لکھتے ہیں: ولو ساله سلطان عن فاحشة وقعت منه سرا کزنا او شرب

Marfat.com

فله ان يقول ما فعلته لان اظهارها فاحشة اخرى۔

ترجمہ: ''اگر حاکم کسی شخص سے اس کے جرم کے متعلق پوچھے، جو اس نے چھپا کر کیا ہے، جیسے شراب پینا یا زنا کرنا، تو اس کیلئے جائز ہے کہ وہ یہ کہے کہ یہ کام میں نے نہیں کیا، چونکہ بے حیائی کا اظہار بھی بے حیائی ہے، (ردالمحتار علی الدرالمختار: جلد:9، ص:525، مطبوعہ داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

## شرعاً قسم منعقد نہیں ہوئی

**سوال:** 169

والدہ کے انتقال کے بعد میرے چھوٹے بھائی طارق نے مجھ پر غلط قسم کے الزامات لگائے اور میرے بچوں سے تمام بات کی، مجھے بعد میں معلوم ہوا تو میں نے اس سے پوچھا اس بات پر میرے ساتھ مار پیٹ کی جھگڑا بڑھ گیا اس کی بیوی نے بھی میرے ساتھ تشدد کیا۔ جب میرے بیٹے عرفان کو معلوم ہوا تو اس نے اپنے سر پر ہاتھ رکھوا کر مجھ سے کہا کہ تم حلفیہ قسم کھاؤ کہ اب اپنے بھائیوں اور بہنوں سے واسطہ نہ رکھو گی، اگر رکھو گی تو میرے مرے کا منہ دیکھو گی۔ اب آپ شرع ، حدیث کی روشنی میں بتائیں کہ یہ قسم کیسے توڑی جائے گی؟۔ (جہاں آراء، فیڈرل بی ایریا، کراچی)۔

**جواب:**

آپ نے اپنے سوال میں لکھا ہے: ''جب میرے بیٹے عرفان کو معلوم ہوا تو اس نے اپنے سر پر ہاتھ رکھوا کر مجھ سے کہا کہ تم حلفیہ قسم کھاؤ کہ اب اپنے بھائیوں اور بہنوں سے واسطہ نہ رکھو گی، اگر رکھو گی تو میرے مرے کا منہ دیکھو گی''، اس میں آپ کے قسم کھانے کا کہیں ذکر نہیں ہے، اور ''اگر رکھو گی تو میرے مرے کا منہ دیکھو گی'' یہ شرعی قسم کے کلمات نہیں ہیں، لغو کلمات ہیں، اگرچہ بندۂ مومن کو اس طرح کے کلمات ادا نہیں کرنے چاہئیں۔ لہٰذا اگر آپ کا سوال درست ہے، حقیقت واقعہ کے مطابق ہے تو اس سے شرعاً قسم منعقد نہیں ہوئی، آپ اپنے بھائیوں سے مل سکتی ہیں، اس میں کوئی کفارہ عائد نہیں ہوتا، اور آپ کے

Marfat.com

بیٹے کو بھی اپنے ماموں سے ملنا چاہئے، کیونکہ رسول اللہ ﷺ کا فرمان ہے: "لا یحلّ لرجلٍ أن یھجر أخاہ فوق ثلاث لیالٍ"۔
ترجمہ: "مؤمن کیلئے یہ جائز نہیں کہ اپنے (دینی) بھائی کے ساتھ تین دن سے زیادہ قطع تعلق (Boycoh) کرے، (صحیح بخاری، رقم الحدیث: 6077)"۔
نیز آپ کے بھائی نے اگر غلط الزامات لگائے ہیں تو انہیں بھی آپ سے اور اللہ سے معافی مانگنی چاہئے۔

## پرائز بانڈز اور شیئرز کا شرعی حکم

**سوال:**170

کیا Shares اور Prize Bond کا رکھنا جائز ہے؟، (کامران، کراچی)۔

**جواب:**

جن اداروں / کمپنیز کے کاروبار میں سودی لین دین شامل ہے یا کسی حرام چیز کا کاروبار ہے، تو اس کے شراکتی حصص (Shares) رکھنا یا اس کا شراکت دار بننا جائز نہیں ہے، اور جن اداروں / کمپنیز کے کاروبار میں سودی لین دین شامل نہیں ہے یا وہ شرعی طور کسی ممنوع وحرام چیز کا کاروبار نہیں ہے، تو اس کا شراکت دار (Share Holder) بننا جائز ہے۔ انعامی بانڈز (Prize Bond) کی خرید وفروخت اور ان پر ملنے والا انعام جائز ہے، بانڈ پر درج قیمت (Face value) پر خرید وفروخت میں تو کسی کا اختلاف نہیں ہے، البتہ اس کی انعامی رقم کے جواز پر علماء کا اختلاف ہے، ہمارے علماء اہلسنت وجماعت کے نزدیک یہ انعامی رقم لینا جائز ہے، اس میں حرمت کی کوئی وجہ نہیں ہے، میں ماضی میں ایکسپریس کے صفحات پر اس موضوع پر قدرِ تفصیل کے ساتھ لکھ چکا ہوں، یہ اختلاف فقہی دلائل کی بنیاد پر ہے، یہ مسلکی نوعیت کا، اصولی یا اعتقادی اختلاف نہیں ہے۔ دورِ حاضر کے ایسے مسائل جو "مجتہد فیہ" ہیں، یعنی جن پر اس عہد کے اہلِ فتویٰ اور اہلِ علم نے دلائل شرعیہ کی روشنی میں جواز یا عدمِ جواز کا حکم لگانا ہوتا ہے، اور علماء کی فقہی آراء ان

Marfat.com

بارے میں مختلف ہوتی ہیں، تو ایسی صورت میں عامۃ المسلمین کو میرا مشورہ یہ ہوتا ہے کہ جن علماء کی فقاہت اور اجتہادی اہلیت پر انہیں زیادہ اعتماد ہو، ان کی رائے پر عمل کرلیا کریں، لیکن یہ ترجیح دیانت کی بنیاد پر ہو محض اتباعِ نفس میں نہ ہو۔

## ٹریفک سگنل توڑنے کا شرعی حکم

**سوال:171**

ٹریفک سگنل جو کہ عوام کی بھلائی کے لئے بنایا گیا ایک قانون ہے اور عمومی طور پر اس کی پاسداری عوام میں نظر نہیں آرہی ہے، سوال یہ ہے کہ کیا سگنل کا توڑنا گناہِ کبیرہ میں شمار ہوتا ہے؟۔ (کامران، کراچی)۔

**جواب:**

اسلام نے حلال وحرام کی حدود مقرر کردی ہیں، جن امور کی حرمت قرآن وسنت میں منصوص ہے، وہ قطعی ہیں ان کی حرمت پر اجماع ہوچکا ہے، ان کے بارے میں مزید بحث کی ضرورت نہیں ہے باقی ایسے تمام امور جو اپنی اصل کے اعتبار سے تشریعی نہیں ہیں، ان کے بارے میں ہمارا مسلمہ فقہی اصول ہے کہ: ''اشیاء میں اصل اباحت ہے'' تاوقتیکہ کسی دلیل شرعی سے اس کی حرمت ثابت نہ ہوجائے۔ ان مباح امور کا دائرہ کافی وسیع ہے، ان کے بارے میں حاکم وقت (اس کی حیثیت حاکمہ حالات وزمانہ کے اعتبار سے جو بھی ہو)، مقننہ (Legislature) یا پارلیمنٹ کو اجتماعی مفاد میں قانون سازی کا حق حاصل ہے، ''Traffic Signal'' یا یکطرفہ ٹریفک، دائیں یا بائیں مڑنے کی ممانعت یا پارکنگ کی ممانعت سب قوانین اسی کے ذیل میں آتے ہیں، حکومت عوامی مفاد اور انسانی زندگی کو نقصان یا ہلاکت سے بچانے کے لئے تعزیر بھی مقرر کرسکتی ہے۔

علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں: لان طاعة الامام فیمالیس بمعصیة واجبة۔ ''یعنی ایسے امور میں حاکم وقت کی اطاعت، جن میں ازروئے شریعت معصیت لازم نہ آتی ہو، واجب ہے، اور ترک واجب گناہ صغیرہ ہوتا ہے، مومن کو ویسے بھی عزت نفس کا پاس

Marfat.com

رکھنا چاہئے''۔

## کامرس یا اکاؤنٹنگ کی تعلیم میں سودی اندراج

**سوال:172**

کالجوں میں عام طور پر حساب وکتاب کے حوالے سے سود کا درج کرنا اور اس کو وصول کرنا وغیرہ وغیرہ سکھایا جاتا ہے، کیا اس کی لکھت پڑت جائز ہے حالانکہ یہ عمل صرف سکھانے کی حد تک ہوتا ہے؟ اور یہ بھی بتائیں کہ کیا اس کا سکھانا گناہ کے کس درجے میں ہوگا (کبیرہ/صغیرہ)؟، (کامران، کراچی)۔

**جواب:**

حصولِ علم کی حد تک یہ جائز ہے، کیونکہ کامرس، اکاؤنٹینگ اور آڈٹنگ کے نصابی وتربیتی کورسز کا یہ لازمی حصہ ہوتے ہیں، سودی کاروباری ادارے میں ملازمت جائز نہیں ہے۔

## بجلی کی چوری

**سوال: 173**

آپ جانتے ہوں گے کہ عموماً حکومت کے محکموں کی نااہلی کی وجہ سے جیسا کہ بجلی کے بل جو کہ صارف کو بھیجے جاتے ہیں ان میں بیشتر ایسا ہوتا ہے کہ ضرورت سے زیادہ بل بنا کر بھیج دیا جاتا ہے، جبکہ اس پر اتنا بل لازم نہیں ہوتا وہ صارف اس صورتِ حال سے نمٹنے کے لئے بجلی کے میٹر میں کچھ کمی بیشی کرواتا ہے اگر چہ قانوناً یہ جرم ہے لیکن مجبوری میں ایسا کیا جاتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا ایسا کرنا جائز ہے؟، ناجائز ہونے کی صورت میں صارف اس رقم کی ادائی کس طرح کرے جو کہ چوری کی تھی اور اس چوری کے دوران جتنی عبادات کی تھیں کیا وہ سب ثواب سے محروم ہوگئیں؟ یا ان کا لوٹانا واجب ہے؟، (کامران، کراچی)

**جواب:**

بجلی کے میٹر میں ردوبدل کرنا خیانت کے زمرے میں آتا ہے اور یہ شرعاً جائز نہیں ہے، اسی طرح بجلی کے محکمے کا میٹروں کو تیز کر کے صارفین سے زائد بل لینا، یہ بھی

Marfat.com

خیانت ہے۔اور اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی صریح خلاف ورزی ہے کہ: لَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ ۔ترجمہ: ’’آپس میں ایک دوسرے کا مال باطل طریقوں سے نہ کھاؤ (النساء:29)‘‘۔لیکن یہ امر ملحوظ رہے کہ کسی کا ظلم ہمارے لئے ظلم کے جواز کی دلیل نہیں بن سکتا، یہ شیطان کے بہکاوے اور تزویرات ہیں، جو انسان کے نفس کو گناہ پر آمادہ کرنے کے لئے ہوتے ہیں، ورنہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ ﴿۱۴﴾ وَّلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ ﴿۱۵﴾ ۔ترجمہ: ’’بلکہ انسان اپنے نفس (کے حسن وقبح اور خیر وشر) پر خوب آگاہ ہے، خواہ وہ (فریبِ نفس کے لئے) کتنے ہی عذر تراشتا رہے، (القیامۃ:15-14)‘‘، اور ارشادِ باری تعالیٰ ہے: اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿۴﴾ ترجمہ: ’’ہر نفس اپنے اوپر نگہبان ہے، (الطارق:4)‘‘۔حدیث پاک میں ہے: عن النواس بن سمعان أن رجلاً سأل رسول اللہ ﷺ عن البر والاثم " فقال النبی ﷺ: "البرُّ حسن الخلق، والاثم ماحاک فی نفسک و کرھت أن یطلع علیه الناس "۔

ترجمہ: ’’نواس بن سمعان بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے رسول اللہ ﷺ سے نیکی اور گناہ (کی پہچان) کی بابت دریافت کیا، تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: نیکی اچھے اخلاق کا نام ہے، اور برائی وہ ہے جو تیرے دل میں کھٹکے (یعنی جس پر تمہارے دل میں چبھن اور کسک محسوس ہو) اور تجھے یہ بات ناگوار ہو کہ لوگوں کو اس کا پتہ چل جائے، (سنن ترمذی، رقم الحدیث:2389)‘‘۔

حضرت وابصہ رضی اللہ عنہ نیکی اور گناہ کے بارے میں دریافت کرنے کے لئے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے، تو قبل اس کے کہ وہ اپنے دل کی بات کہتے، رسول اللہ ﷺ نے اس کے دل کا حال بیان کرتے ہوئے خود ہی فرمایا: کہ تم نیکی اور گناہ کی بابت پوچھنے آئے ہو؟ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں، پھر آپ نے فرمایا: اے وابصہ! اپنے دل سے پوچھو، نیکی وہ ہے، جس پر تمہارے دل کو اطمینان وقرار نصیب ہو جائے اور گناہ وہ ہے جو تمہارے دل میں کھٹکے اور تمہیں دل میں تردُّد ہو (کہ کروں یا نہ کروں)، اگرچہ لوگ تمہیں

Marfat.com

(اپنے من پسند) فتوے دیتے رہیں، (مسند احمد، جلد 4، ص:228)"۔

عبادات اور دعاؤں کی قبولیت پر محرمات کا اثر پڑتا ہے اور اس سلسلے میں احادیث موجود ہیں: عن ابن عمر، عن النبی ﷺ قال: "لا تقبل صلاة بغیر طھور، ولا صدقة من غلول "۔ ترجمہ: "حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: (اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں) طہارت کے بغیر نماز مقبول نہیں اور خیانت کے مال سے صدقہ قبول نہیں، (سنن ترمذی، رقم الحدیث:1)"۔

عن ابی ھریرة قال :قال رسول اللہ ﷺ : "ایھاالناس ! ان اللہ طیب لا یقبل الا طیبا۔ وان اللہ أمر المؤمنین بما امربه المرسلین۔فقال: ﴿یٰۤاَیُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ وَ اعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ اِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِیْمٌ﴾ وقال : ﴿یاایھا الذین امنو ا کلوا من طیبات مارزقنکم﴾ ثم ذکر الرجل یطیل السفر اشعث اغبر ۔ یمد یدیه الی السماء۔ یارب! یارب! ومطعمه حرام ، ومشربه حرام، وملبسه حرام وغذی بالحرام ،۔ فانی یستجاب لذالک ؟۔

ترجمہ: "حضرت ابو ہریرہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے لوگو! بے شک اللہ صرف پاک (صدقات کو) مقبول فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ نے مومنوں کو بھی اسی بات کا حکم دیا ہے، جس کا حکم رسولوں کو دیا ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے رسولو! پاکیزہ رزق میں سے کھاؤ اور نیک کام کرو بیشک تم جو بھی عمل کرتے ہو، مجھے اس کا بخوبی علم ہے، (المؤمنون: 51)"۔ پھر آپ نے ایک شخص کا ذکر فرمایا کہ وہ غبار آلود ہے، بال پراگندہ ہیں، طویل سفر کر کے آیا ہے، اور اپنے ہاتھ دعا کے لئے آسمان کی طرف پھیلا کر پکارتا ہے: اے میرے پروردگار، اے میرے پروردگا! اور اس کا کھانا حرام کا ہے، پینا حرام سے ہے اور لباس حرام کا ہے اور اسے حرام ذرائع سے غذا دی جاتی ہے، تو کیسے اس کی دعا قبول ہو گی، (صحیح مسلم، رقم الحدیث:2308)"۔

Marfat.com

## انجکشن کے ذریعے جانوروں کی افزائشِ نسل کا جواز

**سوال** :174

جانوروں کی نسل بڑھانے کے لئے انجکشن لگانے والا طریقہ جائز ہے یا نہیں؟،

(اسد رؤف بلوچ، کراچی)۔

**جواب**:

جانوروں کی افزائشِ نسل (Breeding) کے لئے نَر جانور (Male Animal) کے مادّۂ منویہ (Semon) کے تولیدی جرثومے (Sperm) کو انجکشن کے ذریعے مادّہ جانور (Female Animal) کی بچہ دانی (Uterus) میں پہنچانا جائز ہے، اس کے نتیجے میں حلال جانوروں (بھیڑ، بکری، گائے، بھینس، اونٹنی وغیرہ) کے جو بچے پیدا ہوتے ہیں، وہ بھی حلال ہوتے ہیں، ان کی قربانی بھی ہر قسم کی کراہت سے پاک ہے اور جائز ہے۔ احکامِ شرعیہ اور رشتۂ ازدواج اور عقد نکاح کی حِلّت (Permission) اور حُرمت (Prohibition) کے احکام کا تعلق انسانوں سے ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں نعمتِ عقل عطا کر کے خیر وشر اور حلال وحرام میں تمیز کا ملکہ اور فطری استعداد اور جبلّت بھی عطا فرمائی ہے اور انبیاء کرام ورُسل عظام علیہم الصلوٰۃ والسلام اور کتب سماوی کے ذریعے خارجی ہدایت کا بھی اہتمام فرمایا ہے، جانور احکام کے مکلّف نہیں ہیں۔

## روحانی علاج کی شرعی حیثیت

**سوال**:175

روحانی علاج کا حکم قرآن پاک سے ثابت ہے۔ تو قرآن پاک اور حدیث کی روشنی میں اور مستند کتابوں کے حوالوں سے روحانی علاج کا شرعی حکم کیا ہے؟۔

**سوال**:176

روحانی علاج جو کہ کلام الٰہی سے کرتے ہیں اور اس کا ہدیہ مبارک لیتے ہیں یہ جائز ہے؟ تو قرآن پاک اور حدیثوں کے حوالوں سے اور مستند کتابوں کے حوالے سے فتویٰ

Marfat.com

عنایت فرمائیں، تاکہ ہماری دینی اصلاح ہو جائے ،(صوفی محمد اقبال قادری چشتی ناصری جلالی، مکان 135/10 سیکٹر 11/D نیو کراچی )۔

**جواب :**

کسی کے لئے دعائے خیر، آیاتِ الٰہی یا کلمات مقدسہ پڑھ کر دم کرنا یا اسمائے مبارکہ اور آیات لکھ کر تعویذ کی صورت میں باندھنا یا لٹکانا شرعاً جائز ہے۔ امراض جس طرح جسمانی وطبعی ہوتے ہیں، اسی طرح روحانی، اخلاقی اور اعتقادی بھی ہوتے ہیں، اس کا ذکر قرآن مجید میں موجود ہے" شافي الامراض بالذات" صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اور اس کی مشیت کے بغیر شفاء کا ملنا ناممکن ہے، لیکن یہ عالم اسباب ہے اور ہم شرعاً اسباب کو اختیار کرنے کے مکلف ہیں یا یہ کہ اسباب کا اختیار کرنا جائز ہے۔ جیسے بیماری کی صورت میں ہم ڈاکٹر سے رجوع کرتے ہیں اور دواؤں کا استعمال کرتے ہیں، لیکن ہمارا عقیدہ یہ ہوتا ہے کہ طبیب کی تشخیص اور دوا کی تاثیر اللہ تعالیٰ کی مشیت کے تابع ہے۔ اسی طرح دعا، دم اور تعویذ وغیرہ ازالۂ مرض وشر کے روحانی اسباب ہیں جیسے دوا مادی سبب ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۙ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿۸۲﴾

ترجمہ: "اور ہم قرآن میں ایسی چیز نازل فرماتے ہیں جو اہل ایمان کے لئے (وسیلہ) شفا ورحمت ہے اور ظالموں کے لئے تو صرف نقصان ہی میں اضافہ کر رہا ہے، (بنی اسرائیل:82)"۔

اس میں تو کوئی شبہ ہی نہیں کہ قرآن اخلاقی اور اعتقادی امراض کے لئے شفا ہے، تاہم جمہور مفسرین نے یہ لکھا ہے کہ آیات قرآنی پڑھ کر دم کرنے یا آیات واسمائے الٰہی کا تعویذ باندھنے سے اللہ تعالیٰ جسمانی امراض سے بھی شفا عطا فرماتا ہے۔ بخاری، مسلم، ترمذی، ابو داؤد اور مسند احمد میں یہ حدیث ہے کہ حضرت ابوسعید خدری نے سورۃ فاتحہ پڑھ کر دم کیا اور ایک شخص جو بچھو کے کاٹنے سے تڑ[illegible] نے اس پر بکریوں کا

Marfat.com

ریوڑ معاوضہ بھی لیا۔ لیکن صحابہ کا آپس میں اختلاف ہوگیا کہ آیا یہ اجرت، جسے آج کل کی اصطلاح میں نذرانہ کہتے ہیں، جائز ہے یا نہیں؟ لہٰذا انہوں نے توقف کیا اور مدینہ طیبہ پہنچ کر حضور ﷺ سے اس کا شرعی حکم دریافت کیا تو آپ نے نہ صرف اسے جائز قرار دیا بلکہ فرمایا کہ اس میں سے مجھے بھی دو۔ یہ بعض مواقع پر حضور ﷺ اس لئے کرتے تھے تاکہ صحابہ کرام کو اس کے جائز ہونے میں کوئی شبہ نہ رہے۔ آیات قرآنی اور کلمات مقدسہ پڑھ کر دم کرنے (نظر بد یا موذی جانوروں کے ایذا یا جنات وغیرہ کے اثر یا مرگی کے دورے سے تحفظ کے) کا ثبوت وجواز متعدد احادیث مبارکہ اور رسول اللہ ﷺ کے اپنے عمل مبارک سے بھی ثابت ہے۔ لیکن یہ قرآن مجید کی ضمنی اور اضافی برکات ہیں۔ بنیادی طور پر قرآن مجید کتاب ہدایت اور ضابطہ عمل ہے جس پر ایمان بھی ضروری ہے اور اس کے احکام پر عمل بھی اور قرآن پاک کی اسی جہت کو غالب حیثیت حاصل ہے۔ جن احادیث مبارکہ میں تعویذ یا دم کی ممانعت آئی ہے وہ اس پر محمول ہے کہ (1) وہ دم یا منتر کلمات شرک وکفر یا کلمات ضلالت پر مشتمل ہو اور (2) یا یہ کہ کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی ذات کو فراموش کرکے محض اسباب کو مؤثر بالذات مانے۔ بلاشبہ مؤثر بالذات صرف اور صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے، اسباب میں تاثیر اسی نے پیدا فرمائیں اور وہ جب چاہے اسے سلب فرما سکتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ حوالہ جاتِ بالا سے روحانی علاج اور اس پر ہدیہ ونذرانہ کا جواز ثابت ہوتا ہے، واللہ اعلم بالصواب۔

ِلام الٰہی سے ۔

ن پاک اور حدیثوں کے حوالوں سے

Marfat.com

# متفرق

Marfat.com

## والدین کی خدمت کے وسیلے سے دعا کرنے پر اجرِ آخرت باطل نہیں ہوتا

**سوال:177**

کسی نے بتایا تھا کہ والدین کی خدمت کا بہت اجر ہے۔سوال یہ ہے کہ ''اگر ہم اس خدمت کے واسطے سے دعا کریں، تو اس کا اجر کم تو نہیں ہوگا، کہ یہاں مل جائے تو آخرت میں اللہ کہے کہ اجر تو دنیا میں ہی لے لیا ہے، اب میرے پاس کیا لینے آئے ہو''۔ قرآن وحدیث کی روشنی میں جواب عنایت فرمائیں، (حماد خان، بذریعہ ای میل معرفت روزنامہ ایکسپریس)۔

**جواب:**

قرآن مجید میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے: یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَعِیْنُوْا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ؕ ۔ ترجمہ: ''اے ایمان والو! صبر ونماز (کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ کی) مدد طلب کرو، (البقرۃ:153)''۔اس ارشادِ باری تعالیٰ سے معلوم ہوا کہ اعمالِ خیر کو اللہ تعالیٰ کی ذات سے استعانت کا وسیلہ بنایا جاسکتا ہے، آیت میں صبر اور نماز کا ذکر ہے اور بعض مفسرین کرام نے صبر سے روزہ مراد لیا ہے۔ظاہر ہے کہ وہی عمل خیر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقبول وماجور ہے جو دنیوی صلہ وستائش کی تمنا کیے بغیر محض اجرِ آخرت اور رضاءِ الٰہی کے لئے کیا جائے اور حدیثِ مبارک ''اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ''یعنی اعمال (پر جو جزا مرتب ہوتی ہے اس کا) مدار (اس کی) نیت اور ارادے پر ہوتا ہے (جو اس عمل کا محرِّک بنتی ہے)، سے بھی یہی مراد ہے۔اور اللہ تعالیٰ ہی کا ارشاد ہے:

وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِیَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ۔ترجمہ: ''اور انہیں فقط اسی بات کا حکم دیا گیا ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی عبادت اس حال میں کریں کہ اطاعت خالص اسی کی ذات کے لئے ہو، (البیّنۃ:5)''۔

حدیث پاک میں ہے: امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ ترمذی اپنی سند کے ساتھ عبداللہ بن ابی اوفی

Marfat.com

سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جسے اللہ تعالیٰ کی ذات یا اس کے کسی بندے سے کوئی حاجت درپیش ہو تو اسے چاہئے کہ وضو کرے اور نہایت اچھے طریقے سے وضو کرے، پھر دو رکعت نمازِ نفل (صلوٰۃ الحاجت) پڑھے، پھر اللہ تعالیٰ کی ثنا پڑھے، پھر نبی ﷺ پر درود پڑھے اور پھر یہ دعا پڑھے: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْمُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ، اَسْئَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ، وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِکَ، وَالْغَنِیْمَةَ مِنْ کُلِّ بِرٍّ، وَالسَّلَامَةَ مِنْ کُلِّ اِثْمٍ، لَا تَدَعْ لِیْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ، وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهٗ، وَلَا حَاجَةً هِیَ لَکَ رِضًا اِلَّا قَضَیْتَهَا یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔

ترجمہ: ''اللہ کے سوا کوئی عبادت کا مستحق نہیں، بہت بُردبار نہایت کرم فرمانے والا ہے، اللہ (ہر عیب اور نقص سے) پاک ہے، عرش عظیم کا مالک ہے، تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے جو تمام جہانوں کا پروردگار ہے، اے اللہ! میں تجھ سے (ان اعمالِ خیر کی توفیق چاہتا ہوں) جو تیری رحمت کا باعث ہوں، اور ایسے نیک پختہ ارادوں کا طلب گار ہوں جو تیری مغفرت کا سبب بنیں، اور تجھ سے تمام نیکیوں کی توفیق کا سوال کرتا ہوں اور ہر گناہ سے حفاظت کا طلبگار ہوں، (میرے) ہر گناہ کو بخش دے، ہر غم (اور رنج والم) میں کشادگی عطا فرما، اے سب سے بڑے رحم فرمانے والے! میری ہر اُس حاجت کو پورا فرما جو تیری رضا کا باعث ہے، (سنن ترمذی، رقم الحدیث:479)''، اس حدیث کو امام ترمذی نے ضعیف قرار دیا ہے، لیکن فضائلِ اعمال میں ضعیف حدیثیں بھی معتبر ہوتی ہیں۔ اسی طرح صحیح بخاری رقم الحدیث:2215 میں تین آدمیوں کے غار میں پھنس جانے کا ذکر ہے اور پھر وہ باہمی مشورے سے باری باری اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اپنے ان نیک اعمال کا ذکر کرتے ہیں، جو انہوں نے خالص اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے کئے تھے، ان میں سے ایک شخص نے ماں باپ کی اس خدمت کا وسیلہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پیش کیا، جو اس نے رضاءِ الٰہی کے لئے کیا تھا، اللہ تعالیٰ نے ان تینوں کے اعمالِ خیر کے وسیلے کو اپنی بارگاہ میں مقبول فرمایا اور وہ چٹان جس

Marfat.com

نے ان کی غار کا دہانہ بند کردیا تھا اور وہ اس میں پھنس کر رہ گئے تھے، آہستہ آہستہ سرکتی گئی اور آخر کار غار کا دہانہ کھل گیا اور وہ صحیح سلامت باہر نکل آئے۔ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے جو عملِ خیر انجام دیا جائے، اس کے وسیلے سے اللہ تعالیٰ سے استعانت (مدد مانگنے) کا خود اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں حکم فرمایا ہے، یہ صیغۂ امر کے ساتھ ہے جو کم درجے میں استحباب کے معنیٰ میں ضرور ہے۔ اسی طرح قرآن وحدیث میں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے کی ترغیب دی گئی ہے، کوئی بھی نیک عمل جو رضاءِ الٰہی کے لئے کیا گیا ہو، اس کے وسیلے سے دعا مانگنا، خواہ عذابِ آخرت سے نجات کی دعا ہو، یا کسی دنیوی مصیبت سے نجات کی، اس سے اس عملِ خیر کا اجرِ آخرت ضائع نہیں ہوتا اور اللہ تعالیٰ کی ذات سے اس کی امید قائم رکھنی چاہیے، اسی طرح آپ نے سوال میں جو والدین کی خدمت کی بابت دریافت کیا ہے، اگر اس کے وسیلے سے کسی دنیوی مصیبت کو ٹالنے کی دعا کی جائے، تو اس سے اس کا اجر باطل نہیں ہوتا بلکہ قائم رہتا ہے، بشرطیکہ والدین کی یہ خدمت کسی دنیوی طمع وغرض سے نہ کی ہو بلکہ صرف اور صرف اللہ کی رضا کے لئے کی ہو۔

## پرائیویٹ اسکولوں / کالجوں میں ایامِ تعطیلات کی فیس کا شرعی حکم
## قوم کا اصل مسئلہ طبقاتی نظامِ تعلیم ہے

**سوال: 178**

کچھ عرصہ قبل نیو کراچی میں ایک مفتی صاحب حلال وحرام کے موضوع پر تقریر کر رہے تھے۔ تقریر کے دوران انہوں نے یہ بھی بتایا کہ اسکولوں میں چونکہ ماہ جون اور جولائی میں تدریس نہیں ہوتی لہٰذا ان مہینوں کی فیس لینا اسکول والوں کے لئے جائز نہیں۔ مفتی صاحب کی تقریر نے اس علاقہ میں اسکول مالکان کے لئے مسئلہ کھڑا کر دیا ہے۔ صورتِ حال یہ ہے کہ قانون کے مطابق اسکولوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ اسٹاف کو جون اور جولائی کی تنخواہیں پوری پوری ادا کریں، مزید یہ کہ جو اسکول کرائے کی عمارتوں میں قائم ہیں انہیں ان مہینوں کا کرایہ بھی دینا پڑتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اگر جون، جولائی کی فیسیں وصول

Marfat.com

نہیں کی جائیں تو اسٹاف کی تنخواہ اور دیگر اخراجات کیسے پورے ہوں گے؟ جناب سے التماس ہے کہ اس مسئلے پر روشنی ڈالیں اپنی قیمتی رائے کا اظہار فرمائیں ۔( انتظامیہ نالج انگلش اسکول ،25/12 سیکٹر 5-E نیو کراچی )

**جواب:**

معاہدات وعقود بعض مشروط ہوتے ہیں اور یہ زیادہ بہتر ہے، کیونکہ اس سے بعد میں کوئی تنازع پیدا نہیں ہوتا۔ لہٰذا اسکول کی انتظامیہ کو چاہئے کہ داخلہ فارم کی شرائط میں واضح طور پر لکھ دے کہ طالب علم کو بارہ ماہ کی فیسیں پوری ادا کرنی ہونگی۔ سالانہ تعطیلات اس لئے نہیں ہوتیں کہ اسکول کی انتظامیہ یا اساتذہ پڑھانا نہیں چاہتے، بلکہ ان تعطیلات کا نظام حکومت کی طرف سے جبری ہوتا ہے اور یہ ایک عالمی روش ہے۔ اگر داخلہ فارم کے معاہدے میں لکھا نہ بھی ہو تب بھی یہ معہود (Under stood) ہوتا ہے اور فقہی قاعدہ ہے کہ "المعہود کالمشروط" یعنی یہ ایک ایسی شرط ہے جو فریقین کے ذہن میں بھی تقریباً طے شدہ ہے اور خارج میں بھی تعاملِ عام (General practice) اسی پر ہے۔ لہٰذا اسکولوں کے لئے ایامِ تعطیلات کی فیس لینا جائز ہے اور اس میں حرمت کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ اس تنازع کے حل کے لئے فریقین یہ بھی کر سکتے ہیں کہ سالانہ بارہ ماہ کی فیسوں کی جو مجموعی رقم بنتی ہے، اسے دس ماہانہ قسطوں میں تقسیم کر دیں اور اس طرح تعطیلات کے مہینوں کے بارے میں یہ نزاع پیدا ہی نہیں ہوگا۔ اور یہ بات بھی درست ہے کہ اسکول کی انتظامیہ کو اپنے عملے کو بارہ ماہ کی تنخواہ دینی ہوتی ہے، اور اسی طرح بلڈنگ کا کرایہ اور دیگر واجبات بھی ادا کرنے ہوتے ہیں، لہٰذا مفتی صاحب کا حقائق کو معلوم کئے بغیر اس پر حرمت کا فتویٰ لگانا درست نہیں ہے، البتہ ان اعلیٰ کیٹگری کے تعلیمی اداروں کے خلاف آواز اٹھانا درست ہے، جو غیر معمولی فیسیں اور مختلف عنوانات کے تحت دیگر رقوم بھی بٹورتے ہیں، جس کی وجہ سے تعلیم صنعت بن چکی ہے، بلکہ یہ سب سے کامیاب اور منافع بخش صنعت ہے، اور یہی سبب ہے کہ اعلیٰ معیار کے تعلیمی ادارے صرف اُمراء، صنعت کاروں، اعلیٰ

Marfat.com

مراتب کے بیوروکریٹ اور اہلِ ثروت کے بچوں کے لئے مختص ہوکر رہ گئے ہیں۔اور اس طرح تموّل وغربت پر مبنی یہ ایک طبقاتی نظام بن چکا ہے، جس میں دولت سے محروم طبقات استحقاق، اہلیت، محنت اور قابلیت کے باوجود وافر دولت نہ ہونے کے سبب مواقع سے محروم رہ جاتے ہیں، اولین مرحلے ہی میں حاکم ومحکوم کی منزلیں جدا ہوجاتی ہیں۔

## استخارہ کا مفہوم، شرعی حیثیت اور استخارہ کے نام پر ماضی کے احوال بتانا

**سوال:179**

استخارہ کا معنی ومفہوم کیا ہے اور حدیث کی روشنی میں اس کا صحیح طریقہ کیا ہے، کیا ہر معاملے میں استخارہ کرنا ضروری ہے، کسی کام سے پہلے استخارہ نہ کرنے والا یا استخارہ کرنے کے بعد اگر کوئی شخص کسی وجہ سے اس پر عمل نہ کرسکے، تو گنہگار تو نہیں ہوگا؟، (منور احمد نعیمی، ملیر کالونی، کراچی)۔

**جواب:**

استخارہ کے لفظی معنٰی ہیں: خیر طلب کرنا اور اس کے جامع معنٰی ہیں: وہ معاملہ جس کے نفع بخش یا نقصان دہ ہونے کا انسان اپنی عقل کی روشنی میں فیصلہ نہ کرسکے اور تردُّد میں مبتلا ہوجائے کہ اسے کروں یا نہ کروں، تو اللہ تعالیٰ سے رہنمائی طلب کرے، اس کا تعلق ماضی کے معاملات سے نہیں ہے، مستقبل میں درپیش ایسے معاملات سے ہے، جن کو کرنا ہے۔ایسے تمام معاملات جن کا خیر ہونا، شریعت میں ثابت ہے، ان کے لئے استخارہ نہیں کیا جائے گا، جیسے نماز، روزہ، حج اور جہاد وغیرہ، فارسی کا مقولہ ہے ع درکارِ خیر حاجتِ استخارہ نیست۔ہاں البتہ کسی کارِ خیر کے لئے شریعت میں وقت مقرر نہیں ہے بلکہ توسُّع ہے، تو تعیینِ وقت کے لئے استخارہ کرسکتے ہیں۔بنیادی طور پر استخارہ مباح امور میں ہوتا ہے، جیسے نکاح اپنی اصل کے اعتبار سے مشروع ہے اور سنت ہے اور بعض اشخاص کے لئے ان کے بشری احوال کے مطابق واجب کے درجے میں ہے، لیکن نکاح کے لئے کس کا انتخاب کیا جائے، اس کے لئے اگر کوئی پیغام یا پیشکش آئے، تو اس کے لئے استخارہ کیا جاسکتا ہے، حدیث

Marfat.com

پاک میں ہے:

عن جابر رضی اللہ عنہ قال کان النبی ﷺ یعلمنا الاستخارة فی الامور کلها کالسورة من القرآن اذاھم احدکم بالامر فلیرکع رکعتین من غیر الفریضة ثم یقول اللھم انی استخیرک بعلمک وأستقدرک بقدرتک وأسئلک من فضلک العظیم فانک تقدر ولااقدر، وتعلم ولااعلم، وانت علام الغیوب، اللھم ان کنت تعلم ان ھذاالامر خیر لی فی دینی ومعاشی وعاقبة امری۔او قال فی عاجل امری واٰجله۔ فاقدرہ لی وان کنت تعلم أن ھذاالامرشرلی فی دینی ومعاشی وعاقبة امری اوقال فی عاجل أمری واٰجله فاصرفه عنی واصرفنی عنه واقدرلی الخیر حیث کان ثم ارضنی به ویسمی حاجته۔

ترجمہ: حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ ہمیں تمام امور میں ''استخارہ'' کی تعلیم فرماتے تھے، اس اہتمام کے ساتھ، جیسے قرآن کی کسی سورت کی تعلیم فرمایا کرتے تھے، (تو استخارہ یہ ہے کہ) جب تم میں سے کوئی کسی کام کا ارادہ کرے، تو اسے چاہئے کہ دو رکعت نفل پڑھے، پھر کہے: اے اللہ! میں تیرے علم کی روشنی میں خیر کی طرف رہنمائی چاہتا ہوں، اور تیری قدرت سے (حصولِ خیر کے لئے) قدرت کا طلبگار ہوں اور میں تیرے فضلِ عظیم سے سوال کرتا ہوں، کیونکہ تو قدرت والا اور میں عاجز و بے بس ہوں، اور تو (ہر معاملے کے انجام کو) جانتا ہے، اور میں کچھ بھی نہیں جانتا اور تو تمام غیبی امور کا بہت زیادہ جاننے والا ہے، اے اللہ! اگر تو جانتا ہے کہ یہ معاملہ (جو مجھے درپیش ہے)، میرے دین، میرے معاش اور انجامِ کار کے اعتبار سے، اور فوری اور دیرپا فائدے کے اعتبار سے میرے لئے بہتر ہے، تو تو اسے میرے لئے مقدر فرما۔ اور (اے اللہ!) اگر تو جانتا ہے کہ یہ معاملہ (جو مجھے درپیش ہے)، میرے دین، میرے معاش اور انجامِ کار کے اعتبار سے، فوری اور دیرپا فائدے کے اعتبار سے میرے لئے برا ہے، تو اسے مجھ سے دور کردے اور مجھے اس سے دور کردے، اور (اس کے بدلے میں) خیر جہاں بھی ہے، وہ میرے لئے

Marfat.com

مقدر فرما، پھر اس پر میری طبیعت کو راضی کر دے (یعنی مجھے اس کے بارے میں قلبی اطمینان اور قرار و سکون نصیب ہو جائے کہ بس یہی میرے لئے خیر ہے)، اور ''ہذا الامر'' (یعنی یہ معاملہ) کے بجائے (چاہے تو) اپنی حاجت کا نام لے کر دعا کرے (جیسے شادی، کاروبار، کسی کے ساتھ شراکت وغیرہ، الغرض جو بھی مسئلہ درپیش ہو، اس کا نام لے)، (صحیح البخاری، جلد 4 ص: 2004، رقم الحدیث: 6382 مطبوعہ المکتبۃ العصریہ، بیروت)۔ اس حدیث کو امام مسلم کے سوا محدثین کی ایک جماعت نے روایت کیا ہے، مثلاً امام ترمذی، امام ابوداؤد، امام نسائی اور امام بیہقی وغیرھم۔

''علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں: ومنھا رکعتاالاستخارۃ۔

اور ان مستحب نمازوں میں دو رکعت نماز استخارہ ہے، اس کی شرح میں علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

وفی الحلیة ویستحب افتتاح ھذالدعاء وختمه بالحمدلة والصلوٰة وفی الاذکار انه یقرء فی الرکعة الاولیٰ الکافرون وفی الثانیة الاخلاص وعن بعض السلف انه یزید فی الاولی "وربک یخلق ما یشاء ویختارُ ط ماکان لھم الخیرة ط سبحٰن اللّٰه وتعٰلیٰ عما یشرکونo وربک یعلم ماتکن صدورھم وما یعلنون"وفی الثانیة وماکان لمؤمن ولامؤمنة۔الایه۔ وینبغی ان یکررھا سبعاکما روی ابن السنی یاانس اذاھمت بأمر فاستخر ربک فیه سبع مرّات ثم انظر الی الذی سبق الیٰ قلبک فان الخیر فیه ولو تعذرت علیه الصلوٰة الستخارة باالدعاء ا ہ ملخصاوفی شرح الشرعة المسموع من المشائخ انه ینبغی ان ینام علی طھارة مستقبل القبلةبعد قراء ة الدعاء المذکورفان رایٰ فی منامه بیاضا او خضرة فذالک الامر خیر وان رایٰ فیه سوادا أو خمرة فھو شر ینبغی ان یجتنب اہ۔

اور ''حلیہ'' میں ہے اور اس دعاء استخارہ کی ابتدا اور آخر میں حمد و صلوٰۃ پڑھنا مستحب ہے، اور

Marfat.com

''الاذکار'' میں ہے: پہلی رکعت میں سورۂ ''الکافرون'' پڑھے اور دوسری میں سورۂ ''اخلاص''، اور بعض بزرگوں سے روایت ہے کہ پہلی رکعت میں ''وَرَبُّكَ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ وَيَخْتَارُ ۗ مَا كَانَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ ۗ سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿٦٨﴾ وَرَبُّكَ يَعْلَمُ مَا تُكِنُّ صُدُوْرُهُمْ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿٦٩﴾ (القصص:69-68) تک ان کلمات کا اضافہ کرے اور دوسری رکعت میں سورۂ احزاب، آیت:36 کا اضافہ کرے۔ (اور اگر درپیش مسئلہ کے کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں قلبی اطمینان حاصل نہ ہوتو) سات دن تک مسلسل یہ نماز پڑھے، جیسا کہ ابن السنی نے روایت کیا ہے: (ترجمہ:) ''اے انس:! جب تو کسی کام کا ارادہ کرے، تو اپنے رب سے اس میں سات بار رہنمائی کی دعا کرتا رہے، پھر غور وفکر کرکہ تیرے دل میں جو بات قرار پا گئی ہے (یعنی اس کام کا کرنا یا نہ کرنا)، بس خیر اسی میں ہے''، اور اگر اس کے لئے نماز پڑھنا دشوار ہوتو صرف دعا کر کے استخارہ کرلے، (یہ ''اذکار'' کی عبارت کا) خلاصہ ہے، اور ''شرح الشرحۃ'' میں ہے کہ (ہم نے اپنے) مشائخ سے سنا ہے کہ مذکورہ دعا پڑھنے کے بعد باوضو ہوکر قبلہ رو سو جائے، اگر اپنی خواب میں سفید یا ہرا رنگ دیکھے تو سمجھ لے کہ اس میں خیر ہے، (اور اس کام کو کرلے) اور اگر کالا یا سرخ رنگ دیکھے تو سمجھ لے کہ اس میں شر ہے، پھر اس کام سے اجتناب کرے، (ردالمحتار علی الدر المختار جلد نمبر 2 صفحات 410-409 مطبوعہ دار احیاء التراث العربی، بیروت)''۔

آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ حدیث پاک میں خواب میں کسی چیز کے نظر آنے یا نہ آنے کا ذکر نہیں ہے اور نہ ہی خواب کا آنا ضروری ہے، یہ بزرگوں اور اہلِ خیر کے اپنے اپنے تجربات ہیں، لیکن اگر خواب نظر آجائے، تو اس سے رہنمائی حاصل کی جاسکتی ہے۔ مگر اصل چیز یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے استخارہ کرنے کے بعد جب دل کو کسی ایک جانب سکون وقرار نصیب ہوجائے تو اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھرپور اعتماد کرتے ہوئے اس کام کو کرلے، اللہ تعالیٰ اس میں برکت عطا فرمائے گا۔ اور اگر خدانخواستہ اس پر عمل کرنے کے نتیجے میں کسی ناکامی کا سامان ہو، تو یہ جانے کہ اللہ تعالیٰ کی منشا کو سمجھنے میں مجھ سے خطا ہوگئی ہے، اور یا یہ سمجھے کہ اگر

Marfat.com

اس کے برعکس کیا ہوتا تو ممکن ہے کہ (خدانخواستہ) اس سے بڑی ناکامی یا نقصان کا سامنا کرنا پڑتا، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَعَسٰۤی اَنْ تَكْرَهُوْا شَیْـًٔا وَّ هُوَ خَیْرٌ لَّكُمْ ۚ وَعَسٰۤی اَنْ تُحِبُّوْا شَیْـًٔا وَّ هُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ؕ۔

ترجمہ: ”ہوسکتا ہے کہ ایک چیز کو تم اپنے حق میں ناپسندیدہ سمجھو، (مگر) وہ (درحقیقت) تمہارے حق میں بہتر ہو اور (یہ بھی) ہوسکتا ہے کہ ایک چیز کو تم اپنے لئے پسندیدہ سمجھو (مگر درحقیقت) وہ تمہارے لئے بری ہو، (البقرۃ:216)“۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک دعا کسی نازل شدہ مصیبت کے لئے بھی مفید ہے (کہ اگر وہ صبر وتحمل کا پیکر بن کر اللہ تعالیٰ سے رجوع کرتا رہے، تو اللہ تعالیٰ اس مشکل سے اسے نجات دے دے گا یا صبر وتحمل پر اسے اجر عظیم سے نوازے گا)، اور ان مصیبتوں کے لئے بھی دعا مفید ہے، جو ابھی نازل نہیں ہوئی ہیں (یہ دعا ان کے لئے ردِّ بلا کا سبب بن جائے گی)، سوائے اللہ کے بندو! دعا کو اپنا لازمی شعار بناؤ (مشکوٰۃ بحوالہ ترمذی، ص:195)۔ صرف نبی کا خواب یا الہام ”حُجَّتِ قطعیہ“ ہوتا ہے۔ اور غیر نبی کا خواب یا الہام ایک ظنّی امر ہے، لہٰذا اگر کسی نے کسی مسئلے میں استخارہ کرلیا اور کسی وجہ سے اس پر عمل نہ کیا، تو اس سے گنہگار نہیں ہوگا، نہ ہی اس پر کوئی وبال آئے گا۔

”استخارہ“ کی روح یہ ہے کہ جس بندے کو کوئی مسئلہ درپیش ہے، وہ خود استخارہ کرے، کیونکہ جتنا درد، شکستگیِ دل، حضوریِ قلب، تضرُّع وعاجزی کسی شخص کو اپنے معاملے میں ہوسکتی ہے، دوسرے شخص کو نہیں ہوسکتی۔ حدیث میں ہے: رب ذوالجلال فرماتا ہے: ترجمہ: میں ان کے پاس ہوتا ہوں، جو میری (خشیت ومحبت اور انکسار کی) وجہ سے شکستہ دل رہتے ہیں، (الاسرار الرفوعہ، رقم الحدیث:249، کشف الخفاء ج1 ص:232، الشفاء قاضی عیاض مالکی ج1 ص:78)“۔

جو شخص اپنے درپیش مسئلے میں پانچ سات بار عاجزی سے اپنے رب کے حضور التجا اور طلبِ خیر ودعا کے لئے ذہنی، فکری اور عملی طور پر آمادہ نہ ہو، وہ استخارے کی روح اور حقیقت کو سمجھا

Marfat.com

ہی نہیں۔ باقی وہ لوگ جو استخارے کے نام پر ماضی کے احوال بتاتے ہیں کہ کسی پر کالا جادو ہوگیا ہے، سفلی عمل کر دیا گیا ہے، چند سیکنڈ میں یہ تمام غیبی امور ان پر منکشف ہو جاتے ہیں اور ایک ہی لمحے میں ان کا حل بھی نکل آتا ہے، اس کا مجھے علم نہیں ہے، اس سے لوگ توہم پرستی اور تشکیک میں مبتلا ہوتے ہیں، تقدیرِ الٰہی پر رضا جو مومن کا شعار ہونا چاہیے، اُس میں کمزوری واقع ہوتی ہے۔ پھر لوگ کسی مشکل صورتِ حال میں، جب انہیں کوئی فیصلہ کن راہ سجھائی نہ دے، اللہ تعالیٰ کی ذات سے براہِ راست رجوع کرنے اور اس کے حبیبِ کریم علیہ الصلوٰۃ والسلام سے توسُّل کے بجائے، اِس روش کو ترک کر کے، اِس طرح کے عاملوں سے رجوع کرتے ہیں۔ استخارہ تو مستقبل میں کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے رہنمائی طلب کرنے کا نام ہے۔

حدیث پاک سے معلوم ہوتا ہے کہ درپیش معاملات اور مباح امور میں سے کسی ایک کے انتخاب کے لئے یا کسی کام کو کرنے یا نہ کرنے کے بارے میں استخارہ کرنا افضل اور مستحب ہے، لیکن یہ واجب نہیں ہے کہ نہ کرنے پر گنہگار ہوگا۔ اور ویسے کسی مسئلے کے بارے میں دستیاب معلومات اور قرائن و شواہد کی روشنی میں یا اہل فن و اہل نظر اور اہل اللہ سے مشورہ کرنے کے بعد ذہن میں یہ امر واضح ہو جائے کہ یہ کام کر لینا چاہیے، تو اللہ پر توکل کر کے کر لے، اور اللہ تعالیٰ سے اس میں کامیابی اور سرخ رو ہونے کی دعا کرتا رہے۔

## قیامِ تعظیمی کا شرعی حکم

**سوال:180**

کچھ لوگ کہتے ہیں کہ کسی محفل میں اگر کوئی بڑی عمر کا فرد یا بزرگ آجائے تو اپنی جگہ سے تعظیم کے طور پر اٹھنا نہیں چاہیے، کیا یہ ٹھیک ہے؟ کیا یہ صحیح ہے کہ نبی کریم ﷺ جب اپنی مجلس میں تشریف لاتے تھے اور محفل میں موجود لوگ (صحابہ) تعظیماً اٹھتے تھے تو نبی پاک ﷺ انہیں منع فرماتے تھے؟۔ (سید عابد علی، انچارج ڈی پی ڈپارٹمنٹ، روزنامہ ایکسپریس کراچی)

Marfat.com

**جواب:**

اس موضوع پر گفتگو سے پہلے چند احادیث ملاحظہ فرمائیں:

عن سعد قال: سمعت أبا امامة قال: سمعت أبا سعيد الخدری رضی الله عنه يقول: نزل أهل قريظة على حكم سعد بن معاذ، فأرسل النبی ﷺ الی سعد فأتی علی حمار، فلما دنا من المسجد قال للانصار: "قوموا الی سيّدكم ـ أو خيركم ـ فقال: "هٰؤلاءِ نزلوا علی حكمک"۔فقال: تقتل مقاتلتهم، وتسبی ذراريهم، قال: "قضيت بحكم الله ـ وربَّمَا قال: بحكم المَلِكِ"۔

ترجمہ:" حضرت سعد فرماتے ہیں کہ میں نے ابوامامہ سے سنا، وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوسعید خدری فرماتے ہیں کہ: حضرت سعد بن معاذ کے حکم پر بنی قریظہ قلعہ سے نیچے اتر آئے تھے، پس نبی کریم ﷺ نے حضرت سعد کو بلوایا، وہ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہونے کے لئے دراز گوش (گدھے) پر سوار ہو کر آئے، پس جب وہ مسجد کے قریب پہنچے، تو آپ نے انصار سے فرمایا: اپنے سردار یا اپنے بہترین فرد کے لئے (احتراماً) کھڑے ہو جاؤ۔ پھر آپ نے فرمایا: یہ لوگ تمہارے فیصلے پر قلعہ سے اتر آئے ہیں (اب ان کا فیصلہ کردو)، انہوں نے کہا: ان کے جو افراد لڑنے کے قابل ہیں، وہ قتل کردیئے جائیں اور ان کے اہل وعیال کو قیدی بنالیا جائے۔ آپ نے فرمایا: تم نے حکمِ الٰہی کے مطابق فیصلہ کیا ہے اور کبھی آپ یہ فرماتے کہ یہ ایک بادشاہ (یا سردار) کے فیصلے کے مطابق ہے، (صحیح بخاری رقم الحدیث: 4122، صحیح مسلم، رقم الحدیث: 4515)"۔

امام ترمذی اپنی سند کے ساتھ ایک طویل حدیث بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

عن عائشة أم المؤمنين قالت: مارأيت احدا أشبه سمتًا ودلًّا وهديا برسول الله فی قيامها وقعودها من فاطمة بنت رسول الله ﷺ۔ قالت وكانت: اذا دخلت علی النبی ﷺ قام اليها فقبّلها وأجلسها فی مجلسه، وكان النبی ﷺ اذا دخل عليها قامت من مجلسها فقبّله وأجلسته فی مجلسها (الحديث)۔

Marfat.com

ترجمہ: ''ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ سے زیادہ کسی کو رسول اللہ ﷺ کی عاداتِ مبارکہ کے مشابہ نہیں دیکھا۔ جب حضرت فاطمہ نبی ﷺ کے پاس جاتیں، تو آپ ان کے لئے (از راہِ شفقت) کھڑے ہو جاتے، پھر ان کو بوسہ دیتے اور انہیں اپنی جگہ بٹھاتے، اور جب نبی ﷺ حضرت فاطمہ کے پاس تشریف لے جاتے تو وہ (احتراماً) اپنی نشست سے کھڑی ہو جاتیں، پھر آپ کو بوسہ دیتیں اور آپ کو اپنی جگہ بٹھاتیں، (سنن ترمذی، رقم الحدیث: 3872، سنن ابوداؤد، رقم الحدیث: 5175)''، اس حدیث کو امام بخاری نے بھی روایت کیا ہے (الادب المفرد، ص: 204)۔

امام بخاری نے ''قیام الرجل لاخیہ'' کا باب قائم کیا ہے اور اس کے تحت حضرت سعد والی حدیث کے علاوہ مندرجہ ذیل حدیث بیان کی ہے:

امام بخاری نے اپنی سند کے ساتھ عبداللہ بن کعب کی روایت سے غزوۂ تبوک میں کعب بن مالک کی توبہ کی قبولیت کی تفصیلی حدیث بیان کرتے ہوئے یہ الفاظ نقل فرمائے ہیں: واذن رسول اللہ ﷺ بتوبة اللہ علینا حین صلیٰ صلاة الفجر فتلقانی الناس فوجاً فوجاً یھنونی بالتوبة یقولون لتھنک توبة اللہ علیک حتی دخلت المسجد فاذا برسول اللہ ﷺ حوله الناس فقام الیّ طلحة بن عبیداللہ یھرول حتی صافحنی وھنانی۔

ترجمہ: ''اور جب رسول اللہ ﷺ نے صبح کی نماز پڑھائی تو ہماری توبہ کی قبولیت کا اعلان کیا، تو پھر صحابہ مجھے (قبولیتِ) توبہ پر فوج در فوج مبارک باد دینے لگے، وہ کہتے تھے اللہ کی بارگاہ میں تمہیں توبہ کی قبولیت مبارک ہو، یہاں تک کہ میں مسجد میں داخل ہوا، تو (منظر کچھ یوں تھا کہ) رسول اللہ ﷺ تشریف فرما تھے اور آپ کے گرد صحابۂ کرام موجود تھے، اِس موقع پر طلحہ بن عبید اللہ کھڑے ہوئے دوڑ کر آئے، مجھ سے مصافحہ کیا اور مجھے مبارک باد دی، (صحیح بخاری، رقم الحدیث: 4418، الادب المفرد، ص: 243)''۔

Marfat.com

امام بیہقی لکھتے ہیں:

عن ابی هريرة قال: كان رسول الله ﷺ فى المسجد يحدثنا فاذا قام قمناقياماً حتى نراه وقد دخل بعض بيوتِ ازواجه۔

ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ مسجد میں ہم سے گفتگو فرما رہے تھے، پھر جب آپ کھڑے ہوئے تو ہم بھی (احتراماً) کھڑے ہو گئے، یہاں تک کہ ہم نے دیکھا کہ آپ اپنی ایک زوجۂ مطہرہ کے گھر میں داخل ہو گئے، (المدخل الی السنن الکبریٰ للبیہقی، رقم الحدیث: 717، مکتبہ دار الخلفاء، کویت)''۔

قیامِ تعظیمی کے بارے میں اور بھی روایات ہیں، ان احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ تعظیماً واحتراماً بزرگوں اور بڑوں کے لئے کھڑا ہونا جائز ہے اور اس میں شرعاً کوئی ممانعت نہیں ہے۔ اور صحابۂ کرام سے خود ذاتِ رسالت مآب ﷺ کے لئے قیامِ تعظیمی ثابت ہے اور رسول اللہ ﷺ نے اس سے منع نہیں فرمایا بلکہ خود حضرتِ سعد کے لئے احتراماً صحابۂ کرام کو کھڑے ہونے کا حکم فرمایا۔ ہمارے ہاں قومی ترانے کے موقع پر سب کھڑے ہو جاتے ہیں، یہ بھی احترام کی ایک صورت ہے اور مسلمہ بین الاقوامی اقدار میں سے ہے اور کسی مکتبۂ فکر کے کسی عالم نے اسے شرک وبدعت قرار نہیں دیا۔ قومی سیرت کانفرنس کے موقع پر جب صدرِ مملکت یا وزیرِ اعظم تشریف لاتے ہیں تو ہال میں موجود تمام مکاتبِ فکر کے جید علماء احتراماً کھڑے ہو جاتے ہیں اور کوئی اس پر اعتراض نہیں کرتا۔ حال ہی میں سعودی عرب کے نائب وزیرِ مذہبی امور کراچی کے ایک مقامی ہوٹل میں ایک دعوت میں تشریف لائے تو دیوبندی واہلحدیث مکاتبِ فکر کے تمام علماء نے کھڑے ہو کر ان کا استقبال کیا اور مصافحہ ومعانقہ کیا۔

بعض روایات میں قیامِ تعظیمی سے منع فرمایا گیا ہے، لیکن یہ ممانعت علی الاطلاق نہیں ہے، ان کا محمل اور مصداق جدا ہے۔ ذیل میں ہم ان احادیث کو ذکر کر کے ان کے محامل بیان کریں گے۔

Marfat.com

امام ابوداؤد روایت کرتے ہیں :عن ابی امامة قال: خرج علینا رسول اللہ ﷺ متوکئاً علیٰ عصیً، فقمنا الیه فقال: لاتقوموا کما تقوم الاعاجم یعظم بعضها بعضًا۔

ترجمہ: ابوامامہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ عصا پر ٹیک لگائے ہوئے ہمارے پاس تشریف لائے ،ہم آپ کے لئے کھڑے ہوگئے ،تو آپ نے فرمایا: عجمیوں کی طرح مت کھڑے ہو، جیسے وہ ایک دوسرے کے لئے تعظیماً کھڑے ہوتے ہیں ،(سنن ابوداؤد، رقم الحدیث: 5187)"۔

یہ حدیث اس درجے کی نہیں ہے، جوہم نے قیامِ تعظیمی کے جائز و مستحب ہونے کے بارے میں ذکر کی ہیں ،جن میں رسول اللہ ﷺ سے قیام کا حکم ثابت ہے ،خود آپ کا بھی قیام فرمانا ثابت ہے اور حضرتِ فاطمہ رضی اللہ عنہا اور دیگر صحابۂ کرام کا آپ کے لئے قیام ثابت ہے، جس میں آپ نے اس قیامِ تعظیمی پر کوئی نکیر نہیں فرمائی ،نہ کسی ناگواری کا اظہار فرمایا۔ قیامِ تعظیمی کی ممانعت کی یہ حدیث ضعیف ہے ،اس کی سند میں اضطراب ہے،اس کے راوی مجہول ہیں اور اس میں اُس قیام کی ممانعت ہے جو عجمیوں کی طرح ہو،جس میں ایک شخص بادشاہ بن کر بیٹھا رہتا ہے اور باقی ہاتھ باندھے تعظیماً کھڑے رہتے ہیں۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں :عن جابر قال : اشتکی النبی ﷺ فصلینا وراء ہ وھو قاعد وابو بکر یسمع الناس تکبیرہ ، فالتفت علینا فرآنا قیاماً فاشار الینا فصلینا بصلاته قعوداً فلما سلم قال ان کدتم لتفعلوا فعل فارس والروم یقومون علی ملوکھم وھو قعودھم فلا تفعلوا۔

ترجمہ: "حضرت جابر بیان کرتے ہیں کہ: نبی ﷺ بیمار ہوگئے ،آپ نے بیٹھ کر ہمیں نماز پڑھائی ، حضرت ابوبکر آپ کے مکبّر کے فرائض انجام دے رہے تھے (دورانِ نماز) آپ ہماری جانب متوجہ ہوئے تو دیکھا کہ ہم سب (آپ کی اقتدا میں ) کھڑے ہوکر پڑھ رہے ہیں ،آپ نے ہمیں (بیٹھنے کا ) اشارہ فرمایا، پھر ہم بیٹھ گئے ، پھر ہم نے بیٹھ کر آپ کی

Marfat.com

اقتدا میں نماز ادا کی، پھر جب آپ نے سلام پھیرا تو فرمایا: مجھے خدشہ ہے کہ تم اہلِ روم اور فارس کی طرح کام کرنے لگو گے کہ ان کے بادشاہ بیٹھے رہتے ہیں اور وہ ان کے سامنے کھڑے رہتے ہیں، پس تم ایسا نہ کرو، (الادب المفرد،ص:144)''۔

ابتدا میں فرض نماز بیٹھ کر پڑھنے کی اجازت تھی، یہ حدیث اسی سے متعلق ہے، بعد میں بلا عذر فرض نماز بیٹھ کر پڑھنے کی اجازت منسوخ ہوگئی۔

قرآن وسنت سے کسی حکم کے اثبات کا عادلانہ طریقہ یہ ہے کہ اس حکم سے متعلق تمام آیات واحادیث کو پیشِ نظر رکھ کر نتیجہ اخذ کیا جائے، ایک ہی مسئلے کے بارے میں ثبوت وممانعت کے احکام میں اگر ممکن ہے تو تطبیق کی جائے، مواضع ثبوت کو الگ واضح کیا جائے اور مواضع منع کو الگ واضح کیا جائے، دونوں کی توجیہ اور محمل بیان کیا جائے یا اگر ایک منسوخ ہے اور دوسرا ناسخ تو دلائل سے واضح کیا جائے۔

ہماری رائے میں قیامِ تعظیمی کے جواز واستحباب اور ممانعت کی حدیثوں کو ہم یکجا کر کے دیکھتے ہیں تو مندرجہ ذیل قیامِ تعظیمی کی صورتیں جائز ہیں:

(1) مشائخ، اساتذہ، علمائے دین، والدین اور محسن ومربی کی تعظیم کے لئے قیام کرنا مستحب ہے۔

(2) کوئی شخص فی نفسہٖ تو قیامِ تعظیمی کے لائق نہیں ہے، لیکن کسی دینی مصلحت کے تحت بطور مدارات اس کے لئے قیام کرنا جائز ہے۔

(3) محض دنیوی مفاد کی خاطر بطور مداہنت وخوشامد کسی شخص کے لئے قیام تعظیمی مکروہ تحریمی ہے۔

(4) جو شخص سفر سے واپس آئے، اس کے استقبال کے لئے قیام کرنا مستحب ہے۔

(5) کسی شخص کو کوئی نعمت ملی ہو اس کو مبارک باد دینے کے لئے قیام کرنا مستحب ہے۔

(6) کسی شخص کو کوئی مصیبت پہنچی ہو تو اس کی تعزیت کے لئے قیام کرنا بھی مستحب ہے۔

(7) عہدِ رسالت کے عجمیوں کے طریق پر قیام کہ ایک شخص بادشاہ بن کر بیٹھا ہو اور

Marfat.com

دوسرے مستقل ہاتھ باندھے کھڑے ہوں، ایسا قیام مکروہِ تحریمی ہے، کیونکہ یہ اکرامِ انسانیت کے منافی ہے۔

(8) جو شخص بطورِ تکبر اپنے لئے قیام کرائے یا اس کے تکبر میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہو تو ایسے شخص کے لئے قیام کرنا مکروہ ہے۔

(9) اگر کوئی مجلسِ ذکر یا درس و تدریس جاری ہو تو کسی آنے والے بزرگ کے لئے اسے معطل نہیں کرنا چاہئے اور ایسے موقع پر قیام فی نفسہٖ اپنے جواز کے باوجود مناسب نہیں ہے۔

ان میں سے بعض اقسام کو حافظ ابن حجر عسقلانی نے قاضی ابوالولید ابن الرشد مالکی کے حوالے سے بیان کیا ہے اور بعض اقسام کو علامہ بدرالدین عینی حنفی نے بیان کیا ہے اور ان تمام صورتوں کو علامہ غلام رسول سعیدی نے شرح صحیح مسلم جلد: خامس میں یکجا کیا ہے، فقط واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

## نیاز کا مفہوم اور جواز

**سوال**:181

نیاز کا مطلب اور مفہوم سمجھائیں اور کیا نیاز کا کرنا جائز ہے؟، (کامران، کراچی)

**جواب**:

سب سے پہلے معروف اردو لغات کے حوالے سے لفظ نیاز کے معنی ملاحظہ کیجئے:

نیاز: تبرُّک، تحفۂ درویشاں، نذر بھینٹ چڑھاوا، منت، التجا (فیروز اللغات) آرزو، غنا، میل، خواہش، اظہارِ محبت، عاجزی، مسکینی، انکسار، تحفۂ درویش، تبرُّک، درود فاتحہ، بھینٹ چڑھاوا، منت، التجا (فرہنگ آصفیہ جلد 4)

آپ نے ملاحظہ فرمایا کہ لغت میں نیاز کے متعدد معانی ہیں، جن میں سے ایک یہ ہے کہ: ''بھینٹ چڑھاوا'' (یعنی وہ عمل جو اللہ تعالیٰ کے تقرُّب، رضا اور بندگی کے علاوہ کسی اور کے تقرُّب کے لئے کیا جائے، خواہ مالی صدقہ ہو یا قربانی) اس معنی میں اس کا استعمال غیر اللہ کے لئے جائز نہیں ہے، ہمارے ہاں عرف میں ''نیاز'' جن معانی میں استعمال ہوتا ہے،

Marfat.com

وہ یہ ہیں: تبرّک، درود فاتحہ وغیرہ مثلاً کہا جاتا ہے کہ: ''یہ گیارہویں شریف کی نیاز ہے''، یعنی شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے لئے ایصالِ ثواب اور فاتحہ کا کھانا ہے، اسے بزرگانِ دین کی نسبت سے تبرّک بھی کہہ دیتے ہیں، اور اس میں شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے، علم معانی کا مُسلّمہ قاعدہ ہے کہ اگر کوئی ''ذومعنیٰ'' کلمہ ہے، تو اس کے معنیٰ کا تعین قائل کے اعتبار سے ہوتا ہے، مثلاً کافر کہے کہ: ''انبت الربیع البقل'' موسم بہار نے سبزہ اگایا، یہ کلمہ اگر کافر کہے تو کلمہ کفریہ ہوگا، اور اگر یہی کلمہ مومن کہے تو کلمۂ توحید ہوگا، کیونکہ مومن کا ایمان اس امر کی دلیل ہے کہ وہ حقیقت میں اگانے والا اللہ تعالیٰ کی ذات ہی کو مانتا ہے، بارش اور بہار کو سبب مانتا ہے، اس کو اسناد مجازی کہتے ہیں، جو روز مرہ گفتگو میں ہم استعمال کرتے رہتے ہیں، مثلاً کوئی شخص کہتا ہے کہ مجھے فلاں دوا سے شفا ملی، حالانکہ اس کا ایمان ہے کہ دوا وسیلۂ شفا ہے، اصل شفا دینے والا اللہ ہے۔

## رجب کے کونڈے اور ''تبارک'' کی روٹیاں

**سوال**:182

(1) ہمارے ہاں بعض لوگ رجب کی بائیس تاریخ کو ''کونڈے'' (جو ایک خاص قسم کی سوجی، میدے اور دودھ کی میٹھی ٹکیہ ہوتی ہے) پکاتے ہیں، یہ امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کے نام پر نیاز ہوتی ہے، ہندوستان میں یہ رواج تھا کہ رات کو پکائے جاتے تھے اور ایک خاص جگہ بٹھا کر کھلائے جاتے تھے، انہیں باہر نہیں نکالا جاتا تھا، بعض جگہ اس موقع پر ''عجیب داستان'' کے نام سے ایک کتابچہ بھی پڑھا جاتا تھا، جس میں لکڑ ہارے کی منظوم داستان ہے، اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ بعض لوگ اسے ناجائز اور حرام کہتے ہیں۔

(2) رجب ہی کے مہینے میں بعض لوگ میٹھی روٹیاں پکا کر بانٹتے ہیں، انہیں ''تبارک'' کی روٹیاں کہا جاتا ہے، غالباً ان پر سورۂ ''تبارک الذی'' (سورۃ الملک) پڑھ کر ایصالِ ثواب کیا جاتا ہے، اس کی شرعی حیثیت کیا ہے؟۔ (محمد شمیم خاں، عزیز آباد، کراچی)۔

Marfat.com

**جواب:**

22 رجب نہ امام جعفر صادق کی تاریخ پیدائش ہے اور نہ تاریخ وصال، ان کی ولادت کے بارے میں دو اقوال ہیں: (1) مشہور قول یہ ہے کہ آپ کی تاریخ ولادت 17 ربیع الاوّل 80ھ (2) ماہِ رجب، لیکن تاریخ مذکور نہیں ہے۔ اسی طرح وصال کے بارے میں بھی دو قول ہیں: زیادہ معروف ماہِ شوال 148ھ ہے اور ایک قول رجب کا بھی ہے، (جلاء العیون، ملا باقر مجلسی، ج:2، ص:693)۔ لہٰذا 22 رجب کو امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ سے کوئی خاص نسبت نہیں ہے، البتہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی تاریخ وصال 22 رجب 60ھ ہے۔ جہاں تک ایصالِ ثواب کا تعلق ہے، یہ فی نفسہٖ مشروع ہے، مستحسن امر ہے، قرآن وحدیث سے ثابت ہے اور ایصالِ ثواب کے لئے خاص قسم کی ٹکیاں یا روٹیاں پکانا لازمی نہیں ہے، میٹھی ٹکیاں یا روٹیاں بھی ایصالِ ثواب کی نیت سے بانٹی جاسکتی ہیں یا فقراء کو کھلائی جاسکتی ہیں اور کوئی دوسری صورت بھی اختیار کی جاسکتی ہے، البتہ یہ شرط، کہ خاص جگہ پر ہی بٹھا کر کھلایا جائے، فاسد ہے۔ "عجیب داستان" کے نام سے جو کتاب پڑھی جاتی ہے، اس کی بھی کوئی اصل نہیں ہے، ہاں، اگر کوئی چیز اپنی اصل کے اعتبار سے خلافِ شرع ہے، تو رسول اللہ ﷺ نے اسے ختم کردیا، حدیث پاک میں ہے: عن انس قدم النبی ﷺ المدینة ولھم یومان یلعبون فیھما، فقال ماھذا ن الیومان؟، قالوا کنا نلعب فیھما فی الجاھلیة، فقال رسول اللہ ﷺ: ان اللہ قد ابدلکم بھما خیرا منھما یوم الاضحی ویوم الفطر۔

ترجمہ: "حضرت انس بیان کرتے ہیں کہ: جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے تو (آپ نے دیکھا کہ) اہلِ مدینہ سال میں دو دن کھیل تماشے کیا کرتے تھے، آپ نے ان سے پوچھا: یہ کیسے دو دن ہیں؟، انہوں نے جواباً عرض کیا: ہم زمانۂ جاہلیت میں ان دنوں میں کھیل کود کیا کرتے تھے، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے ان دو دنوں کے بدلے میں تمہیں دو بہتر دن عطا فرمائے ہیں، اور وہ ہیں، عیدالاضحیٰ اور

Marfat.com

عیدالفطر کے دن، (مشکوٰۃ بحوالہ: سنن ابی داؤد)۔ چنانچہ رسول اللہ ﷺ نے سالانہ میلے ٹھیلے کے دو دنوں کو منع فر دیا اور فرمایا کہ ان کے عوض اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو عیدین کے مبارک دن عطا فرمائے ہیں۔

اس کے برعکس ایک حدیث مبارک میں ہے:

عن ابن عباس رضی اللّٰہ عنھما اَنّ رسول اللّٰہ قَدِمَ المدینۃَ، فوجد الیھودَ صیامًا یومَ عاشورآء، فقال لھم رسول اللّٰہ ﷺ: ماھذالیوم الذی تصومونہٗ؟، فقالوا: ھذا یومٌ عظیمٌ اَنجی اللّٰہ موسیٰ وقومَہٗ وغَرّقَ فرعونَ وقومَہٗ، فصامَہٗ موسیٰ شکراً، فنحن نَصُومہٗ فقال رسول اللّٰہ ﷺ! فنحن اَحَقُّ واَولیٰ بموسیٰ منکم، فصامہٗ رسولُ اللّٰہ ﷺ واَمَرَ بصیامہٖ۔

ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ مدینہ منورہ تشریف لائے، تو آپ نے دیکھا کہ مدینہ کے یہود یومِ عاشورہ کا روزہ رکھتے ہیں، آپ ﷺ نے ان سے دریافت کیا کہ تم اس دن کا روزہ کیوں رکھتے ہو؟، تو انہوں نے جواب دیا: یہ وہ عظیم دن ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام اور آپ کی قوم (بنی اسرائیل) کو (فرعونیوں سے) نجات دی، اور فرعون اور اس کی قوم کو (سمندر میں) غرق کردیا، تو انہوں نے (اللہ تعالیٰ کی اس نعمت کے) شکر کے طور پر عاشورہ کا روزہ رکھا، تو (ان کی اتباع میں) ہم بھی (اس دن کا) روزہ رکھتے ہیں، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہم تمہارے مقابلے میں موسیٰ علیہ السلام (کی سنت کی اتباع) کے زیادہ حق دار ہیں اور ہم تمہاری بہ نسبت ان سے زیادہ قربت رکھتے ہیں، تو رسول اللہ ﷺ نے خود بھی یومِ عاشورہ کا روزہ رکھا اور صحابۂ کرام کو بھی اس کا حکم فرمایا، (صحیحین بحوالہ: مشکوٰۃ)۔ ایک اور حدیث مبارک ہے:

عن ابن عباس قال حِینَ صام رسولُ اللّٰہ ﷺ عاشورآءَ واَمَرَ بصیامہٖ قالوا یارسول اللّٰہ: اِنّہٗ یومٌ یُعَظِّمُہٗ الیھودُ والنصاریٰ فقال رسول اللّٰہ ﷺ لَئِن بَقِیتُ

Marfat.com

اِلٰی قابلٍ لَاَصُومَنَّ التاسعَ۔

ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن عباس ہی سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے عاشورہ کا روزہ رکھا اور اسے رکھنے کا حکم دیا تو (صحابۂ کرام نے) عرض کیا: یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم: یہ ایک ایسا دن ہے جس کی یہود ونصاریٰ تعظیم کرتے ہیں، تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر میں آئندہ سال حیات رہا تو ضرور (یومِ عاشورہ کے ساتھ) 9 محرم کو بھی روزہ رکھوں گا، (صحیح مسلم)۔ اس کی رو سے علماء فرماتے ہیں کہ دودن کا نفلی روزہ رکھنا افضل ہے یعنی 9، 10 محرم الحرام یا 10، 11 محرم الحرام۔

ان روایات سے معلوم ہوا کہ فی نفسہٖ شرعاً یومِ عاشورہ کی تقدیس ثابت ہے اور نفلی روزہ بھی اپنی اصل کے اعتبار سے مستحسن ہے، اس لئے آپ نے اسے برقرار رکھا اور محض یہود و نصاریٰ سے مشابہت کی بنا پر اصلاً مشروع امر کو منع نہیں فرمایا، بلکہ ان کی مشابہت سے بچنے کے لئے عاشورہ کے ساتھ ساتھ 9 محرم کے روزے کو بھی شامل فرمالیا۔

علامہ امجد علی اعظمی رحمہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں: ''رجب میں حضرت امام جعفر صادق کو ایصالِ ثواب کے لئے پوریوں کے کونڈے بھرے جاتے ہیں، یہ جائز ہیں، اس میں جگہ کی پابندی اور نیاز کو تقسیم نہ کرنے کی پابندی بے جا ہے۔ اس موقع پر ایک کتاب ''عجیب داستان'' کے نام سے پڑھی جاتی ہے، اس کی کوئی حقیقت نہیں اور یہ نہ پڑھی جائے، فاتحہ دلا کر ایصالِ ثواب کرنا جائز ہے''، (بہارِ شریعت، حصہ شانزدہم، ص:230، مطبوعہ: شیخ غلام علی اینڈ سنز، کراچی)۔

مولانا مفتی محمد خلیل خان برکاتی رحمہ اللہ تعالیٰ لکھتے ہیں:

''ماہِ رجب میں امام جعفر صادق کو ایصالِ ثواب کے لئے کھیر پوری پکا کر کونڈے بھرے جاتے ہیں اور فاتحہ دلا کر لوگوں کو کھلاتے ہیں، یہ جائز ہے۔ اس میں ایک بات بڑی غلط رواج پا گئی ہے کہ جہاں کونڈے بھرے جاتے ہیں، وہیں کھائے جاتے ہیں، یہ ایک غلط حرکت ہے اور یہ غیر شرعی اور جاہلانہ رسم ہے۔ اور یہ ایک کتاب ''عجیب داستان'' پڑھی جاتی

Marfat.com

ہے اس کی کوئی حقیقت نہیں یہ نہ پڑھی اور نہ ہی سنی جائے ، فاتحہ دلا کر ایصالِ ثواب کریں۔ اللہ کے نیک بندوں کی کرامات برحق ہیں، (سنی بہشتی زیور، حصہ سوم، ص:318)''۔

مفتی وقارالدین رحمہ اللہ تعالیٰ سے کونڈوں کی شرعی حیثیت کے حوالے سے سوال ہوا، آپ نے جواب میں لکھا: ''اہلسنّت کے نزدیک جیسے ہر فاتحہ جائز ہے، اسی طرح کونڈوں کی فاتحہ بھی جائز ہے، لکڑہارے کی کہانی من گھڑت ہے۔ کھانے کی ہر چیز کے متعلق ادب سکھایا گیا ہے۔ حدیث میں فرمایا: ''دستر خوان پر جو گر جائے اسے اٹھا کر کھالو''۔ فاتحہ کے کھانے پر قرآن پڑھا جاتا ہے، اس لئے مسلمان اس کا زیادہ ادب کرتے ہیں، اسی وجہ سے لوگوں نے یہ شرط لگالی کہ وہیں بیٹھ کر کھالیں، باہر نہ لے جائیں اس شرط کا شریعت سے کوئی تعلق نہیں، وہاں بھی کھا سکتے ہیں اور باہر بھی لے جاسکتے ہیں، (وقار الفتاویٰ، جلد: اوّل، ص:202، بزم وقارالدین، کراچی)''۔

جیسا کہ شروع میں ذکر ہوا، 22 رجب المرجب 60ھ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی تاریخ وفات ہے، (دائرہ معارف اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی)۔ بعض لوگ کہتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ کے معاندین اور ان سے بغض رکھنے والوں نے ان کی وفات پر (معاذ اللہ) خوشی منانے کے لئے یہ سلسلہ شروع کیا اور چونکہ وہ بنی امیہ کے اقتدار کا دور تھا، اس لئے اسے پوشیدہ رکھنے کے لئے گھر کے کسی خاص گوشے میں کھلایا جاتا تھا، لیکن ہمیں اس کا کوئی تاریخی حوالہ نہیں ملا۔ اسی طرح ''تبارک الذی'' یعنی سورۃ الملک میٹھی روٹیوں پر پڑھ کر ایصالِ ثواب کرنا شرعاً درست ہے، بشرطیکہ اپنی طرف سے کوئی خلافِ شرع امر اس میں شامل نہ کر دیا گیا ہو، کیونکہ ایصالِ ثواب فی نفسہٖ ایک مشروع اور مستحسن امر ہے، خواہ کسی خاص بزرگ کو ایصالِ ثواب کیا جائے یا تمام مومنین ومومنات کی ارواح کو، بہر صورت درست ہے۔

Marfat.com

## قیامت کے دن اعمال کا وزن کس طرح ہوگا

**سوال**:183

قرآن مجید میں قیامت کے دن حساب وکتاب اور سوال وجواب کے موقع پر جزا وسزا کا فیصلہ کرنے انسان کے اعمال کے وزن کیے جانے کا ذکر ہے، سائنس ہمیں بتاتی ہے کہ مادّہ وزن رکھتا ہے، وزن مادّی اشیاء اور جسمانی اشیاء کا ہوتا ہے، اعمال تو غیر مادی ہیں، اگر ان کا وزن ہونا ہے تو کس طرح ہوگا، اور اگر نہیں ہوتا تو پھر قرآنی آیات واحادیث کا کیا جواب اور کیا توجیہ ہو سکتی ہے، جو نقل وروایت کے بھی مطابق ہو اور عقل سلیم کے لئے بھی قابل قبول ہو، (حارث محبوب، بٹگرام)۔

**جواب**:

یہ درست ہے کہ قرآن مجید میں صراحت کے ساتھ اسی بات کا ذکر ہے کہ قیامت کے دن اعمال کا وزن ہوگا، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَ الْوَزْنُ يَوْمَىِٕذِ ࣙالْحَقُّ ۚ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝۸ وَ مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓىِٕكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ بِمَا كَانُوْا بِاٰيٰتِنَا يَظْلِمُوْنَ ۝۹۔

(1) ترجمہ: ”اور آج (قیامت) کے دن (اعمال کا) وزن برحق ہے، سو جس کے (نیکیوں کا) پلڑے بھاری ہوئے، تو وہی کامیاب ہوں گے ० اور جن کی نیکیوں کے پلڑے ہلکے ہوئے، تو وہی اپنے آپ کو خسارے میں ڈالنے والے ہیں، اس سبب کہ وہ ہماری آیتوں پر ظلم کرتے تھے، (الاعراف:9-8)“۔

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ۝۱۰۳ؕ اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ هُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا ۝۱۰۴ اُولٰٓىِٕكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَ لِقَآىِٕهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا ۝۱۰۵۔

(2) ترجمہ: ”(اے رسول!) کہہ دیجئے کہ کیا میں تمہیں ان لوگوں کے بارے میں بتادوں جو اعمال کے اعتبار سے سب سے زیادہ خسارے میں رہیں گے ० یہ وہ لوگ ہیں جن کی

Marfat.com

کوشش دنیا کی زندگی میں رائیگاں گئی، حالانکہ وہ اس خوش فہمی میں مبتلا ہیں کہ وہ اچھا کام کر رہے ہیں ○ یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اپنے رب کی آیات اور اس کے روبرو (جوابدہی کے لئے) پیش ہونے کا انکار کیا، تو ان کے سب اعمال اکارت گئے، پس ہم قیامت کے دن ان کے لئے کوئی وزن قائم نہیں کریں گے، (الکہف:103-105)''۔

وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا ؕ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ۝۴۷۔

(3) ترجمہ: ''اور ہم قیامت کے دن انصاف کی ترازو رکھیں گے، تو کسی شخص پر ظلم مطلقاً نہیں ہوگا، اور اگر (کسی کا عمل) رائی کے دانے کے برابر بھی ہوا تو ہم اس کو (حساب کے لئے) لے آئیں گے، اور ہم حساب کرنے کے لئے کافی ہیں، (الانبیاء:47)''۔

فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝۶ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝۷ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ ۝۸ فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ ۝۹۔

(4) ترجمہ: ''تو جس کی نیکیوں کے پلڑے بھاری ہوں گے، وہ پسندیدہ زندگی میں رہیں گے ○ اور جس کے پلڑے ہلکے ہوں گے اس کا ٹھکانا ''ہاویہ'' ہوگا، (القارعہ:6-9)''۔

چند احادیث مبارکہ ملاحظہ فرمائیں:

سمعت عبداللّٰہ بن عمرو ان العاص یقول: قال رسول اللّٰہ ﷺ: ((ان اللّٰہ سیخلص رجلا من امّتی علی رء وس الخلائق یوم القیامۃ فینشر علیہ تسعۃ وتسعین سجلا کل سجل مثل مدالبصر، ثم یقول: اتنکر من ھذاشیئا؟ اظلمک کتبتی الحافظون؟فیقول: لایاربّ فیقول: افلک عذر؟فیقول: لایارب فیقول: بلیٰ ان لک عندنا حسنۃ فانہ لاظلم علیک الیوم، فتخرج بطاقۃ فیھا اشھد ان لاالہ الااللّٰہ واشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ فیقول: احضر وزنک، فیقول: یاربّ ماھذہ البطاقۃ مع ھذہ السجلات؟ فقال: انک لاتظلم،قال: فتوضع السجلات فی کفّۃ والبطاقۃ فی کفّۃ فطاشتِ السجلات

Marfat.com

وثقلت البطاقة فلایثقل مع اسم اللّٰہ شئی))۔

ترجمہ:''عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:اللہ تعالیٰ میری امت کے ایک شخص کو قیامت کے دن برسرعام پیش فرمائے گا،اس کے (اعمال کے)99 رجسٹر اس کے سامنے پھیلا دیئے جائیں گے،ان میں سے ہر رجسٹر حد نظر تک (پھیلا ہوا) ہوگا، پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا: کیا تم ان (اعمال) میں سے کسی بات کا انکار کرتے ہو؟، کیا اعمال لکھنے والے میرے محافظ فرشتوں نے تم پر ظلم کیا ہے؟،تو وہ عرض کرے گا، اے پروردگار! کوئی ظلم نہیں کیا، پھر اللہ تعالیٰ فرمائے گا:تمہارے پاس کوئی عذر ہے؟،وہ عرض کرے گا: اے میرے پروردگار! کوئی عذر نہیں ، پھر (اللہ تعالی) فرمائے گا: کیوں نہیں، ہمارے پاس تمہاری ایک نیکی (کی امانت) ہے، کیوں کہ تم پر آج کوئی ظلم نہیں ہوگا، پھر ایک چٹ (Slip) نکالی جائے گی ،اس میں (کلمۂ شہادت کے یہ الفاظ لکھے ہوں گے) اشھد ان لاالہ الااللّٰہ واشھد ان محمد اعبدہ ورسولہ، پھر (اللہ تعالیٰ) فرمائے گا:اپنے (اعمال کے) وزن کو دیکھو ،وہ عرض کرے گا: اے پروردگار! کہاں اتنے (بڑے سائز کے 99) رجسٹر اور کہاں یہ ایک پرچی (Slip)، پھر (اللہ تعالیٰ) فرمائے گا:تم پر ظلم نہیں کیا جائے گا،(رسول اللہ ﷺ نے) فرمایا:(ترازو کے) ایک پلڑے میں (وہ سب) رجسٹر رکھے جائیں گے اور ایک پلڑے میں (کلمۂ شہادت کی) پرچی،(سارے کے سارے) رجسٹر ہلکے پڑ جائیں گے اور یہ ایک پرچی بھاری ثابت ہوگی، اللہ تعالیٰ کے نام سے زیادہ وزنی تو کوئی چیز نہیں ہوسکتی،(سنن الترمذی،ج:3، رقم الحدیث:2639)''

(2) ترجمہ:''حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:اس ذات کی قسم جس کے قبضہ وقدرت میں میری جان ہے،تمام آسمانوں اور زمینوں اور جو کچھ ان میں ہے،اور ان کے درمیان ہے،اور ان کے نیچے ہے،اگر تم ان کو لے کر آؤ اور اس کو میزان کے ایک پلڑے میں رکھ دو اور کلمۂ شہادت کو دوسرے پلڑے میں رکھ دو،تو وہ پہلے پلڑے سے بھاری ہوگا،(المعجم الکبیر،ج:12،ص:254،رقم الحدیث:

Marfat.com

13024، داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

ان آیات واحادیث مبارکہ اور دیگر متعدد روایات واحادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ قیامت کے دن بندوں کے اچھے اور برے اعمال کا وزن ہوگا، اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کی نیکیوں کا پلڑا بھاری ہوگا اور بدکار بندوں کے گناہوں کا پلڑا ہلکا ہوگا۔

اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد آپ کی نظر سے گزر چکا ہے کہ: آج (قیامت) کے دن (اعمال کا) وزن (کیا جانا) حق ہے، (الاعراف:9)''۔

اب رہا یہ سوال کہ اعمال کا وزن کیسے ہوگا، وزن تو ان چیزوں کا ہوتا ہے جو مادّی وجود رکھتی ہیں، جسم رکھتی ہیں، اعمال تو اعراض ہیں (عرض اسے کہتے ہیں، جس کا اپنا مستقل بالذات وجود نہ ہو، جس کا وجود کسی دوسرے کے ساتھ قائم ہو)، یہ اپنا جسمانی وجود نہیں رکھتے، تو ان کا وزن کس طرح ہوگا۔

اس سوال کے جواب میں چند گذارشات پیش خدمت ہیں:

(1) جب اللہ جل شانہ اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ قیامت کے دن اعمال کا وزن ہوگا، تو اس پر ہمارا ایمان کامل ہونا چاہئے، اس کی حقیقت ہماری سمجھ میں آجائے تو یہ ہماری فہم ودانش کی سعادت ہے اور اگر اس کی حقیقت ہماری سمجھ میں نہ آئے تو یہ ہماری عقل کی نارسائی ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد حق اور سچ ہے۔

بہت سی مادّی اشیا ایسی ہیں، جن کے ماپنے کے آلات یا علم انسان کے پاس نہیں تھا، مگر سائنسی علوم کی ترقی کے ساتھ انسان ان کی پیمائش یا طاقت کا معیار ومقدار مقرر کرنے پر قادر ہوگیا اور اس نے ان کے لئے پیمائش Measurement، وزن (Weighing) یا قوت (Power)، دباؤ (pressure) یا دھکیلنے کی صلاحیت (Thrust) کا اندازہ کرنے کے لئے آلات اور پیمانے وضع کر لئے۔

مثلاً ہوا کے دباؤ (Pressure) ماپنے کے آلے کو (Barometer) کہتے ہیں، زلزلے سے زمین میں جو ارتعاش پیدا ہوتا ہے، اس کے لئے ریکٹر اسکیل (Rector

Marfat.com

Scale) ایجاد ہوا، اس کی پیمائش کے آلے اور ایٹم بم کے اندر جو دھماکے کی قوت ہے، اس کا اندازہ کرنے کے لئے (Seismo meter) ایجاد ہوا، برقی رو (Current) کی مقدار اور طاقت کا اندازہ کرنے کے لئے مخصوص اکائی (volt) اور کلوواٹ (Kilowatt) اور میگاواٹ (Megawatt) کے پیمانے ایجاد ہوئے۔ روشنی کی استعداد کا اندازہ لگانے کا آلہ Light meter یا Exposure meter, اسی طرح پانی کے دباؤ کی طاقت کا اندازہ لگانے کے لئے (Telemeter)
آلات اور پیمانے ایجاد ہوئے، اسی طاقت سے ڈیموں اور آبشاروں (Water sheds) سے جو بجلی پیدا کی جاتی ہے، اسے Hydroelectric Power کہتے ہیں۔
مائع کی کثافت (Density) یا ثقل (Gravity) کا اندازہ لگانے کے لئے Hydrometre ایجاد ہوا۔ اعصاب یا پٹھوں (Muscle) کی طاقت کا اندازہ لگانے کے لئے (Ergometer) ایجاد ہوا۔
الغرض بہت سے ایسی مادّی اشیاء وموجودات تھیں، جن کا یا تو انسان کو علم نہیں تھا، اور اگر علم تھا تو ان کی پیمائش، مقدار، اور قوت کا اندازہ لگانے کے لئے آلات، پیمانے اور اوزان نہیں تھے، انسان کے علم نے ترقی کی اور ان اشیاء کے قطعی تخمینے لگانے کی استعداد حاصل کرلی۔
جب انسانی دماغ اتنی ترقی کرسکتا ہے تو اس سے انسانی دماغ کے پیدا کرنے والا خالق و مالک کے علم کی لامحدودیت اور محیطِ کل ہونے کا آپ بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں، وہ معقولات (ractsAbst) یعنی محض معنوی اشیاء اور مجرّدات یعنی غیر مادّی اشیاء (Immaterial) کو وزن کرنے یا ان کا اندازہ لگانے کے لئے معیار یا پیمانہ مقرر فرمادے۔
(2) ہوسکتا ہے اللہ تعالیٰ ان اعمال کو کوئی جسمانی صورت عطا فرمادے اور ان کا وزن ہو، اعمالِ خیر کو خوبصورت اجسام میں متشکل کردیا جائے اور اعمالِ شر کو قبیح اجسام کی صورت میں متشکل فرمادے اور ان کا وزن کیا جائے۔
(3) بعض احادیث وروایات میں ہے کہ ان صحیفوں کا وزن ہوگا، جن میں اعمال لکھے

Marfat.com

ہوئے ہوں گے، یعنی تحریری ریکارڈ کا وزن ہوگا، جسے حدیث مبارک میں "سِجِلّ" سے تعبیر فرمایا گیا ہے، حالانکہ اس پر بھی عقلی خدشہ وارد ہوسکتا ہے کہ اگر خدانخواستہ کسی کے گناہوں کے رجسٹر بہت زیادہ ہوں، تو وہ بھاری ثابت ہو جائیں، لیکن ایسا بھی تو ممکن ہے کہ ان کا وزن ضخامت کے اعتبار سے نہ ہو بلکہ مندرجات (Written Material) کی کیفیت و ماہیئت کے اعتبار سے ہو۔

## ایصالِ ثواب کا کھانا اور صدقۂ جاریہ

ہمیں چند سوالات مختلف موضوعات پر عبدالکریم حاجی انور سالویز لمبے، ملاوی، ساؤتھ افریقہ کی جانب سے موصول ہوئے ہم انہیں قارئین کی سہولت کی خاطر ترتیب وار بیان کرتے ہیں۔

**سوال**:184

ہمارے ٹاؤن (افریقہ، ملاوی) کے عوام سال میں دو یا تین مرتبہ نیاز کا کھانا پکاتے ہیں، اس میں بہت سارے پیسے خرچ ہوتے ہیں، اور کھانے والے لوگ تقریباً پیسے والے ہوتے ہیں، نیاز کا کھانا کھانے کے صحیح حقدار کون ہیں، ہم مالدار لوگ کھا سکتے ہیں یا نہیں؟ اور یہ پیسے مرحوم کے ثواب جاریہ کے لئے دوسرے دینی کاموں میں خرچ کرنا کیسا ہے؟ بہتر اور افضل طریقہ ارشاد فرمائیں۔

**جواب**:

"ایصالِ ثواب" کے معنی، کسی شخص کا اپنے کسی عملِ خیر کا ثواب دوسرے کو پہنچانا، خواہ وہ زندہ ہو یا وفات پا چکا ہو، یہ شرعاً جائز ہے بلکہ مستحسن امر ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَلِاَخِيْ وَاَدْخِلْنَا فِيْ رَحْمَتِكَ ۖ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۵۱﴾۔

(1) ترجمہ: "حضرت موسیٰ نے التجا کی: اے میرے رب! مجھے اور میرے بھائی ہارون کو بخش دے اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل کر اور تو سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم فرمانے والا ہے، (الاعراف:151)"۔

Marfat.com

رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ۝۴۱۔

(2) ترجمہ: ''(حضرت ابراہیم نے دعا کی) اے ہمارے رب! حساب (یعنی قیامت) کے دن میری، میرے والدین اور تمام اہل ایمان کی بخشش فرمانا، (ابراہیم: 41)''۔

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ۔

(3) ترجمہ: ''اے ہمارے رب: ہماری مغفرت فرما اور ہمارے ان بھائیوں کی (بھی مغفرت) فرما، جو ہم سے پہلے وفات پا چکے، (الحشر: 10)''۔

رَبِّ اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِنًا وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ۔

(4) ترجمہ: ''(حضرت نوح نے دعا کی) اے میرے رب! میری اور میرے والدین اور جو ایمان کے ساتھ میرے گھر میں داخل ہوا اور (جملہ) ایمان والے مردوں اور عورتوں کی مغفرت فرما، (نوح: 28)''۔

امام بخاری روایت کرتے ہیں: ترجمہ: ''حضرت عبداللہ بن عباس بیان کرتے ہیں کہ سعد بن عبادہ کی والدہ وفات پا گئیں اور وہ اپنی والدہ کی وفات کے وقت موجود نہیں تھے، انہوں نے عرض کیا: یارسول صلی اللہ علیک وسلم! میری والدہ کا میری عدم موجودگی میں انتقال ہوگیا، (اب) اگر میں ان کی طرف سے کوئی صدقہ کروں، تو آیا انہیں فائدہ پہنچے گا؟، (رسول اللہ ﷺ نے) فرمایا: ہاں، (حضرت سعد نے) عرض کیا: میں آپ کو گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اپنا پھلوں والا باغ اپنی والدہ کے ایصالِ ثواب کے لئے صدقہ کردیا، (صحیح بخاری، ج: 1، ص 186 مطبع اصح المطابع، کراچی)''۔

ایصالِ ثواب کا ذریعہ دعاءِ مغفرت بھی ہے، مالی صدقات بھی ہیں اور دیگر عبادات بھی ہیں، مثلاً حج بدل وعمرہ، تلاوت، اذکار، درود پاک وغیرہ، اسی طرح کھانے کا وہ اہتمام ہے، جس کا اَعراس کے مواقع پر اہتمام کیا جاتا ہے۔

سوم، چہلم یا اَعراس کے مواقع پر اجتماعی قرآن خوانی کا اہتمام ہوتا ہے، بعض مقامات پر محافلِ وعظ ہوتی ہیں اور کھانے کا بھی اہتمام ہوتا ہے، بہ ظاہر کھانے کا یہ اہتمام نفلی صدقہ

Marfat.com

ہے، تبرُّع ہے، اور نفلی صدقہ کے طور پر جو کھانا تیار کیا جائے، اس کا کھانا اصولی طور پر امراء اور فقراء سب کے لئے جائز ہے۔

بزرگانِ دین کے ایصالِ ثواب کے لئے اَعراس کے مواقع پر جو کھانا تیار ہوتا ہے، اسے ان بزرگوں کی نسبت کی وجہ سے ''تبرُّک'' کہا جاتا ہے، یہ بھی نفلی صدقہ ہے اور امراء اور فقراء دونوں اسے کھا سکتے ہیں۔

امام احمد رضا قادری قدس سرہ العزیز سے پوچھا گیا: ''سوم کے چنوں، بتاشوں کا لینا کیسا ہے؟'' آپ نے جواب دیا: ''اور سوم کے چنے بتاشے بغرض مہمانی نہیں منگائے جاتے بلکہ ثواب پہنچانے کے قصد سے ہوتے ہیں، یہ اس حکم میں داخل نہیں، نہ میرے اس فتوے میں ان کی نسبت کچھ ذکر ہے، یہ الگ مالک نے محتاجوں کے دینے کے لئے منگائے اور یہی اس کی نیت ہے تو غنی کو ان کا لینا بھی ناجائز، اور اگر اس نے حاضرین کے لئے منگائے تو اگر غنی بھی لے لے گا تو گنہگار نہ ہوگا، اور یہاں بحکم عرف ورواج عام حکم یہی ہے کہ وہ خاص مساکین کے لئے نہیں ہوتے تو غنی کا بھی لینا ناجائز نہیں، اگرچہ احتراز زیادہ پسندیدہ ہے، اور اسی پر ہمیشہ سے اس فقیر کا عمل ہے''۔

اسی طرح ان سے پوچھا گیا: جو کھانا بہ نیتِ خاص برائے ایصالِ ثواب خواہ بزرگانِ دین سے ہوں یا عام مسلمان، پکوایا جائے تو اس کھانے کو اغنیا کھا سکتے ہیں؟۔ آپ نے جواب دیا: ''اغنیا بھی کھا سکتے ہیں، سوائے اس کھانے کے جو موت میں بھی بطور دعوت کیا جائے، وہ ممنوع وبدعت ہے''۔

اسی طرح امام احمد رضا قادری سے پوچھا گیا:

جو طعام بہ نیتِ ایصالِ ثواب بروح بزرگان تقسیم کیا جاتا ہے، اس کو اغنیا بھی کھا سکتے ہیں یا نہیں؟، عام اَمواتِ مومنین کے لئے جو کھانا وغیرہ دیا جاتا ہے، اس میں اور اس طعام میں جو انبیاء عظام اور اولیاء کرام کی ارواح کے لئے ہدیہ کیا جاتا ہے، کچھ ذاتی فرق ہے یا نہیں؟، برکت وعدم برکت کے اعتبار سے دونوں حالتوں میں مصرف ایک ہوگا، یعنی صرف

Marfat.com

فقراء کو دینا یا اغنیاء کے لئے بھی کھانا جائز ہوگا۔

آپ نے جواب میں لکھا: ''طعام تین قسم ہے: ایک وہ کہ وہ عوام ایامِ موت میں بطورِ دعوت کرتے ہیں، یہ ناجائز وممنوع ہے، اغنیا کو اس کا کھانا جائز نہیں۔ دوسرے وہ طعام کہ اپنے اموات کو ایصالِ ثواب کے لئے بہ نیت تصدُّق کیا جاتا ہے، فقراء اس کے لئے اَحَق (زیادہ حق دار) ہیں، اغنیا کو نہ کھانا چاہئے۔ تیسرے وہ طعام کہ نذورِ ارواحِ طیبہ حضرات انبیاء واولیاء علیہم الصلوٰۃ والثناء کیا جاتا ہے اور فقراء واغنیاء سب کو بطورِ تبرُّک دیا جاتا ہے، یہ سب کو بلاتکلف روا ہے اور وہ ضرور باعث برکت ہے، برکت والوں کی طرف جو چیز نسبت کی جاتی ہے، اس میں برکت آجاتی ہے، مسلمان اس کھانے کی تعظیم کرتے ہیں اور وہ اس میں مُصیب ہیں''۔

اسی طرح آپ نے سوم کے چنوں کے بارے میں فرمایا: ''یہ چنے فقراء ہی کھائیں، غنی کو نہ چاہئے، بچہ یا بڑا، غنی بچوں کو ان کے والدین منع کریں''۔

گیارہویں شریف کے بارے میں سائل کے جواب میں آپ نے لکھا:

''گیارہویں شریف اپنے مرتبہ فَردیت میں مستحب ہے، اور مرتبہ اِطلاق میں کہ ایصالِ ثواب ہے، سنت، اور سنت سے مراد سنتِ رسول اللہ ﷺ اور یہ سنتِ قولیہ مستحبہ ہے، (فتاویٰ رضویہ، ج:9، صفحات: 605، 609، 610، 612، 614، 615، 672، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن، لاہور)''۔

اس تمام گفتگو کا خلاصہ یہ ہے کہ: اپنی اصل کے اعتبار سے ایصالِ ثواب کی مشروعیت قرآن وسنت سے ثابت ہے، یہ سنت قولیہ مستحبہ ہے، بزرگانِ دین کے اَعراس کے مواقع پر قرآن خوانی، تلاوت، اذکار ودرود شریف، مواعظِ حسنہ اور طعام کا انتظام، یہ سب ایصالِ ثواب کی جائز صورتیں ہیں۔ عام مومنین ومومنات کے سوم، چہلم یا برسی کے موقع پر دیگر ایصالِ ثواب کی جائز صورتوں کے علاوہ طعام کا انتظام بھی اسی میں شامل ہے، اگر اس میں نذر، فدیہ اور کفارات مالی شامل نہ ہوں، تو یہ طعام (خواہ یہ ایصالِ ثواب بزرگانِ دین کے نام پر

Marfat.com

ہو یا عام مومنین ومومنات کے نام پر) نفلی صدقہ وخیرات ہے، جسے مالدار اور فقراء سب کے لئے کھانا جائز ہے۔ اگر نذر، فدیہ اور کفارۂ مالی کا کھانا ہو، تو یہ صرف فقراء ومساکین اور مستحقین زکوٰۃ کے لئے جائز ہے، مالدار لوگوں کے لئے نہیں ہے۔ بزرگانِ دین کے اعراس مبارکہ یا دیگر مواقع پر جو کھانا تیار ہوتا ہے، وہ مالدار اور فقراء سب کے لئے جائز ہے، اسے بزرگانِ دین کی نسبت سے تبرّک بھی کہا جاتا ہے، یعنی اس میں نفلی ایصالِ ثواب کی نیت کے ساتھ ساتھ ان کی نسبت کی فضیلت بھی شامل ہو جاتی ہے۔

عام مومنین ومومنات کے ایصالِ ثواب کے لئے سوم کے موقع پر جو چنے تقسیم کئے جاتے ہیں، یا کھانا وغیرہ نفلی صدقہ کے طور پر تیار کیا جاتا ہے، اس کا کھانا امراء کے لئے جائز ہے، لیکن امام احمد رضا قادری نے اسے پسندیدہ امر قرار نہیں دیا، اس لئے اوپر ہم نے ان کے جو فتاویٰ نقل کئے ہیں، ان میں امراء کے لئے بعض مقامات پر جواز کا قول ہے اور بعض مقامات پر ناپسندیدگی کا، لیکن ناجائز ہونے کا قول نہیں کیا۔ لیکن ہمارے ہاں جو یہ رسم پڑ گئی ہے کہ سوم، چہلم اور برسی کے موقع پر فوت شدہ مومنین ومومنات کے ایصالِ ثواب کے لئے جو اجتماعی کھانے کا انتظام ہوتا ہے، اس میں لوگ اپنے احباب اور رشتہ داروں کو جمع کر لیتے ہیں، جو تقریباً سب کے سب غنی ہوتے ہیں اور فقراء کو بالکل نظر انداز کر دیا جاتا ہے، تو اس طریقہ کار کی تو بہر صورت حوصلہ شکنی ہونی چاہئے، جب کہ ولیمہ جو کہ خالص خوشی کی تقریب ہے، اس کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ شرالطعام طعام الولیمۃ یدعیٰ لھا الاغنیاء ویترک الفقراء۔

ترجمہ: ”حضرت ابو ہریرہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ولیمہ کا بدترین کھانا وہ ہے کہ: جس میں (صرف) مالداروں کو دعوت دی جائے اور فقراء اور ناداروں کو چھوڑ دیا جائے، (بخاری، ج:3، رقم الحدیث: 5177 المکتبۃ العصریہ، بیروت)“۔

ولیمہ کے ایسے کھانے کے بارے میں، جس میں صرف مالدار لوگ شریک ہوں اور فقراء

Marfat.com

ونادار لوگوں کو مکمل طور پر نظر انداز کر دیا گیا ہو، رسول اللہ ﷺ نے وعید فرمائی اور اسے ''شَرُّ الطعام'' (بدترین کھانا) قرار دیا، تو اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ ایصالِ ثواب کے ایسے کھانے جن میں فقراء کو ترجیح دینی چاہیے یا صرف فقراء ہی کو کھلا دیئے جائیں تو افضل ہے، ان میں فقراء کو بالکل محروم کر دینا میرے نزدیک غیر مستحسن امر ہے اور مقاصدِ شرعیہ کے خلاف ہے۔

ایصالِ ثواب کی مندرجہ بالا صورتوں کے فی نفسہٖ جواز کے باوجود میں یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ ایصالِ ثواب میں بھی ''صدقاتِ جاریہ'' کو ترجیح دی جائے، یعنی مصارفِ ایصالِ ثواب کی ایسی صورتیں اختیار کی جائیں، جن کا فیضان اور اجر وثواب تا دیر جاری وساری رہے، اور جس کے ایصالِ ثواب کے لئے یہ برسی یا چہلم کے موقع پر یہ اہتمام کیا جارہا ہے، اس کے خیر کے کھاتے کھلے رہیں اور اجر وثواب میں مسلسل اضافہ ہوتا رہے۔

چنانچہ رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے:

ترجمہ: ''حضرت ابوہریرہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب انسان وفات پا جاتا ہے تو اس کے اعمالِ خیر کا سلسلہ منقطع ہو جاتا ہے، سوائے تین صورتوں کے (جن کا اجر و فیضان وفات کے بعد بھی جاری رہتا ہے)، یعنی صدقۂ جاریہ اور علم نافع (جس کا فیضان ان کے تلامذہ کے ذریعے بدستور جاری ہے)، اور نیک اولاد جو اس کے لئے دعا کرتی رہے، (سنن ترمذی، رقم الحدیث: 1376، دارالکتب العلمیہ، بیروت)''۔

''صدقاتِ جاریہ'' کی مختلف صورتیں ہو سکتی ہیں، مثلاً (ا) مسجد کی تعمیر (ب) دینی مدارس کی تعمیر (ج) علماء و حفاظِ قرآن کی تعلیم وتربیت وکفالت (د) پانی کا کنواں کھود کر وقف کر دیا (ہ) خیراتی ہسپتال بنانا، دعوتی وتبلیغی دینی لٹریچر وغیرہ۔ اپنے اموات کے ایصالِ ثواب کے لئے ''صدقاتِ جاریہ'' کو ترجیح دینی چاہیے۔ اور صدقۂ جاریہ کی ایک پسندیدہ صورت ضرورت مند لوگوں کے لئے پانی کا انتظام ہے، حدیث پاک میں ہے:

ترجمہ: ''حضرت سعد بن عبادہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے عرض کیا: یارسول اللہ ﷺ!

Marfat.com

اُمِّ سعد (یعنی میری والدہ) وفات پاگئی ہیں، تو (ان کے ایصالِ ثواب کے لئے) کنواں کھدوا کر (وقف کردیا)، اور کہا: یہ اُمِّ سعد کا کنواں ہے، (سنن ابی داؤد، ج:1، ص:236)''۔
حدیث پاک سے یہ امر بھی واضح ہوگیا کہ بندے کی طرف تصدق کی نسبت ایصالِ ثواب کے لئے ہوتی ہے، نہ کہ تعبُّد وتقرُّب (یعنی بندگی اور قرابت) کی نیت سے، جیسے فیصل مسجد، شاہ جہاں مسجد وغیرہ، جب کوئی صدقہ بزرگانِ دین کی طرف منسوب ہوتا ہے، تب بھی یہی مراد ہوتی ہے، جیسے گیارہویں شریف کا بکرا، یا میری قربانی، ان سب میں بندگی اللہ تعالیٰ کی مقصود ہوتی ہے اور بندوں کی طرف نسبت کا مقصد ایصالِ ثواب ہوتا ہے۔

## یومِ میلادالنبی ﷺ کی صحیح تاریخ کا تعین

**سوال:**185

اللہ کے آخری نبی محمد مصطفیٰ ﷺ کی تاریخ پیدائش کیا ہے؟ کتبِ سیرت میں 12 ربیع الاول، 9 اور 8 ربیع الاول کی روایات موجود ہیں، اس کی کیا وجہ ہے؟، جبکہ علامہ شبلی نعمانی نے سیرت النبی ﷺ میں لکھا ہے ربیع الاول مذکور کی تاریخوں میں دوشنبہ کا دن 9 ربیع الاول کو پڑتا ہے، ان وجوہات کی بنا پر تاریخ ولادت 20 اپریل 571ء تھی، (سیرت النبی، جلد اول، ص:173 زاہد بشیر پرنٹر، لاہور)۔ مولانا الیاس کاندھلوی لکھتے ہیں: آپ ﷺ 8 ربیع الاول کو پیدا ہوئے، (سیرت النبی، جلد 1 ص:51)۔ قاضی سلمان منصور پوری رحمۃ للعالمین میں لکھتے ہیں: آپ کی ولادت 9 ربیع الاول کو ہوئی۔
مصر کے عالم محمود پاشا فلکی نے ریاضی کے ذریعہ یہ ثابت کردیا کہ آپ کی ولادت 9، ربیع الاول کو ہوئی۔ مفتی صاحب بعد کی دو کتابوں کے حوالے میرے پاس موجود نہیں، (محمد ذیشان اصغر، گوجرانوالہ)۔

**جواب:**

دین میں نقل وروایت اصل اور اساس ہے۔ عقلی استدلالات، سائنسی وفنی حسابات سے ہم استفادہ تو کرسکتے ہیں، لیکن اس کی بنیاد پر نقل وروایت کی ساری اساس کو

Marfat.com

ردنہیں کر سکتے۔ اسی روش کی بنا پر ماضیِ قریب اور عہدِ حاضر کے متجدّ دین نے، جو اہل مغرب سے ہمیشہ مرعوب رہتے ہیں اور مستشرقین کے پروپیگنڈے سے جلد متأثر ہو جاتے ہیں، معجزاتِ انبیاءِ کرام کا انکار کیا، واقعۂ اصحابِ فیل، معجزۂ شق القمر، معجزۂ معراج النبی ﷺ اور سابق انبیاء کرام علیہم السلام کے معجزات کی جو روایات امت میں تعامل وتوارث کے ساتھ مسلّمہ چلی آرہی ہیں، ان کی عقلی تاویلیں شروع کر دیں۔ اسی طرح ختم المرسلین رحمۃ للعالمین حضرت محمد مصطفیٰ احمد مجتبیٰ ﷺ کا یوم ولادت باسعادت پیر بارہ ربیع الاول کو ہونا، صدیوں سے امّت میں مسلّم ہے، اسے ''تلقّی بالقبول'' حاصل ہے اسی پر تعامل و توارث چلا آرہا ہے، لہٰذا اس کے لئے از سرِ نو بحث وتمحیص کا سلسلہ شروع کرنا درست نہیں ہے۔ پھر یہ کوئی اعتقادی مسئلہ نہیں ہے کہ کسی نے اس معین دن کا انکار کر دیا تو شرعی قباحت لازم آئے گی یا اس کے برعکس اپنی تحقیق کی بنا پر کوئی رائے قائم کر دی تو اسکے محض اس رائے کے سبب فسادِ عقیدہ لازم آجائے گا۔ آپ ﷺ کے یومِ ولادت کا متبرّک ومقدس ہونا مسلّم ہونا چاہئے، تعین پر اعتقاد ویقین ضروریاتِ شرعیہ میں سے نہیں ہے۔ جدید سائنسی وفنی علوم کی بنا پر رائے قائم کرنے والے خود بھی آپس میں متفق نہیں ہیں اور یہ حقیقت آپ کے سوال میں بھی عیاں ہے، لہٰذا ان میں سے کسی ایک پر انحصار کر کے ہم نقل وروایت اور تعامل وتوارث پر مبنی متفقہ رائے کو بدل بھی دیں، تو اختلاف کسی نہ کسی صورت میں قائم رہے گا۔ پس اصل مبحث یہ نہیں ہے کہ تاریخ کونسی تھی، اصل مرکزِ عقیدت یومِ میلاد النبی ﷺ کی تقدیس، تعظیم اور حرمت ہے اور اہلِ عقیدت ومحبت کے درمیان اس مسئلے میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ ہمارے عہدِ حاضر کے علماء میں سے جسٹس علامہ پیر محمد کرم شاہ الازہری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے اپنی مایۂ ناز تصنیف ضیاء النبی میں اس موضوع پر تفصیل سے بحث کی، اہلِ ذوق اس کی جلد دوم، صفحات 33 تا 39 پر تفصیل سے ملاحظہ فرمالیں۔ ہمارے ایک دوسرے دینی اسکالر پروفیسر ڈاکٹر طاہر القادری صاحب نے بھی اپنی تصنیف میلاد النبی میں اس پر بحث کی ہے۔ ہم ان دونوں اہلِ علم کی تحقیقات سے استفادہ کرتے ہوئے اختصار

Marfat.com

کے ساتھ چند دلائل کا ذکر کر رہے ہیں: اس میں کوئی اختلاف نہیں کہ فخرِ کائنات سرورِ دوعالم ﷺ کا یومِ میلاد دوشنبہ (پیر) کا دن تھا، اس پر بھی تمام علمائے امت کا اتفاق ہے کہ ربیع الاول کا بابرکت مہینہ تھا اور متقدمین ومتاخرین کا اجماع اسی پر ہے کہ تاریخِ ولادت 12 ربیع الاول عام الفیل ہے۔ بقول قاضی سلمان منصور پوری مصنف ''رحمۃ للعالمین'' یہ 22 اپریل 571 عیسوی اور ہندی مہینوں کے حساب سے یکم جیٹھ 628 بکرمی بنتی ہے۔ معروف سیرت نگار علامہ محمد رضا مصری مصنف ''محمد رسول اللہ ﷺ'' اور محمد صادق ابراہیم عرجون کی تحقیق کے مطابق سنِ عیسوی کے حساب سے 20 اگست 570 عیسوی بنتی ہے۔ علم الہیئت کے ماہر محمود پاشا فلکی مصری اور بعض دیگر متاخرین کی تحقیق 9 ربیع الاول کے حق میں بھی ہے، مگر عالمِ اسلام میں قدیم زمانے سے اجماع 12 ربیع الاول پر ہی چلا آرہا ہے اس لئے قولِ مختار کا درجہ اسی کو حاصل ہے۔ اس حوالے سے ہم بعض ائمہ کی تحقیق بیان کرتے ہیں:

امام ابن اسحاق متوفیٰ 151 ہجری لکھتے ہیں: ولد رسول اللہ ﷺ یوم الاثنین عام الفیل لاثنتی عشرۃ لیلۃ مضت من شھر ربیع الاول۔

ترجمہ: ''رسول اللہ ﷺ کی ولادتِ مبارکہ بروز 12 ربیع الاول کو عام الفیل میں ہوئی، (الوفا، ص:88)''۔

مشہور سیرت نگار علامہ ابن ہشام متوفیٰ 213 ہجری لکھتے ہیں: ولد رسول اللہ ﷺ یوم الاثنین لاثنتی عشرۃ لیلۃ خلت من شھر ربیع الاول عام الفیل۔

ترجمہ: ''رسول اللہ ﷺ پیر کے دن 12 ربیع الاول کو عام الفیل میں پیدا ہوئے، (سیرت النبویہ، جلد 1، ص:158، مطبوعہ: دارالجیل، بیروت)''۔

معروف مفسر ومؤرخ امام ابن جریر طبری متوفیٰ 310 ہجری لکھتے ہیں: ولد رسول اللہ ﷺ یوم الاثنین عام الفیل لاثنتی عشرۃ لیلۃ مضت من شھر ربیع الاول۔

ترجمہ: ''رسول کریم ﷺ کی ولادتِ مبارکہ بروز پیر 12 ربیع الاول کو عام الفیل میں

Marfat.com

ہوئی، (تاریخ الامم والملوک المعروف تاریخِ طبری، جلد2،ص:125)"۔

علامہ ابن خلدون متوفی 808 ہجری جو علمِ تاریخ اور فلسفۂ تاریخ کے امام مانے جاتے ہیں بلکہ فلسفۂ تاریخ کے موجد بھی ہیں، لکھتے ہیں: ولد رسول الله ﷺ عام الفیل لاثنتی عشرة لیلة خلت من ربیع الاول لا ربعین سنة من مّلک کسریٰ نوشیروان۔

ترجمہ: "رسول اللہ ﷺ کی ولادتِ باسعادت عام الفیل کو ماہِ ربیع الاول کی بارہ تاریخ کو ہوئی، نوشیرواں کی حکمرانی کا چالیسواں سال تھا، (التاریخ ابن خلدون، جلد 2،ص: 710، مطبوعہ: بیروت)"۔

علامہ ابوالحسن علی بن محمد الماوردی متوفی 429 ہجری، جو علمِ سیاست اسلامیہ کے ماہرین میں شمار کئے جاتے ہیں اور ان کی کتاب "الاحکام السلطانیہ" علمِ سیاست کے طلباء کے لئے بہترین ماخذ ہے، اعلام النبوۃ میں تحریر فرماتے ہیں: لانه ولد بعد خمسین یوما من الفیل وبعد موت أبیه فی یوم الاثنین الثانی عشر من شهر ربیع الاول۔

ترجمہ: "واقعۂ اصحاب الفیل کے پچاس روز بعد اور آپ کے والد کے انتقال کے بعد حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بروز پیر بارہ ربیع الاول کو پیدا ہوئے، (اعلام النبوۃ،ص:192)"۔

امام الحافظ ابوالفتح محمد بن محمد بن عبداللہ بن محمد بن یحیٰ بن سید الناس الشافعی الاندلسی متوفی 734 ہجری، لکھتے ہیں: ولد سیّدنا ونبیّنا محمد رسول الله ﷺ یوم الاثنین لاثنتی عشر ۃ لیلة مضت من شهر ربیع الاول عام الفیل قیل بعد الفیل بخمسین یوماً۔

ترجمہ: "ہمارے آقا اور ہمارے نبی محمد ﷺ پیر کے روز بارہ ربیع الاول کو عام الفیل میں پیدا ہوئے، بعض نے کہا ہے کہ واقعۂ فیل کے پچاس روز بعد حضور کی ولادت ہوئی، (عیون الاثر، جلد 1،ص:26، مطبوعہ: دارالمعرفہ، بیروت)"۔

دورِ حاضر کے سیرت نگار محمد صادق ابراہیم عرجون، جو جامعہ ازہر مصر کے کلیہ "اصول الدین" کے مدیر رہے ہیں، اپنی تصنیف "محمد رسول اللہ" میں لکھتے ہیں: وقد صح من

Marfat.com

طرق کثیرۃ انّ محمدا علیہ السلام ولد یوم الاثنین لاثنتی عشرۃ مضت من شھر ربیع الاول عام الفیل فی زمن کسریٰ نوشیروان ویقول اصحاب التوفیقات التّاریخیۃ انّ ذالک یوافق الیوم المکمل للعشرین من شھر اغسطس سنۃ ۵۷۰م بعد میلاد المسیح علیہ السلام ۔

ترجمہ: ''بکثرت طُرُقِ روایت سے یہ بات صحیح ثابت ہوچکی ہے کہ حضور نبی اکرم ﷺ بروز دوشنبہ (پیر) بارہ ربیع الاول عام الفیل، کسریٰ نوشیرواں کے عہد حکومت میں تولد ہوئے، اور ایسے علماء، جو شمسی اور قمری تاریخوں کی آپس میں تطبیق کرتے ہیں، نے کہا ہے کہ اس دن شمسی تاریخ 20 اگست 570ء بنتی ہے، (محمد رسول اللہ، جلد 1، ص:102، مطبوعہ: دار القلم، دمشق)''۔

اس موضوع پر سیر حاصل بحث کرتے ہوئے پیر محمد کرم شاہ الازہری ''ضیاء النبی ﷺ'' میں لکھتے ہیں: ابن ابی شیبہ نے اپنی مصنف میں یہی تاریخ روایت کی ہے، چنانچہ وہ بیان کرتے ہیں: رواہ ابن ابی شیبۃ فی مصنفہ عن عفّان عن سعید بن میناء عن جابرٍ وابن عباس انّھما قالا ولد رسول اللہ ﷺ عام الفیل یوم الاثنین الثانی عشر من شھر ربیع الاول وفیہ بُعثَ وفیہ عُرجَ بہ الی السمآء وفیہ ھاجر وفیہ مات وھذا ھو المشھور عند الجمھور واللہ اعلم بالصواب ۔

ترجمہ: ''حضرت جابر اور ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ''رسول اللہ ﷺ عام الفیل روز دوشنبہ (پیر) بارہ ربیع الاول کو پیدا ہوئے، اسی روز آپ ﷺ کی بعثت ہوئی، اسی روز آپ کو معراج عطا ہوئی، اسی روز آپ ﷺ نے مکہ مکرمہ سے مدینہ طیبہ کی جانب ہجرت کی اور آپ ﷺ کے وصال مبارک کا دن بھی یہی ہے، جمہورِ امت کے نزدیک یہی تاریخ (بارہ ربیع الاول) مشہور ہے، واللہ اعلم بالصواب''۔

اس کے پہلے راوی ابوبکر بن ابی شیبہ ہیں ان کے بارے میں ابوزرعہ رازی متوفی 264 ہجری کہتے ہیں کہ مین نے ابوبکر بن ابی شیبہ سے بڑھ کر حافظِ حدیث نہیں دیکھا۔ محدث

Marfat.com

ابن حبان فرماتے ہیں ابو بکر عظیم حافظِ حدیث تھے۔ دوسرے راوی عفان ہیں ان کے بارے میں محدثین کی رائے ہے کہ عفان ایک بلند پایا امام، ثقہ اور صاحبِ ضبط واتقان ہیں۔تیسرے راوی سعید بن میناء ہیں ان کا شمار بھی ثقہ راویوں میں ہوتا ہے۔ یہ صحیح الاسناد روایت دو جلیل القدر صحابہ حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔

آگے چل کر مزید لکھتے ہیں: برصغیر پاک وہند کے بعض سیرت نگاروں نے محمود پاشا فلکی کے حوالے سے لکھا ہے کہ بارہ ربیع الاول کو پیر کا دن نہیں تھا بلکہ پیر کا دن نو ربیع الاول کو بنتا ہے، لہٰذا نو تاریخ صحیح ہے، لیکن دلچسپ صورت حال یہ ہے کہ ان لوگوں کو محمود پاشا کے اصلی وطن کا بھی حتمی علم نہیں۔

علامہ شبلی نعمانی اور قاضی سلمان منصور پوری نے محمود پاشا کو مصر کا باشندہ لکھا ہے، مفتی محمد شفیع صاحب انہیں مکّی لکھتے ہیں، مولانا حفظ الرحمٰن سیوہاروی نے انہیں قسطنطنیہ کا مشہور ہیئت داں اور منجم بتایا ہے۔ مجھے بڑی کوشش کے باوجود محمود پاشا فلکی کی کتاب یا رسالہ نہیں مل سکا، البتہ معلوم ہوا کہ پاشا فلکی کا اصل مقالہ فرانسیسی زبان میں تھا، جس کا ترجمہ سب سے پہلے احمد زکی آفندی نے ''نتائج الافہام'' کے نام سے عربی میں کیا، اس کو مولوی سید محی الدین خان جج ہائی کورٹ حیدرآباد نے اردو کا جامہ پہنایا اور 1898ء میں نولکشور پریس نے شائع کیا لیکن اب یہ ترجمہ نہیں ملتا۔محمود پاشا فلکی نے اگر علم فلکیات کی مدد سے کچھ تحقیقات کی بھی ہیں، تو صحابۂ کرام، تابعین اور دیگر قدَماء کی روایات کو جھٹلانے کے لئے ان پر انحصار کسی طرح مناسب نہیں کیونکہ سائنسی علوم کی طرح فلکیات کی بھی کوئی بات قطعی نہیں ہوتی۔

محمود پاشا سے قبل بھی کچھ لوگوں نے علم نجوم کے حسابات سے یومِ ولادت معلوم کرنے کی کوشش کی، علامہ قسطلانی لکھتے ہیں: اہل زیچ (جنتریوں کا حساب نکالنے والے) کا اس قول پر اجماع ہے کہ آٹھ ربیع الاول کو پیر کا دن تھا، اس سے نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ جو شخص بھی علوم نجوم اور ریاضی کے ذریعے حساب لگا کر تاریخ نکالے گا مختلف ہوگی۔ پس ہمیں قدیم سیرت

Marfat.com

نگاروں، مُحدِّثین، مفسّرین، تابعین اور صحابۂ کرام رضوان اللہ علیہم کی بات ماننا پڑے گی، (ضیاء النبی ﷺ جلد دوم، ص: 33 تا 39، مطبوعہ: ضیاء القرآن پبلی کیشنز، لاہور)''۔

## محافلِ میلاد میں مخلوط اجتماعات

**سوال**: 186

میلاد شریف و گیارہویں، مجالسِ وعظ و قرآن خوانی اور ایصالِ ثواب کی ایسی محافل، جہاں بے پردہ عورتیں اکثر حاضری دیتی ہیں، تو اس طرح کا نیاز پکانا، بہت سے پیسے خرچ کرنا، مالداروں کو کھلانا اور بے پردہ عورتوں کا مردوں کے ساتھ جمع ہونے کے بارے میں ازروئے شرع کیا حکم ہے؟۔

**جواب**:

محافلِ ایصالِ ثواب ہوں، جیسے محافل میلاد شریف، گیارہویں شریف کی محفل، مجالس وعظ، قرآن خوانی کی محافل، اپنے اموات کی سوم، چہلم یا برسی کی محافل وغیرہ، یا شادی کی محافل و دیگر سماجی تقریبات، ان سب میں مرد و زن کا ایسا مخلوط اجتماع (Mixed ghathering)، جن میں خواتین غیر محرم مردوں کے ساتھ بے تکلف اور بے حجاب گھل مل جائیں، شریعت کی رو سے یہ جائز نہیں ہے، اور خاص طور پر وہ تقاریب یا اجتماعات جو نیک مقاصد کے لئے اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے منعقد کئے جاتے ہیں، ان میں شریعت کی پاسداری کا زیادہ اہتمام ہونا چاہئے۔

کس دور میں کس چیز کا اجر زیادہ ہے، میری سمجھ کے مطابق یہ ہر جگہ اور مقام کے اعتبار سے لوگوں کی مقامی ضروریات پر منحصر ہے، کہیں پانی کی فراہمی اشد ضرورت ہے، تو اس کا اجر زیادہ ہوگا، کہیں مسجد یا دینی مدرسے کے قیام کی زیادہ ضرورت ہے تو اس کا اجر زیادہ ہوگا، کہیں لوگ خوراک ولباس کے محتاج ہیں، تو اس کا اجر زیادہ ہوگا، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

ترجمہ: ''وہ دشوار گزار گھاٹی میں کیوں نہ داخل ہوا، اور (اے انسان!) تجھے کیا خبر کہ وہ گھاٹی کیا ہے؟، (لوگوں کی) گلوخلاصی کرانا، یا (شدید) بھوک کے دن کھانا کھلانا یا کسی ایسے یتیم

Marfat.com

کو جو (تمہارا) رشتے دار بھی ہے، یا کسی ایسے مسکین کو (جو تنگ دستی کے مارے) خاک میں رل رہا ہے، (البلد:16-11)''۔

امام بخاری اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں: ترجمہ: ''حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے ابن آدم کا زنا میں حصہ لکھ دیا ہے، وہ اسے بہر حال پائے گا، آنکھ کا زنا دیکھنا ہے، اور زبان کا زنا (فحش) گفتگو کرنا ہے، اور نفس (گناہ) کی تمنا کرتا ہے اور (مبتلائے) شہوت ہوتا ہے، اور شرم گاہ اس طرح سب کی تصدیق کرتی ہے یا تکذیب (یعنی بالآخران مبادی واسباب اور محرکات زنا کے مراحل سے گذرنے کے بعد انسان شہوت نفس سے مغلوب ہو کر زنا کے گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرلیتا ہے اور یا اللہ تعالیٰ کی توفیق سے نفس پر قابو پا کر بچ جاتا ہے)، (صحیح البخاری:4، رقم الحدیث: 6243، المکتبۃ العصریہ، بیروت)''۔

اس لئے احتیاط اور تقویٰ کا تقاضا یہ ہے کہ انسان زنا کے محرکات (Incentives) و اسباب سے ہمیشہ بچ کر رہے تاکہ غلبۂ شہوت سے مغلوب ہو کر اس گناہ میں مبتلا ہونے کی نوبت نہ آئے، اور مردوں اور عورتوں کے مخلوط بے پردہ اجتماعات گناہ کے مبادیات و محرکات ہی میں شمار کئے جائیں گے۔

## تبرکات انبیاءِ کرام کا احترام

**سوال**:187

ہمارے شہر میں بارہ ربیع الاول کے دن رسول پاک ﷺ کے موئے مبارک کی زیارت کرائی جاتی ہے۔ ایک مسجد میں موئے مبارکہ کی زیارت کا اہتمام کیا جاتا ہے، جس میں عورتیں بھی بغیر پردہ زیارت کے لئے مسجد آتی ہیں، دوران زیارت نماز کا وقت ہو جاتا ہے، تو نماز بجائے مسجد کے ملحقہ مدرسہ میں ادا کی جاتی ہے، یہ سب باتیں کہاں تک صحیح ہیں؟۔

**جواب**:

Marfat.com

انبیاء کرام کے آثار اور تبرکات کا احترام قرآن وسنت سے ثابت ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ بَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٤٨﴾

ترجمہ: ''اور ان کے نبی نے ان سے کہا: بیشک ان کی سلطنت کی نشانی یہ ہے کہ تمہارے پاس ایک صندوق آئے گا، جس میں تمہارے رب کی طرف سے (تمہارے دلوں کا) سکون ہے، اور آل موسیٰ اور آل ہارون کے باقی ماندہ (تبرکات) ہیں، اس کو فرشتے اٹھائے ہوئے ہوں گے، بلاشبہ اس میں تمہارے لئے ضرور ایک نشانی ہے، اگر تم مومن ہو، (بقرہ:248)''
رہا یہ سوال کہ اس تابوت یا صندوق میں کیا تھا، جسے اللہ کے نبی نے حضرت طالوت کی سلطنت کی نشانی اور رب کی طرف سبب باعث تسکین قرار دیا ہے، تو اس کے بارے میں کئی تفسیری اقوال ہیں، ان کے مطابق اس میں حضرت موسیٰ وہارون علیہما السلام کے عصا، الواحِ تورات کے ٹکڑے، ان کے کپڑے اور بعض روایات میں نعلین کا ذکر ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

اِذْهَبُوْا بِقَمِيْصِيْ هٰذَا فَاَلْقُوْهُ عَلٰى وَجْهِ اَبِيْ يَاْتِ بَصِيْرًا ۚ۔

ترجمہ: ''(یعقوب علیہ السلام نے فرمایا) میری یہ قمیص لے جاؤ اور اسے میرے باپ کے چہرے پر ڈال دو، اس کی آنکھیں روشن ہو جائیں گی، (یوسف:93)''۔

ان آیات مبارکہ سے معلوم ہوا کہ انبیاء کرام علیہم السلام کے تبرکات اور ان سے نسبت رکھنے والی اشیاء برکت وکامرانی کا باعث ہوتی ہیں۔

امام مسلم اپنی سند کے ساتھ روایت کرتے ہیں:

''حضرت اسماء بنت ابی بکر کے غلام عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ مجھے حضرت اسماء نے حضرت عبداللہ بن عمر کے پاس بھیجا اور کہا یہ رسول اللہ ﷺ کا جبہ ہے، انہوں نے ایک طیالسی

Marfat.com

کسروانی جبہ نکالا جس کی آستینوں اور گریبان پر ریشم کے نقش ونگار بنے ہوئے تھے، حضرت اسماء نے کہا:

هذه كانت عند عائشة رضى الله عنها حتى قبضت فلماقبضت قبضتها و كان النبى ﷺ يلبسها فنحن نغسلها للمرضىٰ و نستشفى بها۔

یہ جبہ حضرت عائشہ کی وفات تک ان کے پاس تھا، اور جب ان کی وفات ہوئی تو پھر میں نے اس پر قبضہ کرلیا، نبی اکرم ﷺ اس جبہ کو پہنتے تھے، ہم اس جبہ کو دھو کر اس کا پانی بیماروں کو پلاتے تھے اور اس جبہ سے ان کے لئے شفا طلب کرتے تھے، (صحیح مسلم جلد:2، ص:190 مطبوعہ نور محمد اصح المطابع کراچی، 1375ھ)''۔

امام بیہقی روایت کرتے ہیں: ترجمہ: ''خبیب بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں کہ جنگ بدر میں خبیب بن عدی کا ہونٹ کٹ کر لٹک گیا رسول اللہ ﷺ نے لعاب دہن لگا کر اس کو جوڑ دیا، (دلائل النبوت ج:3، ص:98-97، مطبوعہ دار الکتب العلمیہ، بیروت)''۔

علامہ غلام رسول سعیدی نے اپنی تفسیر تبیان القرآن (ج:1، ص:929-928-930، فرید بک اسٹال لاہور) میں تبرکات انبیاء کے موضوع پر باحوالہ مفصل و مدلل بحث کی ہے۔

اس وقت دنیا میں کئی مقامات پر رسول اللہ ﷺ کے ''موئے مبارک'' کی موجودگی کا دعویٰ کیا جاتا ہے، ان کی زیارت بھی کرائی جاتی ہے، ہم اس مقدس نسبت کی تعظیم اور اکرام و احترام کرتے ہیں، لیکن ان دعووں کی تصویب وتوثیق کے ہمارے پاس کوئی قطعی شواہد نہیں ہیں، اس لئے قطعیت کے ساتھ نہ ہم نسبت کی نفی کرسکتے ہیں، نہ اثبات، لیکن نسبت کا احترام ہمارا عقیدہ بھی ہے اور عقیدت بھی۔ یہ ایسا ہی ہے کہ بعض روایات کی رو سے انبیاء کرام علیہم السلام کی مجموعی تعداد کم وبیش ایک لاکھ چوبیس ہزار ہے، لیکن ہر مسلمان کے لئے تعیین شخصی کے ساتھ ان پچیس انبیاء کرام پر ایمان لانا فرضِ عین ہے کہ جن کے اسماء مبارکہ قرآنِ مجید میں مذکور ہیں۔ چنانچہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ

Marfat.com

عَلَيْكَ ؕ۔

ترجمہ: ''اور ہم نے آپ سے پہلے (بھی) رسول بھیجے، ان میں سے بعض کا حال ہم نے آپ پر بیان کر فرما دیا اور ان میں سے بعض کا حال آپ پر بیان نہیں فرمایا، (المؤمن: 78)''۔

لہٰذا ان معین و مشخص انبیاء کرام کے علاوہ اللہ تعالیٰ کے بھیجے ہوئے دیگر انبیاء کرام پر اجمالی طور پر ایمان لانا فرض عین ہے، یعنی ہم یہ کہیں گے کہ اللہ تعالیٰ نے جس کسی کو بھی مختلف ادوار میں نبی یا رسول بنا کر بھیجا ہے، وہ سب حق پر تھے اور ان میں سے کسی کی بھی نبوت کا انکار کفر ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ۔

ترجمہ: ''رسولِ (مکرم) ایمان لائے اس (کتاب) پر جو ان پر ان کے رب کی طرف سے نازل کی گئی ہے اور (تمام) مومن بھی (اس کتاب پر ایمان لائے)، سب کے سب ایمان لائے اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی (تمام) کتابوں پر اور اس کے (تمام) رسولوں پر، (وہ یہ کہتے ہیں کہ) ہم (ایمان لانے میں) اس کے (تمام) رسولوں کے درمیان کسی ایک کے بارے میں فرق نہیں کرتے، (کہ اس پر ایمان نہ لائیں)، (بقرہ:285)''۔

لہٰذا موئے مبارک کی زیارت اور اس کا احترام و اکرام باعث سعادت ہے، لیکن اس کے لئے انتظامیہ کی طرف سے مسجد میں جماعت کو موقوف کر دینا یا مسجد سے متصل دوسری عمارت میں منتقل کرنا درست نہیں ہے۔ ''نماز باجماعت'' واجب ہے، مسجد میں ہی جماعت مشروع ہے، جبکہ موئے مبارک کی زیارت ایک مستحب و مستحسن امر ہے، تو امرِ مستحب کی خاطر واجب کو ترک کرنا یا جماعت کو مسجد سے منتقل کرنا درست نہیں ہے۔ بلکہ موئے مبارک کی زیارت کا اہتمام مسجد کے متصل مدرسہ کی عمارت میں کیا جا سکتا ہے۔ اور نماز باجماعت کے وقت زیارت کو موقوف کر لینا چاہئے تاکہ لوگ باجماعت نماز پڑھیں، کیونکہ موئے مبارک کی زیارت کی محرّک عقیدت و محبت رسول ہے، اور اس عقیدت و محبت کا تقاضا ہے

Marfat.com

کہ نماز باجماعت کو ترجیح دی جائے، یا نماز کے اوقات کے علاوہ دیگر اوقات میں زیارت کا اہتمام کیا جائے، عورتوں کے لئے الگ اہتمام ہو اور ان پر لازم قرار دیا جائے کہ وہ باپردہ اور حجابِ شرعی کے اندر رہتے ہوئے زیارت کے لئے آئیں۔

## عوام کا یہ کہنا کہ ہم سب اللہ کے سامنے غریب ہیں

**سوال:188**

عوام کا یہ کہنا کہ ہم سب اللہ کے سامنے غریب ہیں، کیسا ہے؟۔

**جواب:**

عوام کا یہ کہنا کہ: ''ہم سب اللہ کے سامنے غریب ہیں، کیسا ہے''؟۔ یہ کہنے میں کوئی حرج نہیں ہے بلکہ درست ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

یَآاَیُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَی اللّٰهِ ۚ وَاللّٰهُ هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ﴿۱۵﴾۔

ترجمہ: ''اے لوگو! تم سب اللہ کے محتاج ہو، اور اللہ ہی بے نیاز (ہر احتیاج سے پاک) ہے، سب خوبیوں والا ہے، (فاطر:15)''۔

اردو میں لفظ ''غریب''، مفلس و نادار کے معنیٰ میں استعمال ہوتا ہے، جبکہ کہ عربی میں اس کے معنیٰ ہیں اجنبی اور مسافر۔ اور مفلس، نادار اور محتاج کے معنیٰ میں لفظ ''فقیر'' اور ''مسکین'' آتے ہیں۔ اور اس میں کیا شک ہے کہ ہم سب اللہ کے محتاج ہیں، اور اگر کوئی دنیوی اعتبار سے غنی اور مال دار بھی ہے تو یہ سب اللہ تعالیٰ کی عطا سے ہے، وہ چاہے تو نواز دے اور چاہے تو سب کچھ سلب فرمادے، بندے کی کیا مجال۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَمَا لَکُمْ اَلَّا تُنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَلِلّٰهِ مِیْرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

ترجمہ: ''(لوگو! آخر) تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ تم اللہ کی راہ میں خرچ نہیں کرتے، حالانکہ آسمانوں اور زمینوں کا (حقیقی) وارث تو اللہ ہی ہے، (الحدید:10)''۔

Marfat.com

## نمازِ تراویح کی امامت کا معیار

**سوال:189**

ہمارے یہاں رمضان شریف میں اپنی سنی مسجدوں میں قرآن شریف کی تراویح ہوتی ہے، تراویح پڑھانے والے مدرسے کے طالب علم ہی ہوتے ہیں، جن کو قرآن صحیح یاد نہیں ہوتا اور تجوید بھی نہیں جانتے، سال میں اکثر اوقات نماز کی پابندی بھی نہیں کرتے، اور داڑھی بھی منڈھواتے ہیں، ان میں سے بعض کو تو نماز کے مسائل بھی نہیں آتے، ایسوں کو تراویح میں امام بنانا کیسا ہے؟ اور کیا ان کے پیچھے تراویح ہو جاتی ہے یا نہیں؟ کچھ لوگوں نے انتظامیہ مسجد سے بات کی، جواب میں کہا گیا کہ حافظوں کو پریکٹس کے لئے چانس دیتے ہیں، تو ایسا سسٹم چلانے میں گنہگار کون ہے؟ اور یہ سب کام ہمارے یہاں ایک مفتی صاحب کی زیرِ نگرانی ہو رہا ہے، جو حکم شرع ہو بیان فرمائیں۔

**جواب:**

متشرع و دین دار حافظ و قاری و عالم امام کی موجودگی میں ایسے افراد کو نماز تراویح کا امام بنانا ہرگز درست نہیں ہے، جو کہ:
(ا) نابالغ ہوں (ب) تلاوت قرآن میں ایسی غلطیاں کرتے ہوں جو فساد نماز کا باعث بنتی ہیں (ج) داڑھی منڈھواتے ہیں یا کٹواتے ہیں اور حد شرعی سے کم ہوتی ہے (د) یا رمضان المبارک سے قبل محض قرآن سنانے کے لئے داڑھی رکھ لیتے ہیں اور رمضان کے بعد منڈوا دیتے ہیں یا حد شرعی سے کم کر دیتے ہیں، (کیوں کہ اس میں سنت رسول کا استخفاف ہے جس کے لئے بڑی وعید ہے) (ہ) یا سال بھر نماز کے تارک رہتے ہیں۔ مفتی صاحب کو انتظامیہ کمیٹی یا بااثر لوگوں کی رضامندی کی خاطر شرعی حدود و قیود کو نظر انداز نہیں کرنا چاہئے۔ انہیں چاہئے کہ حفاظ کرام کو وہ اتباع شریعت کی تلقین کریں اور جب تک وہ اتباع شریعت پر کاربند نہیں ہوتے، انہیں امام نہ بنائیں، بلکہ جماعت سے باہر ایک دوسرے کو قرآن کی منزل سنا کر اس کی حفاظت کریں۔

Marfat.com

## مدرسے کی سالانہ رپورٹ میں تصاویر کی اشاعت

**سوال** :190

ہمارے یہاں مدرسے میں سال بھر کے بعد ایک سالانہ رپورٹ چھپواتے ہیں، جس میں کچھ اساتذہ اور طلبا کی تصاویر ہوتی ہیں، ایسی تصویریں جائز ہیں یا ناجائز؟۔

**جواب**:

مدرسے کی سالانہ رپورٹ میں تصاویر کا شائع کرنا درست نہیں ہے،اس سے اجتناب بہتر ہے، کیونکہ یہ ایسی ضروریات میں سے نہیں ہے، جن پر اس فقہی اصول کا اطلاق ہوتا ہے کہ: ''الضرورة تبیح المحظورات''یعنی'' ضرورتیں ممنوعات کو مباح کردیتی ہیں''۔البتہ ہم دینی، دعوتی وتبلیغی مقاصد کے لئے (Movies/video) فلم کے جواز کے قائل ہیں، بشرطیکہ ان میں دیگر ممنوعات ومحارم شامل نہ ہوں، مثلاً بے پردہ بے حجاب وبے تکلف مردوں اور عورتوں کے مخلوط اجتماعات وغیرہ ،بعض علماء (Vedeo/Movie) کے عدم جواز کے قائل ہیں،عوام جس عالم، فقیہ یا مفتی پر اعتماد کریں، اس کے فتوے پر عمل کریں۔

Marfat.com

بقیہ صفحہ نمبر 215

آئے گا، (فتح القدیر جلد 3 ص:55 مطبوعہ مرکزِ اہلِ سنت برکاتِ رضا، گجرات، انڈیا)''۔
الغرض امام اعظم کے نزدیک رمی، قربانی (متمتع اور قارن کے لیے) اور حلق میں ترتیب واجب ہے، حج افراد والے پر چونکہ قربانی واجب نہیں ہے لہٰذا اس پر صرف دو امور (رمی اور حلق) میں ترتیب واجب ہے، البتہ طوافِ زیارت میں ترتیب واجب نہیں ہے، یہ خلاف ترتیب (یعنی رمی، قربانی اور حلق سے پہلے) بھی کیا جاسکتا ہے۔
علامہ علاؤالدین حصکفی لکھتے ہیں:

**فیجب فی یوم النحر اربعة اشیاء: الرمی، ثم الذبح لغیر المفرد، ثم الحلق، ثم الطواف، لکن لا شیء علی من طاف قبل الرمی والحلق، نعم یکره**

ترجمہ: ''پس نحر (قربانی) کے دن (یعنی دس ذی الحجہ کو) چار امور واجب ہیں: (1) رمی (یعنی بڑے شیطان کو کنکریاں مارنا)، (2) غیر مفرد (یعنی حج قران اور حج تمتع کرنے والے کے لیے) ذبح یعنی قربانی کرنا، (3) اور حلق کرنا (یعنی سر منڈانا یا بال کاٹنا، (4) طوافِ زیارت کرنا (اسے طوافِ افاضہ بھی کہتے ہیں)، لیکن کسی نے رمی اور حلق سے پہلے طواف کر لیا، تو اس پر کوئی چیز (یعنی دم یا صدقہ) واجب نہیں ہے، ہاں! اس طرح کرنا مکروہ ہے---
اس کی شرح میں علامہ ابن عابدین شامی لکھتے ہیں:

**والحاصل أن الطواف لا یجب ترتیبه علی شیء من الثلاثة، وانما یجب ترتیب الثلاثة: الرمی ثم الذبح ثم الحلق، لکن المفرد لا ذبح علیه فیجب علیه الترتیب بین الرمی والحلق فقط۔**

ترجمہ: ''اس کلام کا حاصل یہ ہے کہ طوافِ زیارت کی ترتیب ان تینوں چیزوں میں سے کسی چیز پر بھی واجب نہیں ہے، ترتیب فقط ان چیزوں کے درمیان واجب ہے، یعنی پہلے ''رمی'' کرے، پھر ''قربانی'' کرے اور پھر ''حلق یا قصر'' کرے، لیکن مفرد (یعنی جس نے صرف حج کا احرام باندھا ہو) پر چونکہ قربانی نہیں ہے، لہٰذا اس کے لیے صرف دو چیزوں یعنی رمی اور حلق کے درمیان ترتیب واجب ہے، (ردالمحتار، جلد 3، ص:520، 521، داراحیاء التراث العربی، بیروت)''۔

Marfat.com

# یادداشت

Marfat.com

# یادداشت

Marfat.com

یادداشت

Marfat.com

پروفیسر مفتی منیب الرحمن

کی زیورِ طبع سے آراستہ ہونے والی مؤثر تصنیف

# تفسیر سورۃ النسآء

دورِ جدید کی منفرد جامع اور عام فہم تفسیر، اندازِ بیان مؤثر و دلکش
قدیم و جدید اہم تفاسیر کا نچوڑ

ضیاء القرآن پبلی کیشنز

Marfat.com